بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سید التفاسیر

المعروف بہ

# تفسیر اشرفی

شیخ الاسلام والمسلمین حضرت علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی مدظلہ العالی

https://t.me/nabwilibrary

Marfat.com


NABWI LIBRARY
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ
المکتبۃ النبویۃ
TO GET ISLAMIC BOOKS JOIN US ON TELEGRAM @NABWILIBRARY
المکتبۃ النبویۃ
NABWI LIBRARY
Authentic collection of Islamic literature's E-Books in multiple languages
المکتبۃ النبویۃ میں آپکا خیر مقدم ہے۔
Welcome to Nabwi Library
آپکی دعاؤں کا طلبگار احقر العباد مشکور نعیمی
For Any Support call me
+91-9761897028-+966-537628162
مفت کتابیں حاصل کرنے کے لئے نیچے دیئے گئے لنک پر کلک کریں
@NabwiLibrary

# سید التفاسیر

المعروف بہ

# تفسیرِ اشرفی

جلد دہم

قد سمع اللہ ۲۸ — تبارک الذی ۲۹ — عمّ ۳۰


شیخ الاسلام والمسلمین

حضرت علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی مدظلہ العالی



ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاھور۔ کراچی ۰ پاکستان



https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جملہ حقوق بحق شیخ الاسلام ٹرسٹ (احمد آباد، انڈیا) محفوظ

اشاعت ھٰذا بہ اجازت شیخ الاسلام ٹرسٹ

نام کتاب: 'سید التفاسیر المعروف بہ تفسیر اشرفی' جلد دہم

مفسر: شیخ الاسلام حضرت علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی مدظلہ العالی

کورڈیزائن و کمپیوٹرائزڈ کتابت: منصور احمد اشرفی (نیویارک، یو ایس اے)

اشاعت اول: پاکستان، ذوالحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق اکتوبر ۲۰۱۲ء

ناشر: محمد حفیظ البرکات شاہ، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، کراچی

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ، لاہور فون: 37221953 فیکس:۔ 042-37238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ فون: 37247350 فیکس: 042-37225085

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی فون: 021-32212011 فیکس: 021-32210212




https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ |
|---|---|---|


﴿۱﴾ عرضِ ناشر ۹
﴿۲﴾ پارہ قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ ۲۸ ۱۲
﴿۳﴾ سورۃ المجادلۃ ۵۸ ۱۳
﴿۴﴾ حضرت اوس بن صامت ﷺ کی زوجہ خولہ بنت ثعلبہ کی اللہ تعالیٰ سے شکایتی دُعا کرنے کا ذکر ۱۳
﴿۵﴾ اللہ تعالیٰ کا فرمان: جو لوگ اپنی زوجہ کو ماں کی جگہ بنائیں تم میں سے، تو وہ اُن کی ماں نہیں ہیں ۱۴
﴿۶﴾ ظہار اور اُس سے رجوع کرنے کے لیے کفارہ کا ذکر ۱۵
﴿۷﴾ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے حتیٰ کہ سرگوشیاں کرنے والوں کے بھی وہ ساتھ ہے ۱۸
﴿۸﴾ حضور اکرم ﷺ کو گستاخانہ انداز میں سلام کرنے والوں کا ذکر اور فرمان کہ کافی ہے انہیں جہنم ۲۰
﴿۹﴾ ایمان والوں کو بُری سرگوشی سے منع کیا جا رہا ہے اور اچھی سرگوشی کی طرف مائل کیا جا رہا ہے ۲۱
﴿۱۰﴾ ایمان والوں کو لوگوں کو مجلسوں میں جگہ دینے اور اُٹھ کھڑے ہونے کا حکم دیا جا رہا ہے ۲۲
﴿۱۱﴾ مؤمنین کو حضور سے سرگوشی کرنے سے پہلے صدقہ کرنے کا حکم، جو بعد میں منسوخ کر دیا گیا ۲۴
﴿۱۲﴾ منافقوں اور اُن کی جھوٹی قسموں اور اُن کے انجام کا ذکر، اور وہ شیطان کا گروہ ہیں ۲۵
﴿۱۳﴾ اللہ تعالیٰ کے لکھ دینے کا ذکر کہ "ضرور غالب رہوں گا میں اور میرے رسول" ۲۷
﴿۱۴﴾ ایمان والے، اللہ اور اُس کے رسول کے مخالفوں کو دوست نہیں رکھتے ۲۸
﴿۱۵﴾ سورۃ الحشر ۵۹ ۳۰
﴿۱۶﴾ بنی نضیر کو مدینے سے نکالے جانے اور مسلمانوں کی فتح کا ذکر ۳۱
﴿۱۷﴾ بنی نضیر سے ملنے والے مالِ غنیمت کے حقداروں کا تفصیلی ذکر فرمایا جا رہا ہے ۳۴
﴿۱۸﴾ اللہ تعالیٰ کا فرمان! "اور جو بچا لیا جائے اپنے نفس کی لالچ سے، تو وہی کامیاب ہیں" ۳۶
﴿۱۹﴾ مسلمانوں کی ایک بہترین دُعا کا ذکر فرمایا جا رہا ہے ۳۷
﴿۲۰﴾ منافقوں کے ایک اور جھوٹ کا ذکر، اُن کی مثال شیطان کی طرح ہے ۳۸
﴿۲۱﴾ شیطان، انسان سے گناہ کروا کے اُس سے دُور ہو جاتا ہے اور بیزاری کا اعلان کرتا ہے ۴۱
﴿۲۲﴾ مؤمنوں کو حکم: ڈرتے رہو اللہ کو، اور دیکھا کرے ہر ایک کہ کیا آگے بھیجا کل کے لیے ۴۲
﴿۲۳﴾ اللہ تعالیٰ کا فرمان: نہیں برابر ہیں جہنم والے اور جنت والے کہ جنت والے ہی بامراد ہیں ۴۳
﴿۲۴﴾ قرآنِ کریم کو اگر پہاڑ پر اُتارا جاتا تو وہ جھکا ہوا اور ریزہ ریزہ ہو جاتا اللہ کے خوف سے ۴۳
﴿۲۵﴾ اللہ تعالیٰ نے اپنے صفاتی ناموں اور شرک سے اپنی پاکی کو بیان فرمایا ۴۴


https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۲۶﴾ سورۃ الممتحنۃ ۶۰ ۔۔۔۔ ۴۶
﴿۲۷﴾ ایمان والوں کو حکم: نہ بناؤ میرے دشمن اور اپنے دشمن کو اپنا دوست ۔۔۔۔ ۴۷
﴿۲۸﴾ مؤمنوں کو تنبیہ: نہ کام آئیں گے تمہارے، تمہارے رشتہ دار اور نہ تمہاری اولاد۔ قیامت کے دن ۔۔ ۴۸
﴿۲۹﴾ حضرت ابراہیم اور اُن کے ماننے والوں میں ایک اچھا نمونہ تھا، نیز اُن کی دُعاؤں کا ذکر ۔۔۔ ۴۹
﴿۳۰﴾ مہاجرہ مسلمان عورتوں اور کافروں کی طرف چلی جانے والیوں کے تعلق سے مختلف احکامات ۔۔۔ ۵۴
﴿۳۱﴾ حضور اکرم ﷺ کو چند ضروری شرائط کے ساتھ مسلمان عورتوں کو بیعت کر لینے کی اجازت ۔۔۔ ۵۵
﴿۳۲﴾ سورۃ الصف ۶۱ ۔۔۔۔ ۵۸
﴿۳۳﴾ مؤمنین کے لیے اللہ تعالیٰ کا فرمان: نہایت ناگوار ہے اللہ کے نزدیک کہ کہو وہ جسے خود نہ کرو ۔۔ ۵۹
﴿۳۴﴾ حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہم السلام کا ذکر اور حضور ﷺ کی آمد کی خوشخبری کا ذکر جن کا نام 'احمد' ہے ۔۔۔ ۶۰
﴿۳۵﴾ اللہ ہی نے حضور کو اسلام کے ساتھ بھیجا تا کہ اُسے غالب کر دے سب دینوں پر گو برا مانیں مشرک لوگ ۔ ۶۲
﴿۳۶﴾ فرمانِ الٰہی: اَے ایمان والو! کیا باخبر کردوں تمہیں ایسی تجارت پر جو بچالے تمہیں دکھ والے عذاب سے ۔ ۶۳
﴿۳۷﴾ ایمان والوں کو دینِ الٰہی کے مددگار ہو جانے کا حکم ۔۔۔۔ ۶۴
﴿۳۸﴾ سورۃ الجمعۃ ۶۲ ۔۔۔۔ ۶۵
﴿۳۹﴾ اللہ تعالیٰ نے اَن پڑھوں میں اپنا رسول بھیجا تا کہ انہیں پاک کر دے اور سکھا دے کتاب و حکمت ۔۔ ۶۶
﴿۴۰﴾ یہودیوں کو موت مانگنے کی دعوت، اگر اپنی سمجھ میں وہ اللہ کے دوست ہیں تو ۔۔۔۔ ۶۹
﴿۴۱﴾ مسلمانوں کو اذان ہوتے ہی جمعہ کی نماز کے لیے حاضر ہو جانے اور خرید و فروخت چھوڑ دینے کا حکم ۔۔ ۷۰
﴿۴۲﴾ سورۃ المنٰفقون ۶۳ ۔۔۔۔ ۷۳
﴿۴۳﴾ منافقوں کی ایک اور ناشائستہ حرکت اور اُس پر جھوٹی قسم کھا جانے کا ذکر ۔۔۔۔ ۷۳
﴿۴۴﴾ منافقوں کو معافی دلانے کے لیے جب حضور ﷺ کی طرف بلایا گیا تو انہوں نے اپنے سروں کو گھما لیا ۔ ۷۷
﴿۴۵﴾ فرمانِ الٰہی: اَے ایمان والو! نہ غافل کر سکے تمہیں تمہارا مال اور نہ تمہاری اولاد اللہ کے ذکر سے ۔۔۔ ۷۹
﴿۴۶﴾ مؤمنوں کو اپنی موت سے پہلے پہلے ہی خرچ خیرات کرنے کا حکم کیونکہ بعد میں مہلت نہ دی جائے گی ۔۔ ۷۹
﴿۴۷﴾ سورۃ التغابن ۶۴ ۔۔۔۔ ۸۰
﴿۴۸﴾ قیامت کے دن کو یوم التغابن فرمایا، کافروں کے کفر کا انجام اور مان جانے والوں کے انعام کا ذکر ۔۔ ۸۲
﴿۴۹﴾ مؤمنوں کو باور کرایا جا رہا ہے کہ تمہارا مال اور اولاد بس فتنہ ہی ہیں، یعنی سخت آزمائش ۔۔۔۔ ۸۷
﴿۵۰﴾ فرمانِ الٰہی: اگر دو گے اللہ کو قرضِ حسنہ تو دُونا کرے گا اُسے تمہارے لیے اور بخش دے گا تمہیں ۔۔۔ ۸۸
﴿۵۱﴾ سورۃ الطلاق ۶۵ ۔۔۔۔ ۸۹
﴿۵۲﴾ بیویوں کو طلاق دینے کے بارے میں قوانین کا ذکر فرمایا جا رہا ہے ۔۔۔۔ ۹۰
﴿۵۳﴾ بچوں کو دودھ پلانے کے تعلق سے کچھ ضروری احکامات کا بیان ۔۔۔۔ ۹۵


https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۵۴﴾ ---------- اللہ تعالیٰ کا علم اور اُس کی قدرت سب چیزوں کو گھیرے ہے ---------- ۹۸
﴿۵۵﴾ ---------- سورۃ التحریم ۶۶ ---------- ۹۹
﴿۵۶﴾ -- حضورِ اکرم ﷺ نے اپنی ازواجِ مطہرات کی وجہ سے شہد کو اپنے اوپر حرام کرلیا، اُس واقعے کا بیان -- ۱۰۰
﴿۵۷﴾ ---------- مسلمانوں کی قسموں کے کفارے کا بیان ---------- ۱۰۱
﴿۵۸﴾ - آنحضرت ﷺ کی اپنی بی بی سے پوشیدہ بات کرنے کا ذکر جس کو انہوں نے دوسری بی بی پر ظاہر کردی - ۱۰۲
﴿۵۹﴾ ---------- اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور ﷺ کی دو بی بیوں کو توبہ کر ڈالنے کا حکم ---------- ۱۰۳
﴿۶۰﴾ - بیشک اللہ ہی آنحضرت کا مولیٰ ہے اور جبرائیل اور لائق مسلمان، اور پھر فرشتے اُنکی پشت پر حاضر ہیں - ۱۰۴
﴿۶۱﴾ - اَے ایمان والو! بچالو اپنی جانوں کو اور اپنے والوں کو اُس آگ سے جس کا ایندھن انسان ہیں اور پتھر - ۱۰۵
﴿۶۲﴾ ---------- فرمانِ الٰہی: اَے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی جانب کھری توبہ ---------- ۱۰۶
﴿۶۳﴾ ---------- ضرب المثل فرمائی اللہ نے کافروں کے لیے، نوح کی عورت اور لوط کی عورت کی ---------- ۱۰۸
﴿۶۴﴾ ---------- ضرب المثل فرمائی اللہ نے مسلمانوں کے لیے فرعون کی عورت کی ---------- ۱۰۹
﴿۶۵﴾ ---------- حضرت مریم علیہا السلام کے ذکر پر ۲۸واں پارہ اختتام کو پہنچا ---------- ۱۱۰
﴿۶۶﴾ ---------- پارہ تبارک الذی ۲۹ ---------- ۱۱۱
﴿۶۷﴾ ---------- سورۃ الملک ۶۷ ---------- ۱۱۱
﴿۶۸﴾ ---------- سورہ الملک کی چند فضیلتیں بیان فرمائی گئیں ---------- ۱۱۱
﴿۶۹﴾ --- فرمانِ الٰہی: موت اور زندگی کو اس لیے پیدا فرمایا کہ جانچے تمہیں کہ کون کام میں زیادہ اچھا ہے --- ۱۱۲
﴿۷۰﴾ ---------- آسمان کو چراغوں سے سنوارا گیا اور کردیا اُسے شیطانوں کے لیے مار ---------- ۱۱۳
﴿۷۱﴾ ---------- جہنمیوں کا اقرار: اگر ہم سنتے یا سمجھتے، تو نہ رہتے جہنم والوں سے ---------- ۱۱۵
﴿۷۲﴾ ---------- اور آہستہ کرو اپنی بات یا زور سے، بے شک وہ جاننے والا ہے سینوں کی بات کو ---------- ۱۱۶
﴿۷۳﴾ ---- اور دیکھو پرندوں کا پر کھولے اُڑنا اور سمیٹ بھی لینا۔ نہیں روکے ہی انہیں مگر اللہ مہربان ---- ۱۱۸
﴿۷۴﴾ ---------- قیامت کے وقوع کے دن کے بارے میں بتانا اللہ ہی کا کام ہے ---------- ۱۲۰
﴿۷۵﴾ - کافروں سے سوال: اگر صبح کی تمہارے پانی نے کہ غائب ہے، تو کون لائے گا تمہارے پاس بہتا پانی؟ - ۱۲۲
﴿۷۶﴾ ---------- سورۃ القلم ۶۸ ---------- ۱۲۳
﴿۷۷﴾ ---------- حضور ﷺ کے لیے فرمایا گیا: اور بلاشبہ تم یقیناً بڑے خلق پر ہو ---------- ۱۲۴
﴿۷۸﴾ ---- حضورِ اکرم کو ستانے والے ایک کافر کے کئی عیوب کھولے گئے اور حرام زادہ ہونا بتایا گیا ---- ۱۲۶
﴿۷۹﴾ ---------- باغ والوں کی آزمائش اور اُن کے ان شاء اللہ نہ کہنے کا ذکر ---------- ۱۲۹
﴿۸۰﴾ ---------- اللہ تعالیٰ کا فرمان: تو کیا ہم کردیں گے مسلمانوں کو مجرموں کی طرح؟ ---------- ۱۳۲
﴿۸۱﴾ ---------- منافق اور کافر قیامت میں سجدہ نہ کرسکیں گے، اُن کی پیٹھ تختہ ہوجائے گی ---------- ۱۳۴

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۸۲﴾ کافروں کا حضور اکرم ﷺ کو اپنی اپنی نظرِ بد سے گرانے کا ذکر ارشاد فرمایا گیا ۔۔۔ ۱۳۷
﴿۸۳﴾ سورۃ الحاقۃ ۶۹ ۔۔۔ ۱۳۷
﴿۸۴﴾ قیامت کا ذکر اور اُسی کے ضمن میں قوم عاد، ثمود، فرعون وغیرہ کا ذکر ۔۔۔ ۱۳۹
﴿۸۵﴾ قیامت میں اللہ ربّ العزت کا عرش آٹھ ۸ فرشتے اپنے اوپر اُٹھائے ہوئے ہوں گے ۔۔۔ ۱۴۰
﴿۸۶﴾ جو انسان اپنا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا گیا، وہ کامیاب اور جنت میں ہوگا ۔۔۔ ۱۴۰
﴿۸۷﴾ جو انسان اپنا نامۂ اعمال بائیں ہاتھ میں دیا گیا، وہ ناکام اور جہنم میں ہوگا ۔۔۔ ۱۴۱
﴿۸۸﴾ قرآنِ کریم نہ کسی شاعر کی بات ہے نہ کسی کاہن کی بلکہ اُتارا ہوا ہے اللہ کی طرف سے ۔۔۔ ۱۴۳
﴿۸۹﴾ سورۃ المعارج ۷۰ ۔۔۔ ۱۴۵
﴿۹۰﴾ ایک کافر کے اُس عذاب کو مانگنے کا ذکر جو اُس پر ہونے ہی والا ہے ۔۔۔ ۱۴۵
﴿۹۱﴾ قیامت کا مزید حال بیان ہوا اور بتایا گیا کہ وہ پچاس ہزار سال کا دن ہوگا، کوئی کسی کے کام نہ آئے گا ۔۔۔ ۱۴۶
﴿۹۲﴾ مؤمنوں کے چند خواص کا ذکر ہوا کہ یہی لوگ کامیاب ہیں اور جنت میں ہیں ۔۔۔ ۱۴۸
﴿۹۳﴾ قیامت میں جب کفار اپنی قبروں سے نکلیں گے تو اُن کی آنکھیں جھکی جھکی اور ذلت چھائی ہوئی ہوگی ۔۔۔ ۱۵۱
﴿۹۴﴾ سورۃ نوح ۷۱ ۔۔۔ ۱۵۲
﴿۹۵﴾ حضرت نوح علیہ السلام کو اپنی قوم کی طرف بھیجے جانے اور قوم سے اُن کے مکالمات کا ذکر ۔۔۔ ۱۵۳
﴿۹۶﴾ حضرت نوح علیہ السلام کی دُعا کا ذکر کہ "پروردگارا! نہ چھوڑ زمین پر کافروں سے کوئی بسنے والا" ۔۔۔ ۱۵۹
﴿۹۷﴾ سورۃ الجن ۷۲ ۔۔۔ ۱۶۰
﴿۹۸﴾ جنوں کے قرآن سننے کا ذکر جس کی حضور ﷺ کو وحی کی گئی اور جنوں کی اپنی قوم کو تبلیغ ۔۔۔ ۱۶۱
﴿۹۹﴾ اللہ تعالیٰ غیب کا جاننے والا ہے، تو نہیں مکمل آگاہی دیتا غیب پر کسی کو مگر جسے چن لیا رسول سے ۔۔۔ ۱۶۹
﴿۱۰۰﴾ سورۃ المزمل ۷۳ ۔۔۔ ۱۷۰
﴿۱۰۱﴾ حضور ﷺ کو بڑے پیارے انداز میں مخاطب کر کے رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنے کا حکم دیا جا رہا ہے ۔۔۔ ۱۷۱
﴿۱۰۲﴾ اللہ تعالیٰ نے کرم فرماتے ہوئے رات کی نماز کے تعلق سے حکم کو ہلکا کر دیا ۔۔۔ ۱۷۶
﴿۱۰۳﴾ سورۃ المدثر ۷۴ ۔۔۔ ۱۷۹
﴿۱۰۴﴾ حضور ﷺ کو بڑے پیارے انداز میں خواب گاہ سے کھڑا کروا کر لوگوں کو ڈرانے اور تبلیغ کرنے کا حکم ۔۔۔ ۱۸۰
﴿۱۰۵﴾ حضور ﷺ کے ایک دشمن اور گستاخ کو جہنم کی سخت سزا سنائی جا رہی ہے ۔۔۔ ۱۸۳
﴿۱۰۶﴾ جہنم کا ذکر کہ اُس پر ۱۹ فرشتے داروغے کی حیثیت سے مقرر ہیں ۔۔۔ ۱۸۴
﴿۱۰۷﴾ جہنمیوں سے سوال کہ کیا چیز لے گئی تمہیں جہنم میں؟ کہا! نماز کا نہ پڑھنا اور مسکینوں کو نہ کھلانا ۔۔۔ ۱۸۸
﴿۱۰۸﴾ سورۃ القیٰمۃ ۷۵ ۔۔۔ ۱۹۰
﴿۱۰۹﴾ نفس لوامہ کی قسم یاد دلاتے ہوئے، اللہ تعالیٰ نے انسان کو دوبارہ پیدا کرنے اور قیامت کا ذکر فرمایا ۔۔۔ ۱۹۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۱۱۰﴾ ـــ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو قرآن یاد کرانے اور مطلب ومعانی سمجھانے کو خود اپنے ذمہ کرم میں لیا ـــ ۱۹۳
﴿۱۱۱﴾ ـــ سورت کے آخر میں پھر ایک مرتبہ مردوں کو زندہ کرنے کے تعلق سے فرمایا گیا ـــ ۱۹۶
﴿۱۱۲﴾ ـــ سُوْرَۃُ الدَّھْرِ ۷۶ ـــ ۱۹۷
﴿۱۱۳﴾ ـــ اَبرار کے طبقے اور اُن کے انعامات اور ان کے اخلاق وکردار کا ذکر ـــ ۲۰۰
﴿۱۱۴﴾ ـــ جنت کے ایک چشمے سلسبیل کا ذکر جس سے ابرار لوگ پلائے جائیں گے ـــ ۲۰۳
﴿۱۱۵﴾ ـــ سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰتِ ۷۷ ـــ ۲۰۹
﴿۱۱۶﴾ ـــ مبارک ہستیوں کی قسم یاد دلاتے ہوئے قیامت کی منظرکشی کی جارہی ہے ـــ ۲۱۰
﴿۱۱۷﴾ ـ اپنی نعمتوں اور قدرتوں کی نشانیوں کو یاد دلاتے ہوئے بتایا کہ قیامت میں ہلاکی ہے جھٹلانے والوں کی ـ ۲۱۳
﴿۱۱۸﴾ ـــ پارہ عَمَّ ۳۰ ـــ ۲۱۸
﴿۱۱۹﴾ ـــ سُوْرَۃُ النَّبَا ۷۸ ـــ ۲۱۹
﴿۱۲۰﴾ ـــ قیامت کے بارے میں کیے جانے والے سوال کا جواب، قدرتِ الٰہی کا ذکر اور قیامت کا نقشہ ـــ ۲۲۰
﴿۱۲۱﴾ ـ جنتیوں اور جہنمیوں اور اُن کے انعامات وانجام اور کافروں کی خواہش کہ کاش ہم مٹی ہوجاتے، کا ذکر ـ ۲۲۴
﴿۱۲۲﴾ ـــ سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ ۷۹ ـــ ۲۲۸
﴿۱۲۳﴾ ـــ مختلف ہستیوں کی قسم کے ساتھ قیامت اور اُس کے تعلق سے کافروں کی حیرت کا ذکر ـــ ۲۲۹
﴿۱۲۴﴾ ـــ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے پاس بھیجے جانے اور فرعون کے اِنکار اور اُس کے انجام کا ذکر ـــ ۲۳۱
﴿۱۲۵﴾ ـ حضور ﷺ سے قیامت کے بارے میں سوال پر اللہ تعالیٰ کا فرمان: کیا غرض تمہیں اُس کے بتانے سے ـ ۲۳۶
﴿۱۲۶﴾ ـــ سُوْرَۃُ عَبَسَ ۸۰ ـــ ۲۳۷
﴿۱۲۷﴾ ـــ ایک نابینا صحابی جو حضور ﷺ سے کچھ پوچھنے آئے تھے، اُن کا ذکر ـــ ۲۳۸
﴿۱۲۸﴾ ـــ انسان کو اپنی قدرت کی دلیلیں دے کر ہدایت کی طرف بلائے جانے کا ذکر ـــ ۲۴۲
﴿۱۲۹﴾ ـــ قیامت کے دن ہر کوئی اپنوں سے بھاگ رہا ہوگا اور کرنے چہرے خوش اور کتنے سیاہ ہوں گے ـــ ۲۴۴
﴿۱۳۰﴾ ـــ سُوْرَۃُ التَّکْوِیْرِ ۸۱ ـــ ۲۴۵
﴿۱۳۱﴾ ـــ قیامت کس طرح واقع ہوگی اور اُس کی منظرکشی کی جارہی ہے ـــ ۲۴۶
﴿۱۳۲﴾ ـــ حضورِ اکرم ﷺ غیب بتانے میں بخیل نہیں ہیں اور نہ ہی قرآن بولی ہے شیطان مردود کی ـــ ۲۵۱
﴿۱۳۳﴾ ـــ سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ ۸۲ ـــ ۲۵۲
﴿۱۳۴﴾ ـــ حشر کی منظرکشی اور سوال: اَے انسان! کس چیز نے دھوکہ دیا تجھے؟ اپنے کرم والے رب سے ـــ ۲۵۳
﴿۱۳۵﴾ ـــ قیامت کے دن نہ اختیار رکھے گا کوئی نا کس کسی نا کسی کا کچھ۔ اور حکم اُس دن اللہ کا ہے ـــ ۲۵۸
﴿۱۳۶﴾ ـــ سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِیْنَ ۸۳ ـــ ۲۵۹
﴿۱۳۷﴾ ـــ کم تولنے اور کم ناپنے والوں کا ذکر ہے، اور بدکاروں کا نامہ اعمال سجین میں ہے ـــ ۲۶۰


https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ﴿۱۳۸﴾ | بدکار لوگ قیامت میں رب تعالیٰ کا دیدار نہ کر سکیں گے جب کہ نیکو کاروں کو نصیب ہوگا | ۲۶۳ |
| ﴿۱۳۹﴾ | نیکوں کے نامہ اعمال علیین میں ہیں اور اُن کے انعامات کا ذکر | ۲۶۴ |
| ﴿۱۴۰﴾ | سورۃ الانشقاق ۸۴ | ۲۶۷ |
| ﴿۱۴۱﴾ | قیامت کی منظر کشی کے بعد ذکر ہوا: نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیئے جانے والے کامیاب ہیں | ۲۶۸ |
| ﴿۱۴۲﴾ | بائیں ہاتھ میں نامہ اعمال دیئے جانے والے ناکام ہیں، دہکتی آگ میں ہیں | ۲۶۸ |
| ﴿۱۴۳﴾ | قرآنِ کریم کا ۱۳واں سجدۂ تلاوت | ۲۷۰ |
| ﴿۱۴۴﴾ | سورۃ البروج ۸۵ | ۲۷۱ |
| ﴿۱۴۵﴾ | مختلف قسمیں یاد دلانے کے بعد ایندھنوں والی آگ والوں کا ذکر | ۲۷۲ |
| ﴿۱۴۶﴾ | اللہ تعالیٰ ہی مغفرت فرمانے والا، بڑا پیار والا، عرشِ مجید والا ہے | ۲۷۶ |
| ﴿۱۴۷﴾ | سورۃ الطارق ۸۶ | ۲۷۸ |
| ﴿۱۴۸﴾ | مختلف قسمیں یاد دلاتے ہوئے ایک خاص تارے کا ذکر اور انسان کو اپنی پیدائش پر نظر کی دعوت | ۲۷۹ |
| ﴿۱۴۹﴾ | سورۃ الاعلیٰ ۸۷ | ۲۸۰ |
| ﴿۱۵۰﴾ | حضور ﷺ سے ارشادِ ربانی: اب پڑھایا کریں گے ہم، تو نہ بھولو گے الا ماشاء اللہ | ۲۸۲ |
| ﴿۱۵۱﴾ | فرمانِ الٰہی: بے شک کامیاب ہوا جو پاکیزہ ہوا، اور یاد کیا اپنے رب کے نام کو، پھر نماز پڑھی | ۲۸۳ |
| ﴿۱۵۲﴾ | سورۃ الغاشیۃ ۸۸ | ۲۸۴ |
| ﴿۱۵۳﴾ | قیامت کے ذکر کے ساتھ جنتیوں کے انعام اور جہنمیوں کے انجام کا ذکر | ۲۸۶ |
| ﴿۱۵۴﴾ | سورۃ الفجر ۸۹ | ۲۸۹ |
| ﴿۱۵۵﴾ | مختلف قسمیں یاد کر کے فرعون، عاد، ثمود، ارم وغیرہ اور اُن کے انجام و اعمال کا ذکر | ۲۹۲ |
| ﴿۱۵۶﴾ | جہنمیوں کا بیان: اے کاش! میں نے بھیج دیا ہوتا کچھ اپنی اِس زندگی کے لیے | ۲۹۵ |
| ﴿۱۵۷﴾ | نفس مطمئنہ کا ذکر اور اُس سے فرمان: تُو داخل ہو جا میرے بندوں میں، اور چلی جا جنت میں | ۲۹۶ |
| ﴿۱۵۸﴾ | سورۃ البلد ۹۰ | ۲۹۷ |
| ﴿۱۵۹﴾ | حضور ﷺ کے شہر، یعنی مکہ کی قسم یاد فرمائی گئی۔ پھر داہنے اور بائیں والوں کا ذکر ہوا | ۲۹۸ |
| ﴿۱۶۰﴾ | سورۃ الشمس ۹۱ | ۳۰۱ |
| ﴿۱۶۱﴾ | قسموں کے ساتھ سورت کے آخر میں، اونٹنی کی کونچیں کاٹنے والی قوم صالح علیہ السلام کا ذکر | ۳۰۲ |
| ﴿۱۶۲﴾ | سورۃ اللیل ۹۲ | ۳۰۴ |
| ﴿۱۶۳﴾ | کئی طرح کی قسموں کا ذکر ہوا، پھر اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے والے اور کنجوسوں کا ذکر | ۳۰۶ |
| ﴿۱۶۴﴾ | سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے انعامات کے تعلق سے ارشاد فرمایا جا رہا ہے | ۳۰۹ |
| ﴿۱۶۵﴾ | سورۃ الضحیٰ ۹۳ | ۳۰۹ |


https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۱۶۶﴾ حضور ﷺ کی شان اور فضائل بیان فرماتے ہوئے یتیم سے اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے ۳۱۰
﴿۱۶۷﴾ سُورَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ ۹۴ ۳۱۷
﴿۱۶۸﴾ حضور ﷺ کے شرحِ صدر کو بتا کر تسلی دی جا رہی ہے کہ بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے ۳۱۷
﴿۱۶۹﴾ سُورَۃُ التِّین ۹۵ ۳۲۲
﴿۱۷۰﴾ نہایت ہی اعلیٰ قسموں کے ساتھ بتایا گیا کہ انسان کو بہترین انداز میں پیدا فرمایا گیا ۳۲۲
﴿۱۷۱﴾ سُورَۃُ العَلَق ۹۶ ۳۲۵
﴿۱۷۲﴾ نزول میں پہلی سورت میں حکم: "پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا فرمایا" یعنی انسان کو ۳۲۵
﴿۱۷۳﴾ قرآنِ مجید کی تلاوت میں ۱۴ واں اور آخری سجدہ، کہ یہ سجدہ کرو اور اللہ کے نزدیک ہو جاؤ ۳۲۸
﴿۱۷۴﴾ سُورَۃُ القَدْر ۹۷ ۳۲۹
﴿۱۷۵﴾ شبِ قدر کے فضائل بیان فرمائے گئے کہ قرآن کا نزول اس رات میں ہوا ۳۲۹
﴿۱۷۶﴾ شبِ قدر بہتر ہے ہزار مہینہ سے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے جبرائیل علیہ السلام اس میں اترا کرتے ہیں ۳۳۰
﴿۱۷۷﴾ سُورَۃُ البَیِّنَۃ ۹۸ ۳۳۲
﴿۱۷۸﴾ اہلِ کتاب کافر اور مشرک باز آنے والے نہ تھے حتیٰ کہ روشن دلیل، یعنی رسول نہ آ جائے ۳۳۳
﴿۱۷۹﴾ ایمان لانے والوں کا ثواب اُن کے رب کے پاس ہے اور راضی ہوا اللہ اُن سے اور وہ راضی اُس سے ۳۳۴
﴿۱۸۰﴾ سُورَۃُ الزِّلْزَال ۹۹ ۳۳۵
﴿۱۸۱﴾ قیامت میں زمین میں زلزلہ ڈال دیا جائے گا اور وہ اپنے سارے خزانوں کو نکال باہر کرے گی ۳۳۶
﴿۱۸۲﴾ قیامت میں لوگ اپنی اپنی ذرہ برابر بھلائی اور ذرہ برابر بُرائی دونوں کو دیکھ لیں گے ۳۳۶
﴿۱۸۳﴾ سُورَۃُ العٰدِیٰت ۱۰۰ ۳۳۷
﴿۱۸۴﴾ مجاہدین کے گھوڑوں کی قسمیں یاد دلاتے ہوئے، مال کی محبت میں اکھڑ انسان کا ذکر فرمایا گیا ۳۳۸
﴿۱۸۵﴾ سُورَۃُ القَارِعَۃ ۱۰۱ ۳۳۹
﴿۱۸۶﴾ قیامت کی ہولناک منظر کشی کرتے ہوئے نیک اور بد انسانوں کے انجام کا ذکر ۳۴۰
﴿۱۸۷﴾ سُورَۃُ التَّکَاثُر ۱۰۲ ۳۴۱
﴿۱۸۸﴾ فرمانِ الٰہی: غافل کر دیا تم کو مال بڑھانے کی حرص و فخر نے، یہاں تک کہ تم نے اپنی اپنی قبر دیکھی ۳۴۲
﴿۱۸۹﴾ حشر میں سب لوگ ہر چیز کو یقین کی نظر سے دیکھ لیں گے پھر نعمتوں کے بارے میں پوچھے جائیں گے ۳۴۲
﴿۱۹۰﴾ سُورَۃُ العَصْر ۱۰۳ ۳۴۴
﴿۱۹۱﴾ سارے انسان گھاٹے میں ہیں علاوہ مؤمنوں کے جنھوں نے حق کہا اور صبر کی وصیت کی ۳۴۵
﴿۱۹۲﴾ سُورَۃُ الھُمَزَۃ ۱۰۴ ۳۴۷
﴿۱۹۳﴾ غیبت کرنے والے اور طعنہ دینے والے اور بخیل کی جگہ حطمہ میں ہے ۳۴۸

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۱۹۴﴾ سورۃ الفیل ۱۰۵ ۳۴۹
﴿۱۹۵﴾ حضور ﷺ کی ولادت سے قبل کعبہ شریف کو ڈھانے کا ارادہ رکھ کر آنے والے ایک بادشاہ کا حشر ۳۴۹
﴿۱۹۶﴾ سورۃ قریش ۱۰۶ ۳۵۳
﴿۱۹۷﴾ قریش کو اپنی نعمتیں یاد دلا کر شرک سے دور رہنے اور اللہ واحد کو پوجنے کی دعوت ۳۵۴
﴿۱۹۸﴾ سورۃ الماعون ۱۰۷ ۳۵۵
﴿۱۹۹﴾ کافروں کی اور منافقوں کی بُری خصلتوں کا اور نمازوں کو بھول جانے والوں کا ذکر ۳۵۶
﴿۲۰۰﴾ سورۃ الکوثر ۱۰۸ ۳۵۷
﴿۲۰۱﴾ حضور ﷺ کو کوثر عطا کیے جانے کا ذکر اور نماز پڑھنے اور قربانی کا حکم۔ آپ کا گستاخ ہی ابتر ہے ۳۵۷
﴿۲۰۲﴾ سورۃ الکافرون ۱۰۹ ۳۶۰
﴿۲۰۳﴾ حضور ﷺ کو حکم کہ کہہ دو کافروں سے کہ ہمارے تمہارے راستے جداگانہ ہیں ۳۶۰
﴿۲۰۴﴾ سورۃ النصر ۱۱۰ ۳۶۲
﴿۲۰۵﴾ حضورِ اکرم ﷺ کو فتح کی بشارت سنائی گئی اور فوج درفوج لوگوں کا اسلام میں داخل ہونا ۳۶۲
﴿۲۰۶﴾ سورۃ اللھب ۱۱۱ ۳۶۳
﴿۲۰۷﴾ حضور اکرم ﷺ کے گستاخ اور دشمن ابولہب اور اُس کی بیوی کے انجام کا ذکر ۳۶۳
﴿۲۰۸﴾ سورۃ الاخلاص ۱۱۲ ۳۶۵
﴿۲۰۹﴾ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت و یکتائی کو بیان کرتے رہنے کا حکم ۳۶۶
﴿۲۱۰﴾ سورۃ الفلق ۱۱۳ ۳۶۷
﴿۲۱۱﴾ حاسدوں اور دوسرے شر پھیلانے والوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ لینے کی دُعا کا ذکر ۳۶۸
﴿۲۱۲﴾ سورۃ الناس ۱۱۴ ۳۷۰
﴿۲۱۳﴾ جن و انسان جو سینوں میں وسوسہ ڈالتے ہیں کے شر سے اللہ کی پناہ لینے کی دُعا ۳۷۱
﴿۲۱۴﴾ تہدیہ ۳۷۲
﴿۲۱۵﴾ اظہارِ تشکر ۳۷۵
﴿۲۱۶﴾ تشریح لغات ۳۷۸
﴿۲۱۷﴾ ہماری دوسری مطبوعات ۳۸۷


حسبِ معمول ایک دلچسپ نوٹ: تفسیرِ اشرفی کی اِس جلد دہم کے متنِ تفسیر میں ۹،۷۳،۵۴۹ (نو لاکھ تہتر ہزار پانچ سو انچاس) حروف ـــ ۱،۰۷،۵۱۰ (ایک لاکھ سات ہزار پانچ سو دس) الفاظ ـــ ۸،۹۶۱ (آٹھ ہزار نو سو اکسٹھ) سطریں ـــ اور ۴،۳۳۷ (چار ہزار تین سو سینتیس) پیراگراف شامل ہیں ـــ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

نحمدہٗ و نصلّی علٰی رسولہ الکریم۔۔۔۔امّا بعدُ

# عرضِ ناشر

رب تبارک وتعالیٰ کا جتنا بھی شکر کیا جائے کم ہے کہ اُس نے تمام دُعا گو حضرات جن میں بزرگانِ دین، علماء ومشائخ اور مریدین ومعتقدین شامل ہیں، کی دُعاؤں کو اور خود مفسرِ محترم کی اُن دُعاؤں کو جو وہ ہر پارے اور تقریباً ہر سورت کی تفسیر کی ابتداء وتکمیل پر رب تعالیٰ سے کرتے رہے، قبولیت کا درجہ عطا فرماتے ہوئے شیخ الاسلام والمسلمین علامہ سید محمد مدنی اشرفی جیلانی کچھوچھوی مدظلہ العالی کو قرآنِ کریم کی تفسیر کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی سعادت مرحمت فرمائی۔

اِس تفسیرِ قرآن کی ابتداء آپ کے والدِ ماجد حضور محدثِ اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی قدس سرہ نے ۱۹۴۶ء میں ترجمۂ قرآن بنام معارف القرآن مکمل کر لینے کے بعد اور اپنے وصال ۱۹۶۱ء کے درمیان کسی وقت میں فرمائی تھی۔ آپ نے تفسیر کے تقریباً ۳ پارے مکمل کیے مگر صرف اُن میں سے ایک پہلا پارہ ہی دستیاب ہوسکا، لہٰذا حضور شیخ الاسلام نے پیرانہ سالی کے باوجود اِس عظیم کام کا بیڑا اُٹھاتے ہوئے تقریباً چھ سے سات سال میں 'پارہ سیقول' سے 'پارہ عمّ' تک ۲۹ پاروں کی تفسیر کو اپنے والدِ بزرگوار قدس سرہ ہی کے اندازِ تفسیر میں قلمبند فرما کر امتِ مسلمہ پر احسانِ عظیم فرمایا۔ اور نام پسند فرمایا سید التفاسیر المعروف بہ تفسیر اشرفی، جس سے عالمِ اسلام میں اہلسنّت کی طرف سے اردو زبان میں ایک آسان اور مختصر تفسیر کا اضافہ ہوا۔ یہ موقع تفسیرِ اشرفی کے محاسن کے بیان کرنے کا نہیں جس کے لیے ایک دفتر درکار ہے، بلکہ صرف اظہارِ تشکر کا ہے۔

مفسرِ محترم کے طفیل گلوبل اسلامک مشن (نیویارک، یو ایس اے) کے تمام خادمان وکارکنان بھی رب تعالیٰ کی بارگاہ میں شکر گزار ہیں کہ اُنہیں کسی نہ کسی انداز میں اِس تفسیر کے ذریعے کلامِ الٰہی کی کچھ خدمت کرنے کا موقع میسر آیا۔ چند سالوں کے مختصر سے عرصے میں تفسیرِ اشرفی کا قلمبند ہونے کے ساتھ ساتھ ۳، ۳، پارے فی جلد کر کے شائع ہوتے رہنا اور تکمیل سے پہلے ہی مقبولیتِ عامہ پا لینا تائیدِ الٰہی وتوفیقِ الٰہی کے بغیر ممکن نہ تھا۔ انڈیا میں، احمد آباد اور کچھوچھہ شریف کے حضرت کے قیام کے دوران اِس کا لکھا جاتا رہنا، امریکہ میں کمپوزنگ وتزئین کاری، انگلینڈ میں کمپوزنگ کی نظرِ ثانی اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پھر کرجن، گجرات سے ہوتے ہوئے انڈیا میں۔۔ مزید برآں۔۔ پاکستان میں شائع ہوتے رہنا، یقیناً فیضِ محدثِ اعظم و شیخ الاسلام کا کھلا ہوا ثبوت ہے۔ ہم شیخ الاسلام کے شکرگزار ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ رب العزت سے دُعاگو ہیں کہ وہ مفسرِ محترم حضور شیخ الاسلام والمسلمین کی عمر و صحت میں برکت عطا فرمائے، اِس تفسیری خدمت کو اُن کے لیے دونوں جہان میں درجات کی بلندیوں کا ذریعہ بنائے اور مسلمانانِ عالم کو اِس تفسیر سے زیادہ زیادہ مستفید ہونے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

ادارہ دِل کی گہرائیوں سے بہ ترتیب کاردگی، اپنے تمام کارکنان و معاونین اور خاص طور پر میں اپنے صاحبزادے جناب منصور احمد اشرفی (نیویارک، امریکہ) کا، جنہوں نے اَن تھک محنت سے متن کی کمپوزنگ و تزئین انجام دی؛ جناب علامہ محمد فخر الدین علوی اشرفی (امریکہ) کا، جنہوں نے مختلف معاملات میں رہنمائی فرمائی؛ جناب علامہ مفتی محمد ایوب صاحب اشرفی سنبھلی (بولٹن، انگلینڈ) کا، جنہوں نے نظرِ عمیق سے متنِ تفسیر کی نظرِ ثانی انجام دی؛ انڈیا کے تعلق سے جناب سید شوکت علی صاحب اشرفی (کرجن، گجرات) و جناب مولانا عبدالرزاق اشرفی (بھروچ، گجرات) و جناب مولانا ساجد صاحب اشرفی (پادرا، گجرات) و جناب خالد اشرفی (موزنبیق) کا، جن کی دن رات کی محنت سے انڈیا میں تفسیرِ اشرفی کی ہر جلد خوبصورت انداز میں نہ صرف طبع ہو کر سامنے آتی رہی بلکہ اُن کی ترسیل میں بھی انہوں نے اور اُن کے دوسرے معاونین نے اپنے دن رات ایک کر دیئے؛ جناب غلام رازق صاحب (احمد آباد، انڈیا) کا، جنہوں نے اردو املا کی نظرِ ثانی میں مدد دی۔ اور ساتھ میں سرور اشرفی (احمد آباد، انڈیا) کا شکرگزار ہے اور دُعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

پاکستان سے، خاص طور پر پہلی اور دوسری جلد کی اشاعت و طباعت کے لیے جناب سید ریاض علی اشرفی صاحب، جناب مسرور علی قریشی صاحب، جناب سلیم الدین صاحب، جناب عبدالقادر صاحب، جناب عزیز علی صاحب کے بھی ہم ممنون و مشکور ہیں کہ ابتدائی کام اُن ہی سب کے تعاون سے انجام پایا۔

ترسیل و تقسیم، رابطے اور اسپانسر شپ وغیرہ کے لیے انگلینڈ میں محدثِ اعظم مشن کی تمام شاخوں کے ممبران، خاص طور پر جناب شبیر احمد پٹیل و شریف احمد پٹیل (بولٹن، انگلینڈ)، جناب افروز اشرفی، اقبال احمد آبادی اشرفی و امتیاز امین و دوسرے مقتدر احباب و اصحاب (ڈیوزبری، انگلینڈ) کہ جن کی ہر قسم کی سپورٹ سے انڈیا میں شیخ الاسلام ٹرسٹ کے تحت کام آسان ہوا۔ ہم اُن سب کے مشکور ہیں۔

۔۔علاوہ ازیں۔۔ جناب علامہ سید محمد قاسم میاں اشرفی صاحب (لکھنؤ) کے، جناب سید محمد احمد میاں اشرفی صاحب (لکھنؤ) کے، اور نائب سجادہ آستانہء عالیہ حضور محدث اعظم ہند قدس سرہٗ جناب

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

علامہ سید محمد حسن عسکری میاں (لکھنؤ، انڈیا) کے ہم تہہ دِل سے ممنون و مشکور ہیں۔ مولانا سیف خالد اشرفی صاحب (بھاگلپور، انڈیا)، جناب علامہ سید احسن اشرف اشرفی جیلانی صاحب (بلیک برن، انگلینڈ)، جناب سید محمد عربی میاں اشرفی صاحب (لکھنؤ) سمیت ادارہ تمامی مذکورہ وغیر مذکورہ صاحبانِ علم وفن و خادمانِ مذہب و مسلک اور جن بزرگوں نے ہمیں صرف اپنی دُعاؤں ہی میں شامل رکھا اُن سب کے بھی شکر گزار ہیں۔ اللہ رب العزۃ سے دُعا ہے کہ وہ سب کو جزائے خیر کے ساتھ ساتھ دونوں جہانوں کی کامیابی وکامرانی سے ہمکنار فرمائے۔

۔۔نیز۔۔گلوبل اسلامک مشن (نیویارک، یو ایس اے) کو اِس تفسیر کو عام کرنے اور دین و مسلک کی بیش از بیش خدمت کرنے کی توفیقِ رفیق مرحمت فرمائے۔

آمِین یَامُجِیبَ السَّائِلِینَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ، بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ
وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِینَ سَیِّدِنَا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

۷/ جمادی الاول ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۹/ مارچ ۲۰۱۳ء

ناچیز
محمد مسعود احمد
سہروردی، اشرفی

چیئرمین
گلوبل اسلامک مشن، انک
نیویارک، یو ایس اے

---

**نوٹ:** اِس بات کو پھر یاد دلا دیا جائے کہ تفسیر کے متن میں جو الفاظ قوسین میں ہیں اور گاڑھی سیاہی سے واضح کیے گئے ہیں وہ کلام پاک کی آیتوں کے ترجمے کے ہیں جن کو تفسیر میں اس طرح پرو دیا گیا ہے کہ تفسیر با محاورہ بھی بن جائے اور کلام الٰہی کا ترجمہ بھی انہیں میں شامل ہو جائے اور پڑھنے والے کو کوئی رکاوٹ بھی محسوس نہ ہو۔ یہ اِس تفسیر کی انفرادیت بھی ہے اور انوکھا انداز بھی۔ قارئین کو یاد دِہانی کرائی جاتی ہے کہ ہر جلد کے آخر میں اُن کی آسانی کے لیے 'تشریحِ لغات' کے عنوان سے مشکل الفاظ کے معنی بیان کر دیئے گئے ہیں۔ ہماری طرف سے ہر ممکنہ کوشش کر لی گئی ہے کہ یہ کتاب اغلاط سے زیادہ زیادہ پاک ہو سکے، اِس کے باوجود اگر کوئی غلطی سامنے آئے تو مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ طباعت میں اُس کی تصحیح کر لی جائے۔۔۔شکریہ۔

**اطلاعِ عام:** قارئین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بہ اجازتِ مفسر محترم اب سے ضیاء القرآن پبلی کیشنز پاکستان میں اِس تفسیر کو شائع کرنے کی مجاز ہوگا۔ اللہ تعالیٰ دینِ اسلام کی یہ خدمت ان کے لیے مبارک کرے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

# ٢٨

# قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ

باسمہٖ تعالیٰ وبعونہٖ سبحانہٗ، آج بتاریخ
۹ر رمضان المبارک ١٤٣٣ھ۔۔ مطابق۔۔ ٣٠ر جولائی ٢٠١٢ء بروز دوشنبہ
سورۂ مجادلہ اور ٢٨ ویں پارہ کی تفسیر شروع کردی ہے۔ دُعا گو ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ
اپنے فضل وکرم سے اِس کی اور پورے باقی قرآنِ کریم کی تفسیر کی تکمیل کی
سعادت مرحمت فرمائے اور فکر وقلم کو اپنی خاص حفاظت میں رکھے۔
آمین یَامُجِیبَ السَّائِلِیْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ
بِحَقِّ یَابُدُّوحُ وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
سَیِّدِنَا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحابہٖ وسلم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سُوْرَةُ المُجَادَلَة

سورۃ المجادلۃ ۵۸ مدنیۃ ۱۰۵ — آیاتہا ۲۲ رکوعاتہا ۳

سورہ المجادلہ ــ ۵۸ مدنیہ ۱۰۵ — آیاتہا ۲۲ ــ رکوعاتہا ۳

اِس سورت کا نام 'المجادلہ' ہے، جس کا معنی ہے 'بحث اور تکرار کرنے والی عورت'، اور یہ نام اِس سورت کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ سورہ 'سورہ المنافقین' کے بعد اور 'سورہ التحریم' سے پہلے نازل ہوئی۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ سورۂ مبارکہ 'سورۂ احزاب' کے بعد نازل فرمائی گئی۔ 'سورۂ احزاب' کی آیت ۴ میں حق تعالیٰ نے جو اجمالی حکم دیا ہے اُس کی تفصیل سورۂ مجادلہ میں بیان فرمائی ہے۔ روایت ہے کہ ایک دن اوس بن صامت رضی اللہ عنہ نے اپنی زوجہ خولہ بنت ثعلبہ کے ساتھ صحبت کی رغبت کی، خولہ نے روکا، اُوس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ: اَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ اُمِّي یعنی 'تُو مجھ پر ایسی ہے جیسے میری ماں کی پشت'۔ اور اِسے 'ظہار' کہتے ہیں۔ جاہلیت میں 'ظہار' طلاق تھی۔

خولہ جناب رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور اِس باب میں دادخواہی کی۔ حضرت نے فرمایا تُو اُس پر حرام ہوگئی۔ خولہ لڑکوں کی کثرت اور کم سنی اور قدیم انیس کی مفارقت کے سبب سے نہایت غمگین ہوئیں۔ خولہ نے عرض کی، یارسول اللہ! اُس نے مجھ کو طلاق نہیں دی۔ اِس پر رسولِ کریم نے فرمایا کہ میرا گمان یہی ہے کہ تُو اُس پر حرام ہوگئی۔ دوبارہ رسول اللہ ﷺ سے وہی سوال کیا اور وہی جواب پایا۔ پھر روئے نیاز آسمان کی طرف کرکے دُعا کی کہ اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَشْكُوْ اِلَيْكَ۔ اے اللہ! میں تجھ سے شکایت کرتی ہوں۔ پس فوراً یہ آیت نازل ہوئی۔ تو اِس کلام بلاغت نظام اور چارہ سازِ بے چارگاں کو شروع کرتا ہوں میں ـــ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ

بے شک سن لی اللہ نے بات اُس کی جو بحث کرتی ہے تم سے اپنے شوہر کے بارے میں، اور فریاد کرتی ہے اللہ سے،

(الجزء ۲۸)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ①

اور اللہ سن رہا ہے تم دونوں کی بات چیت۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے●

(بے شک سن لی اللہ) تعالیٰ (نے بات اُس کی جو بحث) وتکرار (کرتی ہے تم سے اپنے شوہر کے بارے میں، اور فریاد کرتی ہے اللہ) تعالیٰ (سے)، اور بارگاہِ خداوندی میں اپنی شکایت پیش کرتی ہے، (اور) حال یہ ہے کہ (اللہ) تعالیٰ (سن رہا ہے تم دونوں کی بات چیت)۔ یعنی اَے ہمارے حبیب! تم کہتے تھے کہ تُو اُس پر حرام ہوگئی، وہ کہتی تھی کہ اُس نے مجھ کو طلاق نہیں دی۔ (بے شک اللہ تعالیٰ (سننے والا) ہے لوگوں کے اقوال اور (دیکھنے والا ہے) اُن کے احوال۔ یعنی یہ کلمہ کہنے سے کسی کی زوجہ اُس کی ماں نہیں ہو جاتی۔۔تو۔۔

---

اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ

جو لوگ اپنی زوجہ کو ماں کی جگہ بنائیں تم میں سے، تو وہ اُن کی ماں نہیں ہیں۔ اُن کی ماں وہی ہیں

اِلَّا الّٰٓـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ

جنہوں نے جنا ہے اُنہیں۔ اور بے شک یہ لوگ یقیناً کہتے ہیں ناگوار بات اور جھوٹ۔

وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ②

اور بے شک اللہ یقیناً معافی دینے والا مغفرت فرمانے والا ہے●

(جو لوگ اپنی زوجہ کو ماں کی جگہ بنائیں تم میں سے)، یعنی تم مردوں میں سے جو 'ظہار' کرتے ہیں اپنی عورتوں سے اور کہتے ہیں کہ تیری پشت مجھ پر میری ماں کی پشت کے مثل ہے، (تو وہ اُن کی ماں نہیں ہیں)، بلکہ (اُن کی ماں وہی ہیں جنہوں نے جنا ہے انہیں)۔ اور رسولِ کریم کی ازواجِ مطہرات اور دودھ پلانے والیاں ماں کے حکم میں ہیں۔ (اور بے شک یہ لوگ یقیناً کہتے ہیں ناگوار بات) یعنی بے جانی بوجھی بات (اور جھوٹ) بات، کیونکہ ہرگز جورو ماں نہیں ہوتی۔ (اور بے شک اللہ) تعالیٰ (یقیناً معافی دینے والا) ہے، یعنی معاف فرمانے والا ہے اُن کے گناہ جو اِس قول سے توبہ کرتے ہیں۔ اور (مغفرت فرمانے والا ہے) یعنی اُن پر کفارے واجب کر کے اُن کو بخشنے والا ہے۔

'ظہار' کو زمانۂ جاہلیت میں سب سے شدید طلاق قرار دیا جاتا تھا، کیوں کہ اُس میں بیوی کی پشت کو ماں کی پشت سے تشبیہ دی جاتی تھی، اور عربوں میں نکاح وطلاق کے جو احکام تھے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وہ اسلام میں اُس وقت تک معتبر رہتے تھے جب تک اسلام میں اُن احکام کو منسوخ نہیں کر دیا جاتا۔ اور اسلام میں 'ظہار' کا یہ پہلا واقعہ تھا، اِس واسطے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے عرب کے عرف کے موافق ابتداءً اُس کو برقرار رکھا، پھر جب حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس مسئلہ سے دوچار ہوئیں اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اِس میں بہت بحث اور تکرار کی اور اللہ تعالیٰ سے فریاد کی، تو اللہ تعالیٰ نے زمانۂ جاہلیت کی اُس رسم کو منسوخ فرما دیا اور 'ظہار' کی مذمت میں زیرِ تفسیر سورہ کی آیت ۲ نازل ہوئی۔

اِس مقام پر یہ ذہن نشین رہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے یوں کہے "کہ تم مجھ پر ایسی ہو جیسی میری ماں کی پشت ہے،" اِس کو فقہ کی اصطلاح میں 'ظہار' کہتے ہیں۔ 'ظہار' کی تعریف یہ ہے کہ بیوی ۔۔یا۔۔ اُس کے کسی عضو کو اپنی ماں ۔۔یا۔۔ کسی اور محرم کی پشت ۔۔یا۔۔ کسی اور عضو سے تشبیہ دینا، اُس کا حکم یہ ہے کہ اُس پر بیوی سے 'جماع' اور 'بوس و کنار' وغیرہ حرام ہو جاتا ہے جب تک وہ 'کفارۂ ظہار' نہ ادا کرے۔

اور جب کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا تم مجھ پر ایسی ہو جیسے میری ماں کا پیٹ ۔۔یا۔۔ اُس کی ران ہے، تو یہ بھی 'ظہار' ہے۔ اور اگر اُس نے ماں کے علاوہ اپنی بہن ۔۔یا۔۔ اپنی پھوپھی ۔۔یا۔۔ رضاعی ماں ۔۔یا۔۔ کسی اور محرم کی پشت سے اپنی بیوی کو تشبیہ دی، تو یہ بھی 'ظہار' ہے۔ اور اگر اُس نے اپنی بیوی کے کسی عضو کو اپنی ماں سے تشبیہ دی۔۔ مثلاً: اپنی بیوی سے کہا کہ تمہارا سر میری ماں کی پشت کی طرح ہے ۔۔یا۔۔ تمہاری شرمگاہ ۔۔یا۔۔ تمہارا چہرہ ۔۔یا۔۔ تمہاری گردن یا تمہارا نصف ۔۔یا۔۔ تمہارا ثلث میری ماں کی طرح ہے تو یہ بھی 'ظہار' ہے۔

اور اگر اُس نے کہا کہ تم میری ماں کی مثل ہو، تو اِس کا حکم اُس کی نیت پر موقوف ہے۔ اگر اُس کی نیت یہ تھی کہ تم میری ماں کی طرح معزز ہو، تو طلاق ۔۔یا۔۔ ظہار کچھ بھی نہیں۔ اور اگر اُس نے کہا کہ میری نیت 'ظہار' کی تھی تو یہ 'ظہار' ہے۔ اور اگر اُس نے کہا میری نیت طلاق کی تھی، تو اِس سے 'طلاقِ بائن' واقع ہو جائے گا۔ جب کوئی شخص 'ظہار' کر کے رجوع کرنا چاہے، تو پھر اُس کا کیا طریقہ ہے؟ اِس کے بعد کی آیات میں اُس کی وضاحت فرمائی ہے۔۔۔

وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

اور جو بیوی کو ماں کی جگہ بنائیں اپنی عورتوں میں، پھر لوٹیں اُسی طرف جس کے لیے ایسی بولی بول چکے، تو اُن پر ایک غلام کو آزاد کرنا ہے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝

قبل اس کے کہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں۔ یہ ہے جس کی نصیحت کی جاتی ہے تمہیں۔ اور اللہ جو کچھ کرو خبردار ہے●

(اور) ارشاد فرمایا ہے کہ (جو بیوی کو ماں کی جگہ بنائیں اپنی عورتوں میں، پھر لوٹیں اُسی) عملِ زوجیت کی (طرف جس کے لیے ایسی بولی بول چکے)۔۔۔

یعنی جو انہوں نے کہا ہے اُسے توڑنے کے واسطے اُس سے 'وطی' کا قصد کریں، مسلکِ امام اعظم پر۔۔۔یا۔۔۔روک رکھیں اپنی عورت کو جورو بنے پر 'ظہار' کے بعد، اگرچہ ایک لحظہ بھی ہو، باوجود امکانِ طلاق کے، امام شافعی کے مسلک پر۔۔۔یا۔۔۔وطی کرے امام مالک کے مسلک پر، کیونکہ اُن کے نزدیک 'عود' وطی ہی کے سبب سے ہوتا ہے۔ بہرتقدیر کفارہ دینا چاہیے۔۔۔

(تو اُن پر ایک غلام کو آزاد کرنا ہے) یعنی ایک بندہ جو مؤمن ہو۔۔۔یا۔۔۔ذمی چھوٹا ہو۔۔۔یا۔۔۔بڑا۔۔۔امام اعظم کے قول پر، اور امام شافعی کہتے ہیں کہ بندہ مؤمن آزاد کرنا چاہیے۔۔۔(قبل اس کے کہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں) اور باہم فائدہ اٹھائیں۔

اور بعضے اِس بات پر ہیں کہ **مَسّ** جماع سے کنایہ ہے۔

اور جس عورت سے 'ظہار' کیا گیا ہو اُس سے 'جماع' حرام ہے کفارہ دینے کے قبل۔ (یہ ہے جس کی نصیحت کی جاتی ہے تمہیں) یعنی یہ حکم کفارہ کا جس کے تم مامور ہوئے تمہارے لیے نصیحت ہے، تاکہ ایسے الفاظ کہنے سے باز رہو۔ (اور اللہ) تعالیٰ (جو کچھ کرو) اُس سے (خبردار ہے)۔ اُس پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہتی۔

---

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنْ

تو جس نے نہ پایا، تو روزے ہیں دو مہینے کے لگاتار قبل اس کے کہ باہم ہاتھ لگائیں۔ تو جسے

لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ

اس کی بھی سکت نہیں، تو پورا کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو۔ یہ اس لیے کہ مانتے رہو اللہ اور اُس کے رسول کو۔

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

اور یہ اللہ کی حدبندیاں ہیں۔ اور منکروں کے لیے دکھ والا عذاب ہے●

(تو جس نے نہ پایا) بندہ۔۔۔یا۔۔۔بندہ کا مالک ہو مگر اُس سے خدمت لینے کا محتاج ہو۔۔۔یا۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس کے پاس بندہ کی قیمت ہے مگر خرچ کی احتیاج رکھتا ہے، (تو) اُس کے لیے اُس کی جگہ (روزے ہیں دو مہینے کے لگاتار) یعنی پے در پے کہ اُس کے درمیان افطار نہ کرے، اور اگر افطار کرے گا تو پھر نئے سرے سے روزے رکھے۔ اگر دو ماہ کے درمیان ایک۔۔یا۔۔اُس سے زائد دن ناغہ ہوا، عذر سے یا بلاعذر، تو نئے سرے سے روزہ شروع کرنا ہوگا۔ اور پہلے جو روزے رکھے وہ اِس شمار میں نہیں ہوں گے۔ تو روزے لگاتار رکھے (قبل اِس کے کہ باہم ہاتھ لگائیں) اور ایک دوسرے پر پہنچیں مباشرت کے ساتھ۔

(تو جسے اِس کی بھی سکت نہیں) کمالِ ضعف و ناتوانی کے سبب۔۔یا۔۔اُسے دائمی مرض لاحق ہے، یعنی ایسی بیماری کہ تادمِ زیست اُس سے صحت کی امید نہیں، تو یہ بمنزلہ اُس عاجز کے ہے جسے بڑھاپا ہے۔ اگر اُس سے صحت کی امید ہے لیکن 'وطی' کی ضرورت شدت سے ہے، تو بھی صحت کا انتظار کرے یہاں تک کہ روزے رکھنے کی قدرت پائے۔ یہی مذہب مختار ہے۔ اگر ایسا شخص بلا انتظار، طعام کھلا کر کفارہ ادا کردے تو بھی جائز ہے۔

۔۔الختصر۔۔ مسلسل لگاتار دو مہینے روزے نہ رکھ سکے (تو) کفارہ کی ادائیگی کے لیے (پورا کھانا کھلانا ہے ساٹھ مسکینوں کو)۔ خواہ ساٹھ ۶۰ مسکینوں کو ایک ساتھ کھلائے۔۔یا۔۔ایک مسکین کو ساٹھ ۶۰ دن کھلاتا رہے۔۔لیکن۔۔ایک مسکین کو یکبارگی ساٹھ ۶۰ مساکین کا کھانا دے دینا ناجائز ہے۔

(یہ) ظہار کا بیان اور احکام کی وضاحت (اس لیے) ہے (کہ مانتے رہو اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کو) اور اُن کے اوامر و نواہی قبول کرتے رہو۔ (اور یہ) احکام (اللہ) تعالیٰ (کی حد بندیاں ہیں) کہ اس سے نہیں گزر سکتے۔ (اور منکروں کے لیے) جو حکم نہیں مانتے (دکھ والا عذاب ہے)۔

---

**اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ**

بے شک جو مخالفت کریں اللہ اور اُس کے رسول کی، ذلت دیے گئے جس طرح ذلت دیے گئے وہ، جو اُن سے پہلے تھے،

**وَ قَدْ اَنْزَلْنَاۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ مُّهِیْنٌ ۟ۚ**

اور بے شک اُتارا ہم نے روشن آیتوں کو۔ اور منکروں کے لیے ذلت دینے والا عذاب ہے●

اور (بے شک جو مخالفت کریں اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کی) اور امر و نہی کی حدوں سے تجاوز کریں، (ذلت دیے گئے) اور خوار و رسوا کردیے گئے، (جس طرح ذلت دیے گئے وہ)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کافر (جو ان سے پہلے تھے، اور بے شک اُتارا ہم نے روشن آیتوں کو) یعنی قرآن، اور وہ معجزے جو رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ (اور منکروں کے لیے) قیامت میں (ذلت دینے والا عذاب ہے) اور دُنیا میں بھی اُن کے لیے ذلت و رسوائی ہے۔ اَے محبوب! یاد کرو اُس دن کو۔۔۔

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ

جس دن کہ اُٹھائے گا اُن سب کو اللہ، پھر بتادے گا اُنہیں جو کرتوت کیے۔ شمار کرلیا ہے اُسے اللہ نے، اور وہ لوگ بھول چکے اُسے۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ (۶)

اور اللہ ہر ایک کا نگراں ہے●

ع ۱

(جس دن کہ اٹھائے گا ان سب کو اللہ) تعالیٰ ان کی قبروں سے۔۔۔ اور ایسا کوئی بھی نہ ہوگا جسے اُس کی قبر سے نہ اٹھایا جائے۔۔۔ (پھر بتادے گا انہیں) دُنیا میں (جو کرتوت کیے۔ شمار کرلیا ہے اسے اللہ) تعالیٰ (نے) اور اپنی نگاہِ علم و خبر میں رکھا ہے، (اور) ان کا حال یہ ہوگا کہ (وہ لوگ بھول چکے) ہوں گے (اسے)۔ یعنی اُن کے حافظے سے اُن کی نازیبا حرکتیں نکل چکی ہوں گیں۔ (اور اللہ تعالیٰ (ہر ایک) کے اعمال و احوال و اقوال (کا نگراں ہے) اور گواہ ہے اور اس کے مناسب بدلا دے گا کہ کوئی اُس کی گواہی کو رَد نہ کر سکے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى

کیا نہیں دیکھا تو نے؟ کہ اللہ جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ نہیں ہوتی

ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ

تین شخصوں کی کوئی سرگوشی مگر وہ اُن کا چوتھا ہے، اور نہ پانچ شخصوں کی مگر وہ اُن کا چھٹا ہے، اور نہ اُس سے کم کی

وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا

اور نہ زیادہ کی، مگر وہ اُن کے ساتھ ہے جہاں بھی ہوں۔ پھر بتادے گا اُنہیں جو کرتوت کیے اُنہوں نے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ (۷)

قیامت کے دن۔ بے شک اللہ ہر ایک کا جاننے والا ہے●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(کیا نہیں دیکھا تُو نے؟) اور نہیں جانتا تُو، یہ (کہ اللہ) تعالیٰ (جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں) میں فرشتے، تارے، روحیں ہیں، (اور جو کچھ زمین میں ہے) از قسم جمادات، نباتات اور حیوانات وغیرہ۔ (نہیں ہوتی تین شخصوں کی کوئی سرگوشی مگر وہ اُن کا چوتھا ہے) علم میں۔ یعنی اُن کو چار کر دیتا ہے اِس حیثیت سے کہ اُن کا رفیق ہے اور اُن کے کلام پر مطلع ہے۔ (اور نہ پانچ شخصوں کی مگر وہ اُن کا چھٹا ہے) افعال اور اقوال دیکھنے اور جاننے کے سبب سے۔ یعنی اُن کو چھ کر دیتا ہے۔ (اور نہ اِس سے کم کی اور نہ زیادہ کی، مگر وہ اُن کے ساتھ ہے جہاں بھی ہوں)۔

تین[۳] سے پانچ[۵] تک کی تخصیص اس لیے ہے کہ ایک واقعہ میں ایسی بات کرنے والے منافقین تین[۳] تھے پھر پانچ[۵] تھے۔ بعض نے کہا کہ چونکہ عموماً مشورہ تین[۳] میں ہوتا ہے۔۔۔یا۔۔ زیادہ سے زیادہ پانچ[۵] میں تاکہ الفاظ تھوڑے اور جچے تلے اور رائے کے عین موافق اور راز کو چھپانے والے ہوں۔۔ الختصر۔۔ رازدارانہ سرگوشی کے لیے کم سے کم تین[۳] اور زیادہ سے زیادہ پانچ[۵] ہی مناسب ہیں۔ اُس کی کیفیت عام مجلسِ شوریٰ کی نہیں ہوتی، بلکہ اُس میں عموماً ایسے ہی مسائل پر رازدارانہ طور پر گفتگو ہوتی ہے جن کا کمال اخفاء مقصود ہوتا ہے۔

۔۔الختصر۔۔ان سرگوشی کرنے والوں اور چھپ چھپ کر اسلام اور پیغمبرِ اسلام کے خلاف پلاننگ کرنے والوں کی حرکتوں سے اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں۔ فی الحال تو انہیں چھوٹ دے رکھی ہے۔۔۔ (پھر بتادے گا انہیں جو کرتوت کیے انہوں نے قیامت کے دن) تاکہ وہ وہاں اہلِ محشر کے سامنے ذلیل و رسوا ہوں۔ (بے شک اللہ) تعالیٰ (ہر ایک کا جاننے والا ہے)۔ اُس کے علم کی نسبت سب معلومات کے ساتھ یکساں ہے۔ اہلِ آسمان کے حالات اُسی طرح جانتا ہے جیسے اہلِ زمین کے۔ اور اُس کا علم چھپے ہوئے امور کو اِس طرح گھیرے ہوئے ہے جیسے ظاہری امور کو۔

روایت ہے کہ یہود و منافقین آپس میں سرگوشی کرتے اور تین[۳] تین[۳] اور پانچ[۵] پانچ[۵] کی ٹولی بنا لیتے۔ جب اہلِ ایمان کو دیکھتے تو ایک دوسرے کو آنکھوں سے اشارہ کرتے۔ اس سے اُن کا پروگرام یہی تھا کہ وہ اہلِ ایمان کو غصہ دلائیں تاکہ جھگڑا برپا ہو۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایسا کرنے سے روکا۔ ایک عرصہ رک کر پھر وہی پروگرام شروع کر دیا تو یہ آیت نازل فرمائی گئی، کہ اَے محبوب!۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ

کیا نہیں دیکھا تم نے اُنہیں جو روکے گئے سرگوشی سے، پھر وہی کرتے ہیں جس سے روکے گئے،

وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫ وَاِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ

اور سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ اور قانون شکنی اور رسول کی گنہگاری کی۔ اور جب آئے تمہارے پاس تو سلام کیا ایسے لفظوں میں

بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ

کہ سلام قرار نہیں دیا تمہارا جس کو اللہ نے۔ اور کہتے ہیں اپنے اپنے جی میں کہ "کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں اللہ

بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸

بسبب اُس بولی کے جو ہم بولتے ہیں۔" کافی ہے اُنہیں جہنم۔ جائیں گے اُس میں، تو کیا بُرا پھرنے کا ٹھکانہ ہے●

(کیا نہیں دیکھا تم نے انہیں جو روکے گئے سرگوشی سے، پھر وہی کرتے ہیں جس سے روکے گئے۔ اور سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ اور قانون شکنی اور رسول کی گنہگاری کی) جن کا مقصد ایمان والوں سے عداوت کا اظہار، مؤمنین کی غیبت اور اہلِ ایمان کو غمگین کرنا ہے، اور رسولِ کریم کی بارگاہ میں نازیبا کلمات نکال کر آپ کی گستاخی کرنا ہے۔

۔۔چنانچہ۔۔روایت ہے کہ یہود رسولِ مقبول کی خدمت میں آئے اور کہا کہ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ ۔حضرت نے فرمایا وَعَلَيْكُمْ۔ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہود کا کلام سنا اور کہا کہ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ۔ پس حضرت ﷺ نے فرمایا آہستہ رہ اَے عائشہ! اور عادت نرم کر۔ حضرت بی بی عائشہ نے عرض کی کہ یارسول اللہ آپ نے سنا نہیں کہ انہوں نے کیا کہا۔ حضرت نے فرمایا کہ اَے عائشہ! مگر تم نے وہ نہیں سنا کہ میں نے کیا کہا اور رَدّ کیا۔ یعنی میں نے بھی تو کہا کہ وَعَلَيْكُمْ، اُن کی بات اُن پر رَدّ کردی، اور میری بات اُن کے حق میں مقبول ہے، اُن کی بات میرے باب میں نہیں۔ تو حق تعالیٰ نے یہ آیت بھیجی، کہ اَے محبوب!۔۔۔

(اور جب آئے تمہارے پاس تو سلام کیا ایسے لفظوں میں کہ سلام قرار نہیں دیا تمہارا جس کو اللہ) تعالیٰ (نے)۔ حق تعالیٰ نے تو تجھ کو کہا کہ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى اور یہ کہتے ہیں اَلسَّامُ عَلَيْكَ ۔اور سام زبانِ یہود میں موت ہے۔۔یا۔ تلوار سے قتل ہونا ہے۔ (اور) یہ یہود (کہتے ہیں اپنے جی میں، کہ کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں اللہ) تعالیٰ (بسبب اس بولی کے جو ہم بولتے ہیں)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یعنی ہم پیغمبر کی شان میں گستاخیاں کررہے ہیں پھر بھی ہم پر کوئی عذاب نہیں آتا۔ اگر وہ نبی ہوتے، تو چاہیے تھا کہ ہم یہ جو اُن کی اہانت کرتے ہیں اُس کے سبب سے خدا ہم پر عذاب کرتا۔ (کافی ہے انہیں جہنم) عذاب کے لیے۔ (جائیں گے اُس میں۔ تو کیا بُرا ٹھکانہ ہے) جہنم۔۔ تو۔۔۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

اے ایمان والو! جب تم نے سرگوشی کرنی چاہی، تو مت سرگوشی کرو گناہ اور قانون شکنی

وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ

اور رسول کی گنہگاری کی، اور سرگوشی کرو نیکی اور خوفِ خدا کی۔ اور ڈرتے رہو اللہ کو،

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹

جس کی طرف حشر کیے جاؤ گے●

(اے ایمان والو! جب تم نے سرگوشی کرنی چاہی، تو مت سرگوشی کرو گناہ اور قانون شکنی اور رسول کی گنہگاری کی) جیسا کہ منافق اور یہود کرتے ہیں۔ (اور سرگوشی کرو نیکی اور خوفِ خدا کی۔ اور ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ (کو) اپنے ہر کام میں جو تم کرتے ہو۔ ایسا اللہ، کہ تم (جس کی طرف حشر کیے جاؤ گے) اور وہ تم کو تمہارے کاموں پر جزا دے گا۔ سوا اُس کے نہیں کہ گناہ و معصیت اور ظلم و جور والی۔۔۔

اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا

بُری سرگوشی تو شیطان کی طرف سے ہے، تا کہ رنج دے اُنہیں جو ایمان لائے، حالانکہ نہیں ہے بگاڑ سکنے والا اُن کا کچھ،

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

بغیر اللہ کے حکم کے۔ اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھے رہیں ایمان والے●

(بُری سرگوشی تو شیطان کی طرف سے ہے) اور اُسی کے وسوسے سے ہے، جو اس غلط کام کو تمہاری نگاہ میں آراستہ کرتا ہے اور اُس کام پر تم کو رکھتا ہے (تا کہ رنج دے اُنہیں جو ایمان لائے، حالانکہ نہیں ہے بگاڑ سکنے والا ان کا کچھ بغیر اللہ) تعالیٰ (کے حکم کے) اور اس کی مشیت کے۔۔ الحنصر۔۔ اُن بری سرگوشیوں سے بغیر حکم خداوندی ایمان والوں کا کچھ بگڑنے والا نہیں۔ تو بے فکر رہیں (اور اللہ) تعالیٰ (ہی پر بھروسہ رکھے رہیں ایمان والے) نہ کہ غیر خدا پر۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اہلِ بدر میں سے ایک گروہ آنحضرت ﷺ کی مجلس میں آیا اور بعضے صحابہ حضرت کے گرداگرد بیٹھے تھے اور جگہ نہ تھی، بدریوں نے سلام کیا اور مسجد کے درمیان میں کھڑے رہے، کسی نے اُن کو جگہ نہ دی، تو حضرت نے فرمایا کہ قُمْ یَا فُلَان یَا فُلَان، یعنی اَے فلاں فلاں شخص تم کھڑے ہوجاؤ، وہ لوگ کھڑے ہوگئے اور اہلِ بدر کے واسطے جگہ چھوڑ دی۔ منافقوں نے موقع پاکر اِس باب میں شکایت اور اشارہ بازی شروع کی، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ

اَے ایمان والو! جہاں کہا گیا تمہیں کہ "جگہ دو مجلسوں میں،" تو جگہ دے دیا کرو، تمہیں اللہ جگہ دے گا۔

وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ

اور جہاں کہا گیا کہ "اُٹھ پڑو،" تو اُٹھ پڑا کرو، بلند فرمادے گا اللہ اُنہیں جو ایمان لائے تم میں سے، اور جو

اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ⑪

دیے گئے ہیں علم درجوں۔ اور اللہ جو کچھ کرو باخبر ہے●

**(اَے ایمان والو جہاں کہا گیا تمہیں کہ جگہ دو مجلسوں میں، تو جگہ دے دیا کرو)**۔ یعنی جب ذکر، تلاوت اور نماز وغیرہ مجلسوں میں تم سے جگہ کشادہ کرنے کی بات کی جائے تو جگہ کشادہ کردیا کرو۔ اُس کے عوض **(تمہیں اللہ)** تعالیٰ **(جگہ دے گا)** قبر میں۔۔یا۔۔بہشت میں، مکان وسیع تم کو عطا فرمائے گا ۔۔یا۔۔تنگی اور زحمت دور کرکے تمہارے دِل کو کشادہ فرمادے گا۔ **(اور جہاں کہا گیا کہ اٹھ پڑو تو اٹھ پڑا کرو)**۔ یعنی اَے مسلمانو! جب تمہیں کہا جائے کہ رسول اللہ ﷺ کی مجلس کو چھوڑ دو، تو چھوڑ دو اور اُس پر ملال بھی نہ کرو کہ تمہیں اٹھایا گیا ہے۔۔یا۔۔معنیٰ یہ ہے کہ جب کہا جائے کہ نماز۔۔یا۔۔جہاد۔۔یا۔۔شہادت۔۔یا۔۔اِسی طرح کے دوسرے اعمالِ خیر کی طرف چلو، تو چل پڑو اور سستی نہ کرو اور نہ ہی کوتاہی کرو۔

مذکورہ بالا آیتِ کریمہ کا شانِ نزول یہ ہے کہ حضور ﷺ اہلِ بدر کی عظمت کو سمجھانے کے لیے اُن کا خاص لحاظ فرماتے۔ ایک دفعہ ایک ایسی جماعت آئی جنھوں نے انہیں جگہ نہ دی، تو آپ نے خود بعض یاروں سے فرمایا کہ وہ اٹھ کھڑے ہوجائیں۔ پھر اتنے ساتھیوں کو وہاں سے اٹھا کر جگہ بنائی جتنے حضراتِ اہلِ بدر تھے۔ اِس سے منافقین اشارے کرنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لگے اور کہا کہ یہ کوئی انصاف ہے کہ ایک کو اٹھا کر دوسرے کو بٹھایا جائے، اٹھنے والے پر کیا گزری گی؟ رسول اللہ ﷺ نے منافقین کی یہ قلبی کارروائی اُن کے چہروں سے پہچان لی اور پھر اللہ تعالیٰ نے یہی آیت نازل فرمائی۔

اِس سے ظاہر ہوا کہ صاحبانِ منصب اور اربابِ اعزاز کے لیے جگہ کشادہ کردینا۔۔یا۔۔ جگہ کشادہ کرا دینا، سعادتمندی اور نیک سیرتی کے زمرے میں آتا ہے۔ یہاں تک کہ مجلسِ نبوی میں بیٹھنے والوں کو بھی ہدایت کی جارہی ہے کہ وہ ایمانی صاحبانِ منصب کا لحاظ کریں اور اُن کا احترام کریں۔ چونکہ منافقین ایک بے ادب قوم ہے اس لیے ان کو آداب کے قوانین سمجھ میں نہیں آتے۔

**تو اَے ایمان والو! آداب کے قوانین پر عمل کرنے سے (بلند فرمادے گا اللہ) تعالیٰ (انہیں جو ایمان لائے تم میں سے، اور) بلند فرمادے گا اُنہیں (جو دیئے گئے علم درجوں) ایمان کے ساتھ۔ اُن مؤمنوں کے درجوں پر جو بے علم ہوتے۔ اس واسطے کہ مؤمن عالم افضل ہے مؤمن بے علم سے۔**

عالم خواب میں امام اوزاعی سے پوچھا کہ قربِ خداوندی حاصل کرنے کے لیے سب سے بہتر عمل کون ہے؟ فرمایا کہ عالموں کے درجے سے زیادہ بلند میں نے کوئی درجہ نہیں دیکھا۔ اُس سے اتر کر اندوھناکوں کا درجہ ہے۔ تو یہ خواب اِس آیت کے موافق ہے۔ بے شک علمائے دین کے درجے بہت بلند ہیں دُنیا میں مرتبہ اور شرف اور وراثتِ انبیاء کے سبب سے، اور عقبیٰ میں بھی فضل اور قدرِ اصفیاء کے ساتھ موافقت کی وجہ سے۔

**(اور) ذہن نشین رکھو کہ (اللہ) تعالیٰ (جو کچھ کرو) اُس سے (باخبر ہے)۔**

اِس کلام میں امید وخوف اور وعدہ وعید سب کچھ ہے۔ روایت ہے کہ لوگ آنحضرت ﷺ سے سرگوشیوں میں ہر قسم کی خبریں پوچھتے اور بکثرت سوالات کرتے اور اس کا جواب چاہتے، تو اُن کو بارگاہِ نبوی کا وقار سمجھانے کے لیے اور بکثرت سوال کرنے سے روک لگانے کے لیے یہ آیت نازل فرمائی گئی۔۔کہ۔۔

**يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ**

اَے ایمان والو! جب تم پوشیدہ بات کرنی چاہو رسول سے، تو پہلے دے لو اپنی سرگوشی سے آگے کچھ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

صَدَقَةً ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢﴾

صدقہ۔ یہ بہتر ہے تمہارے لیے اور نہایت پاکیزہ۔ پھر اگر نہ پایا تم نے، تو بلاشبہ اللہ غفور رحیم ہے●

(اے ایمان والو! جب تم پوشیدہ بات کرنی چاہو رسول سے، تو پہلے دے لو اپنی سرگوشی سے آگے کچھ صدقہ)۔ (یہ) صدقہ دینا راز کہنے سے قبل (بہتر ہے تمہارے لیے) اس لیے کہ طاعت زیادہ کرتا ہے (اور نہایت پاکیزہ) اِس واسطے کہ گناہ مٹاتا ہے۔ (پھر اگر نہ پایا تم نے) کوئی چیز صدقہ دینے کو، (تو بلاشبہ اللہ) تعالیٰ (غفور) ہے۔ یعنی بخشنے والا ہے اُسے جو یہ گناہ کرے، یعنی بے صدقہ دیئے راز کہے۔ اور (رحیم ہے)، یعنی مہربان ہے کہ بندہ کو وہ تکلیف نہیں دیتا جس کی اٹھانے کی طاقت نہ ہو۔

حدیث میں ہے کہ یہ ممانعت دس۱۰ دن رات رہی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے پاس سونے کا ایک دینار تھا آپ نے اُسے دس۱۰ درم میں بھنایا۔ ہر روز ایک درم پہلے صدقہ دے کر رسولِ مقبول سے سرگوشی کرتے اور کچھ پوچھتے۔ اُس کے بعد یہ حکم منسوخ ہو گیا۔۔ الغرض۔۔ جب یہ حکم نازل ہوا، تو حضرت علی مرتضیٰ کے سوا اور کسی نے اُس کی تعمیل نہیں کی۔ اور یہ بات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے مناقب میں سے ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے یہ حکم ایک ساعت دِن کو رہا، حضرت علی مرتضیٰ نے اُسی ساعت اِس کی تعمیل کر لی، پھر یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

---

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ۚ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

کیا ڈر گئے تم اُس سے، کہ پہلے دے دو، اپنی پوشیدہ بات کہنے کے آگے کچھ صدقے؟ تو جب تم یہ نہ کر سکے، اور معافی دے

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

دی اللہ نے بھی تمہیں، تو پابندی کرتے رہو نماز کی، اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور کہا مانتے رہو اللہ

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٣﴾ ع

اور اُس کے رسول کا۔ اور اللہ باخبر ہے جو عمل کرتے رہو●

(کیا ڈر گئے تم اس سے کہ پہلے دے دو اپنی پوشیدہ بات کہنے کے آگے کچھ صدقے)؟ یعنی تمہیں یہ کام دشوار لگا، (تو جب تم یہ نہ کر سکے اور معافی دے دی اللہ) تعالیٰ (نے بھی تمہیں، تو پابندی کرتے رہو) فرض (نماز کی)، یعنی فرض نماز کما حقہ، ادا کرتے رہو۔ (اور دیتے رہو زکوٰۃ کو) جن کا دینا تم پر واجب ہو، (اور کہا مانتے رہو اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کا) ہر حال میں، کہ یہ اس کی درستی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اور تلافی کردے۔(اوراللہ) تعالیٰ (باخبر ہے) اُس سے (جو عمل کرتے رہو)۔

حدیث میں ہے کہ عبداللہ ابن نبتل ایک منافق تھا جو رسولِ مقبول ﷺ کے پاس بیٹھتا تھا اور آپ کی باتیں یہود سے کہہ دیا کرتا تھا۔ایک دن آنحضرت ﷺ حجراتِ طاہرات میں سے ایک حجرے میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کا ایک گروہ بھی حاضر تھا،حضرت نے فرمایا کہ ایک مَرد آتا ہے اُس کا دِل سرکش اور متکبر ہے اور وہ شیطان کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ناگاہ ابن نبتل آیا۔حضرت نے فرمایا تُو مجھے گالی کیوں دیتا ہے اور فلاں فلاں تیرے یار کیوں مجھے سخت کہتے ہیں۔پس ابن نبتل اور اُس کے یاروں نے قسم کھالی کہ ہم نے ہرگز یہ بے ادبی نہیں کی ہے،تو یہ آیت نازل ہوئی کہ اَے محبوب!۔۔۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

کیا نہیں دیکھا تم نے اُنہیں جنہوں نے دوستی کی ایسی قوم کی جن پر غضب فرمایا اللہ نے۔ نہ وہ تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾

اور نہ اُن میں سے۔اور وہ قسم کھایا کرتے ہیں جھوٹ، حالانکہ وہ جان رہے ہیں●

(کیا نہیں دیکھا تم نے اُنہیں جنہوں نے دوستی کی ایسی قوم کی جن پر غضب فرمایا اللہ) تعالیٰ (نے۔نہ وہ تم میں سے) مسلمان (ہیں اور نہ) ہی (ان میں سے) یہودی ہیں۔(اور وہ قسم کھایا کرتے ہیں جھوٹ) دعویٰ اسلام اور سید انام کے اعزاز واحترام پر، (حالانکہ وہ جان رہے ہیں) کہ وہ جھوٹ بول رہے ہیں۔۔الغرض۔۔ جان بوجھ کے جھوٹ بولنے کی عادت بنالی ہے۔آخر وہ کس خام خیالی میں ہیں۔۔۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

تیار کر چکا ہے اللہ اُن کے لیے سخت عذاب۔بے شک اُنہوں نے بُرا کیا جو کرتوت کرتے ہیں● بنالیا اُنہوں نے

جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾

اپنی قسموں کو ڈھال،تو روکتے رہے اللہ کی راہ سے،تو اُنہیں کے لیے ہے ذلت والا عذاب●

(تیار کر چکا ہے اللہ) تعالیٰ (اُن کے لیے سخت عذاب) دُنیا میں ذلت ورسوائی،اور آخرت میں آتشِ دوزخ کے سبب سے۔(بے شک انہوں نے بُرا کیا جو کرتوت کرتے ہیں) اور اُس پر اصرار

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کرتے ہیں۔(بنالیا ہے انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال) سپر، آڑاور پناہ کہ اُس کے سبب سے اُن کی جان اور مال امن میں رہے، (تو) اپنی بے خوفی کے وقت وہ (روکتے رہے اللہ) تعالیٰ (کی راہ سے) فتنہ انگیزی اور نکتہ چینی کرکے۔۔۔یا۔لوگوں کو بددل کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ لوگ جہاد میں نہیں جاتے گھر بیٹھے رہتے ہیں، (توانہیں کے لیے ہے ذلت والا عذاب) یعنی رسوا کردینے والا عذاب۔

لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْــٴًـا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ

نہ کام دیں گے اُنہیں اُن کے مال، اور نہ اولاد، اللہ کے حضور کچھ۔ وہ جہنم والے ہیں۔

هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾

وہ اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں●

(نہ کام دیں گے انہیں ان کے مال اور نہ اولاد) قیامت میں (اللہ) تعالیٰ (کے حضور کچھ)۔ یعنی اُن کے مال اولاد انہیں عذاب الٰہی سے چھٹکارا نہ دلاسکیں گے۔ بلکہ (وہ جہنم والے ہیں) اور (وہ اُس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں)۔ منافق بھی ہمیشہ دوزخ کے اندر رہنے میں کافر کا حکم رکھتے ہیں، بلکہ اُن کا درکہ مشرکوں سے بھی بہت نیچے ہوگا اور اُن پر عذاب بہت سخت ہوگا۔

یَوْمَ یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا فَیَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا یَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

جس دن کہ اُٹھائے گا اُن سب کو اللہ، تو قسم کھائیں گے اُس کے یہاں بھی، جس طرح قسم کھاتے ہیں تمہارے پاس،

وَ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰی شَیْءٍ ؕ اَلَاۤ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾

اور خیال کرتے ہیں کہ وہ کچھ فائدہ پر ہیں۔ یاد رکھو! کہ بلاشبہ وہی جھوٹے ہیں●

یاد کرواے محبوب وہ دن! (جس دن کہ اٹھائے گا اُن سب) منافقوں (کو اللہ) تعالیٰ اُن کی قبروں سے، (تو) یہ (قسم کھائیں گے اُس کے یہاں بھی) اپنے اسلام اور اخلاص پر، (جس طرح قسم کھاتے ہیں تمہارے پاس، اور خیال کرتے ہیں کہ وہ کچھ فائدہ پر ہیں) یعنی نفع پارہے ہیں۔۔۔یا۔۔ نقصان دفع کررہے ہیں۔ جیسے وہ دُنیا میں سمجھتے تھے کہ جھوٹی قسموں کے ذریعہ اپنے سے اور مال سے مدافعت کرتے اور اس طرح دُنیوی فوائد حاصل کرتے، تو انہیں گمان ہے کہ جس طرح دُنیا میں جھوٹی قسم کھاکر ہم اپنا کام بنالیا کرتے تھے آخرت میں بھی اِسی طرح جھوٹی قسم کھا کر اپنے کو بچالے جائیں گے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(یادرکھو بلاشبہ وہی جھوٹے ہیں)، بہت سخت جھوٹے۔ جھوٹ کی ایسی انتہا کہ اس کے بعد کوئی جھوٹ نہیں، یعنی ظاہر و باطن جاننے والے علام الغیوب کے سامنے بھی جھوٹ کی جسارت کریں گے اور گمان کریں گے اُن کی جھوٹی قسموں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے سامنے بھی اُن کا جھوٹ کامیاب ہوجائے گا۔ اُن کی اِس فکری کجی اور عقلی بے راہ روی کی وجہ یہ ہے کہ۔۔۔

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ

چڑھ پڑا اُن پر شیطان، تو بھلا دیا اُنہیں اللہ کی یاد کو۔ وہ ہیں شیطان کا گروہ۔

اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾

یادرکھو! کہ شیطان کا گروہ، وہی خسارہ والے ہیں●

(چڑھ پڑا اُن پر شیطان) یعنی اُن پر غالب آ گیا۔۔ چنانچہ۔۔ وسوسہ دے کر اُنہیں گناہوں کی رغبت دیتا ہے، (تو بھلا دیا اُنہیں اللہ) تعالیٰ (کی یاد کو)۔ نہ وہ دِل سے یاد کرتے ہیں نہ زبان سے۔ (وہ) بھول جانے والے لوگ (ہیں شیطان کا گروہ) اور شیطان کی پیروی کرنے والے ہیں۔ اور (یادرکھو کہ شیطان کا گروہ، وہی خسارہ والے ہیں) کہ انہوں نے ہمیشہ رہنے والی نعمتیں ہاتھ سے کھوئیں اور ہمیشہ رہنے والے عذاب میں مبتلا ہوئے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰٓئِكَ فِى الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ كَتَبَ اللّٰهُ

بے شک جو مخالفت کریں اللہ اور اُس کے رسول کی، وہ بڑے ذلیلوں میں ہیں● لکھ چکا ہے اللہ

لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾

کہ "ضرور غالب رہوں گا میں اور میرے رسول۔" بے شک اللہ قوت والا زبردست ہے●

(بے شک جو مخالفت کریں اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کی وہ بڑے ذلیلوں میں ہیں)۔ یعنی دُنیا میں تو قتل وقید ہونے کی ذلت وخواری میں گرفتار ہیں اور عقبیٰ میں رُسوا اور رُوسیاہ اور بے اعتبار ہیں۔ (لکھ چکا ہے اللہ) تعالیٰ لوحِ محفوظ میں (کہ ضرور غالب رہوں گا میں اور میرے رسول)۔ رسول اگر جہاد کے مامور ہیں، تو اُن کا غلبہ قہر اور زجر کے سبب سے ہے۔ اور اگر جہاد کے مامور نہیں ہیں، تو اُن کا غلبہ دلیل اور حجت ہے۔ (بے شک اللہ) تعالیٰ (قوت والا) ہے یعنی انبیاءِ کرام کی نصرت پر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قادر وقوی ہے، اور (زبردست ہے) یعنی غالب ہے ہر حکم کرنے پر جو کچھ چاہے، اور کوئی اُسے روکنے پر قادر نہیں۔

حق تعالیٰ منافقوں کا ذکر اور خدا کے دشمنوں کے ساتھ اُن کی دوستی بیان کر چکا، تو اُس کے بعد مخلصوں کی صفت فرماتا ہے کہ وہ مطلق کسی دشمن کے ساتھ دوستی نہیں کرتے اگرچہ چندر چند قرابتیں واقع ہوں۔۔ چنانچہ۔۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

تم نہ پاؤ گے اُن لوگوں کو جو مان جائیں اللہ اور پچھلے دن کو، کہ دوستی کریں اُن کی جنہوں نے مخالفت کی اللہ اور اُس کے رسول کی،

وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ

گو وہ ہوں اُن کے باپ دادے، یا بیٹے، یا بھائی، یا کنبہ والے۔ وہ ہیں کہ نقش کر دیا

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

اللہ نے اُن کے دلوں میں ایمان کو، اور تائید فرمائی اُن کی روح سے اپنی طرف سے۔ اور داخل فرمائے گا اُنہیں باغوں میں،

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ

بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔ اللہ اُن سے راضی، وہ اللہ سے خوش۔ وہ ہیں

حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع ۳

اللہ کی جماعت۔ یاد رکھو! کہ اللہ کی جماعت کامیاب ہے●

(تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو مان جائیں اللہ) تعالیٰ (اور پچھلے دن کو) یعنی روزِ آخرت کو (کہ دوستی کریں اُن کی جنہوں نے مخالفت کی اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کی گو وہ ہوں اُن کے باپ دادے۔۔ یا۔۔ بیٹے۔۔ یا۔۔ بھائی۔۔ یا۔۔ کنبہ والے)۔ یہی (وہ ہیں کہ نقش کر دیا اللہ) تعالیٰ (نے اُن کے دِلوں میں ایمان کو) یعنی ایمان کو اُن کے دِلوں میں ثابت کر دیا ہے۔۔ یا۔۔ ایمان کو اُس کے لوازم یعنی اخلاص اور استقامتِ وعدہ کے ساتھ اُن کے دِلوں میں اکٹھا کر دیا ہے۔ (اور تائید فرمائی اُن کی روح سے) یعنی رحمت یا نصرت یا نورِ ہدایت سے (اپنی طرف سے)۔

ایک تفسیر یہ ہے کہ مدد دی اُن کی جبرائیل علیہ السلام۔۔ یا۔۔ قرآن کے سبب سے۔

(اور داخل فرمائے گا انہیں) حشر کے دن (باغوں میں، بہتی ہیں جن) کے مکانوں اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

درختوں (کے نیچے نہریں) دودھ، شراب اور شہد کی۔ (ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔ اللہ) تعالیٰ (اُن سے راضی) اُس اطاعت کے سبب جو انہوں نے دُنیا میں کی، اور (وہ اللہ) تعالیٰ (سے خوش) اُس نعمت اور کرامت کے سبب سے جو اُس نے انہیں عقبیٰ میں عطا فرمانے کا وعدہ کیا ہے۔ (وہ ہیں اللہ) تعالیٰ (کی جماعت)، اُس کا لشکر اور اُس کے دین کی مدد کرنے والے۔ (یاد رکھو کہ اللہ) تعالیٰ (کی جماعت کامیاب ہے) اور چھٹکارا پانے والے فائز المرام ہیں۔

امام ثعلبی جرجانی اپنے مشائخ کا قول نقل کرتے ہیں، کہ حضرت داوٗد علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے پوچھا کہ الٰہی تیرا لشکر کون ہے؟ خطاب آیا جنہوں نے محارم پر نگاہ ڈالنے سے اپنی آنکھیں بند کرلیں، اور خلق کو آزار پہنچانے اور حرام کا مال لینے سے اپنے ہاتھ روکے، اور اپنے دِل ما سوی اللہ سے پاک کیے۔ وہ لوگ میرا لشکر ہیں اور میرے عرش کے گرد طواف کریں گے۔۔۔

اِس آیت ۲۲ کے ابتدائی جملوں کی صداقت کا عملی مظاہرہ اسلامی جنگوں میں ہو چکا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ ابوعبیدہ جراح نے اپنے باپ عبداللہ جراح کو جنگ اُحد میں قتل کیا۔ سیدنا ابوبکر صدیق نے جنگِ بدر کے دن اپنے فرزند عبدالرحمٰن کو لشکرِ کفار سے طلب کیا کہ اُن کے ساتھ مقابلہ اور مقاتلہ کریں، مگر اللہ کے رسول نے آپ کو اُس مقابلے سے روک لیا۔ حضرت مصعب بن عمیر نے اپنے بھائی عبید کو جنگ اُحد میں قتل کیا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص بن ھشام کو قتل کیا۔ اور حضرت علی اور حضرت حمزہ اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہم نے عتبہ اور شیبہ اور ولید کو جنگِ بدر میں قتل کیا۔

۔۔ الحاصل۔۔ خدا اور رسول کی محبت اُن نفوسِ قدسیہ والوں پر ایسی غالب تھی کہ آیتِ کریمہ کے ارشاد کے مطابق انہوں نے باپ، بیٹے، بھائی اور کنبہ والوں کے رشتوں کی کوئی پرواہ نہ کی اور خدا اور رسول کے رشتوں کو مضبوط کرنے کے لیے ہر رشتے کو کاٹ کے رکھ دیا، اور عملی طور پر بتا دیا کہ ہم اللہ کے رسول کے رشتے کو مضبوط کرنے کے لیے ہر رشتے کو کاٹنے والے ہیں۔

﴿ اختتام سورۃ المجادلہ ۔۔ ۱۱ ر رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ یکم اگست ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۔۔ ﴿ ۱۲؍رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲؍اگست ۲۰۱۲ء۔۔۔بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَۃُ الْحَشْر

سورۂ الحشر۔۔۵۹ مدنیہ ۱۰۱ — آیاتہا ۲۴۔۔رکوعاتہا ۳

اِس سورہ کا نام 'الحشر' اسی سورت کی آیت ۲ سے ماخوذ ہے۔ اِس سورہ کا نام 'سورۂ بنی النضیر' بھی ہے۔ اِس سورہ کا نام 'الحشر' اِس لیے ہے کہ 'حشر' کا معنی لوگوں کو اکٹھا کرنا ہے، اور بنونضیر کو اکٹھا کر کے مدینہ سے نکالا گیا، پھر اُن کو خیبر اور شام کی طرف جلا وطن کر دیا گیا۔ اِس سورہ میں اُن کی اُسی جلا وطنی کا ذکر ہے، اِسی لیے اِس کو 'سورہ بنونضیر' بھی کہا گیا ہے۔

روایت ہے کہ حضرت رسولِ مقبول ﷺ سن چار ہجری میں خواصِ صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ اُن دو مرد عامری کی دیت لینے کے لیے یہود بنی نضیر کے محلّہ میں تشریف لے گئے جو آپ کے عہد میں تھے اور عمرو بن امیہ بن ضمری نے انہیں قتل کیا تھا۔ جب آپ یہود کے گھر کی دیوار سے پیٹھ لگا کے بیٹھے، یہود ایک بڑا پتھر چھت پر لے گئے کہ حضرت ﷺ پر ڈال دیں، فوراً حضرت جبرائیل نے آپ کو خبر کر دی اور آپ مدینہ منورہ واپس آ گئے، اور یہود کے پاس کسی کو بھیجا کہ چونکہ تمہاری غداری ظاہر ہو چکی، تو تم ہمارے شہر و دیار سے نکل جاؤ۔ اور اُن کو آپ نے دس دن کی مہلت دی اور وہ سامانِ سفر مہیا کرنے میں مشغول ہوئے۔

اُدھر ابن ابی جو منافقوں کا پیشوا تھا اُس نے کسی کو اُن یہود کے پاس بھیجا کہ تم لوگ اپنے گھروں سے نہ نکلو، اپنے قلعوں میں پناہ لیے رہو، میں اپنی قوم سے دو ہزار آدمیوں سمیت تمہارا معین اور مددگار رہوں۔ یہود اُس منافق کی بات پر مغرور ہو کر باغی ہو گئے اور یہ خبر حضرت ﷺ کو پہنچی، آپ ایک گروہ لے کر اُن کے سر پر پہنچے اور پندراہ دن تک اُن کو گھیرے رہے۔ اُس منافق نے یہود سے وعدہ وفا نہ کیا اور کچھ مدد نہ کی۔ آخر یہود نے اُس خوف و ہراس کی وجہ سے جلا وطنی قبول کی جو خدا نے اُن کے دِلوں میں ڈال دیا تھا۔

اور جب شہر بدر ہونا انہوں نے قبول کر لیا، تو آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ شرط ہے کہ اپنے ہتھیار چھوڑ جاؤ اور تمہارے جانور جس قدر مال اُٹھا سکیں اُن پر لاد لے جاؤ۔ یہ امر قرار پایا اور حق تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی۔ ایسے تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ کرنے والی اِس سورۂ مبارکہ کو۔۔یا۔۔قرآنِ کریم کی تلاوت کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ①

پاکی بولی اللہ کی سب نے، جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے۔اور وہی زبردست حکمت والا ہے●

(پاکی بولی) اور تسبیح کی (اللہ) تعالیٰ (کی سب نے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے)، کیونکہ وہی حمد و ثنا کا مستحق ہے (اور وہی زبردست) ہے جس کا حکم سب پر غالب ہے، اور (حکمت والا ہے) یعنی پکا اور محکم کام کرنے والا ہے۔

---

ہُوَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ مِنۡ دِیَارِہِمۡ لِاَوَّلِ الۡحَشۡرِ ؕ

وہی ہے جس نے نکال بھگایا اہلِ کتاب کافروں کو اُن کے گھروں سے پہلی ہانک کو۔۔

مَا ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡرُجُوۡا وَ ظَنُّوۡۤا اَنَّہُمۡ مَّانِعَتُہُمۡ حُصُوۡنُہُمۡ مِّنَ اللّٰہِ

تم لوگوں کو خیال نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے، اور وہ خیال کر رہے تھے، کہ اُن کی حفاظت کو اُن کے قلعے ہیں اللہ کے عذاب سے،

فَاَتٰىہُمُ اللّٰہُ مِنۡ حَیۡثُ لَمۡ یَحۡتَسِبُوۡا ٭ وَ قَذَفَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ الرُّعۡبَ یُخۡرِبُوۡنَ

تو آیا اُن کے پاس حکمِ الٰہی جہاں سے اُنہیں وہم بھی نہ تھا۔اور ڈال دیا اُن کے دلوں میں دبدبہ،

بُیُوۡتَہُمۡ بِاَیۡدِیۡہِمۡ وَ اَیۡدِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ٭ فَاعۡتَبِرُوۡا یٰۤاُولِی الۡاَبۡصَارِ ②

کہ کھودنے لگے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے، اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے۔تو عبرت لو اے آنکھ والو!●

(وہی ہے جس نے نکال بھگایا اہلِ کتاب کافروں کو اُن کے گھروں سے پہلی ہانک کو)۔

یعنی پہلی بار انہیں جزیرۂ عرب سے نکالنے کے واسطے، اور اُن کا دوسرا نکالنا خیبر سے ہوگا۔۔یا۔۔اُن لوگوں کا پہلا حشر ہے ملک شام کی طرف، اس واسطے کہ آخر زمانہ میں ایک آگ مشرق کی جانب سے آئے گی اور لوگوں کو زمینِ شام کی طرف ھنکا دے گی، اور وہیں قیامت ہوگی اور وہ دوسرا حشر قائم ہوگا۔

(تم لوگوں کو خیال نہ تھا) اَے مومنو! (کہ وہ نکل جائیں گے) اُن کی کثرت اور شجاعت و

شوکت کو دیکھ کر، (اور وہ خیال کر رہے تھے کہ اُن کی حفاظت کو اُن کے قلعے ہیں اللہ) تعالیٰ (کے عذاب سے)، یعنی باز رکھنے والے ہیں اُن کے قلعے اُن پر حکم اور قضائے الٰہی نازل ہونے سے، (تو آیا اُن کے پاس حکم الٰہی) یعنی عذابِ خداوندی کا دن (جہاں سے انہیں وہم بھی نہ تھا اور ڈال دیا ان کے دلوں میں دبدبہ کہ کھودنے لگے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے)۔ یعنی انہوں نے عہد شکنی کی یہاں تک کہ اُن کے گھر اہلِ ایمان کے ہاتھوں سے خراب ہوئے، تو گویا انہوں نے خود اپنے ہاتھوں سے خراب کیا۔

یہ بھی روایت ہے کہ یہود جب وطن چھوڑنے پر آمادہ ہوئے اور سمجھے کہ ہمارے مکانات مؤمنوں کے قبضے میں آئیں گے، تو اپنے مکان کھودتے تھے اور جو دروازے اور لکڑی اور پتھر انہیں اچھا معلوم ہوتا اُسے اپنی جگہ سے اکھاڑ کر چاہتے تھے کہ اپنے ساتھ لے جائیں، تو چھ سو اونٹ لاد کر اپنے کو آراستہ کیا اور بناوٹ اور تصنع کا مظاہرہ کرتے ہوئے دف بجاتے اور گاتے ہوئے مدینہ منورہ کے بازار سے نکلے، بعضے تو ولایتِ شام میں چلے گئے اور بعضے خیبر میں۔

(تو عبرت لو اے آنکھ والو!)، یعنی اُن کا حال دیکھو اور عبرت پکڑو۔

---

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ

اور اگر نہ لکھ چکا ہوتا اللہ اُن پر جلاوطن ہوجانے کو، تو ضرور عذاب دیتا انہیں دُنیا میں۔

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③

اور اُن کے لیے آخرت میں آگ کا عذاب ہے●

(اور اگر نہ لکھ چکا ہوتا اللہ) تعالیٰ لوحِ محفوظ میں اور نہ طے کر چکا ہوتا اپنے حکم ازلی میں (اُن پر جلاوطن ہوجانے کو، تو ضرور عذاب دیتا انہیں دُنیا میں) قتل ہونے اور لونڈی غلام بننے کے سبب سے۔ (اور) باوصف اِس کے کہ دُنیا میں شہر بدر ہوئے، (اُن کے لیے آخرت میں آگ کا عذاب ہے)۔

---

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ

یہ اِس لیے کہ پھٹے پھٹے رہے اللہ اور اُس کے رسول سے۔ اور جو پھٹا پھٹا رہے اللہ سے،

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④

تو بلاشبہ اللہ سخت عذاب والا ہے●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(یہ) عذاب اُن پر (اس لیے) ہے (کہ پھٹے پھٹے رہے اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول سے)، یعنی خدا اور رسول کی دشمنی کی اور اُن کے حکم کی مخالفت اختیار کی۔ (اور جو پھٹا پھٹا رہے اللہ) تعالیٰ (سے) یعنی جو کوئی دشمنی رکھے اللہ تعالیٰ سے، (تو بلاشبہ اللہ) تعالیٰ (سخت عذاب) کرنے (والا ہے) اُس پر، اور جو اُس کے مثل ہیں اُن پر۔

روایت ہے کہ محاصرہ کے زمانے میں حکم ہوا کہ اُن کے خرموں کے باغ کاٹے جائیں نخل عجوزہ کے سوا، اور حضرت عبداللہ بن سلام اور ابولیلیٰ مازنی رضی اللہ عنہما اِس کام پر مامور ہوئے، تو ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ اچھے درخت کاٹتے اور کہتے کہ میں انہیں کاٹ کر منافقوں کا دِل توڑتا ہوں۔ اور عبداللہ ابن سلام رضی اللہ عنہ اُن میں سے برے برے درخت کاٹتے اور کہتے کہ میں جانتا ہوں کہ حق تعالیٰ یہ خرمے کے درخت مسلمانوں کے ہاتھ میں پھیر دے گا، تو جو درخت بہتر ہیں وہ میں مسلمانوں کے واسطے چھوڑتا ہوں، تو حق تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ۔۔۔

مَا قَطَعۡتُمۡ مِّنۡ لِّیۡنَۃٍ اَوۡ تَرَکۡتُمُوۡہَا قَآئِمَۃً عَلٰۤی اُصُوۡلِہَا

جو کچھ کاٹ ڈالا تم نے کوئی درخت، یا چھوڑ دیا اُسے کھڑا اپنی جڑوں پر،

فَبِاِذۡنِ اللّٰہِ وَ لِیُخۡزِیَ الۡفٰسِقِیۡنَ ۝

تو اللہ کے حکم سے ہوا، اور تاکہ رسوا کردے نافرمانوں کو●

(جو کچھ کاٹ ڈالا تم نے کوئی درخت۔۔یا۔۔چھوڑ دیا اُسے کھڑا اپنی جڑوں پر، تو) یہ سب کچھ (اللہ) تعالیٰ (کے حکم سے ہوا) اور اُس کی پسند کے موافق ہوا، اِس واسطے کہ تم کو مدد دے (اور تاکہ رسوا کردے نافرمانوں کو) جو دائرۂ ایمان سے باہر نکلے ہوئے ہیں۔

روایت ہے کہ جب بنی نضیر شہر بدر ہوئے تو پچاس زرہیں اور پچاس خود اور تین سو چالیس تلواریں اُن کی اور ان کے مال اور باغ سب 'فئے' ہوئے، یعنی سب خاص رسول مقبول ﷺ کا حصہ ہوا۔ پھر آنحضرت ﷺ نے جو چیز جسے چاہی عطا کی اور باغات بعضے لوگوں کو بخشے۔ اور اکثر روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں پانچ حصے کر دیئے۔ حضرت امام اعظم اسی صورت پر گئے ہیں۔ اور حق تعالیٰ اِس باب میں فرماتا ہے۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ

اور جو کچھ مالِ غنیمت دلایا اللہ نے اپنے رسول کو اُن لوگوں سے، تو نہ دوڑایا تھا تم لوگوں نے اُس پر گھوڑے اور نہ اونٹ،

وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑥

لیکن اللہ مسلط فرمادے اپنے رسولوں کو جس پر چاہے۔ اور اللہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے●

(اور جو کچھ مالِ غنیمت دیا اللہ) تعالیٰ (نے اپنے رسول کو اُن لوگوں سے)، یعنی اُن کے مال اور ملک میں سے۔ یعنی جو غنیمت رسول ﷺ کو عطا کی (تو نہ دوڑایا تھا تم لوگوں نے اُس پر گھوڑے اور نہ اونٹ)۔ یعنی تم نے اُن کو حاصل کرنے کے لیے اُن پر چڑھائی نہیں کی، بلکہ تم اُس حصار پر پیادہ آئے تھے اور زیادہ لڑائی بھی نہیں ہوئی، کہ تم کو کچھ کلفت اور دقت ہوئی ہو۔

۔۔الختصر۔۔تم نے لڑ بھڑ کر اُس حصار کو فتح نہیں کیا (لیکن اللہ) تعالیٰ (مسلط فرمادے اپنے رسولوں کو جس پر چاہے) اور اپنی مدد سے انہیں غالب کردے۔ (اور اللہ) تعالیٰ (ہر چاہے پر قدرت والا ہے)، تو وہ پیغمبروں کو غالب اور دشمنوں کو مغلوب کرنے پر قادر ہے۔ کبھی سببِ ظاہری جیسے جدال اور قتال سے اُن کو غلبہ دیتا ہے، اور کبھی سببِ باطنی جیسے اُن کے دِلوں میں خوف و ہراس ڈالتا ہے۔

---

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

جو کچھ مالِ غنیمت دلایا اللہ نے اپنے رسول کو دوسری آبادی والوں سے، تو وہ اللہ کے لیے اور رسول کے لیے ہے،

وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ

اور اُن کے قرابت مندوں کے لیے اور یتیموں کے لیے اور مسکینوں کے لیے اور مسافر کے لیے، تاکہ نہ رہ جائے وہ ہاتھوں ہاتھ

دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ

تمہارے دولت مندوں ہی کے درمیان۔ اور جو کچھ دے دیا تم کو رسول نے تو لے لو اُسے، اور جس سے روک دیا تمہیں

فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ⑦

تو رک جاؤ، اور ڈرتے رہو اللہ کو۔ بے شک اللہ سخت عذاب فرمانے والا ہے۔۔●۔۔

وقف لازم

(جو کچھ مالِ غنیمت دلایا اللہ) تعالیٰ (نے اپنے رسول کو دوسری آبادی والوں سے) لڑے بھڑے بغیر۔ یعنی دیہاتیوں اور اہلِ شہر کے اموال اور املاک میں سے جو لڑ کر نہیں لیے جاتے، (تو وہ اللہ) تعالیٰ (کے لیے اور رسول کے لیے ہے، اور اُن کے قرابت مندوں کے لیے اور یتیموں کے لیے)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یعنی بے باپ کے محتاج بچوں کے لیے (اور مسکینوں کے لیے اور مسافر کے لیے) جو مال نہ رکھتے ہوں۔

علماء اِس بات پر ہیں کہ 'فئے' خاص رسولِ مقبول کے واسطے تھا اور اُس کی تقسیم آپ سے متعلق تھی۔ اپنی زندگی میں اہل وعیال کے واسطے سال بھر کا خرچ آپ اُس سے کرتے تھے، اور باقی میں جس طرح حق تھا آپ تقسیم فرماتے تھے۔ اور آپ کی وفات کے بعد بعض علماء ظاہر آیت پر حمل کر کے چھ ۶ حصوں پر تقسیم کرتے ہیں۔

جو حصہ خدا کے نامزد ہے اُسے کعبہ شریف اور سب مسجدوں کی تعمیر میں صَرف کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا نام فقط تعظیم کے واسطے ہے اور پانچ ۵ ہی حصوں میں تقسیم کرتے ہیں، اور رسولِ مقبول کے حصے میں اختلاف کیا ہے۔ بعضے کہتے ہیں امام اُس کا 'مصرف' ہے۔ بعضوں کے نزدیک مسلمانوں کے مصالح میں صَرف کرنا چاہیے اور بعضوں کے نزدیک مجاہدوں کے ہتھیاروں وغیرہ میں صَرف کرنا چاہیے۔

اور معالم میں ہے کہ زمانہء جاہلیت کے لوگ جب غنیمت لیتے تو اس کا سردار اس میں سے چوتھائی لیتا، اور باقی میں سے اپنے واسطے تحفہ اختیار کرتا اور اُسے 'صفی' کہتے اور باقی قوم پر چھوڑتا، اور قوم کے تونگر لوگ اُسے فقیروں میں تقسیم کرنے میں حیف کرتے اور انہیں افسوس ہوتا۔

رؤساءِ اہلِ ایمان کے ایک گروہ نے یہی خیال کر کے بنی النضیر کی غنیمتوں کے باب میں رسولِ مقبول ﷺ سے عرض کی کہ یا رسول اللہ! ﷺ آپ اِس مالِ غنیمت میں سے ایک چوتھائی اور 'صفی' لے لیجیے اور باقی چھوڑ دیجیے کہ ہم تقسیم کرلیں۔ حق تعالیٰ نے اُس کو رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کا خاص حصہ کر کے اُس کی تقسیم اِس طور پر فرمادی جو مذکور ہوئی۔ اور فرمایا۔۔۔

**ہم نے فئے کا حکم ظاہر کردیا (تاکہ نہ رہ جائے وہ ہاتھوں ہاتھ تمہارے دولت مندوں ہی کے درمیان)** کہ اپنے حق سے زیادہ لے لیں اور فقیروں کو کم دیں۔۔۔یا۔ محروم رکھیں جیسے زمانہء جاہلیت میں تھا۔ **(اور جو کچھ دے دیا تم کو رسول نے)** مالِ غنیمت میں سے **(تو لے لو اُسے)** کیونکہ وہ تمہارا حق ہے، **(اور جس سے روک دیا تمہیں تو رک جاؤ)**۔ یعنی غنیمت میں خیانت کرنے سے روک دیا ہے تو اُس میں خیانت کرنے سے باز رہو۔

محقق لوگ اِس بات پر ہیں کہ اِن کلمات کا حکم عام ہے اور اِس کے معنی یہ ہیں۔۔۔

**کہ رسول کریم ﷺ جس بات کا حکم کریں اُسے قبول کرلو اور حکم مانو اور جس بات سے منع**

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کریں اُس سے باز رہو کہ اُن کا امر و نہی برحق ہے۔ جو کوئی اُن کے حکم کی تعمیل کرے گا نجات پائے گا اور جو اُن کی نہی سے پرہیز نہ کرے گا وہ ہلاکت میں پڑے گا۔

(اور ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی ڈرتے رہو عذابِ الٰہی سے رسول کی مخالفت کرنے میں۔ (بے شک اللہ) تعالیٰ (سخت عذاب فرمانے والا ہے) اُن لوگوں کو جو رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کرتے ہیں۔ 'فیٔ' کی تقسیم یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے۔۔اور۔۔

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا

اُن فقیر ہجرت کرنے والوں کے لیے، جو بے دخل کیے گئے اپنے گھروں اور مالوں سے، چاہتے رہتے ہیں اللہ کے فضل

مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾

کو اور خوشنودی کو، اور مدد میں رہتے ہیں اللہ اور رسول کی، وہی سچے لوگ ہیں●

(ان فقیر ہجرت کرنے والوں کے لیے جو بے دخل کیے گئے اپنے گھروں اور مالوں سے، چاہتے رہتے ہیں اللہ) تعالیٰ (کے فضل کو اور خوشنودی کو)۔ یعنی اُن کی ہجرت تجارت اور دنیوی غرضوں کے واسطے نہ تھی، بلکہ ہجرت سے حق تعالیٰ کی رحمت اور خوشنودی کے وہ طالب تھے اور خدا اور رسول کی محبت میں انہوں نے اپنے گھر اور مال چھوڑے۔ (اور) وہ (مدد میں رہتے ہیں) اپنے جان و مال سے (اللہ) تعالیٰ کے دین کی (اور رسول کی۔ وہی) ہجرت کرنے والے (سچے لوگ ہیں) دینِ اسلام میں قول کے رُو سے بھی اور فعل کی راہ سے بھی۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ

اور جنہوں نے اپنا ٹھکانہ رکھا اُس دار الاسلام اور ایمان میں اُن سے پہلے، دوست رکھتے ہیں اُسے جس نے ہجرت کی اُن کی طرف،

وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

اور نہیں پاتے اپنے سینوں میں کوئی حاجت اُس کی جو مہاجرین دیے گئے، اور ترجیح دیتے ہیں اُنہیں اپنے اوپر

وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۹﴾

گو ہو اُنہیں سخت حاجت۔۔اور جو بچا لیا جائے اپنے نفس کی لالچ سے، تو وہی کامیاب ہیں●

(اور جنہوں نے اپنا ٹھکانہ رکھا اس دار الاسلام اور ایمان میں ان سے پہلے) یعنی مہاجرین سے پہلے مدینہ منورہ میں رہنے والے۔۔۔ اِس سے مراد حضرات انصار ہیں۔۔۔ یہ (دوست رکھتے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہیں اُسے جس نے ہجرت کی اُن کی طرف اور نہیں پاتے اپنے سینوں میں) حسد، کپٹ، دغدغہ اور (کوئی حاجت اُس کی جو مہاجرین دیئے گئے)۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے انصار کو طلب فرمایا اور انہوں نے مہاجروں کے ساتھ جو اعانت کی اور امداد و احسان کیا تھا وہ بیان فرمایا۔ پھر فرمایا اَے گروہِ انصار! اگر تم چاہو تو بنی نضیر کے مال تم سب کو مَیں تقسیم کر دوں اور مہاجر لوگ بدستورِ سابق تمہارے گروہ میں رہیں، اور اگر چاہو تو یہ مال خاص مہاجروں کو میں دیدوں اور وہ تمہارے گھروں سے نکل کر اپنے امورِ معیشت کے بندوبست میں مشغول ہوں۔

پس حضرت سعد بن ابی وقاص اور سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہم کہ اہلِ مدینہ کے پیشوا تھے بولے، کہ یارسول اللہ! ﷺ کہ ہمارا جی یہ چاہتا ہے کہ یہ مال بھی آپ مہاجرین کو تقسیم فرمادیں اور جس طرح وہ ہمارے گھروں میں رہتے ہیں اُسی طرح ہمارے گھروں میں رہیں۔ اس واسطے کہ ہمارے گھروں میں انہی کے سبب سے نور و برکت ہے۔ پس رسولِ مقبول ﷺ نے انصار کے حق میں دُعا فرمائی اور حق تعالیٰ نے اُن کی شان میں یہ ارشاد فرمایا۔۔۔

کہ یہ گروہِ انصار ایثار کرتے ہیں (اور ترجیح دیتے ہیں اُنہیں) یعنی مہاجرین کو (اپنے اوپر، گو ہوانہیں سخت حاجت) اُس چیز کی جو ایثار کرتے ہیں۔

جن صفتوں کو 'جود' شامل ہے، اُس میں 'صفتِ ایثار' بہت کامل اور فاضل صفت ہے۔ اور ایثار یہ ہے کہ کوئی شخص کسی چیز کا محتاج ہو اور دوسرے کو اُس کا مستحق دیکھے، تو اپنے صَرف میں نہ لائے اور اُسے دے دے۔

(اور جو بچالیا جائے اپنے نفس کی لالچ سے) یعنی اپنے نفس کو مال کی محبت اور خرچ کرنے کی عداوت سے باز رکھے، (تو وہی کامیاب ہیں) اور دُنیا میں نقد نیک نامی کا حصہ پانے والے ہیں اور آخرت میں وعدہ کیے ہوئے ثواب حاصل کرنے والے ہیں۔

---

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا

اور جو آئے اُن کے بعد، دُعا کرتے ہیں کہ "پروردگارا! بخش دے ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو جو پہلے لائے ہم سے

بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع

ایمان، اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کچھ بھی کینہ اُن کے لیے جو ایمان لاچکے، پروردگارا! بلاشبہ تو مہربان رحم والا ہے"۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور جو آئے اُن) مہاجرین وانصار (کے بعد) اُن کے تابعین قیامت تک، (دُعا کرتے ہیں کہ پروردگارا! بخش دے ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو جو پہلے لائے ہم سے ایمان، اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں کچھ بھی کینہ اُن کے لیے جو ایمان لاچکے)۔

اور یہ رسولِ کریم کے صحابہ ہیں جو پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ علماء فرماتے ہیں کہ جس کسی کو اصحاب میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی دِل میں کینہ ہو وہ اِس آیت والوں میں سے نہیں ہے اور اس وعدہ سے محروم ہے۔ صاحبِ انوار نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مسلمانوں کے تین[3] مرتبے کیے ہیں: مہاجر، انصار اور تابعین کہ یہ حضرات دِل کی سادگی اور طینت کی پاکی سے موصوف ہیں، تو جو شخص اِس صفت پر نہ ہو، تو وہ مؤمنوں کی قسموں سے باہر ہو جائے گا۔

تو اُن نفوسِ قدسیہ والوں کی دُعا یہی ہے کہ ہمارے سینوں کو مؤمنین کے کینوں سے پاک رکھ۔ (پروردگارا! بلاشبہ تُو مہربان) ہے ہماری دُعا کو قبول فرما اور (رحم والا ہے)، اپنی رحمت سے ہم کو سابقین کے گروہ میں داخل کر۔

---

اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ نَافَقُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ لِاِخۡوَانِهِمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ

کیا تم نے نہیں دیکھا منافقوں کو کہ کہتے ہیں اپنے بھائی اہلِ

الۡكِتٰبِ لَئِنۡ اُخۡرِجۡتُمۡ لَنَخۡرُجَنَّ مَعَكُمۡ وَلَا نُطِيۡعُ فِيۡكُمۡ اَحَدًا اَبَدًا ۙ

کتاب کافروں کو، "اگر تم نکالے گئے، تو ہم بھی نکل جائیں گے ضرور تمہارے ساتھ، اور نہ کہا مانیں گے تمہارے بارے میں کسی کا بھی،

وَّاِنۡ قُوۡتِلۡتُمۡ لَنَـنۡصُرَنَّكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّهُمۡ لَـكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۱﴾

اور اگر تم سے لڑائی کی گئی، تو ہم ضرور مدد کریں گے تمہاری۔" اور اللہ گواہ ہے کہ بلاشبہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں●

(کیا تم نے نہیں دیکھا منافقوں کو) یعنی اُن لوگوں کو جو نفاق کرتے ہیں اور جو کچھ اُن کے دِل میں ہے اُس کے خلاف ظاہر کرتے ہیں۔

۔۔چنانچہ۔۔ابن ابی، ابن نجتل اور رفاعہ اور ان کے لشکر نے بنی نضیر کے پاس پیغام بھیجا تھا کہ تم جو محمد ﷺ کے ساتھ لڑائی کیا چاہتے ہو اس میں ہم تمہارے شریک ہیں اور تمہاری پوری اعانت ہم کریں گے، اور ہم تمہارے ساتھ ایسے متحد ہیں کہ اگر وہ تم کو اِس شہر و دیار سے نکال دیں گے اور تم پر غالب آجائیں گے تو بھی ہم تمہاری رفاقت کریں گے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کہ اَے محبوب! ﷺ 'کیا تم نے نہیں دیکھا منافقوں کو(کہ کہتے ہیں اپنے بھائی) جو کفر میں اُن کے مثل ہیں(اہلِ کتاب کافروں کو) کہ غم نہ کرو، (اگر تم نکالے گئے) اپنے شہر و دیار سے (تو ہم بھی نکل جائیں گے ضرور تمہارے ساتھ)، تمہارے ساتھ حمیت اور محبت کی وجہ سے، (اور نہ کہا مانیں گے تمہارے بارے میں کسی کا کبھی)، گو وہ پیغمبر ہی کیوں نہ ہوں، اُن کے کہنے سے بھی ہم تمہیں رنج اور ایذاء نہ پہنچائیں گے۔۔یا۔تمہارے برخلاف کسی مسلمان کی ہم اطاعت نہ کریں گے۔(اور اگر تم سے لڑائی کی گئی) یعنی اگر مسلمان تمہارے ساتھ قتال کریں گے، (تو ہم ضرور مدد کریں گے تمہاری۔ اور اللہ) تعالیٰ (گواہ ہے کہ بلاشبہ وہ) منافق (یقیناً جھوٹے ہیں)۔۔تو۔۔

لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ ۚ

یقیناً اگر وہ نکالے گئے، تو یہ نہ نکلیں گے اُن کے ساتھ۔اور یقیناً اگر اُن سے لڑائی کی گئی، تو نہ مدد دیں گے اُنہیں۔

وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿۱۲﴾

اور اگر مدد بھی کی اُن کی، تو ضرور بھاگیں گے پیٹھ دکھا کر۔۔پھر نہ مدد کیے جائیں گے●

(یقیناً اگر وہ) یہود (نکالے گئے) مدینہ سے (تو یہ نہ نکلیں گے اُن کے ساتھ) اور ان کی موافقت اور مصاحبت نہ کریں گے۔(اور یقیناً اگر اُن سے لڑائی کی گئی، تو نہ مدد دیں گے اُنہیں) اور اگر بالفرض مدد دیں منافق یہود کو اور لڑائی میں اُن کے ساتھ موجود بھی ہوں (تو ضرور بھاگیں گے پیٹھ دکھا کر)، یعنی شکست پا کر بھاگ جائیں گے۔(پھر) اُن کے پسپا ہو جانے کے بعد بنی نضیر (نہ مدد کیے جائیں گے)۔یعنی جب اُن کے مددگار ہی پسپا ہو جائیں گے تو پھر وہ کیونکر مدد پائیں گے۔اَے مؤمنو!۔۔۔

لَأَنْتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِمْ مِنَ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَا يَفْقَهُونَ ﴿۱۳﴾

بے شک تم زیادہ خوفناک ہو اُن کے سینوں میں اللہ سے۔یہ اس لیے کہ وہ لوگ کچھ سمجھ ہی نہیں رکھتے●

(بے شک تم زیادہ خوفناک ہو اُن کے سینوں میں اللہ) تعالیٰ (سے)، یعنی منافق لوگ تم سے بہت ڈرتے ہیں کہ اس قدر خدا سے نہیں ڈرتے۔(یہ) یعنی خدا سے زیادہ تم سے ڈرنا (اس لیے) ہے (کہ وہ لوگ کچھ سمجھ ہی نہیں رکھتے) یعنی خدا کی عظمت نہیں جانتے، ورنہ چاہیے تھا کہ اُس سے ڈرتے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاءِ جُدُرٍ ۚ بَأْسُهُم بَيْنَهُمْ

نہ جنگ کرسکیں گے تم سے سب مل کر بھی، مگر قلعہ بند آبادیوں میں یا شہر پناہ کے پیچھے سے۔ اُن کی جنگ آپس ہی میں

شَدِيدٌ ۚ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ﴿١٤﴾

سخت ہے۔ تم خیال کرو گے اُنہیں ایک جتھا، اور اُن کے دِل جدا جدا ہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ لوگ عقل ہی نہیں رکھتے●

(نہ جنگ کرسکیں گے تم سے سب مل کر بھی، مگر قلعہ بند آبادیوں میں۔۔یا۔۔شہر پناہ کے پیچھے سے)۔ یعنی اُن کی یہ قوت نہیں ہے کہ میدان میں روبرو ہو کر تم سے مقابلہ کرسکیں، تو چھپ چھپ کر آڑ کے پیچھے سے پتھر پھینکنے اور نیزہ چلانے کے سوا اُن کے لیے کوئی چارہ کار نہیں۔ تم سے یہ اتنا خوفزدہ ہیں کہ سامنے کھل کر آنے کی ہمت نہیں۔

اُس کا راز یہ ہے کہ (اُن کی جنگ آپس ہی میں سخت ہے) یعنی جب آپس میں وہ ایک دوسرے سے لڑائی کرتے ہیں تو بڑی شدت اور سختی کا مظاہرہ کرتے ہیں، مگر وہی شجاعت والے جب خدا اور رسول سے لڑتے ہیں تو ڈرپوک اور بزدل ہو جاتے ہیں اُس خوف کے سبب سے جو خدا نے اُن کے دلوں میں ڈال دیا ہے۔۔چنانچہ۔۔روبرو ہو کر مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتے۔

(تم خیال کرو گے اُنہیں ایک جتھا) یعنی یہود و منافقین کے تعلق سے تمہیں یہ خیال آسکتا ہے کہ یہ اپنی رائے اور تدبیر میں متفق و مجتمع ہیں، (اور) حقیقت یہ ہے کہ (اُن کے دِل جدا جدا ہیں)۔ یعنی اُن کا دِل پراگندہ اور پریشان ہے اس لیے کہ اُن کے عقائد اور مقاصد مختلف ہیں۔ (یہ اس لیے) ہے یعنی یہ بُرے اوصاف جو اُن میں ہیں بسبب اِس کے ہیں (کہ وہ لوگ عقل ہی نہیں رکھتے)، اِسی لیے دریافت نہیں کر پاتے اُس چیز کو جس میں اُن کی صلاح و فلاح ہو۔ پس یہود کی مثال۔۔۔

كَمَثَلِ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيبًا ۖ ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٥﴾

جیسے اُن کی مثال جو ان سے پہلے تھے قریب زمانہ میں، اُنہوں نے چکھا اپنے کرتوت کا وبال۔ اور اُنہیں کے لیے دکھ والا عذاب ہے●

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ

جیسے شیطان کی مثال، جب کہ بولا انسان کو کہ "کفر کر" پھر جب کفر کرلیا، تو بولا کہ "میں الگ ہوں تم سے، بے شک میں

إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿١٦﴾

ڈر رہا ہوں اللہ رب العٰلمین کو"●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(جیسے اُن کی مثال جو اِن سے پہلے تھے قریب زمانہ میں، اُنہوں نے چکھا اپنے کرتوت کا وبال) یعنی ضَرر اپنے گناہ کا۔ (اور انہیں کے لیے) دُنیا کی ذلت ورسوائی اور آخرت میں (دکھ) دینے (والا عذاب ہے) اور یہود کو فریب دینے اور اُن سے مدد کا وعدہ کرنے میں منافقوں کی (جیسے شیطان کی مثال، جبکہ بولا) کافر (انسان کو کہ کفر کر)، یعنی کفر پر ثابت اور قائم رہ کہ میں تیرا یار و مددگار رہوں۔ (پھر جب) اُس نے (کفر کرلیا) اور اپنے کفر پر ثابت قدم ہوگیا اور شرک کے درخت کی جڑ اُس کے دِل کی زمین میں خوب جم گئی، (تو بولا کہ میں الگ ہوں تم سے) اور تم سے بیزار ہوں، اور (بے شک میں ڈر رہا ہوں اللہ) تعالیٰ (رب العالمین کو) جو رب ہے سارے اہلِ عالم کا۔

یہاں شیطان سے ابلیس مراد ہے اور انسان سے ابوجہل۔ اور یہ گفتگو اس وقت تھی جب ابوجہل جنگِ بدر کی طرف متوجہ ہوا اور وہ قبیلہ کنانہ سے اچھا گمان رکھتا تھا۔ اُن سے اُس کا یارانہ تھا اور سراقہ جو بنی کنانہ کا رئیس تھا اس کی صورت میں ابلیس ظاہر ہوکر ابوجہل سے بولا، کہ اَے ابوالحکم! تُو نہ ڈر کیونکہ میں تیرا یار و مددگار ہوں۔ اور جب مقام بدر پر پہنچے اور ابلیس نے دیکھا کہ مسلمانوں کی مدد کو آسمان سے فرشتے اترتے ہیں، تو بھاگا اور کافروں سے بولا کہ میں تم سے بیزار ہوں۔

بعضے اِس بات پر ہیں کہ شیطان سے 'ابیض'، ابلیس کا بیٹا مراد ہے اور 'انسان' سے برصیصا راہب مقصود ہے۔ ابیض نے اُس راہب کو کفر پر رکھا اور آخر میں اپنی بیزاری ظاہر کی۔ اور یہ حکایت مجملاً اِس طور پر ہے، کہ برصیصا نے ستّر برس خدا کی عبادت کی اور شیطان اُس کے امر میں عاجز آئے، تو ابیض اُسے اغوا اور گمراہ کرنے کا ذمہ دار ہوکر آیا اور آدمی کی شکل میں اُس کے صومعہ میں ریاضت کرنے لگا۔ راہب اُس کی شدتِ مجاہدہ سے متعجب ہوکر اُس کا مرید ہوگیا۔ اور ابیض نے وہاں سے جانے کا ارادہ کیا تو بیماروں کی صحت اور جو لوگ مبتلائے بلاء ہوں اُن کی عافیت کے واسطے چند کلمہ راہب کو تعلیم کیے۔

پھر شہر میں آکر ایک شخص کا گلا دبایا اور اُس پر سوار ہوگیا، اور ایک طبیب کی صورت میں ظاہر ہوکر اُس شخص کے عزیزوں سے کہا کہ جب تک برصیصا اس کے حق میں دُعا نہ کریں گے یہ اچھا نہ ہوگا۔ لوگ اُسے برصیصا کے صومعہ کے دروازے پر لے گئے۔ برصیصا نے اُس پر دم کیا، شیطان نے اُس سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور اُس کے سر سے اُتر گیا اور اُسے صحت ہوگئی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

غرض کہ ابیض اسی طرح لوگوں کو بلاء میں مبتلا کر کے برصیصا کے پاس لے جانے کی راہ بتایا کرتا۔ جب وہ وہی کلمات پڑھ کر دم کرتا، تو یہ اُس مبتلا کو چھوڑ دیتا یہاں تک کہ اسی طرح بادشاہ کی بیٹی بیمار ہوئی، اُسے برصیصا کے صومعہ پر لائے، برصیصا نے دُعا کی ابیض نے اُسے چھوڑ دیا اور وہ اچھی ہوگئی۔ پس اُس لڑکی کو برصیصا کے سپرد کیا۔ ابیض نے برصیصا کو وسوسہ دیا یہاں تک کہ اُس نے اُس شہزادی سے زنا کی اور رسوائی کے خوف سے اُسے قتل کر ڈالا۔

ابیض نے شہزادی کے بھائیوں کو اِس بات سے مطلع کر دیا۔ انہوں نے برصیصا کو پکڑ کر سولی پر چڑھا دیا۔ اُس وقت ابیض اس پہلی صورت پر ظاہر ہوا اور برصیصا سے کہا کہ مجھے سجدہ کر کہ میں تجھے چھڑاؤں۔ برصیصا نے سجدہ کیا، تو ابیض نے اُس سے بیزاری ظاہر کی اور وہ بے سعادت اُس عبادت کے بعد شقاوتِ ابدی میں گرفتار ہوا۔

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِى النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع ۵

تو ہوا انجام اُن دونوں کا کہ دونوں آگ میں ہیں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔ اور یہ سزا ہے اندھیر والوں کی●

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ

اَے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ کو، اور دیکھا کرے ہر ایک کہ کیا آگے بھیجا کل کے لیے۔ اور ڈرا کرو اللہ کو۔

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾

بے شک اللہ باخبر ہے جو عمل کرتے ہو●

(تو ہوا انجام اُن دونوں کا کہ دونوں آگ میں ہیں) اور (ہمیشہ رہنے والے) ہیں (اس میں۔ اور یہ) آگ اور ہمیشہ اُس میں رہنا (سزا ہے اندھیر والوں کی) یعنی کافروں کی۔ تو (اَے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی اُس کے عذاب کو، (اور) چاہیے کہ (دیکھا کرے ہر ایک کہ کیا آگے بھیجا کل کے لیے)، یعنی کل قیامت کے واسطے، تا کہ اگر نیکیاں اور طاعتیں کی ہیں تو شکر کرے اور اُس کی زیادتی میں کوشش کرے اور اگر بُرائیاں اور گناہ آگے بھیجے ہیں، تو توبہ کرے اور پشیمان ہو۔ تو اَے ایمان والو! آگے کے لیے کیا بھیجا اُس پر بھی دھیان رکھو (اور ڈرا کرو اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی قہرِ خداوندی کو۔

اِس حکم کا مکرر لانا تاکید کے واسطے ہے۔۔ یا۔۔ پہلا حکم ادائے واجبات میں ہے اِس قرینہ سے کہ عملاً اس کے ساتھ ملا ہوا ہے، اور دوسرا حکم حرام چیزیں چھوڑ دینے میں اس

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

دلیل ہے کہ فرماتا ہے کہ۔۔۔

(بے شک اللّٰہ) تعالیٰ (باخبر ہے جو عمل کرتے ہو)۔

کشف الاسرار میں ہے کہ اوّل اشارہ ہے اصل تقوی کی طرف اور دوسرا کمالِ تقویٰ کی جانب۔۔یا۔۔ پہلا تقویٰ عوام کا ہے اور وہ چیزوں سے پرہیز کرنا ہے، اور دوسرا خواص کا تقویٰ ہے اور وہ بچنا ہے ماسوی اللّٰہ سے۔

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿١٩﴾

اور مت ہو جاؤ اُن کی طرح جو بھول گئے اللّٰہ کو، تو اُن کی بھول میں ڈال دیا اللّٰہ نے خود انہیں کو۔ وہی ہیں نافرمان●

(اور) اَے ایمان والو! (مت ہو جاؤ اُن کی طرح جو بھول گئے اللّٰہ) تعالیٰ (کو، تو اُن کی بھول میں ڈال دیا اللّٰہ) تعالیٰ (نے خود انہیں کو) تو وہ اپنی بھول ہی میں پڑے رہے، اور انہیں خدا یاد نہ آیا۔۔یا۔۔خدا نے بھلا دیں اُن پر اُن کی جانیں کہ اپنے واسطے انہوں نے کچھ نیکی پہلے سے نہ بھیجی۔

یہ بھلانے والے یہود و منافقین و مشرکین ہیں جنہوں نے اپنی عاقبت کی بھلائی کا کچھ خیال نہیں کیا۔ حضرت سہل ابن عبداللّٰہ تستری نے یہ تفسیر کی ہے کہ گناہ کے وقت وہ خدا کا حکم بھول گئے تو حق تعالیٰ نے توبہ بھی انہیں بھلا دی۔

اور (وہی ہیں نافرمان) یعنی فرمانبرداری سے باہر ہونے والے۔ اور خدا کے نزدیک۔۔۔

لَا يَسْتَوِي أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۚ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٢٠﴾

نہیں برابر ہیں جہنم والے اور جنت والے۔ کہ جنت والے ہی بامراد ہیں●

(نہیں برابر ہیں جہنم والے) جو اپنے نفس کو ذلیل و خوار کر کے آتشِ دوزخ کے مستحق ہو گئے (اور جنت والے) یعنی جنت میں رہنے والے، کیوں (کہ جنت والے ہی بامراد ہیں) جو عذابِ دوزخ سے چھٹکارا پانے والے ہیں اور قائم رہنے والی نعمتوں سے ملے ہوئے ہیں۔

لَوْ أَنزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ

اگر اُتارتے ہم اِس قرآن کو کسی پہاڑ پر، یقیناً دیکھتے تم کہ جھکا ہوا ریزہ ریزہ اللّٰہ کے خوف سے۔

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١﴾ هُوَ اللَّهُ الَّذِي

اور یہ مثالیں بتاتے ہیں ہم لوگوں کے لیے کہ وہ سوچیں● وہی اللّٰہ ہے جس کے سوا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ۚ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾

کوئی معبود نہیں۔ جاننے والا غیب وشہادت کا۔ وہی مہربان بخشنے والا ہے●

(اگر اُتارتے ہم اِس قرآن کو کسی پہاڑ پر) اور اُس پہاڑ کو ہم فہم اور اِدارک دیتے، تو (یقیناً دیکھتے تم، کہ جھکا ہوا) ہے اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں، اور ہے (ریزہ ریزہ اللہ) تعالیٰ (کے خوف سے)، اور اس وعید کے سبب سے کہ جو اُس میں ہے۔ یعنی پہاڑ باوصف اس بڑائی اور سختی کے، اگر قرآن سمجھتا تو ڈرتا اور حکم مانتا اور آنکھوں سے چشمے بہاتا اور کافروں کے سخت دِل اس سے اثر قبول نہیں کرتے۔

(اور یہ مثالیں بناتے ہیں ہم لوگوں کے لیے) اُن کی تنبیہ کے لیے، تا (کہ وہ سوچیں) اور اس سے حصہ لیں۔ وہ خدا جس نے قرآن بھیجا (وہی اللہ) تعالیٰ (ہے جس کے سوا کوئی معبود) برحق (نہیں)۔ جو (جاننے والا) ہے (غیب وشہادت کا) یعنی پوشیدہ اور آشکارا کا۔

اور بعضوں نے کہا کہ جاننے والا ہے معدوم وموجود کا۔۔یا۔۔زندگی اور موت۔۔یا۔۔
رزق اور اجل کا۔۔یا۔۔دُنیا اور آخرت کا۔۔یا۔۔اُس چیز کا جو ہے اور اُس چیز کا جو ہوگی۔

(وہی مہربان بخشنے والا ہے) کہ اُس کی رحمتِ عام سبقت لے جانے والی ہے دُنیا میں سب خلق کو گھیر لیا ہے، اور اُس کی خاص رحمت مؤمنوں کو پہنچے گی آخرت میں عفوو مغفرت، رضامندی اور رویت کے ساتھ۔

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی پوجنے کے قابل نہیں۔ بادشاہ نہایت پاک، سلامتی والا، امان والا، نگہبان

الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۲۳﴾

عزت والا، زبردست تکبر والا، پاکی ہے اللہ کی اُس سے جو شریک بناتے ہیں●

(وہی اللہ) تعالیٰ (ہے جس کے سوا کوئی پوجنے کے قابل نہیں، بادشاہ)، کہ اُس کی ذات کا جلال احتیاج سے محفوظ ہے اور اُس کی صفات کا کمال استغنائے مطلق سے ملا ہوا ہے۔ (نہایت پاک)، نقصان اور عیبوں کے شائبوں سے اور منزہ آفتوں کے راہ پانے سے۔ (سلامتی والا)، یعنی سالم عیبوں اور علتوں سے اور مبرا ضعف اور عجز اور خلل سے۔ (امان والا)، یعنی مؤمنوں کو امن دینے والا عقوبتِ نیران سے۔۔یا۔۔پکارنے والا خلق کو ایمان اور امان کی طرف۔۔یا۔۔رسولوں کی تصدیق کرنے والا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

معجزے اور دلیلیں ظاہر فرما کے۔ (نگہبان)، یعنی سچا گواہ اُس پر جو کچھ خلق کرتی ہے۔۔یا۔۔عدل کے ساتھ قائم۔۔یا۔۔پوشیدہ باتوں پر مطلع۔۔یا۔۔حق حق حکم کرنے والا۔

اور بعضوں نے کہا کہ **مھیمن** اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے کہ اس کے معنی خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

**(عزت والا)**، غالب حکم میں۔۔یا۔۔عزت دینے والا۔ **(زبردست)**، بزرگوار، بگڑے کام بنانے والا۔۔یا۔۔سر توڑنے والا۔ **(تکبر والا)**، یعنی عظمت و کبریائی کا مستحق۔ **(پاکی ہے اللہ)** تعالیٰ **(کی اُس سے جو شریک بناتے ہیں)** اس واسطے کہ واجب الوجود شرکت نہیں قبول کرتا۔

---

**هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ**

وہی اللہ ہے بنانے والا، پیدا کرنے والا، صورت دینے والا ہے، اُسی کے سب اچھے نام ہیں۔ پاکی بولتے ہیں اُس کی

ع ۳ **مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾**

آسمانوں اور زمین والے۔ اور وہی عزت والا حکمت والا ہے●

**(وہی اللہ)** تعالیٰ **(ہے بنانے والا)**، یعنی خلق کی تقدیر اور اندازہ کرنے والا مشیت اور حکمت کے موافق۔ **(پیدا کرنے والا)**، یعنی ظاہر کرنے والا اور نیست سے ہست کرنے والا۔ **(صورت دینے والا ہے)** مخلوقات کو۔ **(اُسی کے سب اچھے نام ہیں)** جو شرع و عقل کے نزدیک پسندیدہ ہیں اور مستحسن ہیں۔

**(پاکی بولتے ہیں اُس کی)** یعنی پاکی کے ساتھ اُسے یاد کرتے ہیں **(آسمانوں اور زمین والے)**، اور اسے منزہ اور مقدس جانتے ہیں۔ **(اور وہی عزت والا)** ہے، یعنی غالب ہے اپنی بادشاہی میں کہ مقہور اور مغلوب نہیں ہوتا۔ اور **(حکمت والا ہے)**، پکا کام کرنے والا اپنے قول اور فعل میں کہ جو کچھ کہتا ہے۔۔یا۔۔کرتا ہے، وہ حکمت کے موافق ہوتا ہے۔

عین المعانی میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت جبرائیل سے اسم اعظم پوچھا، حضرت جبرائیل نے کہا عَلَيْكَ بِآخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ۔ دوبارہ پوچھا یہی جواب پایا۔ الختصر۔۔سورہ حشر کی آخری آیت میں اسم اعظم مستور و پوشیدہ ہے۔

اختتام سورہ الحشر ۔۔ ۱۴؍رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۴؍اگست ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ۱۵؍رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ -- مطابق -- ۵؍اگست ۲۰۱۲ء، بروز یکشنبہ ﴾ --

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَة ۶۰ مَدَنِيَّة ۹۱ | آیاتها ۱۳ رکوعاتها ۲

# سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَة

سورۃ الممتحنہ -- ۶۰ مدنیہ ۹۱ | آیاتہا ۱۳ -- رکوعاتہا ۲

اِس سورت کے نام کے تعلق سے دُو قول ہیں۔ زیادہ مشہور قول یہ ہے کہ اِس سورہ کا نام 'مُمْتَحِنَہ'، یعنی 'ح' کے زیر کے ساتھ ہے، اِس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اِس سورہ کی آیت ۱۰ میں اُن مؤمن خواتین کا امتحان لینے کا ذکر ہے جو مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئی تھیں۔ اگرچہ اُن عورتوں کا امتحان رسولِ کریم ﷺ اور مؤمنین نے لیا، لیکن بطورِ اسناد مجازِ عقلی اس سورہ کو ہی امتحان لینے والی کہہ دیا گیا۔ اِس کا یہ نام کتب تفسیر اور کتب سنتہ میں زیادہ مشہور ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اِس کا نام 'مُمْتَحَنَہ'، 'ح' کے زبر کے ساتھ ہے، کیونکہ یہ سورت ام کلثوم بنت عقبہ بن معیط کے سبب سے نازل ہوئی کیونکہ اس کا امتحان لیا گیا تھا۔ اِس تقدیر پر یہ سورت کی صفت ہے۔ یہ سورت بالاتفاق مدنی ہے اور اِس کی بالاتفاق ۱۳ آیتیں ہیں۔

۸ھ میں رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے پوشیدہ طور پر مکہ معظمہ کا قصد کیا، حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ جو مہاجروں میں سے تھے انہوں نے ایک خط قریش کے نام لکھ کر آنحضرت ﷺ کے اس قصد سے آگاہ کر دیا۔ حضرت جبرائیل نے آنحضرت ﷺ کو اِس حال سے مطلع کیا۔

حضرت علی، حضرت مقداد، اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو حکم ہوا اور وہ روضہ خاخ میں گئے اور وہ خط بنی ہاشم کے خاندان کی ایک مغنیہ، آزاد کردہ لونڈی، مسماۃ سارہ سے لے لیا اور حضرت علیہ السلام کی خدمت میں لائے۔

آنحضرت ﷺ نے حاطب کو طلب کیا اور پوچھا کہ تم سے کس چیز نے یہ کام کروایا۔ عرض کی یارسول اللہ! خدا کی قسم میں مؤمن ہوں، خدا اور اُس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں اور دینِ اسلام سے پھرا نہیں ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ میں قریش کا حلیف ہوں مگر اُن کی قوم کا نہیں، اور مکہ میں کوئی شخص ایسا میں نہیں رکھتا ہوں کہ میرے لوگوں اور اولاد اور مال کی حفاظت کرے بخلاف اور مہاجروں کے، کہ مکہ میں اُن کے قرابت دار ہیں۔ میں نے یہ خط لکھ کر چاہا کہ قریش پر اپنا حق ثابت کرلوں تاکہ اُس کے ملاحظہ سے میرے لوگوں کی حفاظت کریں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ یارو! حاطب نے تم سے سچ کہہ دیا، اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہ غصے میں آئے اور عرض کی یارسول اللہ! مجھے حکم دیجیے کہ میں اِس منافق کی گردن ماروں۔ حضرت نے فرمایا اَے عمر! اُس کو رنج نہ دو کہ وہ اہلِ بدر میں سے ہے، اور حق تعالیٰ نے بدریوں کو خوش خبری دی ہے کہ جو چاہو کرو بے شک میں نے تم کو بخش دیا، اُس وقت یہ آیت نازل ہوئی جس کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کو (بخشنے والا) ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّخِذُوۡا عَدُوِّیۡ وَ عَدُوَّكُمۡ اَوۡلِیَآءَ تُلۡقُوۡنَ اِلَیۡهِمۡ

اَے ایمان والو! نہ بناؤ میرے دشمن اور اپنے دشمن کو اپنا دوست، کہ پیغام رسانی کرو اُن کی

بِالۡمَوَدَّةِ وَ قَدۡ كَفَرُوۡا بِمَا جَآءَكُمۡ مِّنَ الۡحَقِّ ۚ یُخۡرِجُوۡنَ الرَّسُوۡلَ وَ اِیَّاكُمۡ اَنۡ تُؤۡمِنُوۡا

طرف دوستی سے، حالانکہ وہ انکار کر چکے جو آیا ہے تمہارے پاس حق۔ گھر سے الگ کرتے ہیں رسول کو اور تم لوگوں کو، کہ تم مان چکے ہو

بِاللّٰهِ رَبِّكُمۡ ؕ اِنۡ كُنۡتُمۡ خَرَجۡتُمۡ جِهَادًا فِیۡ سَبِیۡلِیۡ وَ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِیۡ ٭ۖ تُسِرُّوۡنَ

اللہ اپنے رب کو۔ اگر تم نکلے تھے جہاد کے لیے میری راہ میں اور میری خوشنودیوں کو چاہنے کے لیے، تو خفیہ پیغام رسانی بھی

اِلَیۡهِمۡ بِالۡمَوَدَّةِ ٭ۖ وَ اَنَا اَعۡلَمُ بِمَاۤ اَخۡفَیۡتُمۡ وَ مَاۤ اَعۡلَنۡتُمۡ ؕ وَ مَنۡ یَّفۡعَلۡهُ مِنۡكُمۡ

کرتے ہو اُن کی طرف دوستی کی، حالانکہ میں خوب جانتا ہوں جو تم نے چھپایا اور جو علانیہ کیا۔ اور جو کرے یہ تم میں سے،

فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ ﴿۱﴾

تو بے شک وہ بہک گیا سیدھے راستہ سے •

(اَے ایمان والو! نہ بناؤ میرے دشمن اور اپنے دشمن کو اپنا دوست)۔ ایسا دوست (کہ پیغام رسانی کرو اُن کی طرف دوستی سے، حالانکہ) وہ دوستی کے لائق ہی نہیں، کیونکہ (وہ اِنکار کر چکے جو آیا تمہارے پاس حق) سچی بات، کہ وہ قرآن ہے۔۔یا۔۔درست کام کہ دینِ اسلام ہے۔۔یا۔۔متابعت کے لائق کہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ ان کافروں کی دشمنی کا حال یہ ہے کہ (گھر سے الگ کرتے ہیں رسول

کو) یعنی آپ کو مکہ بدر کرتے ہیں۔ (اور) صرف آپ ﷺ ہی کو نہیں، بلکہ (تم لوگوں کو) بھی شہر بدر کرتے ہیں صرف اِس وجہ سے (کہ تم مان چکے ہو اللہ) تعالیٰ (اپنے رب کو)۔

یعنی اُن کو خاندانی طور پر کوئی خلش نہیں ہے، بلکہ یہ تمہارے صرف اس لیے دشمن ہیں کہ خدا و رسول پر ایمان لانے والے ہو۔ تو جب یہ لوگ ایمان کی وجہ سے تمہیں دشمن بناتے ہیں، تو کیا تمہارے لیے مناسب ہے کہ اُن ایمان کے دشمنوں سے دوستی کرو؟

ذرا تم خود سوچو کہ (اگر تم نکلے تھے جہاد کے لیے میری راہ میں اور میری خوشنودیوں کو چاہنے کے لیے، تو) ایک طرف تم خدا کی خوشنودی چاہتے ہو اور دوسری طرف (خفیہ پیغام رسانی بھی کرتے ہو ان کی طرف دوستی کی) نصیحت کے پردے میں، (حالانکہ میں خوب جانتا ہوں جو تم نے چھپایا) یعنی دشمنوں کی دوستی، (اور جو علانیہ کیا) یعنی جو تم نے عذر ظاہر کیا۔ تو سن لو! (اور) یاد رکھو! کہ (جو کرے یہ) کام، یعنی ان میں سے کسی کو دوست بنائے۔۔۔یا۔۔اُن کو خبر بھیجے (تم میں سے، تو بے شک وہ بہک گیا سیدھے راستے سے)۔ اور اچھی طرح یقین کر لو کہ اُن سے محبت کی طرح ڈالنا کچھ فائدہ نہ دے گا، کیوں کہ۔۔۔

إِنْ يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُمْ

اگر وہ پا جائیں تمہیں تو ہوں گے تمہارے دشمن، اور دراز کریں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھوں اور اپنی زبانوں کو

بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ ﴿۲﴾

بُرائی کے ساتھ، اُنہوں نے یہی چاہا کہ کاش تم کافر ہو جاؤ●

(اگر وہ پا جائیں تمہیں، تو ہوں گے تمہارے دشمن)۔ یعنی اگر کافر تم پر قادر ہو جائیں اور فتح پا کر تم کو قید کر لیں، تو وہ تمہارے ساتھ کھلم کھلا دشمنی کریں گے، (اور دراز کریں گے تمہاری طرف اپنے ہاتھوں اور اپنی زبانوں کو بُرائی کے ساتھ)۔ یعنی وہ تمہیں اپنے ہاتھوں سے قتل کریں گے اور زبانوں سے گالیاں دیں گے اور فحش کہیں گے۔ اُن کی دِلی تمنا یہی ہے اور (انہوں نے یہی چاہا کہ کاش تم کافر ہو جاؤ) جیسے کہ وہ خود ہیں۔ یاد رکھو کہ جن رشتہ داروں اور جس اولاد کی محبت میں ایسا کرتے ہو۔۔۔

لَنْ تَنْفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ۚ

نہ کام آئیں گے تمہارے، تمہارے رشتے اور نہ تمہاری اولاد۔ قیامت کے دن۔ وہ جدا جدا کر دے گا تم سب کو۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ③

اور اللہ جو کچھ کرو دیکھنے والا ہے●

(نہ کام آئیں گے تمہارے، تمہارے) وہ (رشتے) دار (اور نہ تمہاری اولاد)۔ یعنی آج مال اور اولاد کی محبت کے سبب سے مشرکوں سے محبت کرتے ہو اور ملتے ہو، تو وہ مال اور فرزند نہ نفع دیں گے۔ (قیامت کے دن وہ جدا جدا کردے گا تم سب کو) یعنی اُس دن خدا تمہارے اور تمہاری اولاد و قرابت داروں کے درمیان جدائی ڈال دے گا، اِس طور پر کہ کافروں کو دوزخ میں بھیجے گا اور مؤمنوں کو جنت میں۔ (اور اللہ) تعالیٰ (جو کچھ کرو) دوستی۔۔یا۔۔ دشمنی سب کو (دیکھنے والا ہے)، اُس کے مطابق جزا دے گا۔

---

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا

بے شک تھا تمہارے لیے اچھا نمونہ ابراہیم میں اور جو اُن کے ساتھ تھے۔ جب کہ بولے وہ سب اپنی قوم کو کہ "بلا شبہ ہم

بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا

الگ ہیں تم سے اور اُن سے جنہیں پوجتے ہو اللہ کے خلاف۔ ہم لوگوں نے اِنکار کردیا تم سب سے، اور ظاہر ہو چکی ہمارے

وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗۤ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ

تمہارے درمیان دشمنی اور عداوت ہمیشہ کو، یہاں تک کہ تم لوگ مان جاؤ ایک اللہ کو۔" مگر ابراہیم کی ایک بات

لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَاۤ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا

اپنے بابا سے کہ "میں استغفار کروں گا تمہارے لیے اور میں نہیں اختیار رکھتا تجھ کافر کے لیے اللہ کے حضور کچھ بھی۔" "پروردگارا!

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ④

تجھی پر ہم نے بھروسہ رکھا، اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے، اور تیری طرف پھرنا ہے"●

اَے ایمان والو! (بے شک تھا تمہارے لیے اچھا نمونہ) اتباع و پیروی کے لیے (ابراہیم میں اور جو اُن کے ساتھ تھے) اُن میں، (جبکہ بولے وہ سب اپنی قوم کو)۔ یعنی یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے اور اُن کی قوم کے مؤمنوں نے اپنی قوم کے مشرکوں سے کہا کہ تم ہم سے دوستی اور محبت نہ ڈھونڈھو، کیوں (کہ بلاشبہ ہم الگ ہیں تم سے اور اُن سے جنہیں پوجتے ہو اللہ) تعالیٰ (کے خلاف) ۔۔الغرض۔۔ ہم تم سب سے بیزار ہیں۔ یعنی ہم بت پرستوں اور بتوں کسی کے بھی دوست نہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۔۔الغرض۔۔(ہم لوگوں نے اِنکار کر دیا تم سب سے،اور ظاہر ہو چکی ہمارے تمہارے درمیان دشمنی اور عداوت ہمیشہ کو)۔کبھی بھی ہم تمہارے دوست نہیں ہو سکتے (یہاں تک کہ تم لوگ مان جاؤ ایک اللہ) تعالیٰ (کو، مگر ابراہیم کی ایک بات) جو انہوں نے کہی (اپنے بابا) یعنی بڑے باپ (سے)، اُس وعدہ کی وجہ سے جو مغفرت طلب کرنے کا اُن سے کیا تھا اور ایمان لانے کا وعدہ جو اُن کے بابا نے اُن سے کیا تھا۔ تو اُسی وعدۂ دُعائے مغفرت کی بنا پر حضرت ابراہیم نے اپنے عرفی باپ سے کہا (کہ میں استغفار کروں گا تمہارے لیے، اور میں نہیں اختیار رکھتا تجھ کافر کے لیے اللہ) تعالیٰ (کے حضور کچھ بھی)۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ کافروں سے بیزار ہونے میں تُو ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کر، مگر اُن کی مغفرت چاہنے میں نہیں، اس واسطے کہ ابراہیم علیہ السلام سے یہ امر وعدہ کے سبب سے واقع ہوا تھا، اور جب ابراہیم اور اُن کے یاروں نے قوم سے بیزاری ظاہر کی تو بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا کہ۔۔۔ (پروردگارا! تجھی پر ہم نے بھروسہ رکھا)۔ یعنی خلق سے ہم کٹے اور خالق کے کرم پر اعتماد رکھا۔ (اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے، اور تیری طرف پھرنا ہے) آخرت میں۔

اور ایک قول یہ ہے کہ یہ دُعا حضرت ابراہیم کے قول کا تتمہ نہیں ہے، بلکہ مؤمنوں کو کافروں سے دوستی رکھنے کو منع فرما کر فرماتا ہے کہ جب تم نے دشمنوں سے قطع تعلق کر لیا، تو کہو "یا اللہ! اُن سے ہم کٹے اور تیری مہربانی کے ساتھ ملے"۔۔۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

"پروردگارا! نہ رکھ ہمیں آزمائش میں اُن کے جنہوں نے کفر کیا، اور بخش دے ہم سب کو، پروردگارا! بے شک تُو ہی زبردست حکمت والا ہے۔"

(پروردگارا! نہ رکھ ہمیں آزمائش میں)، یعنی ہمیں محلِ تسلط نہ بنا (اُن کے جنہوں نے کفر کیا)۔ یعنی اُن کو ہم پر مسلط نہ کر اور اُن کے ہاتھوں ہم پر عذاب نہ کر۔ (اور بخش دے ہم سب کو۔ پروردگارا! بے شک تُو ہی زبردست) ہے یعنی غالب ہے حکم میں، تو اُن کا شر دفع کر دے اور (حکمت والا ہے) یعنی دانا ہے اپنے کام میں پس ہم کو بخش دے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ۭ

بے شک تھا تم لوگوں کے لیے اُن میں اچھا نمونہ، اُس کے لیے جو امید رکھتا ہو اللہ اور پچھلے دن کی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَمَنۡ یَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ ﴿۶﴾

اور جو بے رخی کرے، تو بلاشبہ اللہ ہی بے نیاز حمد والا ہے●

(بے شک تھا تم لوگوں کے لیے اُن میں) یعنی ابراہیم علیہ السلام اور اُن کی قوم میں (اچھا نمونہ)، یعنی اچھی خصلت کہ اُس کی پیروی کرو۔

اِس مضمون کا مکرر لانا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کرنے میں تاکید کے واسطے ہے۔۔یا پہلی اقتدا اقوال میں ہے اور دوسری افعال میں۔اور یہ پیروی ہے (اس کے لیے جو امید رکھتا ہو اللہ) تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی (اور پچھلے دن کی) جزا کی۔۔یا۔۔جو خدا سے اور روزِ قیامت سے ڈرتا ہے۔(اور جو بے رخی کرے) اور منہ پھیرے حکم سے اور دشمنوں سے محبت کرے، (تو بلاشبہ اللہ) تعالیٰ (ہی بے نیاز) ہے اُس سے اور اُس کی نصرت دین کرنے سے، اس واسطے کہ وہ خود اپنے دین کا مددگار ہے، اور (حمد والا ہے)۔یعنی خلق کی تعریف کے بغیر بھی تعریف کیا ہوا ہے۔

منقول ہے کہ یہ آیت نازل ہونے کے بعد مسلمانوں نے مکہ میں رہنے والے اپنے مشرک قرابتداروں سے قطع محبت کی اور اللہ تعالیٰ کے رشتے کو مضبوط کرنے کے لیے سارے رشتوں کو کاٹ کے رکھ دیا، تو حق تعالیٰ نے وعدہ فرمایا کہ۔۔۔

عَسَی اللّٰہُ اَنۡ یَّجۡعَلَ بَیۡنَکُمۡ وَ بَیۡنَ الَّذِیۡنَ عَادَیۡتُمۡ مِّنۡہُمۡ مَّوَدَّۃً ؕ

قریب ہے کہ اللہ کردے تمہارے درمیان اور اُن کے درمیان کہ دشمنی کا برتاؤ کرنے لگے، اُن سے دوستی۔

وَ اللّٰہُ قَدِیۡرٌ ؕ وَ اللّٰہُ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۷﴾

اور اللہ قدرت والا ہے۔اور اللہ غفور رحیم ہے●

(قریب ہے کہ اللہ) تعالیٰ (کردے تمہارے درمیان اور اُن) لوگوں (کے درمیان کہ جن کو تم نے دشمن رکھا اور (دشمنی کا برتاؤ کرنے لگے اُن سے، دوستی)۔۔۔

اور یہ اس طرح تھا کہ ابوسفیان، سہل بن عمرو اور حکیم بن حزام وغیرہ رؤسائے عرب جو مسلمانوں کے بڑے دشمن تھے انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور اُن کے لوگوں کو اُن کے ساتھ محبتِ کامل پیدا ہوگئی۔

(اور اللہ) تعالیٰ (قدرت والا ہے) اِس بات پر کہ دشمنی کو دوستی میں بدل دے۔(اور اللہ)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تعالیٰ (غفور) ہے یعنی بخشنے والا ہے اُسے جس نے مشرکوں کے ساتھ 'نہی' کے قبل دوستی کی، اور (رحیم ہے) یعنی مہربان ہے ان پر جنہوں نے 'نہی' کے بعد قطع محبت کی۔

روایت ہے کہ قوم خزاعہ کو رسولِ مقبول ﷺ کے ساتھ عہد و پیمان تھا اور انہوں نے ہرگز مسلمانوں کا قصد نہیں کیا اور دین کے دشمنوں کو مدد نہیں دی، حق تعالیٰ نے اُن کے باب میں فرمایا کہ۔۔۔

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ

نہیں روکتا تمہیں اللہ اُن لوگوں سے، جنہوں نے جنگ نہیں کی تم سے دین میں اور نہ نکالا تمہیں تمہارے

دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ⑧

گھروں سے، کہ حسنِ سلوک رکھو اُن سے اور انصاف برتو اُن سے۔ بے شک اللہ پسند فرماتا ہے انصاف والوں کو●

(نہیں روکتا تمہیں اللہ) تعالیٰ (اُن لوگوں سے جنہوں نے جنگ نہیں کی تم سے دین) کے کام (میں، اور نہ نکالا تمہیں تمہارے گھروں سے) یعنی خزاعہ نے تم سے مقاتلہ نہیں کیا اور تمہارے اخراج میں دخل نہیں دیا۔۔یا۔۔لڑکے اور عورتیں مراد ہیں کہ اُن کو تمہارے قتل اور اخراج میں چنداں دخل نہیں ہے، تو خدا باز نہیں رکھتا تم کو (کہ حسنِ سلوک رکھو اُن سے) یعنی ان کے ساتھ نیکی کرو (اور انصاف برتو اُن سے) اِس بات سے کہ عدل کرو۔۔یا۔۔اُن کے واسطے حصہ بھیجو۔ (بے شک اللہ) تعالیٰ (پسند فرماتا ہے انصاف والوں کو) جو کسی پر ظلم و زیادتی نہیں کرتے۔ اُن کے برعکس۔۔۔

اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

اللہ تو تمہیں منع کرتا ہے بس اُنہیں لوگوں سے، جنہوں نے جنگ کی تم سے دین میں اور نکالا تم لوگوں کو تمہارے گھروں سے،

وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑨

اور مدد کی تمہارے نکالنے پر، یہ کہ دوستی کرو اُن سے۔ جو دوستی کرے اُن کی تو ظالم وہی ہیں●

(اللہ) تعالیٰ (تو تمہیں منع کرتا ہے بس انہیں لوگوں سے جنہوں نے جنگ کی تم سے دین) خدا (میں، اور نکالا تم لوگوں کو تمہارے گھروں سے، اور مدد کی) دشمنوں کی (تمہارے نکالنے پر)۔ تو اللہ تعالیٰ روکتا ہے اور باز رکھتا ہے تم کو (یہ کہ دوستی کرو اُن سے)۔ اور (جو دوستی کرے اُن کی، تو ظالم وہی ہیں) کہ بے محل دوستی کرتے ہیں، اِس واسطے کہ محبت خدا اور اُس کے دوستوں سے ہونی چاہیے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ان کافروں کی دوستی سے کچھ نہیں ہوتا۔

روایت ہے کہ جب حدیبیہ میں صلح واقع ہوئی تو شرائطِ صلح میں ایک بات یہ تھی کہ جو مسلمان مکہ سے مدینہ میں آئے حضرت ﷺ اُسے کافروں میں بھیج دیں، اور اگر کوئی مسلمان مدینہ منورہ سے منہ پھیر کر مکہ معظمہ کی جانب جائے، تو قریش اُسے واپس نہ کریں۔ ہنوز آنحضرت ﷺ حدیبیہ میں تھے کہ مؤمنوں کی ایک جماعت مکہ سے بھاگ کر حضرت کی بارگاہ میں حاضر ہوئی، اُس میں سبیعہ اسلمیہ تھیں، اُن کے پیچھے پیچھے اُن کا شوہر مسافر مخزومی پہنچا، اور یہ بات کہی کہ شرط صلح یہ تھی کہ ہم میں سے جو کوئی تم میں آئے اُس کو پھیر دو۔

پس حضرت جبرائیل نازل ہوئے اور یہ بات کہی کہ یارسول اللہ! وہ شرط مَردوں کے باب میں تھی عورتوں پر یہ بات روا نہیں ہے کہ ایمان والی عورت کو مشرک کے حوالے کر دیجیے، اور یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

---

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ**

اُے ایمان والو! جہاں آگئیں تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کی نیت سے تو تحقیقات کرلو اُن کی۔ اللہ خوب جانتا ہے

**بِاِیْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ**

اُن کے ایمان کو۔ تو اگر معلوم کرلیا تم نے اُنہیں کہ ایمان والی ہیں تو واپس نہ کرو اُنہیں کفار کی طرف۔ نہ وہ مسلمان عورتیں

**حِلٌّ لَّهُمْ وَ لَا هُمْ یَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَ اٰتُوْهُمْ مَّاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَ لَا جُنَاحَ عَلَیْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْ**

حلال ہیں اُن کافروں کے لیے، اور نہ وہ کافر حلال ہیں اُن مسلمان عورتوں کے لیے۔ اور دے ڈالو جو مہر خرچ کیا ہے اُن کافروں نے، اور کوئی

**هُنَّ اِذَاۤ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَ لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَ سْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقْتُمْ**

الزام نہیں تم پر کہ نکاح کرلو اُن کے ساتھ، جب کہ دے چکے اُنہیں اُن کا مہر۔ اور روک تھام نہ کرو کافر عورتوں کے نکاح کی، اور مانگ لو جو تم

**وَ لْیَسْـَٔلُوْا مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ یَحْكُمُ بَیْنَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ ﴿۱۰﴾**

نے خرچ کیا، اور وہ مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا۔ یہ ہے اللہ کا حکم۔ وہ فیصلہ دیتا ہے تمہارے درمیان۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے●

**(اُے ایمان والو! جہاں آگئیں تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کی نیت سے، تو تحقیقات کرلو اُن کی)** اِس طرح پر کہ اُنہیں قسم دے کر دریافت کرو کہ اُن کا نکل آنا اپنے شوہر کی عداوت ۔۔۔ یا ۔۔۔ کسی اور مَرد کی محبت کے سبب سے تو نہیں، اور دنیوی غرضوں میں کوئی غرض تو نہیں لگی ہوئی ہے۔ خاص

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

خدااوررسول کے واسطے اوردینِ اسلام کوقبول کرنے کے لیے آئی ہیں۔اور(اللہ)تعالیٰ (خوب جانتا ہے اُن کے ایمان کو)اس واسطے کہ وہ دِل کی چھپی باتوں پرمطلع ہے۔

مگرچونکہ حکمِ شرع ظاہرپرہےتوتم اُن کوقسم دو،(تواگر)غلبہ ظن سے(معلوم کرلیاتم نے انہیں کہ ایمان والی ہیں،تو واپس نہ کروانہیں کفارکی طرف)یعنی اُن کےکافرشوہروں کی طرف۔کیونکہ (نہ وہ مسلمان عورتیں حلال ہیں اُن کافروں کے لیےاورنہ وہ کافرحلال ہیں اُن مسلمان عورتوں کے لیے)اِس واسطے کہ دُوگھر:ایک دارالاسلام دوسرادارالحرب،اورمقام کی دوری اوراختلافِ دین اُن کے درمیان جدائی کردینے والا ہے۔(اوردےڈالوجومہرخرچ کیاہےاُن کافروں نے)۔

آنحضرت ﷺ نے سبیعہ کوقسم دی اوراُس کےشوہرمسافرنےجومہراُسےدیاتھاوہ لےکرواپس ہوگیااوریہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

(اورکوئی الزام نہیں تم پرکہ نکاح کرلواُن کےساتھ)یعنی اُن مہاجرہ عورتوں سے،(جبکہ دےچکےانہیں اُن کامہر)۔پس حضرت فاروقِ اعظم نےاُس مہاجرہ عورت سےنکاح کرلیااوریہ آیت نازل ہوئی۔(اورروک تھام نہ کروکافرعورتوں کےنکاح کی)،یعنی کافرہ عورتوں کےنکاح کوباقی نہ چھوڑو، بلکہ اُن کوطلاق دےدواگرایمان نہ لائیں۔

تواصحاب کےنکاح میں جوکافرہ عورتیں تھیں اصحاب نےاُن کوطلاقیں دےدیں،اورحکم ہوا (اورمانگ لو)اُس شخص سےجوکافروں میں سےاُس عورت کواپنےعقد میں لائے(جوتم نےخرچ کیا) مہراُس پر۔(اور)چاہیےکہ(وہ)کافر(مانگ لیں)تم سے(جوانہوں نےخرچ کیا)اپنی ہجرت کر آنےوالی جوروپرمہر۔

یعنی عصمت اورعقدِزوجیت منقطع ہوگیامؤمن مرداورکافرہ عورت میں اورکافرمرداورمؤمنہ عورت میں،توہرایک کوچاہیےکہ جومہراپنی جوروکودیا ہےپھیرےاورواپس لےلے۔یہ جواوپرذکر کیاگیا،(یہ ہےاللہ)تعالیٰ(کاحکم۔وہ فیصلہ دیتاہےتمہارےدرمیان۔اوراللہ)تعالیٰ(علم والا ہے،وہ تمہارےمصالح جانتاہے،اور(حکمت والاہے)یعنی حکم کرنےوالاہےوہ جومحض حکمت ہے۔

یہ آیت نازل ہونےکےبعدمؤمنوں نےمہاجرہ عورتوں کےمہراُن کےشوہروں کوادا کیےاورکافروں نےمرتدہ عورتوں کےمہراداکرنےسےانکارکیاتویہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَیْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِیْنَ ذَهَبَتْ
اور اگر نکل جائیں تمہارے ہاتھوں سے چند عورتیں کافروں کی طرف، تو تم نے سزا دی اُن کافروں کو، تو دو انہیں
اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَاۤ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾
جن کی بیبیاں نکل گئیں اُتنا ہی جو اُنہوں نے خرچ کیا تھا۔ اور ڈرتے رہو اللہ کو جس کے تم لوگ ماننے والے ہو●

(اور اگر نکل جائیں تمہارے ہاتھوں سے چند عورتیں کافروں کی طرف) یعنی عورت دارالحرب میں جا کر عقد کر لے اور اُس کا مہر تمہارے ہاتھ نہ آئے (تو تم نے سزا دی اُن کافروں کو)، یعنی اُن سے قتال کیا اور انجام کار فتح یاب ہوئے اور بہت سارا مالِ غنیمت تمہارے ہاتھ لگا، (تو دو انہیں جن کی بیبیاں نکل گئیں) دارالحرب میں اور اُن لوگوں نے اُن عورتوں کے کافر شوہروں سے مہر نہیں پایا (اتنا ہی جو انہوں نے خرچ کیا تھا)۔

معالم میں حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ چھ عورتیں مؤمن مہاجروں کی عورتوں میں سے مرتدہ ہو کر کافروں کے پاس چلی گئیں اور آنحضرت ﷺ نے اُن کے مہر مالِ غنیمت میں سے ان کے شوہروں کو دیئے۔

(اور) اَے ایمان والو! (ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ کے عذاب (کو جس کے تم لوگ ماننے والے ہو) یعنی جس خدا پر تم ایمان لا چکے ہو اُس کے قہر و عذاب سے ڈرو۔

اِس آیت کا حکم بقاءِ عہد تک باقی تھا اور جب عہد اٹھ گیا تو یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا۔ روایت ہے کہ جب فتح مکہ کے دن رسولِ مقبول ﷺ مردوں کی بیعت لینے سے فارغ ہوئے تو عورتوں نے بھی بیعت کی رغبت کی، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ یُبَایِعْنَكَ عَلٰۤى اَنْ لَّا یُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَیْـًٔا
اَے آنحضرت! جہاں آئیں تمہارے پاس ایمان والی عورتیں کہ بیعت کریں تمہاری اُس پر کہ "شریک نہ بنائیں گی اللہ کا کسی
وَّلَا یَسْرِقْنَ وَلَا یَزْنِیْنَ وَلَا یَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا یَاْتِیْنَ بِبُهْتَانٍ یَّفْتَرِیْنَهٗ
کو، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ بدکاری کریں گی، اور نہ مار ڈالیں گی اپنی اولاد کو، اور نہ بنائیں گی وہ بہتان کہ گڑھ لیں جسے
بَیْنَ اَیْدِیْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا یَعْصِیْنَكَ فِیْ مَعْرُوْفٍ فَبَایِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ
اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان، اور نہ بے حکمی کریں گی کسی حکم میں،" تو بیعت لے لو اُن کی، اور مغفرت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۲﴾

مانگو اُن کی اللہ سے۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

(اَے آنحضرت! جہاں آئیں تمہارے پاس ایمان والی عورتیں کہ بیعت کریں تمہاری اس پر، کہ شریک نہ بنائیں گی اللہ) تعالیٰ (کا کسی کو، اور نہ چوری کریں گی، اور نہ بدکاری کریں گی، اور نہ مارڈالیں گی اپنی اولاد کو)، جیسا زندہ خاک میں توپ دیتی تھیں۔۔۔یا۔۔۔جو بچہ اپنے پیٹ میں رکھتی تھیں اُس کو گرا کر ضائع کر دیتی تھیں، (اور نہ بنائیں گی وہ بہتان، کہ گڑھ لیں جسے اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان)۔ یعنی ایسا نہ کریں کہ حرامی لڑکا جنیں اور شوہروں پر جھوٹ لگائیں۔

اِس میں دو چیزیں ہیں: ایک بدکاری اور دوسری بدکاری کے نتیجے میں ہونے والے بچہ کو اپنے شوہر کا بیٹا قرار دینا۔ بدکاری کا ذکر اوپر ہو چکا ہے، اب اس میں خاص طور سے اُس بہتان کا ذکر ہے جو اُس حرامی بچے کو اپنے شوہر کا بچہ قرار دینے کا ثمرہ ہے۔۔۔اِس کا ایک معنی یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کسی 'لقیط' بچے کو جو غیر ازواج سے ہے اپنے شوہر کی طرف منسوب کر کے نہ لائیں، کیونکہ یہ افترا اور بہتان ہے اور یہ اُن کبائر سے ہے جو شرک کے بالکل قریب ہیں۔

اِس ارشاد میں اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان اُس بات کی طرف اشارہ ہے کہ 'موضع حمل' دونوں ہاتھوں کے درمیان ہے، اور 'موضع ولادت' دونوں پیروں کے درمیان ہے۔ تو یہ بہتان ایسا کذبِ صریح ہے جو خود بہتان تراشنے والی عورت کے 'موضع حمل' اور 'موضع ولادت' سے متعلق ہے، کیونکہ 'لقیط' کو اپنے شوہر کی طرف منسوب کرنا خود اُس کا اپنے ہاتھوں اور پیروں کے درمیان سے پیدا ہونے والا قرار دینا ہے، جو یقیناً جھوٹ ہے اور اپنے شوہر پر بہتانِ صریح بھی ہے۔

۔۔الغرض۔۔مذکورہ بالا باتوں سے اپنے کو بچانے کا وعدہ کریں (اور) اِس بات کا بھی وعدہ کریں کہ (نہ بے حکمی کریں گی کسی حکم میں)۔ یعنی اُن کو جس نیکی کا حکم دیا جائے اُس کو تسلیم کریں اور اس پر عمل کریں اور بے صبری کے رونے پیٹنے کو چھوڑ دیں اور منہ نوچنے اور بال پراگندہ کرنے سے باز آئیں۔ جب اِن شرطوں سے بیعت کریں (تو بیعت لے لو اُن کی اور مغفرت مانگو اُن کی) یعنی بیعت کرنے والی عورتوں کی (اللہ) تعالیٰ (سے)۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسولِ خدا ﷺ نے زبانی ارشاد فرما کر عورتوں سے بیعت لی مگر کسی کا ہاتھ نہیں چھوا۔ اور ایک قول ہے کہ پانی کے پیالے میں عورتیں ہاتھ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ڈالتیں پھر رسولِ مقبول ﷺ اُس میں ہاتھ ڈالتے، اس طرح سے عورتوں کی بیعت ہوتی۔ اور بعضوں نے کہا کہ حضرت خدیجہ کی بہن کو آپ نے حکم کیا اور انہوں نے عورتوں سے بیعت لی۔

تو اَے محبوب! اُن بیعت کرنے والی عورتوں کی اللہ تعالیٰ سے بخشش چاہو، (بے شک اللہ تعالیٰ (غفور) ہے یعنی ان کے گناہوں کا بخشنے والا ہے جو خدا کی توحید پر بیعت کریں، اور (رحیم ہے) یعنی مہربان ہے اُن پر کہ توبہ اور ایمان کی توفیق دی۔

ایک بزرگ نے فرمایا کہ لوگ کہتے ہیں کہ 'رحمت ایمان پر موقوف ہے'، یعنی جب تک بندہ ایمان نہیں لاتا رحمت کا مستحق نہیں ہوتا۔ اور میں کہتا ہوں کہ 'ایمان رحمت پر موقوف ہے'، کیونکہ جب تک حق تعالیٰ اپنی رحمت سے توفیق نہیں دیتا کسی کو دولتِ ایمان نہیں حاصل ہوتی۔ بعضے محتاج مسلمان فائدہ حاصل کرنے کو یہود سے دوستی کرتے تھے اور مسلمانوں کی خبر اُن سے کہتے تھے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔

---

**يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَىِٕسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ**

اَے ایمان والو! نہ دوستی کرو اُس قوم کی، جن پر غضب فرمایا اللہ نے، بے شک وہ لوگ ناامید ہو گئے آخرت سے،

**كَمَا يَىِٕسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾**

جس طرح کافر لوگ ناامید ہو چکے قبر والوں سے•

ع ۲ (الصف) ۸

(اَے ایمان والو! نہ دوستی کرو اُس قوم کی جن پر غضب فرمایا اللہ) تعالیٰ (نے، بے شک وہ ناامید ہو گئے آخرت) کے ثواب (سے) اس واسطے کہ انہوں نے جان لیا کہ رسول کریم کی نعت چھپانے اور آپ کے ساتھ عناد اور عداوت رکھنے سے اُن کو کسی طرح اخروی ثواب میں سے کچھ حظ اور حصہ نہ ہوگا۔ تو ضرور وہ ناامید ہیں (جس طرح کافر لوگ ناامید ہو چکے قبر والوں سے) یعنی دُنیا میں اُن کے پھر آنے سے۔

--یا--

یہود ثواب آخرت سے ایسے ناامید ہیں جیسے کافر مرے ہوئے کہ انہوں نے اپنا حال صاف جان لیا اور اُس جگہ کی نعمتوں سے بالکل امید قطع کی۔

اختتام سورہ المتحنہ -- ﴿ ۱۶ ررمضان المبارک ۱۴۳۳ھ -- مطابق -- ۶ راگست ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ ﴾

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ۱۸ر رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ -- مطابق -- ۸ر اگست ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ﴾ --

سُوْرَةُ الصَّفِّ ۶۱ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۹ — اٰیاتہا ۱۴ رکوعاتہا ۲

# سُوْرَةُ الصَّفِّ

سورۂ الصف -- ۶۱ مدنیہ ۱۰۹ آیا تہا ۱۴ -- رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام 'الصف' ہے، جو اِسی کی آیت ۴ سے ماخوذ ہے۔ یہ سورت غزوۂ اُحد کے بعد نازل ہوئی۔ اِس سورت کا مرکزی مضمون اللہ تعالیٰ کے دشمنوں سے قتال اور جہاد کرنا ہے، اور اللہ کی راہ میں قربانیاں دینے اور دیگر احکامِ شرعیہ پر عمل کرنے کا ثواب بیان کرنا ہے۔ ایسے عظیم مقاصد پر مشتمل اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

## سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ①

پاکی بولی اللہ کی سب نے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے، اور وہی زبردست حکمت والا ہے●

(پاکی بولی اللہ) تعالیٰ (کی جو کچھ آسمانوں) میں ہے از قسم علویات (اور جو کچھ زمین میں ہے) از قسم سفلیات -- المختصر -- سبھوں نے خدا کو پاک اور بے عیب کہا، (اور وہی زبردست) ہے یعنی غالب ہے۔ اس کا حکم کسی طرح سے رَد نہیں ہوتا۔ اور (حکمت والا ہے) یعنی درست کار ہے کہ اُس کے کاموں میں کسی طرح خلل راہ نہیں پاتا۔

روایت ہے کہ صحابۂ کرام نے کہا کہ کیا کام ہم کریں جو ہم کو دوزخ سے بچا کر جنت میں پہنچائے، تو حق تعالیٰ نے وہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی جس میں **عَذَابٍ اَلِيْمٍ** سے بچانے والی تجارت کی طرف رہنمائی کی گئی ہے، وہ ایمان اور جہاد ہے۔ یہ وہ کام ہے جو بندہ کو 'سجن سجین' سے رہائی دے اور 'اعلیٰ علیین' پر پہنچائے۔ صحابۂ کرام کو موت ناگوار لگی، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۲

اَے ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ، جو خود نہیں کرتے●

(اَے ایمان والو! کیوں کہتے ہو وہ، جو خود نہیں کرتے)۔یعنی ایسی باتوں کی خواہش ہی کیوں کرتے ہو جس پر عمل شاق گزرے۔

ایک قول یہ ہے کہ یہ آیت منافقین کے متعلق نازل ہوئی جو بظاہر ایمان والے تھے اور قتال وجہاد کی تمنا رکھتے تھے، اور جب اللہ تعالیٰ نے قتال کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے کہا کہ "اَے ہمارے رب! تُو نے ہم پر قتال کیوں فرض کر دیا؟" ابن زید نے کہا کہ یہ آیت اُن منافقین کے بارے میں نازل ہوئی جو کہتے تھے کہ اگر تم اللہ کے دشمنوں سے مقابلہ کے لیے نکلے اور تم نے اُن سے قتال کیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکلیں گے اور ان کے ساتھ قتال کریں گے۔اور مسلمان جب کفار سے مقابلہ کے لیے نکلے تو وہ پیچھے لوٹ گئے اور قتال نہیں کیا۔

بعض مفسرین نے کہا ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے متعلق نازل ہوئی جو کسی کام کی نذر مانتے تھے اور پھر اس کو پورا نہیں کرتے تھے۔یعنی وہ ایک بات کہتے ہیں اور پھر اس کو پورا نہیں کرتے۔اس آیت سے معلوم ہوا کہ نذر کا پورا کرنا واجب ہے۔اسی طرح انسان جب کسی شخص سے کسی چیز کو دینے کا وعدہ کرے۔۔یا۔۔اس کے لیے کسی کام کو کرنے کا وعدہ کرے تو اس پر واجب ہے کہ وہ اپنے وعدہ کو پورا کرے ورنہ وہ اللہ کے غضب کا مستحق ہوگا۔

اسی طرح اس آیت کے مصداق وہ علماء اور واعظین ہیں جو لوگوں کو بُرائی سے روکتے ہیں اور خود بُرائی سے نہیں رکتے۔آنحضرت ﷺ نے شب معراج میں دیکھا کہ ایسے عالموں کی زبانیں قینچی سے کاٹی جاتی ہیں کیونکہ۔۔۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ

نہایت ناگوار ہے اللہ کے نزدیک کہ کہو وہ جسے خود نہ کرو● بے شک اللہ پسند فرماتا ہے اُنہیں

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝۴

جو جہاد کریں اُس کی راہ میں صف باندھ کر، گویا کہ وہ دیوار ہیں سیسہ پلائی ہوئی●

(نہایت ناگوار ہے اللہ) تعالیٰ (کے نزدیک کہ کہو وہ جسے خود نہ کرو)۔اور یاد رکھو کہ (بے شک اللہ) تعالیٰ (پسند فرماتا ہے اُنہیں جو جہاد کریں اُس کی راہ میں صف باندھ کر، گویا کہ وہ دیوار ہیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سیسہ پلائی ہوئی)۔

یہ کنایہ ہے معرکہء حرب میں اُن کی ثابت قدمی سے اور ایک دوسرے کے ساتھ ملے اور بھڑے رہنے سے۔

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَد تَّعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ

اور جب کہ کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو کہ "اَے میری قوم! کیوں ستاتے ہو مجھے، حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں

إِلَيْكُمْ ۖ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ ۚ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٥﴾

تمہاری طرف۔" پھر بھی جب ٹیڑھے رہ گئے، تو ٹیڑھا ہی رکھا اللہ نے اُن کے دِلوں کو۔ اور اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو●

(اور) یاد کرواُسے (جبکہ کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو کہ اَے میری قوم! کیوں ستاتے ہو مجھے) اور رنج دیتے ہو تم لوگ میرا حکم نہ سن کر، (حالانکہ یقیناً تم جانتے ہو کہ میں اللہ) تعالیٰ (کا رسول ہوں تمہاری طرف) اور اپنی رسالت پر کھلے ہوئے معجزوں کی گواہی قائم کر چکا ہوں، اور تم کو میری رسالت معلوم ہوگئی اور کچھ شبہ نہیں رہا، تو رسول کو معزز اور مکرم ہونا چاہیے تو تم میری فرمانبرداری کرو۔

قوم کے لوگ اُسی جہالت اور ضلالت پر قائم رہے اور حضرت کلیم کی بات نہ سنی۔

(پھر بھی) یعنی ان ہدایات کے بعد بھی (جب ٹیڑھے رہ گئے) بنی اسرائیل حضرت موسیٰ کا حکم قبول کرنے سے، (تو ٹیڑھا ہی رکھا اللہ) تعالیٰ (نے اُن کے دِلوں کو)۔ یعنی ان کے دلوں سے یقین نکال دیا (اور) انہیں شک ہی میں رہنے دیا، کیونکہ (اللہ) تعالیٰ (راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو) اپنی معرفت کی طرف۔

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم

اور جب کہ کہا عیسیٰ ابن مریم نے کہ "اَے بنی اسرائیل! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف،

مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن

تصدیق کرنے والا اپنے سے پہلے کی توریت کا، اور خوشخبری دینے والا اُس عظیم رسول کا، جو آئیں گے میرے

بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٦﴾

بعد، اُن کا نام ہے احمد۔" پھر جب آ گئے وہ بھی اُن کے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ، تو سب بول پڑے کہ "یہ کھلا جادو ہے"●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور) یاد کرو اُسے بھی (جبکہ کہا عیسیٰ ابن مریم نے، کہ اَے بنی اسرائیل! بے شک میں اللہ) تعالیٰ (کا رسول ہوں تمہاری طرف) دلیل اور رحمت کے ساتھ۔ اور حال یہ ہے کہ (تصدیق کرنے والا) ہوں (اپنے سے پہلے کی)، یعنی اپنے آنے سے پہلے نازل ہونے والی (توریت کا)۔ اور جس کی میں نے تصدیق کی ہے کہ وہ خدا کی طرف سے آئی ہے۔ (اور) میں (خوش خبری دینے والا) ہوں (اُس عظیم رسول کا جو آئیں گے میرے بعد) دینِ کامل اور شرعِ شامل کے ساتھ۔ (اُن کا نام ہے احمد) یعنی بڑی تعریف کرنے والے۔

حضرت عیسیٰ کے کلام کا ترجمہ یہ ہے کہ "یقیناً میں جانے والا ہوں اپنے رب کی طرف اوراحمد ﷺ آئے" یعنی میرے بعد یقینی آئیں گے۔

(پھر جب آگئے وہ بھی) یعنی حضرت عیسیٰ بھی (اُن کے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ) جیسے مُردہ زندہ کرنا، مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کردینا، (تو سب بول پڑے کہ یہ کھلا جادو ہے)، یعنی کسی پر یہ بات پوشیدہ نہیں کہ وہ سحر کرتے ہیں۔

---

**وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ**

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہے؟ جس نے باندھا اللہ پر جھوٹ، اور وہ بُلایا جارہا ہے اسلام کی طرف۔

**وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝**

اور اللہ نہیں راہ دیتا اندھیر والی قوم کو●

(اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے باندھا اللہ) تعالیٰ (پر جھوٹ) یعنی اُس کے پیغمبر کی تکذیب کی اور اُن نشانیوں کو جادو گمان کیا۔

بعضے علماء یہ فرماتے ہیں کہ نضر بن حارث نے کہا کہ قیامت کے دن لات اور عزیٰ میری شفاعت خدا سے کریں گے اور خدا اُن کی شفاعت قبول فرمائے گا، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ "اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو خدا پر جھوٹ باندھے کہ کافروں کے حق میں وہ بتوں کی شفاعت قبول فرمائے گا"

(اور) حال یہ ہے کہ (وہ) مفتری (بلایا جارہا ہے اسلام کی طرف) جو مشتمل ہے خیر وصلاح اور فوز وفلاح پر دُنیا اور عقبیٰ میں۔ ایسے عظیم دین کی طرف رسول ﷺ انہیں بلارہے ہیں پھر بھی ان کے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بہتیرے اِدھر نہیں آرہے ہیں۔ (اور) یہ اس لیے کہ (اللہ) تعالیٰ (راہ نہیں دیتا اندھیر والی قوم کو)۔

لباب میں ہے کہ چندروز رسولِ مقبول ﷺ پر وحی نہیں اُتری تو کعب بن اشرف نے کہا کہ خوشخبری ہو تم کو اَے گروہِ یہود! کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خدا نے اُس کا نور بجھا دیا اور اُس کا کام پورا نہ ہوگا۔ یہ بات آنحضرت ﷺ سے لوگوں نے عرض کی، آپ کے دِل مبارک کو رنج و ملال ہوا۔ پس حضرت جبرائیل وہ رنج دفع کرنے کے لیے یہ آیت لائے کہ یہود۔۔۔

---

**يُرِيدُونَ لِيُطْفِـُٔوا نُورَ اللّٰهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ۝٨**

چاہتے ہیں کہ بجھادیں اللہ کے نور کو اپنے مونہوں سے، اور اللہ پورا فرمانے والا ہے اپنے نور کا، گو بُرا مانیں کافر لوگ●

(چاہتے ہیں کہ بجھادیں اللہ) تعالیٰ (کے نور کو اپنے مونہوں سے) یعنی ناپسندیدہ اور بے ادبانہ باتوں سے، (اور اللہ) تعالیٰ (پورا فرمانے والا ہے اپنے نور کا گو بُرا مانیں کافر لوگ)۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے دین، اپنی کتاب قرآن اور اپنے رسول کی ہدایات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے والا ہے خواہ کفار اُسے بُرا ہی مانیں۔۔ چنانچہ۔۔وہ خدا۔۔۔

---

**هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ**

وہی ہے جس نے بھیجا اپنے رسول کو ہدایت اور دستورِ حق کے ساتھ، تا کہ غالب کردے اُسے سب دینوں پر

**وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۝٩** ع ۱ ۹

گو بُرا مانیں مشرک لوگ●

(وہی ہے جس نے بھیجا ہے اپنے رسول کو ہدایت اور دستورِ حق کے ساتھ)، یعنی قرآن اور دینِ حق کے ساتھ کہ ملتِ حنیف ہے، (تا کہ غالب کردے اِسے) یعنی اِس دینِ اسلام کو (سب دینوں پر)۔

انشاء المولیٰ تعالیٰ حضرت عیسیٰ [redacted]
دینِ اسلام کو قبول کرلیں گے۔ اور ایک [redacted]
ساری دُنیا پر آج بھی [redacted]۔۔۔

(گو بُرا مانیں مشرک لوگ)۔ اُن کے بُرا ماننے سے دین کے عروج وارتقاء پر فرق نہیں آتا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ظاہر ہے کہ مشرکین دینِ محمدی کے اظہار وغلبہ کو کیسے پسند کریں گے،اس لیے کہ یہ مشتمل ہے توحید ثابت کرنے اور شرک باطل کرنے پر۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِیْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۱۰﴾

اے ایمان والو! کیا باخبر کردوں تمہیں اُس تجارت پر جو بچالے تمہیں دکھ والے عذاب سے●

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ

مانتے رہو اللہ کو اور اُس کے رسول کو،اور جہاد کیا کرو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں

وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾

اور جانوں سے۔یہ بہتر ہے تمہارے لیے اگر جانو مانو●

(اَے ایمان والو! کیا باخبر کردوں تمہیں اُس تجارت پر جو بچالے تمہیں دکھ والے عذاب سے)اور وہ یہ ہے کہ(مانتے رہو)دِل کی سچائی کے ساتھ(اللہ)تعالیٰ(کو اور اُس کے رسول کو،اور جہاد کیا کرو)کافروں سے(اللہ)تعالیٰ(کی راہ میں اپنے مالوں)سے یعنی مجاہدین کے لیے زادِراہ، سواریاں اور ہتھیار خریدو،(اور جانوں سے)کہ قتل اور حرب پر آمادہ رہو۔(یہ)یعنی جو کچھ مذکور ہوا ایمان اور جہاد(بہتر ہے تمہارے لیے)نفع دینے والے معاملات سے(اگر جانو مانو)تم حقیقی تجارت کا طریقہ۔

ایک بزرگ نے فرمایا کہ اِس تجارت میں اصل معاملہ یہ ہے کہ غیرِحق کو دے دو اور حق کو لے لو۔

پس اگر ایمان لاؤ گے اور جہاد کرو گے۔۔تو۔۔

یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَیُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

بخش دے گا تمہارے گناہوں کو اور داخل فرمائے گا تمہیں باغوں میں،بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں،

وَمَسٰكِنَ طَیِّبَةً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۲﴾

اور پاکیزہ گھروں میں بسے رہنے کے باغوں میں۔یہی بڑی کامیابی ہے●

(بخش دے گا)حق تعالیٰ(تمہارے گناہوں کو)دُنیا میں(اور داخل فرمائے گا تمہیں)آخرت میں ان(باغوں میں،بہتی ہیں جن)کے مکانوں اور درختوں(کے نیچے نہریں،اور پاکیزہ گھروں میں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بسے رہنے کے باغوں میں)۔ یعنی ہمیشگی کی جنتوں میں اقامت کے لیے صاف وشفاف پاکیزہ گھر ہے اور مغفرت اور جنت میں داخل ہونا۔ (یہی) بہت (بڑی کامیابی ہے)۔

وَاُخْرٰی تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۳﴾

اور دوسری وہ نعمت، جس کی دِلی خواہش رکھتے ہو، اللہ کی مدد اور جلد ہی فتح یابی۔ اور بشارت دے دو مسلمانوں کو●

(اور) تمہارے لیے دُنیا میں (دوسری وہ نعمت) ہے (جس کی دلی خواہش رکھتے ہو) یعنی (اللہ) تعالیٰ (کی مدد اور جلد ہی فتح یابی) فَتْحٌ قَرِیْبٌ سے مراد 'فتح مکہ' ہے۔۔یا۔۔فارس اور روم کی فتح۔

حضرت ابن عطا قدس سرہ نے فرمایا، نصرت توحید ہے اور فتح ملک مجید کے جمال پر نظر کرنا۔ محققوں کے نزدیک فَتْحٌ قَرِیْبٌ دِل کے دروازہ کا کھلنا ہے مقاماتِ نفس کی ترقی کے سبب سے اور اُس فتح کی غنیمتیں معارفِ یقینیہ ہوتے ہیں اور سب مؤمنوں کو اس مرتبہ میں شرکت ہے، جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔۔۔

(اور) اَے محبوب! (بشارت دے دو مسلمانوں کو) دُنیا میں نصرت کی اور آخرت میں جنت کی۔۔تو۔۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ لِلْحَوَارِیّٖنَ

اَے ایمان والو! ہو جاؤ دینِ الٰہی کے مددگار، جیسا کہ کہا تھا عیسیٰ ابن مریم نے اپنے حواریوں کو

مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآىِٕفَةٌ

کہ "کون ہے میری مدد پر اللہ کی طرف ہو کر۔" بولے حواری لوگ کہ "ہم دینِ الٰہی کے مددگار ہیں۔" تو مان گئی ایک جماعت

مِّنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ وَكَفَرَتْ طَّآىِٕفَةٌ ۚ فَاَیَّدْنَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

بنی اسرائیل کی، اور اِنکار کر دیا ایک جمعیت نے۔ تو تائید فرمائی ہم نے اُن کی جو مان گئے تھے

عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِیْنَ ﴿۱۴﴾ ع ۵ ۱۰

اُن کے دشمنوں پر، تو وہ ہو گئے غالب●

(اَے ایمان والو! ہو جاؤ دینِ الٰہی کے مددگار) یعنی نصرت کرنے والے خدا کے دین کے اور رسول کے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تقدیرِ کلام یوں ہے، کہ۔۔۔
اَے محمد ﷺ' اپنی قوم سے نصرت طلب کرو (جیسا کہ) نصرت طلب کی تھی اور (کہا تھا عیسیٰ ابن مریم نے اپنے حواریوں کو) جواُن کے خواص تھے اور اُن کے دین میں سب پر سبقت لے گئے تھے، (کہ کون ہے میری مدد پر اللہ کی طرف ہو کر؟ بولے حواری لوگ، کہ 'ہم دینِ الٰہی کے مددگار ہیں') اور فی الواقع حضرت عیسیٰ کے آسمان پر اٹھ جانے کے بعد خلق کو خدا کی طرف حواریوں نے دعوت کی، (تو مان گئی) اُن کی دعوت سے (ایک جماعت بنی اسرائیل کی اور اِنکار کر دیا ایک جمعیت نے)۔

اِس دوسرے گروہ نے حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہا اور جب حضرت خاتم الانبیاء ﷺ مبعوث ہوئے، تو آپ نے سب مؤمنوں کے موافق فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اور اس کے رسول ہیں۔ اور اس گروہ مؤمن نے مدد پائی۔۔ چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ نے فرمایا۔۔۔

(تو تائید فرمائی ہم نے اُن کی جو مان گئے تھے)، یعنی قوت دی ہم نے اور غالب کر دیا ہم نے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام' پر اور اُن کے رسول اور بندے ہونے کا اعتقاد رکھتے تھے (اُن کے دشمنوں پر) جو حضرت عیسیٰ کے خدا ہونے کے قائل تھے۔ (تو وہ) ایمان والے (ہو گئے غالب) کافروں پر۔

اختتام سورہ الصف ۔۔ ﴿ ۱۸ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۸ اگست ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ﴾

---

۔۔ ﴿ ۱۹ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۹ اگست ۲۰۱۲ء ۔۔۔ بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ الْجُمُعَة

سُوْرَةُ الْجُمُعَة ۶۲ مدنیۃ ۱۱۰ — اٰیاتها ۱۱ رکوعاتها ۲

سورۃ الجمعہ۔۔۶۲ مدنیہ ۱۱۰ — آیاتہا ۱۱۔۔ رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام 'الجمعہ' ہے جو اِس کی آیت ۹ سے ماخوذ ہے۔ ہفتہ کے ساتھ دنوں میں سے ایک دن کا نام 'جمعہ' ہے۔ 'جمعہ' کے دن جو نماز شروع ہوئی اُس پر بھی 'جمعہ' کا اطلاق ہوتا ہے، اور 'جمعہ' کے دن پر بھی 'جمعہ' کا اطلاق ہوتا ہے۔ جمعہ کے دن 'نمازِ جمعہ' پڑھنے کو اہلِ مصر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پرفرض قرار دیا گیا ہے، اور اِس دن نماز کے [illegible]
اور اُن مسلمانوں پر عتاب فرمایا ہے جو نمازِ جمعہ کے بعد رسول اللہ ﷺ کو دورانِ خطبہ چھوڑ کر شام سے آئے ہوئے قافلے سے غلہ خریدنے چلے گئے تھے۔

یہ اُس وقت کی بات ہے جب خطبہ 'نمازِ جمعہ' کے بعد دیا جاتا تھا، پھر آیت ۱۱ کے نزول کے بعد خطبہ پہلے دیا جانے لگا، اور پھر ہمیشہ کے لیے اُسی کو معمول بنادیا گیا۔ اِس سورہ میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح اور اُس کی عظیم صفات کا بیان فرمایا اور پھر رسول اللہ ﷺ کی صفات بیان فرمائی ہیں۔ ایسے عظیم الشان ذکر پر مشتمل اِس سورۂ مبارکہ کو۔۔۔یا۔۔۔قرآنِ کریم کی تلاوت کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

پاکی بولتا رہتا ہے اللہ کی جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے، بادشاہ نہایت پاک زبردست حکمت والا●

(پاکی بولتا رہتا ہے اللہ) تعالیٰ (کی) یعنی پاکی کے ساتھ یاد کرتا اور تنزیہہ کرتا رہتا ہے (جو کچھ آسمانوں) میں از قسم علویات (اور جو کچھ زمین میں ہے) از قسم سفلیات۔ کیسی شان والی ذات؟ کہ (بادشاہ) ہے۔ اور اُس کی بادشاہی ہمیشہ رہنے والی ہے، یعنی بے زوال ہے۔ (نہایت پاک) ہے عیب اور خلل پڑنے سے۔ (زبردست) ہے، یعنی غالب ہے کہ مثل اور نظیر نہیں رکھتا۔ (حکمت والا) ہے یعنی راستی اور درستی کے ساتھ حکم فرمانے والا ہے۔

---

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

وہی ہے جس نے بھیجا اُن پڑھوں میں رسول اُنہیں سے، جو تلاوت کریں اُن پر اُس کی آیتوں کی، اور پاک کردیں اُنہیں،

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ②

اور سکھادیں اُنہیں کتاب وحکمت۔ اور بلاشبہ وہ لوگ تھے اُن سے پہلے کھلی گمراہی میں●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**(وہی ہے جس نے بھیجا اَن پڑھوں میں)** یعنی قومِ عرب میں، کہ اُس میں اکثر آدمی بے لکھے پڑھے تھے۔۔۔یا۔۔۔'اُمّ القریٰ' میں رہنے والوں میں ایک عظیم **(رسول انہیں سے)**، یعنی انہیں کے نسب اور انہیں کی جنس سے۔

اور بے شک یہ اللہ تعالیٰ کا عظیم احسان ہے، اس لیے کہ اُس نے نوعِ انسان اور بشر میں سے رسول بھیجا۔ فرشتے۔۔۔یا۔۔۔جن کو اُن میں سے رسول بنا کر نہیں بھیجا، ورنہ انسان اُس سے استفادہ نہ کرسکتے اور اُس کے افعال اُن کے لیے نمونہ اور حجت نہ ہوتے۔

وہ رسول **(جو تلاوت کریں اُن پر اُس کی آیتوں کی)**۔ اور دلائل بیان کرتے ہیں اور معجزات پیش کرتے ہیں جن سے آپ کی نبوت اور رسالت ثابت ہوتی ہے، اور اُن آیات سے احکامِ شرعیہ بیان کرتے ہیں۔ **(اور)** آپ کی شان یہ ہے کہ **(پاک کردیں انہیں)**، یعنی اُن کے باطن کو صاف کردیں جن کے دِلوں میں برسوں سے بت پرستی اور شرک کی محبت چڑھی ہوئی تھی۔

آپ کی نگاہِ کیمیا اثر سے اُن کی کایا پلٹ گئی تھی اور وہ توحید کے متوالے بن گئے تھے جو لُوٹ مار، بدکاری اور قتل و غارت گری کے عادی تھے۔ اُن کی سیرت رشکِ ملائکہ بن گئی اور وہ تقویٰ و پرہیزگاری کا پیکر بن گئے۔

**(اور سکھادیں انہیں کتاب وحکمت)**۔

کتاب سے مراد قرآنِ مجید کی آیات اور حکمت سے مراد قرآنِ مجید کے معانی اور ان سے احکامِ شرعیہ کا استنباط اور اجتہاد۔۔۔یا۔۔۔حکمت سے مراد نبی ﷺ کے اقوال اور افعال اور آپ کی سنتِ مبارکہ اور قرآن مجید کے احکام کا عملی نمونہ۔

**(اور بلاشبہ وہ لوگ تھے اُن سے پہلے کھلی گمراہی میں)**۔ یعنی وہ کھلم کھلا شرک اور بت پرستی کرتے تھے، مُردار کھاتے تھے، چوریاں کرتے اور ڈاکے ڈالتے تھے، اور پرائی عورتوں کی عزت لُوٹتے تھے۔۔۔الختصر۔۔۔رسول کریم اُن **اُمّیّن** کی ہر پہلو سے ہدایت فرماتے رہے۔

---

## وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③

اور دوسروں کو بھی اُن میں سے جو ابھی نہیں ملے اِن کے ساتھ۔ اور وہی زبردست حکمت والا ہے●

**(اور)** صرف انہی کو نہیں، بلکہ **(دوسروں کو بھی ان میں سے جو ابھی نہیں ملے ان کے ساتھ)**۔

یعنی نبی کریم، صحابہ کے علاوہ قیامت تک کے ذی استعداد علماء اور اولیاء کے سامنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قرآنِ مجید کی تلاوت فرماتے ہیں۔اُن کا باطن صاف کرتے ہیں اور ان کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں۔۔الغرض۔۔ نبی کریم کو مبعوث کیا دوسروں کے درمیان مؤمنین سے جو نہ پہنچے ان لوگوں تک جوان سے سابق تھے، مگر لاحق ہوں گے اُس سے تابعین مراد ہیں۔

ایک صحیح حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اِس سے عجمی فارسی لوگ مراد ہیں۔اور بہت صحیح قول یہ ہے کہ جو کوئی رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد اسلام میں داخل ہوا اور ہوتا ہے وہ ان آخرین میں داخل ہے۔اور جس کسی کو بھی ایمان رسول [illegible] علم وہدایت، تزکیہ وطہارت۔۔الغرض۔۔ جو کچھ بھی ملا ہے [illegible] کریم ہی کی عطا ہے۔۔علاوہ ازیں۔۔ بعض خوش بخت اور فیروز قسمت وہ بھی [illegible] کریم بلا واسطہ اپنے کرم بے پاں اور فضل یکساں کی بارش فرماتے رہتے ہیں، اس لیے کہ یہ جس ذات کے رسول ہیں۔۔۔

(اور) جس سے بلا واسطہ فیض لینے والے ہیں، (وہی زبردست) اور غالب ہے۔امر بعثت میں جس کسی کو چاہتا ہے رسول بنا کر بھیجتا ہے۔اور (حکمت والا ہے) ہر پیغمبر کو ہر امت کے واسطے اختیار کرنے میں۔

---

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۴

یہ اللہ کا فضل ہے، دے اُسے جسے چاہے۔اور اللہ بڑا فضل والا ہے●

(یہ) نبوت۔۔یا۔۔ بعثت (اللہ) تعالیٰ (کا فضل ہے) اور اُس کا مزید کرم ہے۔(دے اُسے جسے چاہے۔اور اللہ) تعالیٰ (بڑا فضل والا ہے)۔اور اُس کے فضل کے سامنے دُنیا اور آخرت کی سب نعمتیں حقیر اور ناچیز ہیں۔

یہود رسول اللہ ﷺ کی نبوت اور رسالت کے عموم میں شبہہ پیش کرتے تھے کہ آپ صرف اُمِّیّٖنَ اور مکہ والوں کے رسول ہیں، حالانکہ رسول کریم نے خود فرمایا ہے کہ مجھے ساری مخلوق کی طرف رسول بنایا گیا ہے اور مجھ پر انبیاء کو ختم کر دیا گیا ہے۔اب اِس آیت سے مقصود یہودیوں کی اِس بات پر مذمت کرنا ہے کہ اُن کو تورات دی گئی اور انہوں نے تورات کی آیات پر عمل نہیں کیا۔

تورات میں ہمارے نبی ﷺ کی آمد کے متعلق لکھا ہوا تھا اور آپ کی نشانیاں بیان کردی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

گئی تھیں، اور انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب آپ کا ظہور ہو تو وہ آپ پر ایمان لے آئیں، لیکن انہوں نے اس حکم پر عمل نہیں کیا۔۔الحتصر۔۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ

مثال اُن کی جو گراں بار کیے گئے توریت کے، پھر نہ برداشت کر سکے اُس کی، جیسے گدھے کی مثال جو لادے کتابوں کو۔

بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى

کتنی بُری مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو، اور اللہ نہیں راہ دیتا

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اندھیر والوں کو●

(مثال اُن لوگوں کی جو گراں بار کیے گئے توریت کے)، یعنی جنہیں حکم دیا گیا تھا کہ احکامِ توریت کا بار تکلیف اٹھائیں، (پھر نہ برداشت کر سکے اُس کی) اور نہ اٹھایا انہوں نے بار، اور فقط زبانی توریت پڑھنے پر قناعت کی اور جو احکام اُس میں تھے اس پر عمل نہ کیا۔ اُن کی مثال (جیسے گدھے کی مثال جو لادے کتابوں کو)۔ یعنی علمی کتابوں کے بوجھ کی مشقت اٹھائے مگر ان سے فائدہ حاصل نہ کر سکے، یہی حال یہود کا ہے کہ توریت پڑھتے ہیں اور اُس سے فائدہ حاصل نہیں کرتے۔ (کتنی بُری مثال ہے اُن لوگوں کی جنہوں نے جھٹلایا اللہ) تعالیٰ (کی آیتوں کو) جو محمد ﷺ کی نبوت پر دلیل تھیں۔ (اور اللہ) تعالیٰ (نہیں راہ دیتا اندھیر والوں کو)۔ کیونکہ حق کے ساتھ عناد کر کے انہوں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ اور باوصف اس کے کہتے ہیں کہ "ہم ہیں اللہ کے بیٹے اور اُس کے دوست" اور یہ ڈینگیں ہانکتے ہیں کہ "یہودیوں کے سوا کوئی جنت میں داخل نہ ہوگا۔" تو اے محبوب! اُن یہودیوں سے۔۔۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْۤا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ

کہہ دو کہ "اے یہودیو! اگر ڈینگ لی ہے تم نے کہ تم دوست ہو اللہ کے اور لوگوں کو چھوڑ کر،

فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

تو آرزو کرو موت کی اگر سچے ہو"●

(کہہ دو کہ اے یہودیو! اگر ڈینگ لی ہے تم نے کہ تم دوست ہو اللہ) تعالیٰ (کے اور لوگوں کو چھوڑ کر) عرب اور عجم میں جو ایمان لائے ہیں، (تو آرزو کرو موت کی اگر سچے ہو) اِس بات میں کہ تم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہی خدا کے دوست ہو، تا کہ اُن درجات و کرامات تک پہنچو جو حق تعالیٰ نے اپنے دوستوں کے واسطے مقرر کیے ہیں۔

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

اور نہ آرزو کریں گے موت کی کبھی بوجہ اُس کے جو پہلے بھیج چکے اُن کے ہاتھ۔ اور اللہ اندھیر والوں کا جاننے والا ہے●

(اور) حالت یہ ہے کہ یہودی (نہ آرزو کریں گے موت کی کبھی، بوجہ اس کے جو پہلے بھیج چکے اُن کے ہاتھ)، یعنی ان کاموں کے سبب جو انہوں نے کیے، جیسے احکام توریت کی تحریف اور حضرت خاتم الانبیاء کی نعت کو بدل دینا۔ اور وہ جانتے ہیں کہ مرنے کے بعد اِن کاموں کے سبب سے عذاب میں گرفتار ہوں گے۔ (اور اللہ) تعالیٰ (اندھیر والوں کا جاننے والا ہے) جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى

کہہ دو کہ "بلاشبہ موت، جس سے بھاگتے ہو تم، تو ضرور وہ ملنے والی ہے تمہیں۔ پھر لوٹائے جاؤ گے

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ ع ۸ / ۱۱

عالم الغیب والشہادۃ کی طرف، تو وہ بتادے گا تمہیں جو کچھ کرتے رہے"●

اَے محبوب! (کہہ دو کہ بلاشبہ موت، جس سے بھاگتے ہو تم) اور اُس کی تمنا نہیں کرتے اور اُس کے وقوع سے کراہت رکھتے ہو، (تو ضرور وہ ملنے والی ہے تمہیں) یعنی وہ ضرور تمہیں آ پکڑے گی اور تم اُس کا مزہ ضرور چکھو گے۔ (پھر لوٹائے جاؤ گے عالم الغیب والشہادہ کی طرف) جو ہر ظاہر اور پوشیدہ کا جاننے والا ہے، (تو وہ بتادے گا تمہیں جو کچھ کرتے رہے) یعنی جیسا تمہارا عمل ہوگا اس کے مطابق جزا دے گا، تو اُن سے تم سمجھ لو گے کہ یہ ہمارے کس عمل کی جزاء ہے۔۔تو۔۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا

اَے ایمان والو! جہاں اذان دی گئی نماز کی جمعہ کے دن، تو چل پڑو

اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

اللہ کے ذکر کی طرف اور چھوڑ دو خرید وفروخت۔ یہ بہتر ہے تمہارے لیے اگر جانو مانو●

(اَے ایمان والو!) اور احکام شرع کو ماننے والو! (جہاں اذان دی گئی نماز کی جمعہ کے دن،)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یعنی نداء کیے جاؤ نماز کے واسطے جمعہ کے دن، (تو چل پڑو اللہ) تعالیٰ (کے ذکر کی طرف)۔یعنی نماز وخطبہ کی طرف رغبت کرو اور اُس میں کوشش کرو (اور چھوڑ دو خرید وفروخت)۔

قولِ صحیح مذہبِ امام اعظم پر یہ ہے کہ نماز کی رغبت کرنا اور خرید وفروخت ترک کردینا جمعہ کے دن پہلی اذان واجب کردیتی ہے، اگر اذان دینے والے متعدد ہوں۔

(یہ) کوشش کرنا اور خرید وفروخت ترک کردینا (بہتر ہے تمہارے لیے اگر جانو مانو)۔یعنی اگر تم نفع وضرر اور خیر وشر کو اچھی طرح پہچانو، تو تمہیں علم ہوجائے گا کہ نماز کی طرف سعی اور اس وقت خرید وفروخت کا ترک، اس میں آخرت کی بھلائی ہے۔اور ظاہر ہے کہ آخرت کا نفع جو باقی رہنے والا ہے وہ دُنیا کے فائدے سے بہتر ہے جو فنا ہوجانے والا ہے۔

---

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

پھر جب پوری ہوگئی نماز تو پھیل جاؤ سرزمین میں، اور تلاش کرو اللہ کے فضل کو،

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ⑩

اور یاد کرو اللہ کو بہت کہ کامیاب ہوجاؤ●

(پھر جب پوری ہوگئی نماز، تو) اب اجازت ہے کہ جائز خرید وفروخت ۔۔یا۔۔ کسی مقصد حسن کے حصول کے لیے (پھیل جاؤ سرزمین میں)۔یعنی اگر تم چاہو تو نماز سے فارغ ہوجانے کے بعد اپنے جائز کام میں مصروف ہوجاؤ (اور تلاش کرو اللہ) تعالیٰ (کے فضل کو) یعنی رزقِ حلال کو، اور اسبابِ معاش کو مہیا کرنے پر لگ جاؤ۔۔یا۔۔ کسی بھی کارِ خیر میں لگ جاؤ جس سے خدا کے فضل کے مستحق قرار پاؤ۔

(اور یاد کرو اللہ) تعالیٰ (کو بہت)۔یعنی نماز ہی کے وقت اُسے یاد نہ کرو بلکہ نماز کے اوقات کے علاوہ دوسرے اوقات میں بھی اُسے بکثرت یاد کرتے رہو، تا (کہ کامیاب ہوجاؤ) اور دونوں جہان خیر کو پہنچو کیونکہ اُس کا ذکر جمعیت ظاہر وباطن کا سبب اور نجاتِ دُنیا وآخرت کا باعث ہے۔

روایت ہے ایک دن رسول کریم ﷺ خطبہ پڑھتے تھے، ناگاہ دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کا قافلہ ملک شام کی طرف سے پہنچا بہت سا غلہ لیے ہوئے، اُس وقت مدینہ منورہ میں تنگی تھی اور قافلہ صحیح سلامت آپہنچا تو خوشی کا طبل بجاتے تھے۔طبل کی آواز حاضرینِ مجلس کے کانوں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

میں پہنچی، غلہ خریدنے کے واسطے لوگ مسجد سے نکل آئے اور قافلہ کی طرف چلے۔ بارہ آدمیوں کے سوا کوئی مسجد میں نہیں رہا۔ اُن نہ نکلنے والوں میں خلفاءِ راشدین علیہم الرحمۃ والرضوان بھی تھے۔ حضرت رسولِ مقبول ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم سب ایک کے پیچھے ایک چلے جاتے اور مسجد میں کوئی نہ رہتا، تو یہاں سے تمہاری طرف آگ رواں ہوتی۔ اس حال کے ساتھ ہی اس آیت کا نزول اجلال ہوا۔۔۔

---

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ۭ قُلْ مَا

اور جب دیکھ پایا اُنہوں نے کسی تجارت یا تماشہ کو تو چل دیے اُدھر، اور چھوڑ دیا تمہیں خطبہ میں کھڑا۔ کہہ دو کہ

عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۱۴

"جو اللہ کے پاس ہے بہتر ہے تماشہ اور تجارت سے۔" اور اللہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے●

(اور جب دیکھ پایا انہوں نے کسی تجارت) یعنی فائدہ کی چیز کو (یا تماشہ کو) یعنی طبل کی آواز سن لی جو قافلہ پہنچنے کی جہت سے بجاتے ہیں (تو چل دیئے اُدھر، اور چھوڑ دیا تمہیں خطبہ میں کھڑا) منبر پر۔

ذہن نشین رہے کہ یہ اُس وقت کی بات ہے جبکہ خطبہ نماز کے بعد دیا جاتا تھا، تو یہ سب نکلنے والے نماز پڑھ چکے تھے، صرف خطبہ سن رہے تھے اور انہوں نے خطبہ سننے کو لازمی اور ضروری نہیں خیال کیا۔ خطبہ کے لازمی طور پر سننے کا حکم اُن کو نہیں ملا تھا۔ پھر جب یہ آیت نازل ہوگئی تو خطبہ نماز سے پہلے کر دیا گیا، جو اب تک معمول ہے۔

۔۔الحاصل۔۔ اَے محبوب! دورانِ خطبہ اُن چل دینے والوں سے (کہہ دو کہ جو اللہ) تعالیٰ (کے پاس ہے) یعنی نماز پڑھنے، خطبہ سننے میں مسجد میں حاضر رہنے کا ثواب، (بہتر ہے تماشہ) یعنی طبل کی آواز سننے سے (اور تجارت) کے نفع (سے۔ اور اللہ) تعالیٰ (سب سے بہتر روزی دینے والا ہے)۔ یعنی اُن سے بہتر روزی دینے والا ہے جو رزق کے وسائط ہیں، اس واسطے کہ کوئی وقت ہوتا ہے کہ وہ جلدی کرتے ہیں اور شاید کہ مصلحت وقت نہیں جانتے۔

نقل ہے کہ ایک خلیفہءِ بغداد نے حضرت بہلول دانا سے یہ بات کہی کہ آؤ کہ تمہاری ہر روز کی روزی مقرر کردوں تاکہ تمہارا دِل اُس سے متعلق نہ رہے۔ بہلول نے کہا اگر تجھ میں چند عیب نہ ہوتے تو میں ایسا کرتا: ایک تو تُو یہ نہیں جانتا کہ مجھے کیا دینا چاہیے، دوسرے تُو یہ نہیں جانتا کہ مجھے کب دینا چاہیے، تیسرے تجھے یہ نہیں معلوم کہ مجھے کتنا دینا چاہیے، اور حق

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تعالیٰ رزق کا کفیل ہے اور یہ سب باتیں جانتا ہے اور اپنی حکمت کاملہ کی راہ سے مجھے روزی پہنچاتا ہے۔ اور شاید تُو مجھ پر غصہ کرے اور وہ روزینہ موقوف کردے، اور حق تعالیٰ گناہ کے سبب سے میری روزی بند نہیں کرتا۔

اختتام سورہ الجمعہ ۔۔ ﴿ ۱۹ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۹ راگست ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾

---

۔۔ ﴿ ۲۰ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۱۰ راگست ۲۰۱۲ء ۔۔ بروز جمعہ مبارک ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ

سورۃ المنافقون ۔۔ ۶۳ مدنیہ ۱۰۴ — آیاتہا ۱۱ ۔۔ رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام 'المنفقون' اِسی سورت کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ ۵ھ میں جب رسول اللہ ﷺ نے ایک غزوہ سے مراجعت فرمائی اور ایک کنویں کے قریب اترے، تو دوصحابیوں میں کسی بات پر نزاع ہوگئی اور یہاں تک نوبت پہنچی کہ مہاجر اور انصار کے درمیان فتنہ اور فساد قائم ہوجائے۔ ابن ابی منافق نے اِس محل پر ناشائستہ باتیں کی، ازانجملہ یہ کہ مہاجروں کو کچھ نہ دوتا کہ وہ مدینہ سے چلے جائیں اور پراگندہ ہوجائیں۔ دوسری بات یہ کہ جب ہم مدینہ میں واپس جائیں گے، تو جو بہت عزت دار ہے وہ اُسے نکال دے گا جو بہت ذلیل وخوار ہے۔

حضرت زید بن ارقم نے جناب رسولِ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوکر یہ خبر کردی۔ حضرت نے سنا اور فتنہ وفساد فرو کرنے کو گرمی کی شدت میں دن کے وقت کوچ کا حکم دیا۔ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے سبب پوچھا اور حال دریافت کرکے رسول اللہ ﷺ کی تسلی خاطر عاطر کے واسطے بہت خوب کوششیں کیں، اور ابن ابی کو یہ خبر پہنچی۔

حضرت کی خدمت میں حاضر ہوکر اُس خبر کے غلط ہونے پر قسم کھائی۔ لوگوں نے ملامت شروع کرکے حضرت زید بن ارقم کو جھوٹی خبر کہنے کی تہمت لگائی، تو حق تعالیٰ نے حضرت زید کی بات کی سچائی ظاہر فرمانے کے لیے یہ سورت نازل کی۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فیصلہ فرمانے میں اسلامی اصول کی پاسداری کی، کہ جب مدعی بینہ اور گواہ نہ پیش کرسکے اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

منکر قسم کھالے تو منکر کے حق میں فیصلہ کردیا جاتا ہے۔ اس سے حقیقت میں ولد الزنا ہونا لازم نہیں آتا۔

ہاں اُس کے ساتھ وہی سلوک کیا جاتا ہے جو جھوٹوں کے ساتھ کیا جانا چاہیے، اور وہ یہ کہ قاضی اُس کی بات کو تسلیم نہ کرے۔ ایسے موقع پر تکذیب کا معنی بات کو تسلیم نہ کرنا ہے۔

اِس مقام پر یہ بات بھی خالی از فائدہ نہیں کہ حضرت زید نے جو شکایت کی وہ غیبت نہیں جس سے روکا گیا ہے، اس لیے کہ ممنوعہ غیبت کا مقصد فتنہ وفساد اور دو انسانوں کے درمیان تنفر پیدا کرنا ہے اور یہاں بات پہنچانا صرف اس لیے تھا کہ دشمن کی دشمنی کے چہرے سے پردہ ہٹادیا جائے۔ اگر ایسا نہ کیا جائے تو پھر فاسق وفاجر لوگوں کے خطرات سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟

۔۔الحتصر۔۔ کسی شخص کا وہ عیب جس کا نقصان صرف اسی کی ذات کو پہنچتا ہے اس کو چھپانا چاہیے، لیکن وہ عیب جو دوسروں کو نقصان پہنچانے والا ہو اُسے ظاہر کردیا جانا چاہیے تاکہ دوسرے اپنے کو اُس کے شر سے بچاسکیں۔۔ قصہ مختصر۔۔ حضرت زید کی سچائی ظاہر کرنے کے لیے حق تعالیٰ نے مکمل ایک سورت ہی نازل فرمادی، تو اِس چشم کشا بصیرت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سب بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الۡمُنٰفِقُوۡنَ قَالُوۡا نَشۡهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوۡلُ اللّٰهِ‌ۘ وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ اِنَّكَ

جب آئے تمہارے پاس منافق لوگ، بولے کہ "ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک تم یقیناً اللہ کے رسول ہو"۔۔ اور اللہ خوب جانتا ہے

لَرَسُوۡلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ لَـكٰذِبُوۡنَ‌ۚ ①

کہ بلا شبہ تم یقیناً اُس کے رسول ہو۔ اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ بلا شبہ منافق لوگ یقیناً جھوٹے ہیں ●

اَے محبوب! (جب آئے تمہارے پاس) ابن ابی اور اُس کے یار (منافق لوگ، بولے کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ بے شک تم یقیناً اللہ) تعالیٰ (کے رسول ہو)۔۔ الغرض۔۔ ہم منافق نہیں ہیں اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

دِل سے آپ کی رسالت کے معتقد ہیں، (اور اللہ) تعالیٰ (خوب جانتا ہے کہ بلاشبہ تم یقیناً اُس کے رسول ہو) اس لیے کہ اُسی نے تو تم کو رسول کیا ہے۔ (اور اللہ) تعالیٰ (گواہی دیتا ہے کہ بلاشبہ منافق لوگ یقیناً جھوٹے ہیں) اپنی گواہی میں، اِس جہت سے کہ اُن کا اعتقاد اُن کی بات کے موافق نہیں، ہے تو اُن کی یہ گواہی کہ ہمارا دِل آپ کی رسالت کا معتقد ہے جھوٹی ہے۔

اور بعضوں نے کہا کہ گواہی سے یہاں قسم مراد ہے، یعنی قسم کھا کر منافق کہتے ہیں کہ ہمارے دِل میں آپ کی رسالت کا اعتقاد ہے، تو خدا جانتا ہے کہ انہوں نے یہ جھوٹی قسم کھائی ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَیْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۲

بنالیا ہے اُنہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال، تو روکا کیے اللہ کی راہ سے۔ بلاشبہ وہ کتنا بُرا ہے جو کچھ کرتے رہے●

(بنالیا ہے انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال) یعنی بچاؤ کا ذریعہ کہ اُس کی بدولت قتل اور قید ہونے سے بے خوف رہتے ہیں، (تو روکا کیے) لوگوں کو گواہی دے کر (اللہ) تعالیٰ کے دین (کی راہ سے) یا خود راہِ خدا میں جہاد کرنے سے منہ پھیرتے ہیں۔ (بلاشبہ وہ کتنا بُرا ہے جو کچھ کرتے رہے) یعنی جو کچھ وہ کرتے ہیں جھوٹی قسم اور راہِ حق سے منہ موڑنا۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَفْقَهُوْنَ ۝۳

یہ اِس لیے کہ اُنہوں نے ایمان کا دعویٰ کیا پھر کفر بکنے لگے، تو چھاپ لگادی گئی اُن کے دِلوں پر تو وہ سمجھتے ہی نہیں●

(یہ) حکم حق اُن کے کام بُرے ہونے کا (اس لیے) ہے یعنی اِس سبب سے ہے، (کہ انہوں نے ایمان کا دعویٰ کیا، پھر کفر بکنے لگے) اور تنہائی میں اپنے رؤساء کے سامنے اپنی زبان سے کلماتِ کفر نکالنے لگے، (تو چھاپ لگادی گئی اُن کے دِلوں پر، تو وہ سمجھتے ہی نہیں) کہ ایمان کہتے ہیں زبان سے اقرار کرنے اور دِل سے تصدیق کرنے کو۔

روایت ہے کہ ابن اُبی مرد جسیم خوبصورت، شیریں سخن اور فصیح تھا، اور دوسرے منافقوں کی صورت بھی اُس کے قریب قریب تھی۔ جب یہ منافق رسولِ کریم کی مجلس میں آتے، تو

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آپ اُن کی شکلوں اور باتوں سے متعجب ہوتے، تو حق تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔۔۔

وَاِذَا رَاَیْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَاِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ

اور جب دیکھ پایا تم نے اُنہیں تو اچھے لگیں گے اُن کے جسم۔ اور اگر بات چیت کریں تو سننے لگو اُن کی گفتگو، گویا وہ

خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ یَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَیْحَةٍ عَلَیْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ

لکڑی کے ہیں دیوار سے لگے ہوئے۔ خیال لے جاتے ہیں ہر بلند آواز اپنے ہی اوپر۔ وہ دشمن ہیں،

فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى یُؤْفَكُوْنَ ۝۴

تو اُن سے بچے رہا کرو۔ اللہ اُنہیں غارت کرے۔ کہاں اوندھائے جاتے ہیں ●

(اور) فرمایا کہ (جب دیکھ پایا تم نے انہیں، تو اچھے لگیں گے اُن کے جسم) نرمی اور نازکی کی وجہ سے، (اور اگر بات چیت کریں تو سننے لگو اُن کی گفتگو) یہاں تک کہ اُن کی قسم باور کرلو یعنی ایسا لگے کہ باور کرلیا، حالانکہ بے عقلی اور کم فہمی کی وجہ سے (گویا وہ لکڑی کے ہیں دیوار سے لگے ہوئے)، یعنی اجسام ہیں علم ونظر سے خالی۔ (خیال لے جاتے ہیں ہر بلند آواز اپنے ہی اوپر) یعنی مدینہ میں لوگ جو آواز نکالتے ہیں اور شور فریاد کرتے ہیں، تو یہ منافق ایسے بددِل اور ڈرپوک ہیں کہ اُس آواز کو سن کر گمان کرتے ہیں کہ ہمارا نفاق پیغمبر اور مسلمانوں پر ظاہر ہوگیا، یہ اُسی کا شوروغل ہے اب ہم ذلیل و رسوا ہوں گے۔

(وہ دشمن ہیں) تمہارے اَے حبیب! اور سارے مسلمانوں کے، (تو اُن سے بچے رہا کرو) یعنی اُن کے مکروفریب سے اپنے کو بچاتے رہو اور اُن کے شر سے غافل نہ ہو۔ (اللہ) تعالیٰ (انہیں غارت کرے) اور لعنت کرے اُن پر (کہاں اوندھائے جاتے ہیں) اور راہِ حق سے پھرے جاتے ہیں۔

معالم میں ہے کہ یہ آیتیں نازل ہونے کے بعد ابن ابی کی قوم نے اُس سے کہا کہ یہ آیتیں تیری شان میں نازل ہوئیں، تُو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں جا تاکہ تیرے واسطے مغفرت چاہیں، تو وہ منافق گردن گھما کر بولا کہ تم لوگوں نے مجھ سے کہا کہ ایمان لا میں ایمان لایا، زکوٰۃ مال دینے کی تکلیف دی میں نے زکوٰۃ بھی دی۔ اب یہی بات باقی ہے کہ محمد ﷺ کو سجدہ کرنا چاہیے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُءُوْسَهُمْ

اور جب کہا گیا اُنہیں کہ "آجاؤ معافی دلادیں تمہیں اللہ کے رسول" تو گھمالیا اُنہوں نے اپنے سروں کو،

وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۵

اور دیکھ پڑے تمہیں کہ باز رہتے ہیں، اور وہ بڑی بول بولنے والے ہیں ●

(اور جب کہا گیا انہیں کہ آجاؤ معافی دلادیں تمہیں اللہ) تعالیٰ (کے رسول، تو گھمالیا انہوں نے اپنے سروں کو) جیسے کوئی کسی مکروہ بات سے منہ پھیرتا ہے۔ (اور دیکھ پڑے تمہیں کہ باز رہتے ہیں، اور وہ بڑی بول بولنے والے ہیں)۔ یعنی اَے ہمارے پیغمبر! تُو دیکھتا ہے کہ وہ اِنکار کرتے ہیں تیری خدمت میں حاضر ہونے سے اور وہ تکبر کرنے والے ہیں۔

---

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ

یکساں ہیں اُن پر کہ تم نے اُن کی معافی چاہی یا نہ چاہی۔ اللہ ہرگز نہ بخشے گا اُنہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۶

بلاشبہ اللہ راہ نہیں دیتا نافرمان لوگوں کو●

(یکساں ہے اُن پر کہ تم نے اُن کی معافی چاہی یا نہ چاہی، اللہ) تعالیٰ (ہرگز نہ بخشے گا انہیں) نفاق میں اُن کے پکے ہونے کی وجہ سے۔ (بلاشبہ اللہ) تعالیٰ (راہ نہیں دیتا) فلاح ونجات کا راستہ نہیں دکھاتا (نافرمان لوگوں کو) جو دائرۂ اصلاح سے باہر ہو چکے ہوں اور اپنا کام بنانے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

---

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ

وہی ہیں جو بکتے ہیں کہ "مت خرچ کیا کرو اُن پر جو رسول کے نزدیکی ہیں، یہاں تک کہ وہ خود منتشر ہو جائیں۔"

وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۷

حالانکہ اللہ ہی کا ہے آسمانوں اور زمین کے خزانے، لیکن منافق لوگ سمجھتے ہی نہیں●

(وہی ہیں جو بکتے ہیں کہ مت خرچ کیا کرو اُن پر جو رسول کے نزدیکی ہیں) یعنی مہاجرین کو کچھ مت دو (یہاں تک کہ وہ خود منتشر ہو جائیں) یعنی غلام اپنے آقاؤں کے پاس چلے جائیں اور بیٹے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اپنے باپوں سے جاملیں۔۔الغرض۔۔منافق لوگ انصار کو منع کرتے تھے کہ مہاجروں کو خرچ نہ دو، (حالانکہ اللہ) تعالیٰ (ہی کا ہے آسمانوں اور زمین کے خزانے) اور اُن خزانوں کی کنجی اُس کے دستِ قدرت میں ہے جسے چاہتا ہے روزی دیتا ہے، (لیکن منافق لوگ سمجھتے ہی نہیں) کہ رزّاق مطلق حق تعالیٰ ہے، آدمی نہیں ہیں۔

یَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِیْنَةِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ

بکتے ہیں کہ "یقیناً اگر ہم واپس ہوئے میدان سے مدینہ کی طرف، تو ضرور نکال دے گا بڑی عزت والا اُس سے نہایت ذلیل کو،"

وَ لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَ لٰكِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ۠ ۸ ع ۸ ۱۴

اور اللہ ہی کے لیے عزت ہے، اور اُس کے رسول کے لیے، اور ایمان والوں کے لیے، لیکن منافق لوگ علم ہی نہیں رکھتے۔

(بکتے ہیں) منافق لوگ، خاص طور سے اُن کا سردار ابن ابی، (کہ یقیناً اگر ہم واپس ہوئے میدانِ) جنگ اور اپنے اِس سفر (سے مدینہ کی طرف، تو ضرور نکال دے گا بڑی عزت والا اُس) شہر (سے نہایت ذلیل کو)۔

عزت دار سے اُس کی مراد اپنی ذات تھی اور اُس دوسرے لفظ سے حضرت اشرف مخلوقات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی ذاتِ جامع الکمالات مقصود تھی۔

اُسے کیا خبر؟ (اور) کیا پتا؟ کہ (اللہ) تعالیٰ (ہی کے لیے عزت ہے) اور وہی قدرتِ حقیقی اور ربوبیت والا ہے۔ (اور اُس کے رسول کے لیے) عزت ہے نبوت اور شفاعت والی (اور ایمان والوں کے لیے) عزت ہے ایمان اور طاعت والی، (لیکن منافق لوگ علم ہی نہیں رکھتے) جو اِس نکتے کو سمجھ سکیں۔

نقل ہے کہ جب لشکر ظفر پیکر رسول اللہ ﷺ کا وادی عقیق میں پہنچا، تو ابن ابی کا بیٹا عبداللہ نام کہ مؤمن مخلص تھا راستہ پر ٹھہرا رہا یہاں تک کہ اُس کا باپ بھی وہاں پہنچا، عبداللہ نے اُس کے اونٹ کو بٹھایا اور اونٹ کے پاؤں پر پاؤں رکھ کر اپنے باپ سے کہنے لگا کہ خدا کی قسم تجھے میں نہ چھوڑوں گا کہ تُو مدینہ میں جائے جب تک رسول اللہ ﷺ تجھے اذن نہ دیں گے، اور تُو یہ بات خوب جان لے کہ بڑا ذلیل تُو ہے اور بڑے عزت دار آنحضرت ﷺ ہیں۔ جب حضرت کی سواری وہاں پہنچی تو آپ کو یہ حال معلوم ہوا، آپ نے ابن ابی کو مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت دی۔ حق تعالیٰ مؤمنین پر ایمان کا مقتضا ظاہر فرمانے کے لیے فرماتا ہے کہ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ

اَے ایمان والو! نہ غافل کر سکے تمہیں تمہارا مال اور نہ تمہاری اولاد،

ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹

اللہ کے ذکر سے۔ اور جو کرے ایسا، وہی خسارہ والے ہیں●

(اَے ایمان والو! نہ غافل کر سکے تمہیں تمہارا مال، اور نہ تمہاری اولاد، اللہ) تعالیٰ (کے ذکر سے)۔ اِس واسطے کہ ایمان کا مقتضا یہ ہے کہ خدا کی محبت سب چیزوں کی محبت پر غالب ہو، کہ اگر دُنیا کے تمام مال اور آخرت کی سب نعمتیں اُس کے سامنے کریں تو نظرِ قبول سے کسی کو نہ دیکھے۔ (اور جو کرے ایسا)، یعنی مال اور اولاد کے سبب سے حق تعالیٰ کی یاد سے باز رہے، (وہی خسارہ والے ہیں) اور نقصان پانے والے ہیں۔ کیونکہ جو چیز حقیر اور فانی ہے اُس کے سبب سے باز رہتے ہیں بڑی نعمت سے جو باقی رہے گی۔

---

وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

اور خرچ خیرات کرتے رہو اُس سے جو روزی دی ہم نے تمہیں، اِس سے پہلے کہ آجائے تم میں سے کسی کی موت،

فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰

تو کہنے لگے کہ "پروردگارا! کیوں نہ مہلت دی تُو نے مجھے تھوڑی سی کہ میں صدقہ دیتا اور ہو جاتا لیاقت مندوں سے"●

رکوع ۱۴
وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ۚ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۱۱

اور ہرگز نہ مہلت دے گا اللہ کسی جان کو، جب آ گیا اُس کا وقتِ مقرر۔ اور اللہ باخبر ہے جو تم کرو●

(اور خرچ خیرات کرتے رہو) یعنی جو حق واجب ہے وہ نکالو (اُس سے جو روزی دی ہم نے تمہیں)، اور ذخیرہ آخرت کرو (اِس سے پہلے کہ آجائے تم میں سے کسی کی موت) کے اسباب، (تو کہنے لگے کہ پروردگارا! کیوں نہ مہلت دی تُو نے مجھے تھوڑی سی کہ میں صدقہ دیتا اور ہو جاتا لیاقت مندوں سے) اور نیک مردوں سے۔ (اور ہرگز نہ مہلت دے گا اللہ) تعالیٰ (کسی جان کو جب آ گیا اُس کا وقتِ مقرر) یعنی جب عمر تمام ہو جاتی ہے، نہ اُس میں کچھ بڑھاتے ہیں اور نہ اُس میں سے کچھ گھٹاتے ہیں۔ (اور اللہ) تعالیٰ (باخبر ہے جو تم) خیر و شر (کرو)۔

اختتام سورہ المنافقون ۔۔ ۲۱ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۱۱ اگست ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ۲۱؍ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ -- مطابق -- ۱۱؍ اگست ۲۰۱۲ء --- بروز شنبہ ﴾ --

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

سورۃ التغابن -- ۶۴ مدنیہ ۱۰۸ آیاتہا ۱۸ -- رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی آیت ۹ سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی سورت میں منافقین کے اوصاف ذکر فرمائے تھے اور اُن کے اوصاف سے اجتناب کی ہدایت دی تھی، اور اِس سورہ میں کفار کے اوصاف ذکر فرمائے ہیں اور اُن سے اجتناب کی ہدایت فرمائی ہے۔ اور واضح فرمادیا ہے کہ کفار کے لیے دوزخ ہے اور مسلمانوں کے لیے جنت ہے۔ اِس سورہ کا نام 'التغابن' اس لیے ہے کہ لوگوں کو قیامت کے دن کی یاد دلائی جائے۔ 'غبن' کا معنی ہے خرید و فروخت میں نقصان پہنچانا۔ کفار نے اپنے نفس کو شیطان اور 'نفسِ امارہ' کے ہاتھ فروخت کردیا، اور اِس بیع میں اُن کا جو نقصان ہوا اُس کا ظہور قیامت کے دن ہوگا۔ اس لیے قیامت کے دن کو 'یوم التغابن' فرمایا۔

اور ایک طرح سے یہ مؤمنوں کے لیے بھی نقصان کا دن ہوگا کیونکہ اگر وہ ایمان لانے کے بعد گناہِ کبیرہ نہ کرتے، تو اُن کو عتاب یا عذاب کا سامنا نہ کرنا پڑتا، اور مومنین کاملین اگر زیادہ نیکیاں کرتے تو اُن کو زیادہ اجر و ثواب ملتا اور زیادہ اونچے درجات ملتے۔ اور مکمل خسارے اور نقصان کا دن یہ صرف کفار کے لیے ہوگا۔ ایسی انسانی خساروں سے باخبر کرنے والی ہدایت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ---

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سب بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى

پاکی بولتا رہتا ہے اللہ کی جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے۔ اُسی کی شاہی ہے اور اُسی کے لیے حمد۔ اور وہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ

ہر چاہے پر قدرت والا ہے ● وہی ہے جس نے پیدا فرمایا تمھیں، تو کوئی کافر ہے اور کوئی مومن۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢﴾**

اور اللہ جو کچھ کرو اُس کا نگراں ہے●

(پاکی بولتا رہتا ہے اللہ) تعالیٰ (کی جو آسمانوں میں) ہے از قسم روحانیات (اور جو زمین میں ہے) از قسم جسمیات۔ (اُسی کی شاہی ہے) زمین و آسمان کی اور جو کچھ زمین و آسمان کے درمیان ہے۔ (اور اُسی کے لیے حمد) اور تعریف ہے پیدا کرنے کی نعمت پر۔ (اور وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے) جو چاہے کرے۔ (وہی ہے جس نے پیدا فرمایا تمہیں) اے آدمیو! (تو) تم میں (کوئی کافر ہے اور کوئی مؤمن)۔ بعض جو کافر ہے وہ اُس کے خالق ہونے کا ایمان نہیں رکھتے، جیسے 'دہریے' اور 'طبیعے' اور جو مؤمن ہیں وہ اُس کے خالق ہونے پر ایمان رکھتے ہیں، جیسے اہلِ اسلام اور اہلِ ایمان۔ (اور اللہ) تعالیٰ (جو کچھ کرو اُس کا نگراں ہے)۔ یعنی جو کچھ کرو حق تعالیٰ اُسے دیکھتا ہے، تو بندوں کے ساتھ معاملہ اُن کے اعمال کے موافق کرے گا۔

---

**خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ**

پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ، اور صورت دی تمہیں، تو خوب دیں صورتیں تمہیں۔

**وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾**

اور اُس کی طرف پھر کر جانا ہے●

(پیدا فرمایا آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ) راستی کے ساتھ۔۔یا۔۔اپنی حکمتِ بالغہ کے موافق۔۔یا۔۔کلمہ **کُنْ** سے۔۔یا۔۔حق بیان کرنے کو، یعنی یہ مخلوق اُس کی وحدانیت کی دلیلیں ہیں اور حق ان کے سبب سے ظاہر ہوتا ہے۔ (اور صورت دی تمہیں تو خوب دیں صورتیں تمہیں) قد کشیدہ اور خلقت اعتدال کے ساتھ کر کے۔

امام قشیری نے یہ معنی کیے ہیں کہ اُس نے تمہارا ظاہر آراستہ کر دیا کمال قدرت کے ساتھ، اور تمہارے باطن کو زینت دی جمال قربت سے۔ اور محققوں کے نزدیک 'حسنِ انسان' یہ ہے کہ اس کو 'اوصافِ کائنات' کی صورت سے آراستہ کر دیا اور 'خصائصِ مبدعات' کے خلاصہ کے ساتھ شرفِ اختصاص بخشا، تاکہ سب موجوداتِ علوی اور سفلی، ملکی اور ملکوتی کا نمونہ ہو، تو 'حسنِ معنوی' مراد ہے 'حسن صوری' نہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور اُس کی طرف پھر کر جانا ہے) یعنی سب کی بازگشت اُسی کی طرف ہے۔

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ ۚ وَاللّٰهُ

جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جان رہا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو۔ اور اللہ

عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿۴﴾ أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ

جاننے والا ہے سینوں کی بات کو ● کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر اُن کی جنہوں نے کفر کیا تھا پہلے؟

فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۵﴾

تو چکھا اپنے کام کا وبال، اور اُن کے لیے دکھ والا عذاب ہے ●

(جان رہا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جان رہا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو علانیہ کرتے ہو۔ اور اللہ) تعالیٰ (جاننے والا ہے سینوں کی بات کو) یعنی جو کچھ سینوں میں ہیں خطرے اور فکریں۔ اَے مکہ کے کافرو! (کیا نہیں آئی تمہارے پاس خبر اُن کی جنہوں نے کفر کیا تھا پہلے؟)۔ مثلاً: اولادِ قابیل اور عاد و ثمود، اصحابِ ایکہ وغیرہ۔ (تو چکھا اپنے کام کا وبال)، یعنی اپنے کفر کا ضرر دُنیا میں۔ مثلاً: غرق ہونا، آندھی، سخت آواز اور عذاب 'یوم الظلہ' وغیرہ۔ (اور) آخرت میں (اُن کے لیے دکھ والا عذاب ہے) جو کبھی منقطع نہ ہوگا۔

ذٰلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا

یہ اس لیے کہ واقعہ یہ ہے کہ لایا کرتے تھے اُن کے پاس اُن کے رسول روشن دلیلیں، تو یہ بولا کرتے تھے کہ "کیا بشر ہماری رہنمائی

فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا ۚ وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۚ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿۶﴾

کریں گے،" تو اِنکار کر دیتے تھے اور پھر جاتے تھے، اور بے نیازی برتی اللہ نے۔ اور اللہ بے نیاز حمد والا ہے ●

(یہ اِس لیے کہ واقعہ یہ ہے کہ لایا کرتے تھے اُن کے پاس اُن کے رسول روشن دلیلیں) اور ظاہر معجزے، (تو یہ بولا کرتے تھے کہ کیا بشر ہماری رہنمائی کریں گے)۔ انہوں نے تعجب کیا کہ حق تعالیٰ آدمی کی طرف وحی بھیجتا ہے، (تو اِنکار کر دیتے تھے اور پھر جاتے تھے) یعنی منہ پھیر لیتے تھے اُن دلیلوں اور معجزوں کو غور و فکر کرنے سے جو اُن رسولوں کے ساتھ تھے۔ بس خدا نے اُن کو ہلاک کر دیا (اور بے نیازی برتی اللہ) تعالیٰ (نے) خلق کے ایمان سے۔ (اور اللہ) تعالیٰ (بے نیاز) ہے مخلوق کی عبادت سے، اور (حمد والا ہے) یعنی تعریف کیا ہوا ہے بے تعریف کرنے والوں کی تعریف کے۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اپنی جہالت ونادانی کی بنیاد پر۔۔۔

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ

گھمنڈ میں رہے کافرلوگ کہ ہرگز نہ اُٹھائے جائیں گے۔ کہہ دو کہ "کیوں نہیں، مجھے اپنے رب کی قسم! یقیناً ضرور اُٹھائے جاؤ گے تم،

ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

پھر یقیناً بتادیے جاؤ گے جو کرتوت کر چکے، یہ اللہ پر آسان ہے" • تو مان جاؤ اللہ

وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸

اور اُس کے رسول کو، اور اُس نور کو جو ہم نے اُتارا۔ اور اللہ جو کرو باخبر ہے •

(گھمنڈ میں رہے کافر لوگ) اور بکتے ہیں (کہ ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے)۔ اَے محبوب! (کہہ دو کہ کیوں نہیں) اٹھائے جاؤ گے۔ (مجھے اپنے رب کی قسم یقیناً ضرور اٹھائے جاؤ گے تم، پھر یقیناً) حساب اور جزاء کے ذریعہ (بتادیے جاؤ گے جو کرتوت کر چکے۔ یہ) اٹھانا اور خبر دینا (اللہ) تعالیٰ (پر آسان ہے • تو مان جاؤ اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کو، اور اُس نور کو جو ہم نے اُتارا) یعنی قرآنِ کریم کو۔

اُسے نور اِس واسطے کہا کہ اعجاز میں اپنی ذات سے ظاہر ہے اور حلال وحرام کے احکام کی حقیقتیں ظاہر کرنے والا ہے۔

(اور اللہ) تعالیٰ (جو کرو) اُس سے (باخبر ہے)، یعنی تمہارا اقرار اور اِنکار اُس سے پوشیدہ نہیں۔ یاد کرو اُس دن کو۔۔۔

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ

جس دن کہ اکٹھا کرے گا تمہیں جمع ہونے کے دن، یہ ہے ہار کے ظاہر ہونے کا دن۔ اور جو مان جائے اللہ کو

وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اور نیک کام کرے، اُتار دے گا اُن سے اُن کے گناہ، اور داخل فرمائے گا اُسے باغوں میں کہ

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں، یہی بڑی کامیابی ہے •

(جس دن کہ اکٹھا کرے گا تمہیں جمع ہونے کے دن) قیامت میں حساب وجزاء کے لیے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حق تعالیٰ نے 'روزِ جمع' اس لیے فرمایا کہ اُس دن سب آدمی اولین وآخرین جمع ہوں گے ۔۔یا۔۔سب انبیاء اور سب امتیں جمع ہوں گی ۔۔یا۔۔ظالم اور مظلوم ۔۔یا۔۔اہلِ ہدایت اور اہلِ ضلالت ۔۔یا۔۔جنتی اور دوزخی۔ اور بہت مشہور بات یہ ہے کہ فرشتے اور جن اور آدمی سب جمع ہوں گے۔

(یہ ہے ہار کے ظاہر ہونے کا دن)۔یعنی جب مؤمن کو جنت میں کافر کا متوقع مقام میراث میں ملے گا اور کافر دوزخ میں مؤمن کے متوقع مقام میں داخل ہوں گے، تو نقصان ظاہر ہوگا اور اُس دن کافر اپنے کو جان لیں گے کہ ہم بڑے زیاں کار ہیں۔

اور بعضوں نے کہا کہ کافر اپنا نقصان دیکھیں گے ایمان ترک کرنے کے سبب سے، اور مؤمن اپنا نقصان دیکھیں گے نیکیاں کم کرنے کی وجہ سے ۔۔یا۔۔ وہ نقصان ڈھونڈنے کا دن ہے یعنی ہر شخص اپنا فائدہ ڈھونڈے گا اور دوسرے کا نقصان۔

(اور جو مان جائے اللہ) تعالیٰ (کو اور نیک کام کرے، اُتار دے گا) حق تعالیٰ (اُن سے اُن کے گناہ)۔یعنی اُن کی بُرائیاں معاف فرما دے گا۔(اور داخل فرمائے گا اُسے باغوں میں، کہ بہتی ہیں جن کے) مکانوں اور درختوں کے (نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں، یہی) یعنی گناہ معاف ہو جانا اور بہشت میں داخل ہونا (بڑی کامیابی ہے)۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۖ

اور جنہوں نے کفر کیا اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو وہ جہنم والے ہیں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٠﴾ ع

اور کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے●

(اور جنہوں نے کفر کیا) اور وحدانیت پر ایمان نہیں لائے (اور جھٹلایا ہماری آیتوں کو)، یعنی قرآن کو اور رسولِ کریم کے ہاتھ سے ظاہر ہونے والے معجزات کو، (وہ جہنم والے ہیں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔اور کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے) دوزخ جس میں مرنا بھی نہیں کہ اُس کی تکالیف و مصائب سے چھٹکارا مل جائے۔کافروں کی یہ خام خیالی ہے جو وہ کہتے ہیں کہ اگر مسلمانوں کا دین برحق ہوتا تو اللہ اُن کو دُنیاوی مصائب سے محفوظ رکھتا، اس لیے کہ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مَآ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ يُّؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ

نہیں پہنچی کوئی مصیبت مگر اللہ کے حکم سے۔اور جو مان جائے اللہ کو

يَهۡدِ قَلۡبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ⑪

تو ہدایت دے گا اُس کے دِل کو۔اور اللہ ہر ایک کا جاننے والا ہے●

(نہیں پہنچی کوئی مصیبت مگر اللہ) تعالیٰ (کے حکم سے)۔۔الحاصل۔۔مسلمانوں کو اُن کی جان، اُن کی اولاد، اور اُن کے اموال میں، جو بھی مصیبت پہنچتی ہے، تو وہ اللہ کے فیصلہ یا اُس کے امر یا اُس کے علم سے پہنچتی ہے۔اگر چاہتا ہے اُس سے سالم رکھتا ہے بندوں کے حال کی درستی کے لیے، اور صبر کے ساتھ اُن کے امتحان کرتا ہے اور ثواب کی زیادتی اور گناہوں سے پاک کرنے کے واسطے بندوں پر مصیبت ڈالتا ہے۔اللہ تعالیٰ اُن کے دِلوں کو صبر کی ہدایت دیتا ہے۔۔چنانچہ۔۔وہ مصیبت کے وقت کہتے ہیں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيۡهِ رٰجِعُوۡنَ۔وہ یہ یقین رکھیں کہ جو مصیبت اُن پر آئی ہے وہ اُن سے ٹل نہیں سکتی تھی، اور جس مصیبت سے وہ بچ گئے وہ اُن پر آ نہیں سکتی تھی۔

(اور جو مان جائے اللہ) تعالیٰ (کو) اور جان لے کہ مصیبت اُس کے ارادے اور مشیت سے ہے، (تو) حق تعالیٰ (ہدایت دے گا اُس کے دِل کو) یعنی راہ دکھائے گا اُس کے دل کو صبر اور ثبات کی۔ظاہر ہے کہ جب اُس کو معلوم ہوگا وہ بلاء اللہ کی مراد ہے یعنی ارادہ کی ہوئی ہے، تو اُسے دِل وجان سے قبول کرلے گا اور اُس کے واقع ہونے سے مضطرب نہ ہوگا۔

بزرگوں نے کہا کہ بلاء 'جمالِ مولیٰ' کا آئینہ ہے، تو آئینہ کو اُس کے جمال کا نور دیکھنے کے لیے دوست رکھنا چاہیے۔

(اور اللہ) تعالیٰ (ہر ایک کا جاننے والا ہے)۔وہ صبر کرنے والوں اور شکایت کرنے والوں سب کو خوب جانتا ہے۔تو مصائب کا مردانہ وار سامنا کرنا چاہیے۔

---

وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ

اور کہا مانو اللہ کا اور کہا مانو رسول کا۔اب اگر تم پھرے،

فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ⑫

تو ہمارے رسولوں پر صرف صاف صاف پہنچادینا ہے●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور) خدا اور رسول کی اطاعت میں مشغول رہنا چاہیے، تو (کہا مانو اللہ) تعالیٰ (کا، اور کہا مانو رسول کا۔ اب اگر تم) اطاعت سے (پھرے) اور انحراف کیا، (تو ہمارے رسولوں پر صرف صاف صاف پہنچا دینا ہے) جبراً اطاعت کرانا نہیں ہے۔ اُن کے ذمہ تو صرف وضاحت کے ساتھ احکام کا پہنچا دینا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾

اللہ! نہیں ہے کوئی معبود اُس کے سوا، اور اللہ ہی پر تو بھروسہ رکھیں ایمان والے●

(اللہ) تعالیٰ، (نہیں ہے کوئی معبود) برحق (اُس کے سوا)۔ یعنی اُس کے سوا کوئی مستحقِ عبادت (اور) پرستش کے لائق نہیں، تو چاہیے کہ (اللہ) تعالیٰ (ہی پر تو بھروسہ رکھیں ایمان والے)۔ ایمان یہی چاہتا ہے کہ اپنا کام حق تعالیٰ پر چھوڑ دیں اور 'کفایتِ مہمات' میں اُسی پر بھروسہ کریں۔

حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ہجرت کے بعد مسلمانوں نے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا ارادہ کیا، مگر اُن کے زن و فرزند نالہ وزاری، گریہ و بیقراری کر کے اُن کو نہ چھوڑتے تھے، اور وہ لوگ بھی اُن پر کمالِ شفقت اور مہربانی کی وجہ سے عاجز ہو کر رہ گئے تھے۔ حق تعالیٰ نے اس کے باب میں آیت بھیجی کہ۔۔۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ

اُے ایمان والو! بے شک تمہاری کچھ بیبیاں اور اولاد دشمن ہیں تمہارے، تو اُن سے بچتے رہو۔

وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾

اور اگر معافی دو اور درگزر کرو اور بخش دو، تو بلاشبہ اللہ غفور رحیم ہے●

(اُے ایمان والو! بے شک تمہاری کچھ بیبیاں اور اولاد دشمن ہیں تمہارے) بہ سبب اس کے کہ وہ ہجرت سے مانع ہوتی ہیں، (تو اُن سے بچتے رہو) اور اُن کی گریہ وزاری پر فریفتہ ہو کر ہجرت نہ چھوڑو۔

یہ آیت اُن مسلمانوں کو پہنچی تو انہوں نے ہجرت کی۔ اور جب مہاجروں کو دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک احکامِ دین میں فقیہ کامل اور عالم فاضل ہو گیا ہے، تو ان مسلمانوں نے اپنے زن و فرزند پر سختی کرنے کا ارادہ کیا کہ ہم تمہارے ہی سبب سے علم سے بے بہرہ رہے ہیں،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اور اسی وجہ سے انہیں خرچ دینا روکا، مہربانی کی رسمیں اُن کے ساتھ چھوڑ دیں، تو حق تعالیٰ نے فرمایا۔۔۔
(اور اگر معافی دو، اور درگزر کرو) یعنی جو جرم انہوں نے کیا ہے اُسے معاف کر دو اور اُس کو صرفِ نظر کر دو، (اور بخش دو) اُن کو اور اُن کا عذر قبول کر لو، (تو بلا شبہ اللہ) تعالیٰ (غفور رحیم ہے) بخشنے والا مہربان ہے، تمہارے ساتھ عفو و مغفرت کا معاملہ کرے گا۔

---

**إِنَّمَآ أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِندَهُۥٓ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿١٥﴾**

تمہارے مال اور اولاد، بس فتنہ ہی ہیں۔ اور اللہ! اُس کے یہاں بڑا ثواب ہے●

(تمہارے مال اور اولاد بس فتنہ ہی ہیں) یعنی سخت آزمائش ہیں، تاکہ یہ بات ظاہر ہو جائے کہ تم میں کون حق کو اُن پر ایثار کرتا ہے اور اُن پر ترجیح دیتا ہے۔ اور کون اپنے دِل کو مال اور اولاد سے کر محبتِ الٰہی سے کنارہ کرتا ہے۔ (اور اللہ) تعالیٰ، (اُس کے یہاں بڑا ثواب ہے) اس کے واسطے جن کے دل میں خدا اور رسول کی محبت غالب ہو مال اور اولاد کی محبت پر۔

---

**فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ ۗ**

تو ڈرتے رہو اللہ کو جہاں تک ہو سکے، اور حکم سنو، اور کہا مانو، اور خرچ خیرات کرو، اپنے بھلے کو۔

**وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِۦ فَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٦﴾**

اور جو محفوظ رکھا جائے اپنی طبیعت کی کنجوسی سے، تو وہی لوگ کامیاب ہیں●

(تو ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی بچو عذابِ الٰہی سے اور بچو اُن چیزوں سے جو موجب عذاب ہیں (جہاں تک ہو سکے) اور جس قدر بچ سکو۔
یہ آیت اُس آیت کے حکم کی ناسخ ہے کہ۔۔۔ **اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ** یعنی خدا سے ڈرو جیسا ڈرنے کا حق ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ عام انسانوں کا بس نہیں۔۔۔ الغرض۔۔ حسبِ استطاعت خدا سے ڈرو (اور حکم سنو) اللہ تعالیٰ کا (اور کہا مانو) اُس کا، (اور خرچ خیرات کرو) جو بہتر ہو خدا کی راہ میں (اپنے بھلے کو)۔ اس لیے کہ اُس کے فائدے تمہیں کو پہنچتے ہیں۔ (اور جو محفوظ رکھا جائے اپنی طبیعت کی کنجوسی سے) تاکہ وہ خدا واسطے بخل نہ کرے اور خدا کی راہ میں خرچ کرے، (تو وہی) راہِ حق میں خرچ کرنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

والے (لوگ کامیاب ہیں) اور فلاح پانے والے ہیں، دُنیا میں خوف کی چیزوں سے اور عقبیٰ میں عذاب اور سختیوں سے۔

إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ

اگر دو گے اللہ کو قرضِ حسنہ، تو دُونا کردے گا اُسے تمہارے لیے، اور بخش دے گا تمہیں،

وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٧﴾

اور اللہ قدردان بُردبار ہے●

(اگر دو گے اللہ) تعالیٰ (کو قرضِ حسنہ) یعنی جس چیز میں وہ حکم کرتا ہے اُس میں اپنا مال خرچ کرو گے اور صدقہ دو گے دِل کی خوشی کے ساتھ اور کمالِ اخلاص سے، (تو دونا کردے گا اُسے تمہارے لیے) اور زیادہ کردے گا تمہارے واسطے۔ ایک کو دس ۱۰۔۔یا۔۔ سات سو تک۔ یا ہزار بار چار لاکھ تک۔۔ یا۔۔ بے حساب۔ (اور بخش دے گا تمہیں)، یعنی تمہارے گناہ جو اُس سے پہلے ہوئے ہوں بُخل کر کے ۔۔یا۔۔ خرچ نہ کر کے۔ (اور اللہ) تعالیٰ (قدردان) ہے یعنی جزا دینے والا ہے شکرگزاروں کو، کہ تھوڑے سے صدقہ سے بہت کچھ دیتا ہے۔ اور (بردبار ہے) یعنی بخیلوں اور ممسکوں پر عذاب کرنے میں جلدی نہیں کرتا۔۔ اور۔۔

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿١٨﴾ ع ۸ / ۱۶

جاننے والا غیب و شہادت کا، زبردست حکمت والا●

(جاننے والا) ہے (غیب و شہادت کا)، یعنی جانتا ہے جو ظاہر میں بندے تصدیق کرتے ہیں اور جو دِل میں رکھتے ہیں ریاء اور اخلاص۔ (زبردست) ہے، یعنی غالب ہے، اُس سے بدلہ لے سکتا ہے جس کا صدقہ خالص نہ ہو۔ اور (حکمت والا) ہے، یعنی حکم کرنے والا ہے اُن کی کرامت اور عزت کا جو صدق کے رُو سے تصدق کرتے ہیں۔

اختتام سورہ التغابن ۔۔ ۲۲ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۲ اگست ۲۰۱۲ء، بروز یکشنبہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ۲۲؍رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۲؍اگست ۲۰۱۲ء، بروز یکشنبہ ﴾ --

سورۃ الطلاق ۶۵ مدنیۃ ۹۹ — آیاتہا ۱۲ رکوعاتہا ۲

# سُوْرَۃُ الطَّلَاق

سورۃ الطلاق--۶۵ مدنیہ ۹۹ — آیاتہا ۱۲--رکوعاتہا ۲

اِس سورۂ مبارکہ کا نام 'الطلاق' ہے، اس لیے کہ اِس کی پہلی آیت میں طلاق دینے اور طلاق کی عدت کا ذکر ہے۔ اِس سے پہلی والی سورت یعنی 'سورت تغابن' میں بعض بیویوں اور بعض اولاد کی عداوت کا ذکر ہے اور ظاہر ہے کہ عداوت بعض اوقات طلاق تک پہنچا دیتی ہے، اور اولاد کی عداوت بعض اوقات اِس حد تک پہنچا دیتی ہے کہ انسان اپنی اولاد پر خرچ کرنا بند کر دیتا ہے۔

پس مصحفِ کریم میں 'سورہ تغابن' کے بعد 'سورہ الطلاق' رکھی گئی کیونکہ اِس میں طلاق اور مطلقہ عورتوں اور اولاد پر خرچ کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔ ان دونوں سورتوں میں دوسری مناسبت یہ ہے کہ اِن دونوں کے آخر میں اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کی وسعت اور عموم کو بیان فرمایا ہے۔ اِس سورت کے نزول کا سبب اِس حدیث میں بیان کیا گیا ہے۔۔۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ اُن کی بیوی حائض تھیں اور انہوں نے اُن کو طلاق دے دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ سے اِس واقعہ کا ذکر کیا، تو آپ ﷺ اِس پر ناراض ہوئے اور فرمایا کہ اس کو چاہیے کہ اِس طلاق سے رجوع کرے، پھر اُس کو اپنے پاس روکے رکھے حتیٰ کہ وہ حیض سے پاک ہو جائے۔ پھر اُس کو دوبارہ حیض آئے۔ پس وہ اُس سے پاک ہو جائے، پھر اگر اُس کی رائے یہ ہو کہ اُس کو طلاق دے، تو اُس کو اُس طہر میں طلاق دے جس میں اُس نے جماع نہ کیا ہو۔ سو یہ وہ عدت ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے۔ ایسی ہدایت افروز اور علم آموز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ اَحْصُوا

اَے آنحضرت! جب طلاق کی نوبت آئے تمہیں عورتوں کو، تو مسلمانو! طلاق دو انہیں اُن کی عدت کا لحاظ رکھ کر، اور شمار رکھو

الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ

عدت کا۔ اور ڈرتے رہو اللہ اپنے رب کو۔ نہ نکال باہر کرو انہیں اُن کے گھروں سے اور نہ وہ خود نکلیں، مگر یہ کہ

اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ

کرلائیں کھلی بے شرمی۔ اور یہ اللہ کی حد بندیاں ہیں۔ اور جو بڑھے اللہ کی حد بندیوں سے،

فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۚ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ①

تو بے شک اُس نے اندھیر کیا خود اپنے اوپر نہیں اٹکل لگا سکتے تم کہ شاید اللہ نیا بھیجے اِس کے بعد کوئی حکم●

(اَے آنحضرت!) اور نبی مکرم! ایمان والوں کو فرمادیں کہ (جب طلاق کی نوبت آئے تمہیں عورتوں کو، تو) اَے (مسلمانو طلاق دو انہیں اُن کی عدت کا لحاظ رکھ کر، اور شمار رکھو عدت کا)، یعنی جب چاہو کہ طلاق دو اپنی ان عورتوں کو جو تمہاری مدخولہ ہو چکی ہیں، تو طلاق دو اُن کی عدت یعنی 'طہر بے جماع' میں کہ اُسے عدت میں شمار کر سکیں اور یہ طلاق موافقِ سنت ہے، اس واسطے کہ عورت طلاق کے بعد عدت میں داخل ہوتی ہے۔ اور طلاقِ بدعت یہ ہے کہ حالتِ حیض میں ۔۔یا۔۔ اُس طہر میں جس میں مجامعت کی ہو طلاق دے، اس واسطے کہ وہ ایام عدت میں حساب نہیں ہو سکتے اور عورت اس محل میں نہ عدت والی ہوتی ہے نہ شوہر والی۔

اِس مقام پر یہ بات خالی از فائدہ نہیں کہ طلاق کی تین ۳ قسمیں ہیں: ﴿۱﴾۔۔احسن، ﴿۲﴾۔۔حسن، ﴿۳﴾۔۔بدعی۔ طلاقِ احسن یہ ہے کہ جن ایام میں عورت ماہواری سے پاک ہو اور اُن ایام میں بیوی سے مقاربت بھی نہ کی ہو، اُن ایام میں صرف ایک طلاق دی جائے۔ اس میں دورانِ عدت مرد کو رجوع کا حق رہتا ہے، اور عدت گزرنے کے بعد عورت 'بائنہ' ہو جاتی ہے اور فریقین کی رضامندی سے دوبارہ نکاح ہو سکتا ہے۔

'طلاقِ حسن' یہ ہے کہ جن ایام میں عورت پاک ہو اور مقاربت بھی نہ کی ہو، اُن ایام میں ایک طلاق دی جائے اور جب ایک ماہواری گزر جائے، تو بغیر مقاربت کے دوسری طلاق دی جائے، اور جب دوسری ماہواری گزر جائے تو بغیر مقاربت کے تیسری طلاق دی جائے، اُس کے بعد جب تیسری ماہواری گزر جائے تو عورت 'مغلظہ' ہو جائے گی، اور اب

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

'شرعی حلالہ' کے بغیر اُس سے دوبارہ عقد نہیں ہوسکتا۔

رہ گئی 'طلاقِ بدعی' اُس کی تین صورتیں ہیں: ﴿۱﴾۔۔ایک مجلس میں تین طلاقیں دفعۃً دی جائیں، خواہ ایک کلمہ سے، مثلاً: تم کو تین طلاقیں دیں یا کلمات متعددہ سے، مثلاً: کہے تم کو طلاق دی، تم کو طلاق دی، تم کو طلاق دی۔ ﴿۲﴾۔۔عورت کی ماہواری کے ایام میں اس کو ایک طلاق دی جائے۔اُس طلاق سے رجوع کرنا واجب ہے اور یہ طلاق شمار کی جاتی ہے۔

﴿۳﴾۔۔جن ایام میں عورت سے مقاربت کی ہو اُن ایام میں عورت کو ایک طلاق دی جائے۔

'طلاق بدعی' کسی صورت میں ہو اُس کا دینے والا گناہ گار ہوتا ہے۔

اِس مقام پر کسی کو یہ خیال آسکتا ہے کہ حاملہ عورت کو جماع کے بعد طلاق دینا جائز ہے، تو غیر حاملہ کو اُس طہر میں طلاق دینا کیوں جائز نہیں؟ اِس کا جواب یہ ہے کہ اِس میں فرق واضح ہے کہ جس طہر میں شوہر نے اپنے بیوی سے جماع کر لیا، اُس طہر کے بعد جب تک حیض نہ آجائے یہ معلوم نہیں ہوسکتا کہ اُس جماع کے نتیجے میں استقرار حمل ہوا کہ نہیں، اور عورت کے حاملہ یا غیر حاملہ ہونے کا پتا نہیں چلے گا اور تعین نہیں ہوسکے گا کہ اُس کی عدت تین حیض ہے۔۔یا۔۔وضع حمل ہے، اس لیے یہ قید لگائی گئی کہ اگر شوہر کو طلاق دینی ہو، تو طہر کے اُن ایام میں طلاق دے جس میں اُس نے جماع نہ کیا ہو۔

آگے ارشاد ہے اور شمار رکھو عدت یعنی شمار کروائے مرد عورتوں کی عدت کو، کہ وہ اس کے حساب اور یادداشت سے عاجز اور غافل ہیں۔عدت نام ہے اُن ایام کا جن کے گزر جانے کے بعد مطلقہ عورت کے لیے نکاح کرنا جائز ہوجاتا ہے۔تو مطلقہ عورتیں اپنے کو تین حیض تک روکے رکھیں اور جس عورت کو حیض نہ آتا ہو وہ اپنے کو تین ماہ تک نکاح سے روکے رکھے۔

**(اور) اَے ایمان والو! (ڈرتے رہو اللہ) تعالیٰ (اپنے رب کو)** اور طلاق سنت کے موافق دو۔اور طلاق کے بعد **(نہ نکال باہر کرو انہیں اُن کے گھروں سے)** جب تک عدت منقضی نہ ہوجائے۔ **(اور)** عورتوں کو چاہیے کہ **(نہ وہ خود نکلیں)** یعنی باہر نہ آئیں۔پس اُن کو تم نہ نکالو۔ **(مگر یہ کہ کر لائیں کھلی بے شرمی)** اور بُرے کام جوان عورتوں کا حال بدکاری میں ظاہر کرنے والا ہو۔اِس سے وہ گناہ مراد ہے جس میں حد مقرر ہو جیسے زنا چوری وغیرہ، اس واسطے کہ حد جاری کرنے کے واسطے ان عورتوں کو گھر سے باہر لانا چاہیے۔۔یا۔۔فحش اور سفاہت کے سبب سے ان گھر والوں کو ایذاء دیں، تو اس حال میں ان کو گھر سے نکال دینا حلال ہے۔اِس واسطے سے یہ امر مخالفت کا حکم رکھتا ہے حق ساقط ہوجانے میں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور یہ) حکم جو مذکور ہوا (اللہ) تعالیٰ (کی حد بندیاں ہیں) کہ اُس نے مقرر فرمائیں جن سے بندے باہر نہیں ہو سکتے۔ (اور جو بڑھے) اور گزر جائے (اللہ) تعالیٰ (کی حد بندیوں سے، تو بے شک اُس نے اندھیر کیا خود اپنے اوپر) یعنی اپنے کو عذاب کا مستحق کر لیا۔ اَے طلاق دینے والے! (نہیں اٹکل لگا سکتے تم)۔۔یا۔۔کوئی بھی نہیں جان سکتا (کہ شاید اللہ) تعالیٰ (نیا بھیجے اُس کے بعد کوئی حکم) یعنی شاید مرد کو پشیمان کرے۔۔یا۔۔عورت کی محبت اُس کے دِل میں آئے اور وہ رجوع کر لے۔

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا

پھر جب وہ پہنچ گئیں اپنی مدت کو تو روک رکھو اُنہیں حسن سلوک سے، یا الگ ہی کر دو خوبی کے ساتھ، اور گواہ بنا لو

ذَوَیْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِیْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ یُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ

دو عادل کو اپنے میں سے، اور قائم کرو گواہی کو اللہ واسطے۔ یہ ہے جس کی نصیحت کی جاتی ہے اُسے جو

یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾

مانے اللہ اور پچھلے دن کو۔۔اور جو ڈرتا رہے اللہ کو، پیدا کر دیتا ہے اُس کے لیے نکال●

(پھر جب وہ پہنچ گئیں اپنی مدت کو) یعنی عدت کے آخری مرحلے تک پہنچنے والی ہوں۔ اور تین حیض کی تکمیل ہونے کو قریب ہو، (تو) تمہارے لیے دو شکل ہے، (روک رکھو انہیں حسن سلوک سے) رجوع کر کے، (یا الگ ہی کر دو خوبی کے ساتھ) مہر وغیرہ حقوق ادا کر کے۔ (اور گواہ بنا لو دو عادل کو اپنے میں سے) جو فاسق نہ ہوں، کہ وہ رجوع پر گواہ ہوں۔ اور یہ امر مستحب ہے، اور امام شافعی کے نزدیک واجب ہے۔

(اور قائم کرو گواہی کو) اَے گواہو! بوقتِ حاجت (اللہ) تعالیٰ کے (واسطے)، یعنی رضائے اِلٰہی اور طلبِ ثواب کے لیے۔ (یہ ہے جس کی نصیحت کی جاتی ہے اُسے جو مانے اللہ) تعالیٰ اور اس کے احکام (اور پچھلے دن کو)، اس لیے کہ ایمان والے ہی ایسی نصیحتیں قبول کر سکتے ہیں۔ (اور جو ڈرتا رہے اللہ) تعالیٰ (کو)، خوفِ الٰہی کے سبب سے منہیات کا مرتکب نہ ہو، تو حق تعالیٰ (پیدا کر دیتا ہے اُس کے لیے نکال)۔ یعنی وہ نجات پاتا ہے دُنیا اور آخرت کے غم سے۔۔یا۔۔جب کوئی حرام پر ہیز کرتا ہے، تو حق تعالیٰ اُسے وجہ حلال سے پہنچاتا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ

اور روزی دے اُسے جہاں سے سان وگمان نہ ہو، اور جو بھروسہ رکھے اللہ پر تو وہ اُسے کافی ہے۔

إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ﴿٣﴾

بے شک اللہ پورا فرمادینے والا ہے اپنے کام کو۔ بے شک مقرر کردیا اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ ●

**(اور روزی دے اُسے جہاں سے سان وگمان نہ ہو)۔**

اِس آیت کے نازل ہونے کا سبب یہ ہے کہ مشرکوں نے عوف بن مالک کے بیٹے کو قید کیا، اُس کا باپ پیغمبر کی خدمت میں آیا اور عرض کیا یارسول اللہ! ﷺ میرا بیٹا کافروں کی قید میں گرفتار ہوگیا، اور اُس کی ماں بہت بے صبری اور بے قراری کرتی ہے، اور اُس کے ساتھ فقر وفاقہ کی بھی نوبت آچکی ہے۔ جو چیز سدرمق ہوسکے اُس کی بھی قدرت نہیں۔ حضرت ﷺ نے فرمایا، تُو تقویٰ اختیار کر اور صابر رہ، اور تُو اور اُس کی ماں اکثر کہا کرے 'لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ'۔ عوف نے اپنی عورت سمیت آنحضرت ﷺ کی ہدایت پر عمل کیا۔ تھوڑی مدت میں عوف کا بیٹا مشرکوں کی قید سے چھوٹ گیا، اور اُن کی چار۴ ہزار بکریاں ہنکاتے ہوئے صحیح سلامت مدینہ منورہ میں آیا اور یہ آیت نازل ہوئی کہ جو کوئی تقویٰ اختیار کرتا ہے وہ حلال روزی پاتا ہے۔

**(اور جو بھروسہ رکھے اللہ)** تعالیٰ **(پر، تو وہ اُسے کافی ہے۔ بے شک اللہ)** تعالیٰ **(پورا فرمادینے والا ہے اپنے کام کو)**۔ یعنی خدا جس بات کا اِرادہ فرمالیتا ہے اور اُس کی جو مراد ہوتی ہے وہ پوری ہوکر رہتی ہے۔ **(بے شک مقرر کردیا اللہ)** تعالیٰ **(نے ہر چیز کا ایک اندازہ)**۔ اُس سے وہ چیز بڑھتی نہیں۔ فقیری ہو۔ یا۔ تونگری دونوں ہی تقدیرِ الٰہی سے ہیں۔

حضرت ابوذر غفاری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں ایک آیت جانتا ہوں کہ اگر لوگ اُسے مضبوط پکڑیں یعنی اس پر کاربند ہوں، تو ان سب کو کافی ہو۔ پھر آیہ **وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ** پڑھی اور چند بار اس کا اعادہ فرمایا۔ اِس آیت کی بنیاد تقویٰ اور توکل پر ہے۔ تقویٰ 'بوستانِ قرب' کی خوشبو ہے اور رتبہ معیت سے خبر دیتا ہے کہ **اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا**۔ اور توکل 'گلزارِ کفایت' کی خوشبو ہے اور اس سے 'ریحانِ محبت' کی خوشبو مہکتی ہے کہ **اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ** اور بے اِن ۲ دوصفتوں کے 'طریقِ تحقیق' میں قدم نہیں رکھ سکتے۔ جب طلاق دی ہوئی عورتوں کی عدت کا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حکم نازل ہوا کہ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ تو صحابہ نے پوچھا کہ یارسول اللہ ﷺ جن
عورتوں کے حیض نہیں ہوتا، اُن کی کیا عدت ہے؟ تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

وَالّٰٓئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ

اور جو تمہاری عورتیں ناامید ہو چکیں حیض سے، اگر اب تک تم شک کر رہے تھے، تو اُن کی عدت تین

اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓئِیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ

مہینہ ہے۔ اور اُن کی بھی جنہیں ابھی حیض نہ آیا۔ اور حمل والیاں، اُن کی مدت یہ ہے کہ جن لیں

حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ یُسْرًا ﴿۴﴾

اپنا حمل۔ اور جو ڈرے اللہ کو، وہ کردے گا اُس کے لیے اُس کے کام میں آسانی ●

(اور جو تمہاری عورتیں ناامید ہو چکیں حیض سے، اگر اب تک تم شک کر رہے تھے) اُن کے حکم میں یعنی ان کا حکم نہیں جانتے تھے، (تو) جان لو کہ (اُن کی عدت تین مہینہ ہے اور اُن کی بھی جنہیں ابھی حیض نہ آیا۔ اور حمل والیاں، اُن کی مدت یہ ہے کہ جن لیں اپنا حمل) خواہ وہ طلاق دی ہوئی ہوں ۔۔۔یا۔۔۔ بیوہ ہو گئی ہوں۔ (اور جو ڈرے اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی اُس کے عذاب کو اور اُس کا حکم مانے، (وہ کردے گا اُس کے کام میں آسانی)۔

ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ اِلَیْكُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یُكَفِّرْ عَنْهُ سَیِّاٰتِهٖ

یہ ہے اللہ کا حکم جس کو نازل فرمایا تمہاری طرف، اور جو ڈرے اللہ کو، وہ اُتار دے گا اُس سے اُس کے گناہ،

وَیُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ﴿۵﴾

اور بہت بڑا دے گا اُس کو ثواب ●

(یہ ہے اللہ) تعالیٰ (کا حکم جس کو) لوحِ محفوظ سے (نازل فرمایا تمہاری طرف اور جو ڈرے اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی عذابِ الٰہی کو اور اس کے حکم کی تعمیل کرتا رہے، تو (وہ اُتار دے گا اس سے اس کے گناہ اور بہت بڑا دے گا اس کو ثواب)، یعنی اس کو بہت زیادہ ثواب عطا فرمائے گا۔ مطلقہ عورتوں کے تعلق سے حکم الٰہی یہ ہے کہ طلاق دی ہوئی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا

عورتوں کو عدت میں رکھو جہاں خود رہنے لگے اپنی حیثیت بھر، اور نہ نقصان پہنچاؤ اُنہیں کہ تنگی ڈال دو

عَلَيْهِنَّ ۭ وَاِنْ كُنَّ اُولٰتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ

اُن پر۔ اور اگر وہ حاملہ ہوں، تو بھی نان نفقہ دو اُنہیں، یہاں تک کہ جن لیں

حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ

اپنا حمل۔ پھر اگر دودھ پلائیں تمہارے بھلے کو، تو دیتے رہو اُنہیں اُن کی اُجرتوں کو۔ اور مشورہ کیا کرو آپس میں

بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى ۝۶

خوبی کے ساتھ۔ اور اگر دشوار جانا تم نے، تو قریب ہے کہ دودھ پلا دے گی اُسے کوئی دوسری ●

(عورتوں کو عدت میں رکھو جہاں خود رہنے لگے اپنی حیثیت بھر)، یعنی اپنی طاقت و سکت کے مطابق اُن کے رہنے کی جگہ مقرر کر دو۔ (اور نہ نقصان پہنچاؤ اُنہیں) گھر اور خرچ کی طرف سے، (کہ تنگی ڈال دو اُن پر) اِس خیال سے کہ وہ تنگ آ کر گھر سے نکل جائیں۔ (اور اگر وہ حاملہ ہوں، تو بھی نان نفقہ دو انہیں یہاں تک کہ جن لیں اپنا حمل) علاقہ نکاح منقطع ہو جانے کے بعد۔ (پھر اگر دودھ پلائیں تمہارے بھلے کو) تمہارے بچے کو، (تو دیتے رہو اُنہیں اُن کی اجرتوں کو) دودھ پلانے پر۔ (اور مشورہ کیا کرو آپس میں خوبی کے ساتھ) فرزند کے دودھ پلانے اور اُس کی اجرت کے باب میں۔ (اور اگر دشوار جانا تم نے) یعنی شوہر اجرت دینے پر راضی نہ ہو اور بیوی دودھ پلانا نہ چاہے ۔۔یا۔۔ کسی وجہ سے پلا نہ سکے، (تو قریب ہے کہ دودھ پلا دے گی اُسے کوئی دوسری)۔ ایسی صورت میں اپنے بچے کے لیے انا کا انتظام کر لو اور ماں پر جبر اور زبردستی نہ کرو۔ چاہیے کہ۔۔۔

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۭ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ

نفقہ دیا کرے وسعت والا اپنی وسعت کے موافق۔ اور جس پر تنگ ہے اُس کی روزی، تو وہ نفقہ دیا کرے اُس سے جو دیا ہے

اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۭ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۭ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ

اُسے اللہ نے۔ نہیں بار رکھتا اللہ کسی پر مگر جو دے رکھا ہے اُسے۔ قریب ہے کہ کر دے گا اللہ

بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۝۷ ع ۱۷

دشواری کے بعد آسانی ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(نفقہ دیا کرے وسعت والا اپنی وسعت کے موافق)۔ یعنی اپنی مطلقہ عورت کو خرچ دیا کرے اپنی حیثیت کے مطابق۔ (اور جس پر تنگ ہے اُس کی روزی) یعنی وہ شخص فقیر اور تنگدست ہو، (تو وہ نفقہ دیا کرے اُس سے جو دیا ہے اُسے اللہ) تعالیٰ (نے) یعنی اپنی طاقت کے موافق طلاق دی ہوئی عورت کو خرچ دے۔ (نہیں بار رکھتا اللہ) تعالیٰ (کسی پر مگر جو دے رکھا ہے اُسے)۔ یعنی حق تعالیٰ اُس چیز کی تکلیف بندوں کو نہیں دیتا جس کی طاقت اُن کو نہ ہو۔ (قریب ہے کہ کردے گا اللہ) تعالیٰ (دشواری کے بعد آسانی)، یعنی تنگدستی کے بعد فراخ دستی۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا

اور کتنی آبادیاں تھیں کہ سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے اور اُس کے رسولوں سے، تو ہم نے حساب لیا اُن کا،

حِسَابًا شَدِيْدًا وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸﴾

سخت حساب۔ اور عذاب دیا اُنہیں، ناگوار عذاب•

اِس سے پہلے رکوع میں اللہ تعالیٰ نے اپنے احکام بیان کیے تھے اور اِس آیت میں بتایا ہے کہ اللہ کے احکام نہ ماننے سے دُنیا اور آخرت میں عذاب ہوتا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ فرمان۔۔۔

(اور) ارشاد ہے کہ (کتنی آبادیاں تھیں کہ) اُن میں رہنے والوں نے نادانی اور عناد کے رُو سے (سرکشی کی اپنے رب کے حکم سے اور اُس کے رسولوں) کی بات (سے، تو ہم نے حساب لیا اُن کا، سخت حساب)۔ دُنیا میں اُن پر سختیاں ہوئیں اور اُن کے چھوٹے بڑے گناہوں کی انہیں سزا ملی، مثلاً: کبھی قحط میں مبتلا ہوئے اور کبھی امراض اور درد وغیرہ میں گرفتار ہوئے، اور کبھی اُن کے سر تلواروں سے قلم کیے گئے اور کبھی اُن پر اُن کے دشمنوں کو مسلط کیا گیا، اور دیگر بلیات اور آفات ان پر نازل ہوئیں کہ جن سے ان کا نام ونشان تک نہیں رہا۔

یہ اس لیے ہوا تا کہ آنے والی نسلیں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جب ایسی بلائیں نازل ہوتی ہیں تو مجرم کے لیے کوڑے کا کام کرجاتی ہیں جن سے اُسے عبرت نصیب ہوتی ہے۔ اگر وہ اس سے عبرت حاصل نہیں کرتا، تو اُس سے بڑھ کر اور عذاب نازل ہوتا ہے جس سے اُس کی جڑ کٹ جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کا نام ونشان بھی ختم کردیا جاتا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ ایسوں کا ہم نے سختی سے حساب لیا۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور عذاب دیا انہیں ناگوار عذاب) جسے سن کر طبائع گھبرا جائیں اور ایسی سخت تکلیف کہ جیسی مجرم نے دیکھی نہ سنی، اور نہ ہی اُسے اِس قسم کی توقع تھی۔ اگر مجرم کو اس قسم کا عذاب بتایا جاتا تو تصدیق کو تیار نہ تھا، لیکن اب اس میں مبتلا ہے۔

ذہن نشین رہے کہ قہرِ غیر متوقع سے زیادہ سے زیادہ درد محسوس ہوتا ہے، جیسے غیر متوقع لطف میں بہت زیادہ لذت حاصل ہوتی ہے۔ اس سے جلدی کا عذاب مراد ہے کہ جب آیا تو مجرموں کی جڑ کٹ گئی، جیسے طوفان میں غرق ہونا اور دریا میں ڈوب کر مرنا، آگ میں جل جانا، تیز آندھی، سخت سے سخت چیخیں۔ **نُکْرًا** کا معنی وہ سخت امر جس کا عرفان نہ ہو۔ 'الانکار' عرفان کی نقیض ہے۔۔ الختصر۔۔ جب انہوں نے سرکشی کی۔۔۔

---

**فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۝٩ اَعَدَّ اللّٰهُ**

تو چکھا اپنے کام کے وبال کو، اور اُن کے کام کا انجام ہوا خسارہ میں ● تیار کر چکا ہے اللہ

**لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ ۚۖ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ**

اُن کے لیے سخت عذاب۔ تو ڈرا کرو اللہ کو اَے عقل والو!۔۔۔ جو ایمان لا چکے۔۔

**قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝١٠**

بے شک نازل فرمایا اللہ نے تمہاری طرف یادگار ●

(تو چکھا اپنے کام کے وبال کو) اور اُس کے نقصان کو۔ (اور اُن کے کام کا انجام ہوا خسارہ میں)۔ اور اس سے بڑھ کر اور بدتر کون خسارہ ہے کہ جنت اور دیدارِ الٰہی سے محروم ہوں گے، اور قید خانہ دوزخ اور عذابِ دردناک میں مبتلا ہوں گے۔ (تیار کر چکا ہے اللہ) تعالیٰ (ان) مشرکین (کے لیے سخت عذاب) دونوں جہان میں۔ (تو ڈرا کرو اللہ) تعالیٰ (کو) یعنی اُس کے عذاب کو (اَے عقل والو۔۔ جو ایمان لا چکے۔۔۔ بے شک نازل فرمایا اللہ) تعالیٰ (نے تمہاری طرف یادگار) یعنی نصیحت ۔۔۔یا۔۔ شرف کہ قرآن شریف ہے اور بھیجا تمہارے پاس۔۔۔

---

**رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا**

وہ رسول جو تلاوت فرمائے تم پر اللہ کی روشن آیتیں، کہ نکال باہر کرے اُنہیں جو مان گئے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ یَعْمَلْ

اور نیکیاں کیں، اندھیریوں سے روشنی کی طرف۔ اور جو مان جائے اللہ کو اور کرے

صَالِحًا یُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ

لیاقت مندی، داخل فرمائے گا اُسے باغوں میں بہتی رہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں۔

قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿۱۱﴾

بے شک خوب کر دی اللہ نے اُس کی روزی●

(وہ رسول جو تلاوت فرمائے تم پر اللہ) تعالیٰ (کی روشن آیتیں) قرآن کی کہ خدا کا کلام ہے۔ قرآن کو حق تعالیٰ نے شرف فرمایا، اس واسطے کہ دُنیا میں شرف اور عقبیٰ میں بزرگی قرآن پڑھنے اور اس پر عمل کرنے سے وابستہ ہے۔ بعضوں نے کہا کہ **ذِکْرٌ** قرآن ہے اور رسول یعنی خدا کے فرستادہ جبرائیل امین ہیں۔ اور بعضوں نے کہا کہ رسول بدل ہے ذکر سے اور ذکر وہی رسول ہے یعنی ذاکر اور نصیحت کرنے والا۔ اور بہت صحیح اور مشہور بات یہ ہے کہ **ذِکْرٌ** پر کلام تمام ہوا، اور رسول منصوب ہے محذوف کے سبب سے۔ تقدیر کلام یہ ہے، کہ۔۔۔ متابعت کرو رسول کی جو قرآنی آیات تلاوت فرماتے ہیں۔ تا (کہ نکال باہر کرے انہیں جو مان گئے اور نیکیاں کیں اندھیریوں سے روشنی کی طرف)۔ یعنی تا کہ نکالے خدا۔۔یا۔۔قرآن۔۔یا۔۔ رسول اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک کام انجام دیئے۔

(اور جو مان جائے اللہ) تعالیٰ (کو اور کرے لیاقت مندی)۔ یعنی ایسے کام انجام دے جو ریاء، بناوٹ اور غرض سے پاک وصاف ہوں، (داخل فرمائے گا) حق تعالیٰ (اسے) ایسے (باغوں میں بہتی رہتی ہیں جن کے) مکانوں اور درختوں کے (نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں) بے زوال اور بے انتقال۔ (بے شک خوب کردی ہے اللہ) تعالیٰ (نے) بہشت میں (اس) مؤمن (کی روزی) اور وہ بھی کیا خوب روزی۔

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ یَتَنَزَّلُ

اللہ ہے جس نے پیدا فرمایا سات آسمانوں کو، اور زمینیں اُسی قدر۔ اُترتا رہتا ہے

الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۙ

حکم اُن کے درمیان، تا کہ جان لو کہ بلاشبہ اللہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع ۵ ۱۸

وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ﴿۱۲﴾

اور بے شک اللہ نے گھیر لیا ہر ایک کو علم میں●

(اللہ) تعالیٰ وہ (ہے جس نے پیدا فرمایا سات آسمانوں کو) ایک پر ایک۔ (اور) پیدا کیں (زمینیں اُسی قدر) سات عدد۔۔یا۔۔اُسی کی طرح ایک کے نیچے ایک۔ (اتر تا رہتا ہے حکم) الٰہی اور اُس کی قضاوقدر (اُن کے درمیان)۔ یعنی اُس کا حکم آسمان وزمین میں سب جگہ جاری ہے (تا کہ جان لو کہ بلاشبہ اللہ) تعالیٰ (ہر چاہے پر قدرت والا ہے) جو چاہے پیدا کرے۔ (اور) اللہ تعالیٰ نے اپنا حکم سب پر جاری کیا ہے تا کہ تمہیں علم ہو جائے، کہ (بے شک اللہ) تعالیٰ (نے گھیر لیا ہر ایک کو علم میں) یعنی علم کی رُو سے، یعنی اُس کا علم اور اُس کی قدرت سب چیزوں کو گھیرے ہے۔ 'موجوداتِ عینی' اور 'موجوداتِ غیبی' میں سے کوئی اُس کے علم اور قدرت سے خالی نہیں ہے۔

اختتام سورہ الطلاق ۔۔ ﴿ ۲۴رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۴راگست ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾

---

۔۔ ﴿ ۲۴رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۴راگست ۲۰۱۲ء۔۔۔بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

سورۃ التحریم ۶۶ مدنیۃ ۱۰۷ | آیاتہا ۱۲ رکوعاتہا ۲

# سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ

سورۃ التحریم۔۔۶۶ مدنیہ ۱۰۷     آیاتہا ۱۲۔۔رکوعاتہا ۲

نقل ہے کہ رسولِ مقبول ﷺ شہد کے شربت کو دوست رکھتے تھے۔ ایک وقت میں حضرت زینب بنت جحش کے پاس کسی قدر شہد تھا، جب آنحضرت ﷺ اُن کے گھر رونق افروز ہوتے، تو حضرت زینب شربت بناتیں اور آپ ﷺ کو اس سبب سے اُن کے گھر زیادہ توقف ہوتا۔ یہ بات اپنی غیرت طبیعہ کی وجہ سے بعض ازواج طاہرات کو گراں گزری۔ ام المومنین حضرت بی بی عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اِس بات پر اتفاق کیا اور یہ امر ٹھہرالیا کہ جب حضرت ﷺ وہاں سے شربت پی کر تشریف لائیں، تو ہم میں سے ہر ایک کہے کہ آپ کے دَھنِ مبارک سے 'مغافیر' کی بُو آتی ہے۔ اور 'مغفور' ایک درخت کا گوند ہے اُس میں بُری بُو آتی ہے، اور حضرت اچھی بُو کو دوست رکھتے تھے اور 'بری بُو' سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

احتراز فرماتے تھے۔ ہوسکتا ہے کہ اسی درخت کے گوند کا رس چوسنے کے بعد شہد کی مکھیوں سے جو شہد نکلتا تھا اُس میں اُس کی زیادہ نہ محسوس ہونے والی ہلکی بوٗ آجاتی ہو، تو گمان کیا جاسکتا تھا کہ نبی کریم علیہ السلام اگر یہ سن لیں گے کہ اُس کی بوٗ دوسرے بھی محسوس کررہے ہیں، تو اپنے کمالِ نظافت کی وجہ سے اُس کو ترک فرمادیں گے۔ اور پھر اسی شربت پینے کے خیال سے آپ حضرت زینب کے پاس زیادہ ٹھہر جاتے تھے وہ سلسلہ ختم ہوجائے گا۔

میں نے یہ وضاحت اِس لیے کردی ہے تاکہ ازواجِ مطہرات پر دیدہ و دانستہ کذب بیانی کا الزام نہ لگایا جاسکے۔

۔۔الختصر۔۔ حضرت ایک دن شہد کا شربت پی کر جس جس بی بی کے پاس آپ تشریف لائے، ہر ایک نے کہا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ میں 'مغفور' کی بوٗ آتی ہے۔ آپ نے جواب میں فرمایا کہ میں نے تو 'مغفور' نہیں کھایا، مگر زینب کے گھر شہد کا شربت پیا ہے۔ بیبیاں بولیں کہ شہد کی مکھیوں نے اُس درخت کی کلی چوسی ہوگی۔

جب یہ صورت مکرر واقع ہوئی، تو حضرت نے فرمایا:

حَرَّمْتُ العسل علی نفسی فواللہ لا اٰکلہ ابداً

یعنی میں نے حرام کرلیا شہد اپنی ذات پر۔ پس قسم اللہ کی نہ کھاؤں گا میں اُسے کبھی۔

اور یہ قسم آپ نے اِس لیے کھائی کہ دوبارہ کوئی آپ کو شہد نہ کھلائے پلائے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔ شانِ نزول کے تعلق سے یہ روایت بھی مشہور ہے کہ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی باری کے دن آپ اُن کے گھر تشریف لے گئے، وہ آپ کی اجازت سے اپنے والد ماجد کو دیکھنے گئی تھیں۔ آپ نے حضرت ماریہ قبطیہ کو طلب فرماکر اپنی خدمت سے سرفراز کیا۔ حضرت حفصہ اس بات پر مطلع ہوئیں اور رنج ظاہر کیا۔ حضرت نے فرمایا کہ اَے حفصہ تُو راضی نہیں ہے کہ میں اُسے اپنے اوپر حرام کرلوں۔ حضرت حفصہ نے عرض کی میں راضی ہوں یارسول اللہ! ﷺ۔

آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ بات تمہارے پاس امانت ہے تمہیں چاہیے کہ کسی سے نہ کہو، انہوں نے قبول کیا۔ جیسے ہی حضرت اُن کے گھر سے باہر آئے وہ فرطِ مسرت میں غرق ہوگئیں اور اپنی مسرت میں شریک کرنے کے خیال سے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ بات کہہ دی اور اُن کو مبارک باد دی کہ قبطیہ کی باری سے ہم نے نجات پائی۔ جب

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حضرت علیہ السلام حضرت بی بی عائشہ کے گھر تشریف لے گئے، تو انہوں نے رمزوکنایہ میں یہ حکایت کہی اور یہ سورت نازل ہوئی۔

۔۔الحاصل۔۔اِس سورت میں اُن احکام کا بیان ہے جو ازواجِ مطہرات کے ساتھ مخصوص ہیں، تاکہ وہ دوسری مسلم خواتین کے لیے نمونہ ہوں۔ اِس سورہ کا نام 'تحریم' اِسی کی آیت اِکے کلمہ لِمَ تُحَرِّمُ سے ماخوذ ہے۔ایسی مبارک، معنی خیز، اور ہدایت آموز سورۂ پاک کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ

اُے آنخضرت! کیوں پرہیز کروتم اُس سے کہ حلال فرمادیا جسے اللہ نے تمہاری خاطر۔تم چاہتے ہو اپنی بیبیوں کی خوشی۔

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①

اور اللہ غفور رحیم ہے●

(اُے آنخضرت!) نبی مکرم ﷺ' (کیوں پرہیز کروتم اُس سے کہ حلال فرمادیا جسے اللہ) تعالیٰ (نے تمہاری خاطر)۔تمہیں ملک یمین۔۔یا۔۔عسل سے پرہیز واجتناب کی ضرورت نہیں، اور وہ بھی اس لیے کہ (تم چاہتے ہو اپنی بیبیوں کی خوشی)۔اُے محبوب! یہ تمہارا مقام نہیں ہے کہ تم اپنی ازواج کو راضی کرو۔ بلکہ اُن ازواج کو یہ چاہیے کہ وہ تمہاری رضا کو تلاش کریں۔ (اور اللہ) تعالیٰ (غفور) ہے یعنی بخشنے والا ہے تمہارے قسم کھانے کو، اور (رحیم ہے) یعنی مہربان ہے کہ اُس نے قسم کا کفارہ مقرر کردیا ہے۔۔اور۔۔

---

قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②

بے شک مقرر فرمادیا اللہ نے تمہاری خاطر کو تم سب مسلمانوں کی قسموں کا کفارہ، اور اللہ تم لوگوں کا مولیٰ ہے۔اور وہی علم والا حکمت والا ہے●

(بے شک مقرر فرمادیا اللہ) تعالیٰ (نے تمہاری خاطر کو تم سب مسلمانوں کی قسموں کا کفارہ)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

توجو کچھ قسم کے سبب سے باندھتے ہو اُسے کفارہ سے کھول سکتے ہو۔۔۔اور قسم کے کفارہ کا بیان سورۂ مائدہ میں آچکا ہے۔۔۔(اور اللہ) تعالیٰ (تم لوگوں کا مولیٰ ہے)، یعنی تمہارا دوست ہے اور تمہارے کاموں کا متولی ہے۔ وہی کرتا ہے جس میں تمہارے کام کی درستی ہو۔ (اور وہی علم والا) ہے اور جانتا ہے بندوں کی مصلحتیں۔ اور (حکمت والا ہے) یعنی پکا کام کرنے والا ہر چیز میں جو کہ بندوں کی نسبت کہتا ہے یا کرتا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِیُّ اِلٰی بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِیْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ

اور جبکہ پوشیدہ کی آنحضرت نے اپنی ایک بی بی سے بات۔ پھر جب کہہ ڈالا اُن بی بی نے اُس کو، اور ظاہر فرمادیا اُسے اللہ نے

عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ

آنحضرت پر، تو انہوں نے جتادیا کچھ اور چشم پوشی کی کچھ سے۔ تو جب بتایا آنحضرت نے اُن بی بی کو، انہوں نے پوچھا

مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ③

کہ "کس نے خبر دی آپ کو اس کی؟" جواب دیا کہ "خبر دی مجھے اللہ علم والے بتانے والے نے"

(اور) یاد کرو اے ایمان والو! (جبکہ پوشیدہ کی آنحضرت نے اپنی ایک بی بی سے بات) یعنی ام المومنین حضرت حفصہ سے رازدارانہ طور پر فرمایا، کہ بی بی ماریہ قبطیہ کو اپنے اوپر حرام کر لینا ہے یعنی اُن سے پرہیز کرنا ہے۔۔۔یا۔۔۔شہد پینے سے اجتناب کرنا ہے۔۔۔یا۔۔۔حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خلافت کا ذکر۔

یہ باتیں آپ ﷺ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے پوشیدہ طور پر فرمائی تھیں اور انہوں نے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا سے ظاہر کردیا۔

(پھر جب کہہ ڈالا ان بی بی نے اُس کو اور ظاہر فرمادیا اُسے اللہ) تعالیٰ (نے آنحضرت پر)، یعنی اس افشائے راز کی خبر دے دی، (تو انہوں نے) حضرت بی بی حفصہ کو (جتادیا کچھ)۔ یعنی میں نے تم سے جو فلاں فلاں بات کہی تھی اور تم نے ان میں سے اس قدر بات ظاہر کردی یعنی بی بی ماریہ قبطیہ کو حرام کر لینا، (اور چشم پوشی کی کچھ سے)۔

مراد یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے کرم کی راہ سے سب باتیں نہیں جتائیں، حالانکہ حضرت بی بی حفصہ نے رسولِ مقبول کی سب پوشیدہ باتیں کہہ دی تھیں، تو آپ وہ سب

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

باتیں حضرت حفصہ کے سامنے منہ پر نہیں لائے۔

**(تو جب بتایا آنحضرت نے ان بی بی کو)** اس بات سے جس کی اطلاع خدا نے آپ کو دی تھی، تو **(انہوں نے پوچھا کہ کس نے خبر دی آپ کو اس کی؟)** کہ میں نے آپ کا راز فاش کر دیا۔

چونکہ یہ راز کی بات انہوں نے حضرت عائشہ سے کی تھی اور یہ تاکید بھی کر دی تھی کہ وہ کسی کو نہ بتائیں، تو انہیں خیال ہوا کہ شاید حضرت عائشہ ہماری تاکید کا خیال نہ کر سکیں اور آنحضرت ﷺ سے اُسے کہہ دیا۔ اسی لیے آنحضرت سے پوچھ لیا کہ آپ کو یہ بات کس نے بتائی۔ آپ علیہ السلام نے۔۔۔

**(جواب دیا کہ خبر دی مجھے اللہ)** تعالیٰ **(علم والے)** نے جو جاننے والا ہے دِل کی چھپی باتیں، اور **(بتانے والے نے)** جو پوشیدہ باتوں کو جس کو چاہتا ہے اُس کو بتا دیتا ہے۔

---

**اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ**

بے شک تم دونوں بیبیاں توبہ کر ڈالو اللہ کی طرف، کہ تمہارے دِل ہٹ گئے ہیں، اور اگر چھائی رہو گی اُس پر، تو بے شک اللہ ہی

**هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ﴿۴﴾**

آنحضرت کا مولیٰ ہے، اور جبرائیل، اور لائق مسلمان۔ اور پھر فرشتے اُن کی پشت پر حاضر ہیں●

**(بے شک تم دونوں بیبیاں)** اَے حفصہ! اور اَے عائشہ! **(توبہ کر ڈالو اللہ)** تعالیٰ **(کی طرف)** اور آنحضرت کا دِل ستانے میں باہم پشت پناہ نہ ہو، تو تمہارے واسطے بہتر ہوگا۔ یہ ہدایت اس لیے ہے **(کہ تمہارے دِل ہٹ گئے ہیں)** صواب سے کہ رسول کے بھید کی محافظت نہیں کرتیں۔۔۔یا۔۔ رسول کی پسند کا خیال نہیں کرتیں، اور صرف اپنی خواہش کی تکمیل کے لیے رسولِ کریم کی پسندیدہ چیز سے آپ کو پرہیز کرانے کی تدبیر میں لگی رہتی ہیں۔

**(اور اگر چھائی رہو گی اِس پر)** یعنی رسولِ کریم کے دِل کو ستانے پر ایک دوسرے کی مددگار و پشت پناہ رہو گی، **(تو بے شک اللہ)** تعالیٰ **(ہی آنحضرت کا مولیٰ ہے)** یعنی یار و مددگار ہے اپنے پیغمبر کا۔ وہی آپ کو نصرت فرمائے گا **(اور جبرائیل)** اُن کے رفیق ہیں جو اُن کی مددگاری کریں گے۔ **(اور لائق مسلمان)** ان کے تابع اور معین ہیں۔

ان مؤمنوں سے سارے صحابہ مراد ہیں۔ اور ایک قول یہ ہے کہ حضرت صدیق اکبر اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حضرت فاروق اعظم مراد ہیں، جو حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ کے والد ہیں اور آپ کے معاون ہیں، کہ آپ کی خوشی اپنی اولاد کی خوشی پر اختیار کریں گے۔ بقول حضرت مجاہد اس سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ مراد ہیں۔ اللہ تعالیٰ تو حقیقی مددگار ہے باقی سب اُسی کی مدد ونصرت کے مظاہر ہیں۔

(اور) اس کے باوجود کہ خدا، جبرائیل اور صحابہ آپ کے یار ہیں (پھر) مزید برآں (فرشتے اُن کی پشت پر حاضر ہیں) یعنی آسمان وزمین کے سب فرشتے بھی آپ کی یاری اور خدمت گزاری کے لیے مستعد ہیں۔

اب آگے آپ کی بیبیوں کو خوف دلانے کی غرض سے ارشاد ہوتا ہے کہ۔۔۔

**عَسٰی رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ**

قریب ہے کہ اُن کا رب، اگر طلاق دے دی آنحضرت نے تم کو، یہ کہ بدل دے اُن کی خاطر تم سے بہتر بیبیاں نیاز مند،

**مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا۝**

مان دان کرنے والیاں، فرمانبردار، توبہ والیاں، پجاریاں، روزہ دار، بیوہ اور کنواریاں●

(قریب ہے کہ اُن کا رب اگر) بالفرض (طلاق دے دی آنحضرت نے تم کو، یہ کہ بدل دے اُن کی خاطر تم سے بہتر بیبیاں)۔

یہ قدرت سے خبر دینا ہے، اس امر کے واقع ہونے سے خبر دینا نہیں ہے۔ اس واسطے کہ خدا چاہتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ طلاق نہ دیں۔۔۔نیز۔۔۔جانتا تھا کہ آپ طلاق نہ دیں گے۔

پھر ان بیبیوں کی تعریف فرماتا ہے جو اس کی قدرت میں اپنے رسول کے واسطے بدل دینا تھیں، وہ کیسی ہوں گی؟۔۔۔

(نیاز مند) وحدانیت کا اقرار کرنے والیاں۔۔۔یا۔۔۔حکمِ الٰہی ماننے والیاں، (مان دان کرنے والیاں) تصدیق کرنے والیاں۔۔۔یا۔۔۔باور رکھنے والیاں۔۔۔یا۔۔۔اخلاص لانے والیاں، (فرمانبردار) نمازی، (توبہ والیاں) یعنی گناہوں سے توبہ کرنے والیاں۔۔۔یا۔۔۔بارگاہِ خدا میں رجوع لانے والیاں، (پجاریاں) یعنی بندگی بجالانے والیاں۔۔۔یا۔۔۔زاری کرنے والیاں، (روزہ دار)۔۔۔یا۔۔۔ہجرت کرنے والیاں۔ (بیوہ) شوہر کو دیکھے ہوئیں (اور کنواریاں)۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حضرت ابن عباس کی روایت ہے کہ شوہر دیکھی ہوئی تو آسیہ فرعون کی جورو ہے، اور کنواری حضرت مریم، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ماں۔حق تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ قیامت کے دن جنت میں اُن دونوں بیبیوں کو رسولِ مقبول ﷺ کی بی بی بنائے گا۔اب آگے یہ وضاحت کی جارہی ہے کہ قریبی رشتہ داروں کو درجہ بدرجہ امر بالمعروف ضروری ہے۔۔ چنانچہ۔۔ارشاد ہوتا ہے کہ۔۔۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ

اُے ایمان والو! بچالو اپنی جانوں کو اور اپنے والوں کو اُس آگ سے، جس کا ایندھن انسان ہیں

وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ

اور پتھر۔جس پر فرشتے ہیں سخت کرّے۔نہیں نافرمانی کرتے اللہ کی، جو کچھ حکم دے دیا اُس نے،

وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۶﴾

اور کرتے رہتے ہیں جو بھی حکم دیے جاتے ہیں●

(اُے ایمان والو! بچالو اپنی جانوں کو) گناہ ترک کرکے، (اور اپنے والوں کو) یعنی اپنے لوگوں اور اپنی اولاد کو نصیحت کرکے، (اُس آگ سے جس کا ایندھن انسان ہیں) یعنی کافر جن اور انسان (اور پتھر) یعنی گندھک کہ اُس کی گرمی تیز کرے گا۔۔یا۔۔پتھر کے بت جنہیں کافر پوجتے ہیں۔۔یا۔۔احبار ورہبان کے خزانے سونے چاندی کے جن کا اصل اور منشا پتھر ہے۔(جس پر فرشتے ہیں سخت کرّے) یعنی دوزخ پر متعین اور موکل فرشتے سخت کلام کرنے والے، سخت کام کرنے والے قوی، کہ دوزخیوں کو نہ ان سے لڑنے کی قوت اور نہ ان کے قبضے سے بھاگ جانے کی مجال اور طاقت ہوگی۔وہ فرشتے (نہیں نافرمانی کرتے اللہ) تعالیٰ (کی، جو کچھ حکم دے دیا اُس نے) وہی کرتے ہیں اور خدا کی مخالفت نہیں کرتے۔(اور کرتے رہتے ہیں جو بھی حکم دیئے جاتے ہیں)۔

تبیان میں لکھا ہے کہ دوزخ کے فرشتوں کو کافروں کے عذاب کے سبب سے اتنی ہی لذت حاصل ہوگی، جتنی لذت جنتیوں کو جنت کی نعمتوں سے حاصل ہوگی۔جب وہ فرشتے کافروں کو دوزخ کے کنارے لائیں گے تو کافر عذر کرنا شروع کردیں گے اور اخلاص کا داعیہ کریں گے، تو حق تعالیٰ فرمائے گا۔۔یا۔۔فرشتے کہیں گے۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۟ ع ۱ ۷ ۱۹

اَے کافرو! نہ تاویل گڑھو آج۔ تم بدلہ دیے جاتے ہو اُسی کا جو کیا کرتے تھے•

(اَے کافرو! نہ تاویل گڑھو آج) کہ اب عذر قبول نہیں ہے اور عذر سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ (تم بدلہ دیئے جاتے ہو اُسی کا جو کیا کرتے تھے) دُنیا میں۔

دوزخ کی ہولناکی اور کافروں کے انجام کو ذکر کرنے کے بعد ایمان والوں کو متنبہ کیا جارہا ہے کہ۔۔۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ

اَے ایمان والو! توبہ کرو اللہ کی جانب کھری توبہ۔ قریب ہے کہ تمہارا رب اُتار دے تم سے تمہارے گناہ،

سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِيَّ

اور داخل فرمائے تمہیں باغوں میں، بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں، جس دن کہ نہ رسوا کرے گا اللہ آنحضرت کو،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

اور جو ایمان لائے اُن کے ساتھ۔ اُن کا نور دوڑ رہا ہوگا اُن کے آگے، اور اُن کے داہنے۔ دُعا کریں گے

رَبَّنَاۤ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۟

کہ "پروردگارا! پورا فرمادے ہمارے لیے ہمارے نور کو اور بخش دے ہمیں، بے شک تُو ہر چاہے پر قدرت والا ہے"•

(اَے ایمان والو! توبہ کرو اللہ) تعالیٰ (کی جانب، کھری توبہ)۔ کہ پھر گناہ کے پاس بھی نہ جاؤ۔

حضرت معاذ ابن جبل نے فرمایا کہ تَوْبَةً نَّصُوْحًا یہ ہے کہ توبہ کرنے کے بعد گناہ کی طرف نہ پھرے، جیسے چھاتی سے نکلا ہوا دودھ چھاتی میں واپس نہیں جاتا۔ حضرت حسن بصری نے فرمایا تَوْبَةً نَّصُوْحًا کے دو رکن ہیں۔ ایک تو ندامت گزرے ہوئے گناہ پر اور دوسرے عزیمت آئندہ گناہ نہ کرنے پر۔

تو اَے کھری توبہ کرنے والو! (قریب ہے کہ تمہارا رب اتار دے تم سے تمہارے گناہ)، یعنی تمہارے گناہ مٹا دے معاف فرما کر۔ (اور داخل فرمائے تمہیں) اُن (باغوں میں، بہتی ہیں جن کے) مکانوں اور درختوں کے (نیچے نہریں)۔ جنتوں میں داخل ہونا کب ہوگا؟۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(جس دن کہ نہ رسوا کرے گا اللہ) تعالیٰ (آنحضرت کو، اور) اُن کو (جو ایمان لاتے) ہیں اُن کے ساتھ)۔ یعنی اللہ تعالیٰ رسولِ کریم کی ذات پر عذاب و عتاب نہ کرے گا، اور گنہگاروں کے باب میں اُن کی شفاعت رَد نہ فرمائے گا، اور ایمان والوں کی بھی شفاعت اُن کے دوستوں کے باب میں قبول فرمائے گا۔ اور (اُن کا) وہ (نور) جو حق تعالیٰ نے اُن کو عطا کیا ہے (دوڑ رہا ہوگا اُن کے آگے اور اُن کے داہنے) جب صراط پر گزریں گے۔ اور اس وقت منافقوں کا نور بجھ جائے گا۔

(دُعا کریں گے) ایمان والے (کہ پروردگارا! پورا فرمادے ہمارے لیے ہمارے نور کو)۔ یعنی ہمارا نور باقی رکھ تا کہ صراط سے صحیح سلامت ہم گزر جائیں۔ (اور بخش دے ہمیں) یعنی گناہوں کی تاریکی سے پاک کردے۔ (بے شک تُو ہر چاہے پر قدرت والا ہے)۔ جو چاہے کرے۔ تو نور پورا کرنے اور مغفرت کرنے وغیرہ پر تُو قادر ہے۔

اِسی سورہ مبارکہ کی آیت ۶ میں مسلمانوں کو یہ ہدایت ہے کہ وہ اپنے کو اور اپنے اہل و عیال کو جہنم سے بچائیں۔ ظاہر ہے کہ اِس سے مراد یہ ہے کہ اُن اسباب کو اپنانے سے بچائیں جو جہنم رسید کردینے والے ہوں۔ انہیں اسباب میں سے ایک سبب بے دینوں کے ساتھ میل ملاپ اور محبت و وداد کا تعلق رکھنا بھی ہے۔

دورِ حاضر میں لوگ غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ بدمذہب سے سختی کو تشدد و تعصب اور ان سے نرمی وغیرہ کو خوش خلقی کا نام دیے رہے ہیں۔ وہ یہ نہیں سوچتے کہ حضور سرورِ کونین ﷺ رحمۃ للعالمین اور [illegible] رحم دلوں اور رقیق قلبوں کے سردار اور امام ہیں۔ حق تعالیٰ جب انہیں بے دینوں سے سختی کے ساتھ پیش آنے کا حکم فرماتا ہے پھر ہم تم کس شمار میں ہیں۔۔

چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔۔۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ

اے آنحضرت! جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے، اور سخت رہو اُن پر۔ اور اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ⑨

اور کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے●

(اے آنحضرت! جہاد کرو کافروں اور منافقوں سے اور سخت رہو اُن پر)، اِس کا منشا یہ ہے کہ دین میں شدت کو اختیار کیجیے۔ جہاد کا مطلب یہ ہے کہ آپ اُن کے خلاف تلواروں اور نیزوں اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

دیگر ہتھیاروں سے جہاد کیجیے، اور اپنے موقف کے ثبوت پر دلائل پیش کیجیے۔اور انہیں اللہ کے دین کی دعوت دیجیے۔اور جو منافقین حدود کا اِرتکاب کرتے ہیں سو آپ اُن پر اللہ کے حدود قائم کیجیے۔

جب نبی ﷺ کو منافقین کے خلاف جہاد کرنے کا حکم دیا ہے تو ضروری ہے کہ آپ جانتے ہو کہ کون منافق ہے۔اور ایمان اور نفاق دل میں ہوتا ہے اور ان پر مطلع ہونا علم غیب سے ہے۔ اِس آیت میں یہ دلیل بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم غیب عطا فرمایا ہے۔

۔۔الختصر۔۔اَے محبوب! ان کافروں اور منافقوں کے ساتھ آپ قلبی محبت نہ فرمائیں اور ان کے ساتھ ایسا سلوک نہ کریں جو دِلی محبت کا تقاضہ ہوتا ہے کیونکہ یہ اُس کے لائق نہیں ہیں۔(اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے)، اگر یہ کافر ایمان نہیں لاتے (اور) یہ منافق دین میں اخلاص نہیں برتتے۔تو یہ جہنم (کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے)۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ كَانَتَا تَحْتَ

ضرب المثل فرمائی اللہ نے کافروں کے لیے، نوح کی عورت اور لوط کی عورت کی، دونوں تھیں ماتحتی میں

عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ

ہمارے دو لیاقت والے بندوں کے، تو دونوں نے دغا کی اُن سے، تو نہیں کارآمد بنے اُن کے لیے اللہ کے حضور

شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝

کچھ بھی، اور کہا گیا کہ "تم دونوں چلی جاؤ آگ میں جانے والوں کے ساتھ"●

(ضرب المثل فرمائی اللہ) تعالیٰ (نے کافروں کے لیے) جو نہ ایمان لائے (نوح کی عورت اور لوط کی عورت کی)۔یہ (دونوں) عورتیں (تھیں ماتحتی میں ہمارے دو لیاقت والے بندوں کے، تو دونوں نے دغا کی اُن سے) اور اُن پر ایمان نہ لائیں اور اُن کے دین کو قبول نہ کیا۔

بلکہ نوح علیہ السلام کی عورت واعلہ قوم کے لوگوں سے کہتی تھی کہ وہ دیوانہ ہے اور لوط علیہ السلام کی عورت واہلہ قوم کو حضرت لوط علیہ السلام کے مہمانوں کی خبر کرتی کہ قوم کے لوگ ان مہمانوں کی آرزو اور خواہش بدفعلی کے واسطے کرتے، جیسا کہ ان کے قصے میں گزرا۔

(تو نہیں کارآمد بنے) یہ پیغمبر (ان کے لیے اللہ) تعالیٰ (کے حضور کچھ بھی)۔

۔۔چنانچہ۔۔حضرت نوح علیہ السلام کی عورت طوفان میں غرق ہوگئی، اور حضرت لوط علیہ السلام کی عوت پر پتھروں کی بارش ہوئی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یہ تو دُنیا میں ہوا (اور) آخرت میں (کہا گیا)، یعنی یقیناً کہا جائے گا، (کہ تم دونوں چلی جاؤ
ک میں جانے والوں کے ساتھ)۔
اِس مثال کا حاصل یہ ہے کہ کافروں پر عذاب ہونا ہے اور ان میں اور پیغمبر میں جو نسبت
ہے ان کے کفر کے موجود ہوتے ہوئے وہ نسبت کچھ فائدہ نہیں دیتی۔

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ

اور ضرب المثل فرمائی اللہ نے مسلمانوں کے لیے فرعون کی عورت کی۔۔ جب کہ دُعا کی اُس نے کہ "پروردگارا!

لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ

بنا میرے لیے اپنے یہاں ایک گھر جنت میں، اور بچالے مجھے فرعون اور اُس کے کرتوت سے،

وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۱﴾

اور بچالے مجھے ظالم لوگوں سے"●

(اور) ایسے ہی (ضرب المثل فرمائی اللہ) تعالیٰ (نے مسلمانوں کے لیے فرعون کی عورت
ی) یعنی آسیہ بنت مزاحم کی، (جبکہ دُعا کی اُس نے کہ پروردگارا! بنا میرے لیے اپنے یہاں ایک گھر
نت میں)۔ یعنی مقامِ قرب میں مجھے جگہ دے۔

روایت ہے کہ جب آسیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایمان لائیں، تو فرعون کے حکم سے لوگوں نے چومیخا کر کے انہیں دھوپ میں ڈال دیا، تو حق تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم فرمایا کہ اس کے گرداگرد اپنے پروں سے اس پر سایہ کرلیں اور فرعون کے حکم سے ایک پتھر لا کر ان کے سینے پر رکھ دیا، تو آسیہ نے دُعا کی کہ اَے اللہ! مجھے جنت میں گھر دے۔۔۔

(اور بچالے مجھے فرعون) کے نفسِ خبیث (اور اُس کے کرتوت سے)، یعنی اِس سختی اور عذاب
سے جو وہ مجھ پر کرتا ہے تیری توحید پر ایمان لانے کے سبب سے۔ (اور بچالے مجھے ظالم لوگوں سے)
نی ظالموں کی قوم قبطیوں اور فرعون کے ماننے والوں سے۔

حق تعالیٰ نے اُس بی بی کی دُعا قبول فرمائی اور پردہ اُس کے سامنے سے ہٹا کر اور جنت میں اُس کا گھر اسے دکھا کر اُس کی روح قبض کی۔ جب اُن کی چھاتی پر پتھر رکھا تو اُن کی روح نکل چکی تھی۔ بعض تفسیروں میں ہے کہ اُس بی بی کو حق تعالیٰ نے اُن کے جسم سمیت آسمان پر اٹھالیا اور اب وہ جنت میں ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اس مثال کا حاصل یہ ہے کہ ایمان ہونے کی بدولت کافروں سے ملے ہونے نے ان کو کچھ ضرر نہیں پہنچایا۔ جس طرح حضرت نوح اور حضرت لوط علیہما السلام کی عورتوں کو کفر کے سبب سے انبیاء سے ملے ہونے نے کچھ نفع نہیں دیا۔ اور یہ مثل حق تعالیٰ نے رسولِ مقبول ﷺ کی بیبیوں اور سب ایمان والیوں کے واسطے بیان فرمائی۔

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

اور مریم دختر عمران کی، جس نے پاکدامنی کی، تو پھونکا ہم نے اُس میں اپنی طرف سے روح،

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾ ع ۲

اور تصدیق کی اپنے رب کی باتوں اور اُس کی کتابوں کی، اور ہوئی فرمانبرداروں سے●

(اور مریم دختر عمران کی جس نے پاکدامنی کی) اور اپنا دامن حرام اور بُرے کام سے بچا کے رکھا، (تو پھونکا ہم نے اس) کے گریبان (میں اپنی طرف سے روح) جو ہم نے پیدا کی تھی۔ (اور تصدیق کی) مریم نے (اپنے رب کی باتوں اور اُس کی کتابوں کی)، یعنی ان صحیفوں کی جو انجیل کے قبل نازل ہوئے تھے۔۔یا۔۔ اُن وعدوں کی جو جبرائیل علیہ السلام نے خدا کی طرف سے اُن سے کیے کہ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا۔۔ الختصر۔۔ تصدیق کی مریم نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجی ہوئی سب کتابوں کی (اور ہوئی فرمانبرداروں سے)۔۔یا۔۔ ہمیشہ عبادت کرنے والیوں سے۔

اِس سے اشارہ ہے کہ حضرت مریم کی عبادت مردانِ کامل کی عبادت سے کم نہ تھی۔ حدیث میں ہے کہ مَردوں میں سے تو بہت کمال کو پہنچے، لیکن عورتوں میں کمال تک پہنچنے والیوں میں مریم بنت عمران اور آسیہ زوجہ فرعون کا ایک امتیازی مقام ہے۔

بعونہٖ تعالیٰ و بفضلہٖ سبحانہٗ، آج بتاریخ

۲۶ رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ۔۔ مطابق۔۔ ۱۶/ اگست ۲۰۱۲ء

بروز پنجشنبہ کو ۲۸ ویں پارہ کی تفسیر مکمل ہوگئی۔ دُعا گو ہوں

رب کریم اپنے فضل و کرم سے باقی پاروں کی تفسیر کی تکمیل کی سعادت

مرحمت فرمائے اور فکر و قلم کو اپنی خاص حفاظت میں رکھے۔

آمِیْن یَامُجِیْبَ السَّائِلِیْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ، بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ

وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بعونہٖ تعالیٰ وبفضلہٖ سبحانہٗ، آج بتاریخ

۷؍شوال المکرم ۱۴۳۳ھ۔۔مطابق۔۔۲۶؍اگست ۲۰۱۲ء

بروز یکشنبہ، ۲۹ویں پارہ اور سورۂ ملک کی تفسیر کا آغاز کردیا ہے۔دُعا گو ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ اِس کی اور پورے باقی قرآنِ کریم کی تفسیر مکمل کرنے کی سعادت اپنے فضل وکرم سے مرحمت فرمائے، اور فکر وقلم کو اپنی حفاظت میں رکھے۔

اٰمِیْن یَامُجِیْبَ السَّائِلِیْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ، بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ وَبِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم

# سُوْرَةُ الْمُلْكِ

سُوْرَةُ الْمُلْكِ ۶۷ مَكِّيَّةٌ ۷۷ | اٰيَاتُهَا ۳۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۃ الملک۔۔۶۷ مکیہ ۷۷ | آیاتہا ۳۰۔۔رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام 'الملک' اِسی سورہ کی آیت ا سے ماخوذ ہے۔اِس سورت کے اور بھی نام ہیں۔اِس سورہ کو 'الواقیہ' اور 'المنجیہ' بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ عذابِ قبر سے بچاتی ہے اور نجات دیتی ہے۔حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اِس سورت کا نام 'المجادلہ' رکھتے تھے کیونکہ یہ سورت قبر میں میت کی طرف سے بحث اور جدال کرتی ہے۔حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ قرآن مجید میں ایک سورت ہے جس میں تیس ۳۰ آیتیں ہیں، وہ اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑا کرے گی یہاں تک کہ اُس کو جنت میں داخل کردے گی، اور وہ 'سورۂ تبارک' ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نبی کریم کا ارشاد ہے، قرآن کی ایک سورہ میں تیس ۳۰ آیتیں ہیں وہ جس کی شفاعت کریں گی اُسے بخش دیا جائے گا۔حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ 'سورۂ تبارک' اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑا کرے گی حتی کہ اُس کو جنت میں داخل کردے گی۔یہی سبب ہے کہ مہاجرین وانصار اِس سورت کو خاص طور پر سیکھتے تھے اور پڑھا کرتے تھے۔اور کہتے تھے کہ وہ شخص نقصان زدہ ہے جس نے اِس سورت، یعنی 'سورۂ ملک' کو نہیں سیکھا۔ایسی نجات دہندہ شفاعت فرمانے والی سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِیۡ بِیَدِهِ الۡمُلۡكُ ۡ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُ ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ

بڑی برکت والا ہے وہ، جس کے قبضہ میں سارا ملک ہے، اور وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے● جس نے

خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَ الۡحَیٰوةَ لِیَبۡلُوَكُمۡ اَیُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ؕ وَ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۙ﴿۲﴾

پیدا فرمایا موت اور زندگی کو تاکہ جانچے تمہیں کہ کون کام میں زیادہ اچھا ہے۔ اور وہی عزت والا مغفرت والا ہے●

(بڑی برکت والا) اور بزرگ و برتر اور ہمیشہ کو ثابت رہنے والا (ہے وہ، جس کے قبضہ میں سارا ملک ہے)۔ یعنی جس کے دستِ قدرت میں ساری بادشاہی ہے اور امورِ ملک میں تصرف کرنا ہے، یعنی جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ (اور وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے)۔ جو چاہا کیا، جو چاہتا ہے کرتا ہے، اور جو چاہے گا کرے گا۔ (جس نے پیدا فرمایا) دُنیا میں آدمیوں کی (موت اور) آخرت میں اُن کی (زندگی کو)۔

اور ایک قول کے مطابق موت و زندگی سے دُنیا اور آخرت مراد ہے، یعنی دُنیا اور آخرت کو پیدا کیا۔

(تاکہ جانچے تمہیں) یعنی تمہارے ساتھ آزمائش کرنے والوں کا معاملہ کرے، تاکہ ظاہر ہو جائے (کہ) تکلیف کا گھر یعنی دُنیا میں تم میں سے (کون کام میں زیادہ اچھا ہے) اور عمل کی جہت سے زیادہ نیک ہے، یعنی کس کا اخلاص بڑھا ہوا ہے۔ (اور وہی عزت والا) ہے کہ اپنی بادشاہت میں ڈرنے والوں کو شرمندہ نہیں کرتا۔ اور (مغفرت) فرمانے (والا ہے) اُن کی خطاؤں کا۔ وہ خدا۔۔۔

الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ

جس نے پیدا فرمایا سات آسمانوں کو نیچے اوپر۔ نہ دیکھو گے اللہ مہربان کے بنانے میں کوئی چوک۔

فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ﴿۳﴾

تو پھیر دیکھو نگاہ کو، کہ کیا دیکھ پاتے ہو تم کوئی رخنہ؟●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(جس نے پیدا فرمایا سات آسمانوں کو نیچے اوپر)، یعنی طبقہ طبقہ ایک پر ایک۔
معالم میں ہے کہ آسمانِ دُنیا ایک موج مضبوط ہوگئی ہے۔ دوسرا آسمان سفید مرمر کا ہے۔
تیسرا لوہا۔ چوتھا سیسا، اور بعض کے نزدیک تانبا۔ پانچواں چاندی۔ چھٹا سونا۔ ساتواں
یاقوت سرخ۔
(نہ دیکھو گے اللہ) تعالیٰ (مہربان کے بنانے میں کوئی چوک) کچھ خلل اور اختلاف اور تناقض
اور عیب اور کجی۔ (تو پھیر دیکھو نگاہ کو)، یعنی آسمان کی طرف نگاہ پھاڑ کے دیکھو تا کہ اُس میں تم غور و فکر
کر سکو، (کہ کیا دیکھ پاتے ہو تم کوئی رخنہ) یعنی کوئی دراڑ۔۔یا۔۔نقصان؟۔

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيرٌ ④

پھر دوبارہ نگاہ کرو، لوٹ پڑے گی تمہاری طرف ناکام اِس حال میں کہ تھکی ماندی ہے●

(پھر دوبارہ نگاہ کرو) اور بار بار دیکھو اور بتاؤ کہ کیا تمہیں کوئی کمی نظر آ رہی ہے؟۔۔الختصر۔۔
اگر ایک بار دیکھنے سے معلوم نہ ہو، تو بار بار دیکھو۔ جس کا انجام کار یہی ہونے والا ہے کہ (لوٹ پڑے
گی تمہاری طرف ناکام) ہو کر تمہاری آنکھ (اِس حال میں کہ تھکی ماندی ہے)۔۔چنانچہ۔۔وہ عیب نہ پا سکے
گی اور آسمان کی طرف دیکھنے سے تھک جائے گی۔۔یا۔۔وہ پشیمان ہوگی بہت نگاہ پھیرنے سے کہ ہر
چند دیکھتی ہے مگر اُس میں کوئی عیب نہیں پاتی۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُومًا لِّلشَّيَاطِينِ

اور یقیناً بلاشبہ سنوارا ہم نے نزدیک والے آسمان کو چراغوں سے، اور کر دیا ہم نے اُسے شیطانوں کے لیے مار،

وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ ⑤

اور تیار کر رکھا ہے ہم نے اُن کے لیے بھڑکتی آگ کا عذاب●

(اور یقیناً بلاشبہ سنوارا ہم نے نزدیک والے آسمان کو)، یعنی اُس آسمان کو جو زمین سے بہت
نزدیک ہے۔ زمین سے دیکھنے والوں کو ایسا ہی محسوس ہوتا ہے۔ اور آرائش دی ہم نے اُس کو (چراغوں
سے) یعنی ستاروں سے، کہ راتوں کو چراغوں کی طرح روشن ہوتے ہیں۔ (اور کر دیا ہم نے اُسے
شیطانوں کے لیے مار)۔ اُن شیطانوں کے لیے جو چھپے چوری باتیں سننے کو آسمان کا قصد کرتے ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور تیار کر رکھا ہے ہم نے اُن کے لیے) دُنیا میں آگ کے تیروں سے جلنے کے بعد آخرت میں (بھڑکتی آگ کا عذاب)۔

وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا

اور اُن کے لیے جنہوں نے اِنکار کر دیا اپنے رب کا، جہنم کا عذاب ہے۔ اور کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے• جب ڈالے گئے اُس میں

سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۝

تو سنا اُس کی گدھے کی چیخ، اور وہ جوش مار رہی ہے•

(اور اُن کے لیے) بھی (جنہوں نے اِنکار کر دیا اپنے رب کا) اور کافر ہو گئے شیطان وغیرہ (جہنم کا عذاب ہے۔ اور کتنی بُری پھرنے کی جگہ ہے) یہ دوزخ۔ (جب ڈالے گئے اُس میں تو سنا اُس کی گدھے کی چیخ)۔ یعنی گدھے ایسی آواز جو بہت بُری اور مکروہ آواز ہے۔۔ الختصر۔۔ جب کافروں کو دوزخ میں ڈالیں گے تو دوزخ شور اور فریاد کرے گی، (اور) کفار دیکھیں گے کہ (وہ جوش مار رہی ہے) اور وہ اُن کو اپنے اندر لے لے گی جیسے گوشت جوش کھائی ہوئی دیگ میں۔ اُس کے جوش کا عالم یہ ہے۔۔۔

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝

کہ پھٹا چاہتی ہے غصہ سے۔ جب جب ڈالی گئی اُس میں کوئی جمعیت، پوچھا اُنہیں اُس کے داروغوں نے کہ "کیا نہیں آیا تھا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا؟"•

(کہ) کافروں پر (پھٹا چاہتی ہے غصہ سے)، ایسا کہ قریب ہے کہ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے (جب جب ڈالی گئی اُس میں کوئی جمعیت) یعنی مشرکوں۔۔یا۔۔فاسقوں۔۔یا۔۔ظالموں کا کوئی گروہ، جو گناہ اُن کے دوزخ میں داخل ہونے کا سبب ہوگا اُس کے تعلق سے (پوچھا اُنہیں اُس کے داروغوں نے) ملامت کے رُو سے، (کہ) اَے مشرکو! اَے گنہ گارو! اَے ظالمو! (کیا نہیں آیا تھا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا؟) یعنی کیا کوئی پیغمبر تمہاری طرف مبعوث نہیں ہوا جو تم کو خدا کی طرف بلاتا اور اُس کے عذاب سے ڈراتا، اور اِس فضیحت سے تم کو بچاتا؟ اُس کے جواب میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ
سب کو بولنا پڑا کہ "کیوں نہیں، بے شک آئے تھے ہمارے پاس ڈرانے والے۔ تو ہم نے جھٹلایا، اور جواب دیا کہ نہیں اُتارا
اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۖ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿٩﴾
اللہ نے کچھ، تم بس کھلی گمراہ میں ہو"●

(سب کو بولنا پڑا کہ کیوں نہیں، بے شک آئے تھے ہمارے پاس ڈرانے والے۔ تو ہم نے جھٹلایا) اور پیغمبر کی تکذیب میں ہم نے زیادتی کی اور خدا کے اُن کو رسول کرنے اور اُن کے رسول ہونے کی ہم نے تکذیب کی۔ (اور) ہم نے اُن پیغمبروں کو اُن کی دعوت کا یہ (جواب دیا کہ نہیں اُتارا اللہ تعالیٰ (نے کچھ) جو جو تم کہتے ہو وعدہ، وعید، امر، نہی وغیرہ۔ اور ہم نے یہاں تک کہا کہ اَے رسولو! (تم بس کھلی گمراہی میں ہو) کہ باوجود آدمی ہونے کے نبوت کا دعویٰ کرتے ہو۔

---

وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١٠﴾
اور بولے کہ "اگر ہم سنتے یا سمجھتے، تو نہ رہتے جہنم والوں میں"●

بعضوں نے کہا ہے کہ یہ خطاب دوزخ کے فرشتوں کا ہے کافروں سے، یعنی دوزخ کے فرشتے اُن سے جواب میں کہیں گے کہ تم نہ تھے مگر بڑی گمراہی میں۔۔ یا۔ نہیں ہو تم اب مگر بڑے عذاب میں۔

(اور بولے کہ اگر ہم سنتے) پیغمبروں کی بات دُنیا میں اور اُن سے بحث نہ کرتے اور مطلبوں اور معنوں کی تفتیش نہ کرتے، اِس واسطے کہ اُن کے معجزات سے اُن کے سچے ہونے کی علامتیں اُن کے احوال سے ظاہر تھیں، (یا سمجھتے) ہم اُن کے کلام کے معنی اور فکر کرتے اُن کی حکمت کے نوروں میں، اِس واسطے کہ اُن کے اقوال اور افعال ہم معائنہ کرتے تھے، (تو نہ رہتے) ہم (جہنم والوں میں)۔

---

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ
تو اقرار کرلیا اُنہوں نے اپنے گناہوں کا۔ تو دُور ہوں جہنم والے● بے شک جو ڈریں اپنے رب کو
بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١٢﴾
بے دیکھے، اُن کے لیے مغفرت ہے اور بڑا ثواب●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تو اقرار کرلیا انہوں نے اپنے گناہوں کا)۔لیکن اُس وقت کا اقرار سودمند نہ ہوگا۔(تو دُور ہوں) حق تعالیٰ کی رحمت سے (جہنم والے)۔اور (بے شک) وہ لوگ (جو ڈریں اپنے رب) کے عذاب (کو بے دیکھے) یعنی نزولِ عذاب سے پہلے۔۔یا۔۔پوشیدگی کے ساتھ، یعنی خوف کے آثار خلق سے چھپاتے ہیں اور تنہائیوں میں نالہ وفریاد کرتے ہیں روتے ہیں۔

۔۔یا۔۔'غیب' سے مراد 'دِل' ہے کہ خلق سے پوشیدہ ہے اور خدا پر ظاہر ہے، یعنی دِل میں ڈرتے رہتے ہیں۔

(اُن کے لیے مغفرت ہے) گناہوں کی (اور بڑا ثواب) ہے بہشت کی صورت میں۔

بعضوں نے کہا کہ وہ بڑا ثواب سختیوں اور مکروہات سے بے خوف ہونا ہے۔یعنی ڈرنے والوں کو اُس چیز سے امان کی خوشخبری ہے جس سے ڈرتے ہیں۔روایت ہے کہ کفارِ قریش شہواتِ عیش میں مسرور اور مغرور ہوکر رسولِ مقبول کی شان میں بے اَدبانہ باتیں کہتے تھے، اور چونکہ قرآن اُترنے کے ذریعہ سے کئی مرتبہ اُن کی باتوں کا پردہ کھل گیا، تو باہم انہوں نے یہ تدبیر کی اور یہ رائے قرار دی کہ آپس میں 'محمد ﷺ' کی باتیں آہستہ آہستہ کیا کریں، تاکہ اُن کا خدا نہ سنے اور اُن کو آگاہ نہ کرے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا يَعْلَمُ

اور آہستہ کرو اپنی بات یا زور سے، بے شک وہ جاننے والا ہے سینوں کی بات کو ● کیا وہ نہ جانے

مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾ ع

جس نے پیدا فرمایا؟ اور وہی باریک بیں خبردار ہے ●

(اور آہستہ کرو اپنی بات یا زور سے)، دونوں باتیں اُس کے نزدیک یکساں ہیں۔(بے شک وہ جاننے والا ہے سینوں کی بات کو) قبل اس کے کہ وہ زبان پر آئے۔تو جو دِل کی چھپی باتوں سے واقف ہے اُس پر کچھ پوشیدہ نہ ہوگا۔وہ دِل کی بات زور سے کہیں۔۔یا۔۔آہستہ۔(کیا وہ نہ جانے جس نے پیدا فرمایا) دِل کو کہ اس میں کیا ہے؟ (اور وہی باریک بیں خبردار ہے)۔یعنی چیزوں کے باطن اور اُن کی حقیقتیں وہ جانتا ہے اور موجودات کے ظاہر اور حقائق سے وہ آگاہ ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

هُوَ الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ ذَلُوۡلًا فَامۡشُوۡا فِیۡ مَنَاکِبِہَا

وہی ہے جس نے کردیا تمہارے لیے زمین کورام کہ چلو پھرو اُس کے راستوں میں،

وَ کُلُوۡا مِنۡ رِّزۡقِہٖ ؕ وَ اِلَیۡہِ النُّشُوۡرُ ﴿۱۵﴾

اور کھاؤ اُس کی روزی، اور اُسی کی طرف اُٹھنا ہے●

(وہی ہے جس نے کردیا تمہارے لیے زمین کورام) یعنی نرم، تا (کہ) اس پر تم کو سیر کرنا اور چلنا آسان ہو، اور تم (چلو پھرو) بآسانی (اس کے راستوں میں)، اور رزقِ حلال وغیرہ حاصل کرنے کے لیے ہر طرف تجارتی سفر کرتے رہو۔ (اور کھاؤ اُس کی روزی) خدا کی دی ہوئی جو اُس نے تمہارے واسطے مقرر و مقدر فرمادی ہے۔ (اور اُسی کی طرف اُٹھنا ہے) تو اُس کی شکر گزاری کرو۔

---

ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یَّخۡسِفَ بِکُمُ الۡاَرۡضَ فَاِذَا ہِیَ تَمُوۡرُ ﴿۱۶﴾

کیا نڈر ہوگئے تم آسمان والے سے کہ دھنسادے تمہیں زمین میں، تو اُس وقت وہ تھرتھراتی ہو●

اَے کافرو! (کیا نڈر ہوگئے تم آسمان والے سے)، یعنی حق تعالیٰ سے جو تمہارے زعم میں آسمان پر ہے۔۔یا۔۔ مقرب فرشتے سے جو عذاب پر مقرر ہے کہ وہ جبرائیل علیہ السلام ہیں۔ خلاصۂ کلام یہ ہے کہ تم بے خوف ہوگئے ہو اِس بات سے، (کہ) حق تعالیٰ۔۔یا۔۔ جبرائیل اُس کے حکم سے (دھنسادے تمہیں زمین میں، تو اُس وقت) تمہارے دھنسنے کے بعد (وہ تھرتھراتی ہو) اور اضطراب کرتی ہوئی تم کو بہت نیچے ڈال دے۔

---

اَمۡ اَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یُّرۡسِلَ عَلَیۡکُمۡ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ

یا نڈر ہوگئے تم آسمان والے سے کہ چھوڑ دے تم پر پتھروں کی بارش، تو اب جانو گے

کَیۡفَ نَذِیۡرِ ﴿۱۷﴾

کہ کیسا تھا میرا ڈرانا●

(یا نڈر ہوگئے تم آسمان والے سے) جس میں اُس کا عرش ہے۔۔یا۔۔ جو تمہارے گمان میں آسمان پر ہے۔۔یا۔۔ مقرب فرشتہ حضرت جبرائیل جو آسمان پر ہیں، تو کیا تم اُن سے بے خوف ہو چکے ہو، (کہ) یہ حق تعالیٰ خود۔۔یا۔۔ بواسطۂ جبرائیل (چھوڑ دے تم پر پتھروں کی بارش) جیسے کہ قوم لوط پر پتھر برسائے تھے، (تو اب جانو گے کہ کیسا تھا میرا ڈرانا)۔ مگر اب اس جان لینے سے تمہارا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾

اور بے شک جھٹلایا جو اِن سے پہلے تھے، تو کیسا ہوا میرا اِنکار کر دینا●

(اور بے شک جھٹلایا) اور تکذیب کی اپنے رسولوں کی انہوں نے (جو اِن سے پہلے تھے)، یعنی اِس زمانے کے کافروں سے پہلے تھے اگلی امتوں کے تکذیب کرنے والے اور اپنی تکذیب کی شامت سے ہلاک ہوئے، (تو کیسا ہوا میرا اِنکار کر دینا) یعنی میری سختی۔۔یا۔۔اُن پر میرا عذاب نازل کرنا۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ۘؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ

کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا پرندکو اپنے اوپر پر کھولے، اور سمیٹ بھی لیں۔۔۔نہیں روکے ہے اُنہیں مگر اللہ مہربان۔

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾

بے شک وہ ہر ایک کا نگراں ہے●

(کیا انہوں نے نہیں دیکھا پرند کو اپنے اوپر پَر کھولے) صف کھینچے اور قطار باندھے، (اور) جو (سمیٹ بھی لیں) بازو پھیلانے کے بعد۔ (نہیں روکے ہے انہیں) اور نگاہ رکھے ہے اُن کو ہَوا میں خلافِ طبع۔۔یا۔۔بازو پھیلانے اور سمیٹنے کے وقت (مگر اللہ) تعالیٰ (مہربان)، کہ اُس نے ہر ایک قسم کی چڑیا کو ایک خاص شکل صورت ہیئت طبیعت دی ہے، اور اُن کے اُڑنے کے اسباب ہَوا میں مہیا کیے ہیں۔(بے شک وہ ہر ایک کا نگراں ہے)۔ ذرا غور کرو اور سوچو کہ۔۔۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ

وہ کون ہے جو لشکر ہو تمہارا، مدد کرے تمہاری اللہ رحمٰن کے خلاف؟

اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ

کافر لوگ بس دھوکے میں ہیں● کون ہے وہ جو روزی دے تمہیں؟ اگر روک لیا اللہ نے اپنی روزی کو۔

بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾

بلکہ جمے پڑے ہیں سرکشی اور نفرت میں●

(وہ کون ہے جو لشکر ہو تمہارا) جو تمہارا مددگار بن کر (مدد کرے تمہاری اللہ) تعالیٰ (رحمٰن کے خلاف) اُس کے عذاب اور غضب سے؟ حقیقت یہ ہے کہ (کافر لوگ بس دھوکے میں ہیں) شیطان

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کے، جو اِن کو یہ باور کرائے ہوئے ہے کہ تم پر عذاب نازل نہ ہوگا۔ ذرا سوچو کہ (کون ہے وہ جو روزی دے تمہیں؟ اگر روک لیا اللہ) تعالیٰ (نے اپنی روزی کو) بارش روک کر کے۔۔یا۔۔وہ اسباب باطل اور زائل کر کے جو رزق حاصل ہونے کے وسیلے اور واسطے ہیں۔ یعنی اگر خدا تم سے رزق روکے تو وہ کون ہے جو تم کو روزی دے سکے۔ اور کافر جانتے ہیں کہ خالق اور رازق وہی ہے اور اُن کا کفر نادانی کے سبب سے نہیں ہے (بلکہ جمے پڑے ہیں سرکشی اور نفرت میں)، یعنی حق سے بھاگنے اور راستی سے نفرت کرنے میں۔

---

**اَفَمَنۡ یَّمۡشِیۡ مُکِبًّا عَلٰی وَجۡہِہٖۤ اَہۡدٰۤی اَمَّنۡ یَّمۡشِیۡ سَوِیًّا**

تو کیا جو چلے اوندھا منہ کے بل بڑی ہدایت والا ہے، یا وہ جو چلے سیدھا؟

**عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۲۲﴾**

سیدھے راستہ پر●

(تو کیا جو چلے اوندھا منہ کے بل) اپنے منہ پر سر جھکائے، یعنی سر جھکائے چلتا ہے آگے پیچھے داہنے بائیں نہیں دیکھتا، (بڑی ہدایت والا ہے) یعنی بہت راہ پائے ہوئے ہے (یا وہ، جو چلے سیدھا) کھڑا سب طرف دیکھتا ہوا۔ بے شک یہی ہے جو چلتا ہے (سیدھے راستے پر)، یعنی اُس راہ پر جو مقصد اور منزلِ مقصود تک پہنچانے والی ہے۔

یہ مثل گمراہ کافر کے واسطے ہے جو گمراہی کے جنگل میں حیران اور سرگرداں جاتا ہے اور مؤمن راہ پایا ہوا کہ راہِ حق پر بصیرت کی رُو سے چلتا ہے۔

اَے محبوب! کافروں سے۔۔۔

---

**قُلۡ ہُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡشَاَکُمۡ وَ جَعَلَ لَکُمُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ الۡاَفۡـِٕدَۃَ ؕ**

کہہ دو کہ "وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہیں اور بنایا تمہارے لیے کان، اور آنکھیں، اور دل،

**قَلِیۡلًا مَّا تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۲۳﴾**

تم کم شکر گزار ہوتے ہو"●

(کہہ دو کہ) جس خدا کی طرف میں تم کو بلاتا ہوں (وہی ہے جس نے پیدا کیا تمہیں) اپنی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قدرتِ کاملہ سے۔(اور بنایا تمہارے لیے کان) اور تمہیں سماعت عطا فرمائی تاکہ حق باتیں سنو، (اور آنکھیں) بنائیں اور بصارت عطا فرمائی تاکہ قدرت کی دلیلیں دیکھو، (اور دِل) عطا فرمایا تاکہ کلماتِ الٰہی کے معنوں اور مصنوعاتِ بادشاہی کی باریکیوں میں غور وفکر کرو۔اور (تم) بہت کچھ دیکھنے سننے کے باوجود (کم شکرگزار ہوتے ہو)، یعنی اُن نعمتوں کا کماحقّہٗ شکر ادا نہیں کرتے۔

## قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۲۴

کہہ دو کہ ”وہی ہے جس نے پھیلا دیا تمہیں زمین میں، اور اُس کی طرف حشر کیے جاؤ گے“●

اَے محبوب! (کہہ دو کہ) پیدا کرنے کے بعد (وہی ہے جس نے پھیلا دیا تمہیں زمین میں)، یعنی ہر ایک کو ایک منزل اور ایک مکان اور راہ اور کام دیا تاکہ تم عبادت کرو اور فرمانبرداری کرتے رہو، (اور اُسی کی طرف حشر کیے جاؤ گے)، یعنی اُسی کی طرف پھیرے جاؤ گے تاکہ اپنے کاموں اور اپنی باتوں کی جزا پاؤ۔

## وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝۲۵ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ

اور پوچھتے ہیں کہ ”کب ہے یہ وعدہ، اگر سچے ہو؟“● جواب دو کہ ”بتانا

## عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝۲۶

اللہ ہی کا کام ہے۔اور میں بس صاف صاف ڈرسنانے کا ذمہ دار ہوں“●

(اور پوچھتے ہیں) مشرک لوگ پیغمبر اور اُن کے یاروں سے (کہ کب ہے یہ وعدہ) حشر کا اور جزا پانے کا، یعنی اس وعدہ کے پورا ہونے کا وقت بتاؤ، (اگر سچے ہو)؟ اَے محبوب! (جواب دو کہ بتانا اللہ) تعالیٰ (ہی کا کام ہے)۔یعنی اِس کا علم خدا ہی کے پاس ہے، وہی جب چاہے گا جس کو چاہے گا اُسے باخبر فرمائے گا۔(اور میں) تو (بس صاف صاف ڈرسنانے کا ذمہ دار ہوں)۔یعنی قیامت کے آنے سے تم کو ڈراتا ہوں، میرا فریضہء نبوت اِسی قدر ہے۔

۔۔الختصر۔۔قیامت کے آنے کے دن کا بتانا میرے فریضہء نبوت میں داخل نہیں، بلکہ میرے فریضہء نبوت میں یہ ہے کہ اگر خدا کے بتانے سے مجھے اِس کا علم ہو بھی تو اِس کو میں ظاہر نہ کروں، اس لیے کہ ارشادِ خداوندی ہے کہ ”قیامت اچانک آئے گی“، اور ظاہر ہے کہ بتادینے کے بعد اُس کا آنا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

چانک نہ رہ جائے گا۔۔الحاصل۔۔میرے فریضۂ نبوت میں قرآنِ کریم کی تصدیق ہے اُس کی تکذیب نہیں۔اِن کافروں کا بھی عجیب حال ہے کہ آج تو یہ قیامت کے آنے کے دن کے منتظر بن رہے ہیں۔۔۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ

پھر جہاں دیکھ پائے اُسے پاس،تو بگڑ گئے چہرے اُن کے جنھوں نے کفر کیا تھا،اور کہہ دیا گیا کہ "یہ ہے جس کو

كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾

تم لوگ مانگا کرتے تھے"●

(پھر جہاں دیکھ پائے اُسے) اپنے (پاس،تو بگڑ گئے چہرے اُن کے جنھوں نے کفر کیا تھا)۔یعنی رنج اور غم کا اثر اُن کے چہروں سے ظاہر ہوگا۔(اور) دوزخ کے فرشتوں کے ذریعہ اُن سے (کہہ دیا گیا کہ یہ ہے جس کو تم لوگ) ہمیشہ (مانگا کرتے تھے) اور اُس کی تمنا کرتے تھے اور اس کی طلب میں جلدی کرتے تھے۔

امام زاہد علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ کافر ہمیشہ رسولِ کریم ﷺ کی موت کی تمنا اور آپ کے اصحاب کے ہلاک ہونے کی آرزو رکھتے تھے۔حق تعالیٰ نے اپنے حبیب سے فرمایا اَے محبوب!۔۔۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَ مَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ

کہو کہ "ذرا یہ بتاؤ کہ خواہ ہلاک کردے مجھے اللہ اور میرے ساتھیوں کو،خواہ رحم فرمائے ہم سب پر،تو وہ کون ہے

یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۸﴾

جو پناہ دے دے کافروں کو دکھ والے عذاب سے؟"●

(کہو کہ ذرا یہ بتاؤ کہ خواہ ہلاک کردے مجھے اللہ) تعالیٰ (اور میرے ساتھیوں کو،خواہ رحم فرمائے ہم سب پر)،یعنی بخشے ہم کو اور ہماری اَجل میں تاخیر کرے،(تو وہ کون ہے جو پناہ دے کافروں کو دکھ والے عذاب سے)۔یعنی ہماری موت سے تم کو کچھ فائدہ نہیں اور ہماری زندگی تم پر سے عذاب نہ دفع کرے گی۔مراد یہ ہے کہ ایمان اور توحید کے سوا عذابِ الٰہی سے تم کو کوئی نجات دینے والا نہیں،تو اوروں کی موت کے انتظار میں رہنا کیا فائدہ دے گا۔اَے محبوب!۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾

کہہ دو کہ ''وہی مہربان ہے، ہم مان گئے اُس کو اور اُسی پر بھروسہ رکھا۔ تو جلد جان لوگے جو کھلی گمراہی میں ہے''●

(کہہ دو کہ) جس پر ایمان لانا نجات کا سبب ہے وہ (وہی) خدائے (مہربان ہے) کہ (ہم مان گئے اُس کو اور اُسی پر بھروسہ رکھا) اُس کے غیر پر نہیں۔۔الختصر۔۔اپنا کام اُسی پر ہم نے چھوڑ رکھا ہے۔ (تو جلد جان لوگے) عذاب دیکھنے کے بعد کہ کون ہے (جو کھلی گمراہی میں ہے)، ہم یا تم؟۔

اِس سورۂ مبارکہ کی آخری آیت سے مقصود یہ ہے کہ کفار سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اقرار کرایا جائے، تاکہ وہ اندازہ کریں اور دِل میں سوچیں کہ اتنے زبردست منعم کا شکر اَدا نہ کرنا اور اُس کی نعمتوں کے احسانات کو نہ ماننا اور اُس کو چھوڑ کر بتوں کی عبادت کرنا کتنی بُری بات ہے۔ کافروں کو چاہیے کہ یہ اعتراف کرتے کہ اگر زمین میں پانی دھنس جائے تو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بہتا ہوا پانی نہیں لاسکتا۔۔ چنانچہ۔۔ ارشاد ہوتا ہے کہ اَے محبوب! ان سے۔۔۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع۲

پوچھو کہ ''ذرا تم بتاؤ کہ اگر صبح کی تمہارے پانی نے کہ غائب ہے، تو کون لائے گا تمہارے پاس بہتا پانی''●

(پوچھو کہ ذرا تم بتاؤ کہ اگر صبح کی تمہارے پانی نے) اِس حال میں (کہ غائب ہے)۔

تمہارے پانی سے مراد ماءِ زمزم ہے۔۔یا۔۔میمون حضرمی کے کنویں کا پانی ہے۔۔یا۔۔ کسی بھی کنویں وغیرہ کا پانی ہو۔۔۔

(تو کون لائے گا تمہارے پاس بہتا پانی) یعنی جاری پانی۔۔یا۔۔ظاہر ایسا کہ سب دیکھیں۔

بعض صحابہ کا قول یہ ہے کہ اِس آیت کو پڑھنے کے بعد کہنا چاہیے کہ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ الْعَالَمِيْنَ۔ تفسیرِ زاہدی میں مذکور ہے کہ ایک زندیق نے سنا کہ ایک معلم اپنے شاگرد کو پڑھاتا تھا کہ فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ، تو اُس ملعون زندیق نے جواب دیا کہ بِالْمِعْوَلِ وَالْمُعِيْنِ، یعنی بیلچہ اور مددگاروں کے سبب سے پانی کو پھر نکال لیں گے، اُسی رات کو اندھا ہوگیا اور ہاتف نے آواز دی کہ یہ تیری آنکھ کے چشمہ کا پانی غائب ہوگیا، کہہ کہ بیلچہ اور مددگار کی مدد سے اُسے پھیر لائیں۔

اختتام سورۃ الملک ۔۔ ۱۱ر شوال المکرم ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳۰ر اگست ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ۱۳؍شوال المکرم ۱۴۳۳ھ --مطابق-- یکم ستمبر ۲۰۱۲ء، بروزشنبہ ﴾ --

سورة القلم -- ۶۸ مکیہ ۲ | # سُورَةُ القَلَم | آیاتہا ۵۲ -- رکوعاتہا ۲

اکثر مفسرین کے نزدیک اِس سورہ کا نام 'سورۃ القلم' ہے۔ امام بخاری اور امام ترمذی نے اِسے 'سورۃ ن والقلم' کے نام سے یاد کیا ہے۔ یہ دونوں نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہیں۔ 'ن' حروفِ مقطعہ سے ہے جس کے تعلق سے بہت سے اقوال ہیں:

﴿۱﴾ -- یہ اسماءِ الٰہی 'نور' اور 'ناصر' کا اوّل ہے۔

﴿۲﴾ -- یہ اسمِ الٰہی 'رحمان' کا آخر ہے۔

﴿۳﴾ -- یہ اِس سورت کا نام ہے -- یا -- بہشت میں ایک نہر کا نام ہے -- یا -- مؤمنین کے واسطے نصرتِ الٰہی کی قسم ہے۔

﴿۴﴾ -- مشہور بات یہ ہے کہ 'نون' مچھلی کا نام ہے، اور اِس سے مچھلی کی جنس مراد ہے -- یا -- وہ مچھلی مراد ہے جس کی پشت پر زمین ہے جسے 'لیوتا' -- یا -- 'بہموت' کہتے ہیں۔ امام رازی نے اِس قول کو ضعیف قرار دیا ہے۔

﴿۵﴾ -- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے رسولِ مقبول ﷺ سے سنا ہے کہ پہلی چیز خدا نے جو پیدا کی وہ قلم تھا، پھر 'نون' کو پیدا کیا اور وہ دوات ہے، اور قلم نے اُس دوات سے لکھا جو کچھ تھا اور ہے اور ہوگا۔ اِس تقدیر پر حق تعالیٰ نے قسم ارشاد فرمائی دوات کی اور قلمِ اعلیٰ کی کہ نور سے ہے، اور اُس کا طول مابین السماءِ والارض ہے۔

﴿۶﴾ -- بعضوں نے کہا کہ وہ قلم مراد ہے جس سے کتابت کرتے ہیں اور دین و دُنیا کے مصالح ہیں۔ اِس کے فائدے بہت ہیں -- المختصر -- بڑے ہی اہتمام سے شروع کی جانے والی اِس سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں ---

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝١ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۝٢

ن! قَسم ہے قلم کی، اور جو وہ لکھیں • کہ تم نہیں ہو اپنے رب کے فضل سے مجنوں •

قَسم ہے (نٓ) یعنی نصرتِ الٰہی اور نورِ خداوندی کی، اور (قسم ہے قلم کی، اور) اُس کی (جو وہ) یعنی محافظین ملائکہ (لکھیں) از قسمِ احکامِ الٰہی ۔۔یا۔۔ جو کچھ اُن کو حکم ہوتا ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ نٓ دہن ہے اور قَلَم زبان اور مَا يَسْطُرُوْنَ وہ ہے جو محافظین ملائکہ بندے پر لکھتے ہیں۔ حق تعالیٰ ان چیزوں کی قسم ارشاد فرما کر فرماتا ہے۔۔۔

(کہ تم) اَے محبوب! (نہیں ہو اپنے رب کے فضل سے مجنون) اور دیوانہ، جیسا کہ ولید ابن مغیرہ بکواس کرتا ہے اور آپ ﷺ کو معلم مجنون کہتا ہے، بلکہ آپ کی شانِ رفیع یہ ہے کہ آپ پر ازل اور اَبد کے اسرار پوشیدہ نہیں کیے گئے ہیں۔

---

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝٣ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝٤

اور بلاشبہ تمہارے لیے ثواب ہے بے حد • اور بلاشبہ تم یقیناً بڑے خلق پر ہو •

(اور بلاشبہ تمہارے لیے) بارِ نبوت اُٹھانے کا (ثواب ہے بے حد) اور یہ وہ فضلِ خداوندی ہے جس کو پانے میں تم خدا کے سوا کسی کے بھی احسان مند نہیں، اور آپ کے لیے یہ فضل غیر مقطوع ہے، یعنی ہمیشہ کے لیے ہے کہ منقطع ہو جانے کو ہرگز اس میں دخل ہی نہیں۔ (اور بلاشبہ تم یقیناً بڑے خلق پر ہو)، یعنی بڑے دین پر ہو کہ وہ دینِ اسلام ہے ۔۔یا۔۔ تم بزرگ خو ہو کہ وہ خو کسی کو نہ تھی، اس واسطے کہ اپنی قوم سے تم سختیاں اُٹھاتے ہو کہ کسی کو اُس کے اُٹھانے کی قوت نہیں۔

اور بعضوں نے کہا کہ خُلُق سے قرآن مراد ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمایا۔ ام المؤمنین حضرت بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خلق کی کیفیت پوچھی گئی، تو آپ نے فرمایا کہ آپ کا خلق قرآن ہے۔ بعض عارفین نے فرمایا کہ کوئی خلیق سیدنا محمد ﷺ سے بڑھ کر نہ تھا، اس واسطے کہ آپ نے اپنی خواہش سے ہاتھ اُٹھایا اور اپنے کو بالکل حق تعالیٰ کے لیے چھوڑا۔ امام قشیری قدس سرہ نے کہا ہے کہ آپ نہ بلاء سے منحرف ہوئے اور نہ عطا سے پھرے۔ اور بعضوں نے کہا کہ آپ کا کوئی مقصد اور مقصود خدا کے سوا نہ تھا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آیتِ کریمہ کہ آپ "خلق پر ہو" سے یہ بھی اشارہ ملتا ہے کہ 'خلق' کا تعلق آپ کی ذات سے ایسا ہی ہے جو خادم کا مخدوم سے ہوتا ہے۔۔یا۔۔جو سواری کا سوار سے ہوتا ہے، گویا 'خلق' آپ کے ماتحت ہے۔آپ جو کریں وہی 'خلق' ہے اور جس سے رخ پھیر لیں وہی بداخلاقی ہے۔۔چنانچہ۔۔اگر آپ کی شانِ رحمۃ للعالمینی کے مظاہر آپ کے خلق کے جلوے ہیں، تو اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ ہونا اور ایک موقع پر منافقین کو ذلیل کر کے مسجد سے نکال دینا وغیرہ وغیرہ بھی آپ کے خُلُقٍ عَظِيمٍ ہی کا حصہ ہے۔

تو اب ہمارے لیے مناسب طرزِ فکر و عمل یہی ہے کہ نبی کریم کے مقام کو صفات کے ذریعہ پہچاننے کی بجائے، صفات کے مقام و مرتبہ کو نبی کی ذات سے پہچانیں۔وہ جو کریں۔۔یا۔۔جسے اچھا کہیں وہ اچھا ہے، اور وہ جس سے باز رہیں۔۔یا۔۔اُسے بُرا فرمائیں وہ بُرا ہے ۔۔الحتصر۔۔نبی کریم کی ذاتِ کریمہ ہی میں ہمارے لیے اچھا نمونہ ہے۔

---

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ ۝٥ بِأَيِّكُمُ الْمَفْتُونُ ۝٦

تو جلد دیکھو گے، اور وہ لوگ بھی دیکھ لیں گے ● کہ کسے جنون ہوا ہے ●

(تو) اے محبوب! (جلد دیکھو گے، اور وہ لوگ بھی دیکھ لیں گے) جو اہلِ مکہ میں تمہارے معاند ہیں، یعنی جس وقت اُن پر عذاب نازل ہوگا تو معلوم ہو جائے گا سب کو (کہ کسے جنون ہوا ہے) اور کس گروہ میں دیوانہ ہے۔یعنی اُس وقت انہیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ دیوانے ہیں۔۔یا۔تم۔

---

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ

بے شک تمہارا رب، وہ خوب جانتا ہے جو بھٹکا اُس کی راہ سے۔اور وہ خوب جانتا ہے

بِالْمُهْتَدِينَ ۝٧ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ ۝٨

جو راہ پانے والے ہیں ● تو نہ مانا کرنا اِن جھٹلانے والوں کی ●

(بے شک تمہارا رب، وہ خوب جانتا ہے جو بھٹکا اُس کی راہ سے) اور حقیقت میں یہی بھٹکنے والا آدمی ہی دیوانہ ہے۔(اور وہ خوب جانتا ہے جو راہ پانے والے ہیں) کمالِ عقل کے ساتھ، اور وہ مومنین ہیں۔(تو نہ مانا کرنا اِن جھٹلانے والوں کی)، یعنی مکہ کے مشرکوں کی جو آپ کو باپ دادا کے دین کی طرف بُلاتے ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾

اُنہوں نے آرزو رکھی کہ اگر چکنی چپڑی کرو تم، تو وہ بھی چکنی چکنی باتیں کریں ● اور نہ مانا کرنا کسی بڑے قسم کھانے والے ذلیل کی

(انہوں نے آرزو رکھی کہ اگر چکنی چپڑی کرو تم، تو وہ بھی چکنی چکنی باتیں کریں)۔ یعنی اُن کی آرزو یہ ہے کہ آپ اُن کے ساتھ بات میں نرمی اختیار فرمائیں، اور شرک پر اُن کی ملامت نہ کریں اِس کے عوض میں وہ بھی تیرے دین پر طعنہ نہ کریں۔ تو اَے محبوب! اُن کی نہ سنیں (اور نہ مانا کرنا کسی بڑے قسم کھانے والے ذلیل) وخوار، سست رائے، بے حقیقت اور بے مقدار (کی)۔ وہ خواہ ابوجہل ہو۔۔یا۔۔اخنس بن شریف ہو۔۔یا۔۔اسود بن عبد یغوث ہو۔۔یا۔۔صحیح اور مشہور قول پر ولید بن مغیرہ۔۔یا۔۔اُن کے علاوہ کوئی بھی ہو۔۔۔

هَمَّازٍ مَّشَّآءٍ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾

چوٹ کی بات کرنے والا، چغلی لے کر اِدھر اُدھر چلنے والا ● خیرات سے بڑا منع کرنے والا، حد سے بڑھ جانے والا گنہگار ● بدمزاج، اِن سب کے بعد نطفہء ناتحقیق ●

(چوٹ کی بات کرنے والا) یعنی لوگوں کے پیٹھ پیچھے عیب کرنے والا۔۔یا۔۔طعن کرنے والا اُن کے منہ پر (چغلی لے کر اِدھر اُدھر چلنے والا) لوگوں کے درمیان۔۔یا۔۔چغلی کھانے والا۔ (خیرات سے بڑا منع کرنے والا)۔۔یا۔۔منع کرنے والا ایمان اور احسان سے۔ (حد سے بڑھ جانے والا گنہگار ○ بدمزاج)، بدرو، زشت خو، (اِن سب کے بعد نطفہء ناتحقیق) یعنی ولد الزنا، حرام زادہ کہ اُس کا باپ معلوم نہیں۔

روایت ہے کہ ولید ابن مغیرہ اٹھارہ[۱۸] برس کا تھا اُس وقت مغیرہ نے دعویٰ کیا کہ میں اُس کا باپ ہوں اور اُسے اپنے ساتھ لیا۔ تفسیرِ زاہدی میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت قریش کی محفل میں ولید کے سامنے پڑھی، تو ولید نے اِن سارے عیوب کو اپنے اندر پایا، صرف خود کا حرام زادہ ہونا اُسے معلوم نہ ہوسکا۔ اپنے جی میں کہا کہ میں قریش کا سردار ہوں اور میرا باپ مشہور ومعروف ہے۔ اور میں جانتا ہوں کہ محمد ﷺ جھوٹ نہیں کہتے۔ مجھے انہوں نے حرام زادہ کہا تو یہ مہم کیوں کر میں طے کروں۔

تلوار کھینچ کر اپنی ماں کے پاس آیا۔ غرضیکہ۔۔اُسے بہت دھمکایا کہ سچ بتا۔ آخر اُس

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

نے اقرار کیا کہ تیرا باپ عورتوں کے حق میں بے حرارت بے طاقت اور سرد تھا، یعنی بالکل نامرد تھا۔ اور اُس کے بھتیجے اُس کی میراث کی تاک میں تھے۔ مجھے رشک آیا، فلاں شخص کے غلام کو میں نے مزدوری پر ٹھہرایا۔ اُس سے تیرے باپ کا کام لیا۔ اِس طرح تجھے پیدا کیا۔ تُو اُس کا نطفہ ہے۔ بے شک تُو حرام زادہ ہے۔ اور اُس عورت کی بات سچ ہونے پر کھلی ہوئی دلیل یہ ہے، کہ ولید کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بڑی ہی خصومت اور عداوت تھی۔

تو اَے حبیب! اُس کی بات ہرگز نہ مانیں۔۔۔

اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّ بَنِيْنَ ﴿۱۴﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾

اس پر کہ مال والا اور بیٹوں والا ہے● جب تلاوت کی گئیں اُس پر ہماری آیتیں، بولا کہ "اگلوں کی کہانیاں ہیں"●

سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾

جلد ہم داغ دیں گے اُس کے تھوتھنے پر●

(اس پر کہ) یعنی اس واسطے کہ وہ (مال والا اور بیٹوں والا ہے)۔۔یا۔۔ اِس جہت سے کہ وہ صاحبِ مال اور صاحبِ اولاد ہے۔ اُس کا حال یہ ہے کہ (جب تلاوت کی گئیں اُس پر ہماری آیتیں)، تو (بولا کہ) یہ (اگلوں کی کہانیاں ہیں● جلد ہم داغ دیں گے اُس کے تھوتھنے پر) یعنی سونڈ ایسی ناک پر۔۔یا۔۔ سور جیسے منہ پر جس سے وہ بکواس کرتا رہتا ہے۔۔یا۔۔ ہم اس کو رُو سیاہ کر دیں گے۔۔یا۔۔ اُس کا عیب ہم ایسا کھول دیں گے کہ پھر وہ چھپا نہ سکے۔

تو ایک طرف حق تعالیٰ نے اُس کا عیب کھول دیا اور وہ بھی اُس کے تمام عیوب میں سے اُس عیب کو بھی ظاہر کر دیا جس کا علم اُس کی ماں کے سوا کسی کو بھی نہیں تھا۔ اور دوسری طرف جنگِ بدر میں اُس کی ناک پر ایسا زخم لگا کہ اُس کا اثر ہمیشہ باقی رہا۔ اِس مقام پر چند نکتے قابلِ لحاظ ہیں وہ ذہن نشین رہیں۔

﴿۱﴾۔۔۔ولید نے اپنی بکواس میں رسولِ کریم کو مجنون کہا۔ اُس کے جواب میں قرآنِ کریم نے اِس وضاحت کے باوجود کہ اَے محبوب! آپ اپنے رب کے فضل و کرم سے مجنون نہیں، ولید کے بہت سارے عیبوں کو بھی ظاہر فرما دیا۔ تو اِس سے ولید کو ترکی بہ ترکی جواب دینا ہی مقصود نہیں، بلکہ اُس پر واضح کر دینا ہے کہ اَے ولید! تُو جس کو مجنون کہہ رہا ہے، اُسی کی زبانِ فیض ترجمان سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تیرے عیبوں کو کھولا جارہا ہے۔

اُن عیبوں میں کچھ تو ایسے ہیں جن کا تجھے پتا ہے، لیکن انہیں میں ایک ایسا عیب ہے جس کی خبر تیری ماں کے سوا کسی کو نہیں، اور وہ ہے تیرا حرام زادہ ہونا۔

اب اُس عیب کو جو ظاہر کردے وہ مجنون نہیں ہوسکتا، بلکہ وہ ایسی ذات ہوگی جو غیب پر مطلع ہوگی۔۔الختصر۔۔اُن عیوب کا ظاہر کرنا بھی رسولِ عربی کے سچے نبی ہونے کی دلیل ہے۔

﴿۲﴾۔۔۔اِس ارشادِ قرآنی نے ظاہر کردیا کہ اگر کسی لفظ کا اِطلاق اُس کے سچے مصداق پر کیا جائے تو اُس میں کوئی بُرائی نہیں اور نہ ہی وہ گالی ہے۔۔چنانچہ۔۔ولید جن جن لفظوں کا سچا مصداق تھا اُس کا ذکر اُنہیں لفظوں سے کیا گیا، یہاں تک کہ اُس کو 'ولدالزناء' کہا گیا اور اُس کے منہ کو سور کی تھوتھنی سے تشبیہ دی گئی۔اِس سے پتا چلا کہ جو جس لفظ کا صحیح مصداق ہو، اُس کی ذات پر اُس لفظ کا اِطلاق معیوب نہیں۔

قرآنِ کریم میں جابجا کافر کو کافر، مشرک کو مشرک، منافق کو منافق، خبیث کو خبیث، مردود کو مردود، نجس کو نجس، شیطان کو شیطان، وغیرہ وغیرہ کہہ کر ذکر کیا گیا ہے۔ اور قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ میں کافروں سے انہیں کافر کہہ کر خطاب کیا گیا ہے۔جس سے ظاہر ہوگیا کہ اِن کلمات کا اُن کے صحیح مصداق پر اِطلاق معیوب نہیں اور اُسے گالی نہیں سمجھنا چاہیے۔۔ہاں۔۔اگر کسی لفظ کا اطلاق اُس کے صحیح مصداق کے سوا پر کیا جائے تو اُسے ضرور گالی قرار دیا جاسکتا ہے۔۔مثلاً: کسی مسلمان کو نصرانی۔۔یا۔۔یہودی۔۔یا۔۔ہندو کہنا یقیناً اُس مسلمان کے نزدیک گالی ہے۔۔یوں ہی۔۔اگر کسی نصرانی۔۔یا۔۔یہودی، ہندو کو مسلمان کہہ دیا جائے، تو وہ اُسے ضرور اپنے لیے گالی سمجھے گا۔

اِسی اصول پر چور کو چور، جھوٹے کو جھوٹا، شرابی کو شرابی، بدکار کو بدکار کہنا گالی کے زمرے میں نہیں آتا۔اب کسی بھی لفظ کے اطلاق کے بارے میں فیصلہ کرنے سے پہلے یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ اُس کا اطلاق اُس کے صحیح مصداق پر کیا گیا ہے یا نہیں۔یہی ایک صحیح اور سلامتی والا راستہ ہے جس سے اپنی فکر ونظر کو قرآنی اسلوب کے مطابق بنایا جاسکتا ہے اور اپنی سوچ کو قرآنی ہدایت کے سایے میں رکھا جاسکتا ہے۔۔۔آگے حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ ۚ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ ﴿١٧﴾

بے شک ہم نے آزمایا انہیں جس طرح آزمایا تھا ایک باغ والوں کو، کہ قسم کھائی تھی کہ ضرور کاٹیں گے اپنے کھیت کو صبح ہوتے●

وَلَا يَسْتَثْنُونَ ﴿١٨﴾

اور ان شاء اللہ نہیں کہتے●

(بے شک ہم نے آزمایا انہیں) یعنی اہلِ مکہ کو قحط اور گرانی اور زوالِ نعمت سے، (جس طرح آزمایا تھا ایک باغ والوں کو) یعنی باغ ضروان والوں کو میوے زائل کر دینے سے، جنہوں نے یہ کیا تھا کہ قسم کھائی تھی کہ ضرور کاٹیں گے اپنے کھیت کو صبح ہوتے) یعنی صبح سویرے۔ (اور) اُن کی صورتِ حال یہ تھی کہ سب قسم تو کھاتے مگر (ان شاء اللہ) تعالیٰ (نہیں کہتے)۔۔الختصر۔۔انہوں نے مذکورہ کام کرنے کے لیے قسم تو کھائی مگر ان شاء اللہ نہ کہا۔

اِس واقعہ کے تعلق سے اجمالی بات یہ ہے کہ ولایتِ یمن میں صنعاء کے نواح میں ایک مردِ صالح کا باغ تھا، میوے توڑنے کے دن فقیروں کو بلاتا اور درختوں کے نیچے فرش بچھاتا۔ جس میوے تک ہاتھ نہ پہنچتا۔۔یا۔۔ہوا جس کو درخت سے گراتی۔۔یا۔۔جو میوہ فرش کے کنارے گرتا وہ سب فقیروں کو دے دیتا۔ اور اُس باغ کے حاصلات کا دسواں حصہ بھی فقیروں کو بانٹتا۔

جب اُس نے وفات پائی تو اُس کے بیٹوں نے آپس میں کہا کہ مال تھوڑا ہے اور عیال بہت۔ اگر ہم ایسا کریں گے جیسا کہ ہمارا باپ کرتا تھا، تو ہم پر زندگی اور معیشت تنگ ہو جائے گی۔۔لہٰذا۔۔اب ایسا کیا جائے کہ صبح سویرے جب فقیروں کو خبر بھی نہ ہو ہم جائیں اور میوہ توڑ لائیں اور اِس بات پر باہم قسم بھی کھائی جیسا کہ حق تعالیٰ کا ارشاد اوپر مذکور ہوا کہ انہوں نے قسم تو کھائی، مگر ان شاء اللہ نہیں کہا۔۔۔

فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ ﴿١٩﴾ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ ﴿٢٠﴾

تو گھوم پڑا اُن پر ایک گردش والا تمہارے رب کی طرف سے، اور وہ سو رہے ہیں● تو صبح کی کھیتی نے جیسے کٹی ہوئی●

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِينَ ﴿٢١﴾ أَنِ اغْدُوا عَلَىٰ حَرْثِكُمْ إِن كُنتُمْ صَارِمِينَ ﴿٢٢﴾

تو انہوں نے ایک دوسرے کو آواز دی صبح کرتے ہوئے● کہ "سویرے ہی چلو اپنی کھیتی کو اگر کاٹنا چاہتے ہو"●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تو گھوم پڑا اُن پر ایک گردش والا تمہارے رب کی طرف سے، اور) اِس حال میں کہ (و وارث بیٹے (سورہے ہیں ● تو صبح کی کھیتی نے جیسے کٹی ہوئی)۔ یعنی اُس بلاء کے سبب سے اُن کا با ایسا ہو گیا جس کا میوہ ٹوٹ چکا ہو اور چن لیا گیا ہو، ایسا کہ اس میں کچھ باقی نہ رہ گیا ہو۔ وہ سب ا حال سے بے خبر ہو کر جب سو کر جاگے، (تو انہوں نے ایک دوسرے کو آواز دی صبح کرتے ہوئے یعنی صبح تڑکے ایک نے دوسرے کو پکارا (کہ سویرے ہی چلو اپنی کھیتی کو) کاٹنے کے لیے اور اُس کے پھلوں کو توڑنے کے لیے (اگر کاٹنا چاہتے ہو)۔ اُس باغ میں خرمے کے درخت تھے۔۔۔

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾

تو چل پڑے اور وہ آہستہ آہستہ کہہ رہے ہیں ● کہ "نہ گھسنے پائے کھیتی میں آج تم پر کوئی مسکین"●

(تو) اُن خرموں کو توڑنے کے لیے (چل پڑے اور) اِس حال میں کہ (وہ) آپس میں (آہستہ آہستہ کہہ رہے ہیں) کہ کوئی سن نہ لے اور فقراء بے خبر رہیں، تا (کہ) بے خبری کے سبب (نہ گھسنے پائے کھیتی میں آج تم پر کوئی مسکین) کہ تمہارے باغ میں آ کر سابق کی طرح حصہ پائے اور ہمارے حصے کم ہو جائیں۔

وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْۤا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾

اور سویرے ہی پہنچے اپنی نیتِ بخل پر قدرت والے بن کر ● تو جب اُنہوں نے دیکھی کھیتی، بولے کہ "بلاشبہ ہم یقیناً بھٹکے ہوئے ہیں ● بلکہ ہم تو محروم ہی ہیں"●

(اور) پھر یہ سب (سویرے ہی پہنچے اپنی نیتِ بخل پر قدرت والے بن کر)۔۔یا۔۔فقیروں کو محروم اور باز رکھنے کے قصد سے اپنے اعتقاد میں میوے توڑنے اور چننے پر قادر بن کر۔ (تو جب انہوں نے دیکھی کھیتی) اُس کے برخلاف جیسا کہ چھوڑا تھا، تو ایک دوسرے سے (بولے کہ بلاشبہ ہم یقیناً بھٹکے ہوئے ہیں)۔ یعنی ایسا لگتا ہے کہ ہم بھٹک کر دوسرے کے باغ میں چلے آئے ہیں کیونکہ ہمارا باغ تو کل میوے سے بھرا ہوا تھا۔ پھر بعض نے غور و تامل کیا تو در و دیوار کے نشانوں سے پہچانا کہ وہ باغ تو انہیں کا ہے، تو بولے کہ ہم راہ نہیں بھولے (بلکہ ہم تو محروم) اور بے نصیب (ہی ہیں) اُس کے حاصلات اور میوے سے، بایں جہت کہ ہم نے فقیروں کو باز رکھا اور ان شاء اللہ نہیں کہا تھا۔۔اور۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾

بولا اُنہیں کا ایک غنیمت آدمی کہ "کیا نہیں کہہ دیا تھا میں نے تمہیں، کہ تسبیح کیوں نہیں کیا کرتے"●

(بولا اُنہیں کا ایک غنیمت آدمی) جو اُن میں فاضل تر تھا عقل کی رُو سے۔۔۔یا۔۔بڑا تھا سن میں ۔۔یا۔۔بہت صایب اور پختہ تھا رائے میں، (کہ کیا نہیں کہہ دیا تھا میں نے تمہیں کہ تسبیح کیوں نہیں کیا کرتے)۔یعنی خدا کو بزرگی کے ساتھ کیوں نہیں یاد کرتے اور انشاءاللہ کیوں نہیں کہتے۔

قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾

سب بولے "پاکی ہے ہمارے رب کی، بے شک ہم تھے اندھیر والے"● تو سامنا کیا ایک نے دوسرے کا کہ ملامت کر رہے ہیں●

(سب بولے پاکی ہے ہمارے رب کی) اُس نے اِس بلاء کو نازل فرما کر ہم پر کوئی ظلم نہیں کیا۔ بلکہ (بے شک ہم) ہی (تھے) اپنے اوپر (اندھیر) کرنے (والے● تو سامنا کیا ایک نے دوسرے کا کہ ملامت کر رہے ہیں)۔ایک دوسرے سے کہتا کہ تُو نے یہ خیال کیا تھا، دوسرا بولتا کہ تُو بھی تو اِس سے راضی تھا۔غرضیکہ۔۔اپنے گناہ کے مقر ہوئے اور عجز و نیاز کی راہ سے۔۔۔

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾

بولے کہ "ہائے افسوس ہم پر! بے شک ہم تھے سرکش● قریب ہے کہ ہمارا رب بدلہ میں دے ہمیں بہتر اس سے، بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف رغبت رکھنے والے ہیں"●

(بولے کہ ہائے افسوس ہم پر! بے شک ہم تھے سرکش)۔یعنی حد سے گزرنے والے گنہگاری میں کہ ہم نے انشاءاللہ نہ کہا اور فقیروں کو محروم رکھنے کا ارادہ کیا۔اور اب ہمیں اپنے رب کریم کے فضل و کرم سے امید ہے کہ (قریب ہے کہ ہمارا رب بدلہ میں دے ہمیں بہتر اُس سے، بے شک ہم اپنے پروردگار کی طرف رغبت رکھنے والے ہیں)۔

توبہ و طلب عفو کے بعد حق تعالیٰ نے اُن کو بخش دیا اور باغ انگور سے لدا ہوا 'حیوان' نام کا انہیں عطا کیا۔ اِس واقعہ میں یہ ہدایت ہے اور یہ سبق ہے کہ اگر کوئی بلاء میں گرفتار ہو اور اُس کا مال و متاع تلف ہو، تو اُسے چاہیے کہ وہ غور اور تامل کرے اور جان لے کہ یہ بلاء اُس کے استحقاق کے سبب سے اس پر نازل ہوئی۔ پھر اپنے گناہ کا اعتراف کرے اور حضرت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

رب العزۃ کی طرف پھرے، تو اللہ جل شانہ اُس سے بہتر اور بڑھ کر اُسے عطا فرماتا ہے جو اُس سے تلف ہوا ہو، جیسے ان لوگوں کو 'باغ ضروان' کے بدلے اُس نے 'باغ حیوان' عطا فرمایا۔

اوپر جس عذاب کا ذکر ہوا ہے۔۔۔

## كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۗ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۳۳

ایسا ہی ہوتا ہے عذاب۔ اور یقیناً آخرت کا عذاب کہیں بڑا ہے۔۔ اگر وہ لوگ جانتے۔

(ایسا ہی ہوتا ہے) اللہ تعالیٰ کا (عذاب) دُنیا میں۔ (اور یقیناً) اِس کے مقابلے میں (آخرت کا عذاب کہیں بڑا ہے) اِس جہت سے کہ یہ عذاب جلد جاتا ہے اور زوال پاتا ہے، اور اُس جہان کا عذاب ابد الآباد باقی رہتا ہے۔ تو یہ بات (اگر وہ لوگ جانتے) تو ہمیشہ موجباتِ عذاب سے پرہیز کرتے۔ اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہتے۔۔۔ یہ متقین ہی ہیں جن کی یہ شان ہے کہ۔۔۔



## اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝۳۴

بے شک اللہ سے ڈر جانے والوں کے لیے اُن کے رب کے پاس راحت کے باغ ہیں۔

(بے شک اللہ) تعالیٰ (سے ڈرنے والوں کے لیے اُن کے رب کے پاس) یعنی آخرت میں ۔۔یا۔۔ جوارِ رحمت میں (راحت کے باغ ہیں)، جس میں ہمیشہ کے لیے راحت ہی راحت ہے۔

کافر کہتے تھے کہ یہ جنت اور نعمت جن کا ذکر مسلمان کرتے ہیں، اوّل تو پیدا ہی نہیں کی گئیں اور اگر۔۔ بالفرض۔۔ ہوں بھی تو پہلے ہمیں ملیں گی جس طرح دُنیا میں مسلمانوں سے زیادہ ہم خوشحال ہیں، اِس طرح عقبیٰ میں بھی ہوں گے۔ حق تعالیٰ اُن کے قول کو رَد فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

## اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝۳۵ مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝۳۶

تو کیا ہم کر دیں گے مسلمانوں کو مجرموں کی طرح؟۔ کیا ہوا تمہیں۔ کیسی زبردستی کرتے ہو۔

(تو کیا ہم کر دیں گے مسلمانوں کو مجرموں کی طرح) حصولِ نجات اور وصولِ درجات میں۔ (کیا ہوا تمہیں) اَے مشرکو! (کیسی زبردستی کرتے ہو؟) اور یہ بے تکا حکم کرتے ہو کہ مشرکوں کو موحدوں کے برابر قرار دیتے ہو؟ بلکہ اُن کو موحدوں پر فضیلت دیتے ہو؟

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

أَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ ﴿٣٧﴾ إِنَّ لَكُمْ فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ ﴿٣٨﴾

کیا تم لوگوں کی بھی کوئی کتاب ہے جسے پڑھتے ہو • کہ تمہارا بھی کچھ اُس میں ہے، جس کو تم پسند کرو •

(کیا تم لوگوں کی بھی کوئی کتاب ہے جسے پڑھتے ہو؟)۔ یعنی کیا تم پر بھی آسمان سے کوئی نوشتہ زل ہوا ہے۔ جس میں یہ بات ہو کہ کافر جزاء اور سزا میں مسلمانوں کے مثل ہوں گے؟۔۔یا یہ۔۔(کہ ہارا بھی کچھ) حصہ (اس) نوشتے (میں ہے جس کو تم پسند کرو)۔ یعنی کیا بے شک تمہارے واسطے ہے ں نوشتے میں جو کچھ تم چاہتے ہو کہ اختیار کرلو اور آرزو کرو۔

أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ ﴿٣٩﴾

یا تم لوگوں کے لیے ہم پر کچھ قسمیں ہیں قیامت تک کی، کہ بلاشبہ تمہارا ہے جو تم فیصلہ کرو •

(یا تم لوگوں کے لیے ہم پر کچھ قسمیں ہیں قیامت تک کی کہ بلاشبہ تمہارا ہے جو تم فیصلہ کرو)۔ نی قسموں کے ذریعہ ہم سے تم سے کوئی ایسا عہد و پیان ہوا ہے جو قیامت کے دن تک رہنے والا ہے، لہ آخرت کی بزرگی اور بہتری تمہارے لیے ہے؟ تو اے محبوب!۔۔۔

ع ۱۵

سَلْهُمْ أَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيمٌ ﴿٤٠﴾ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ

پوچھو اُن لوگوں سے کہ "کون اِس کا ذمہ دار بنتا ہے؟" • یا اُن کے معبود ہیں، تو لے آئیں اپنے معبودوں کو،

إِنْ كَانُوا صٰدِقِينَ ﴿٤١﴾

اگر سچے ہیں •

(پوچھو اُن لوگوں سے) یعنی کفار و مشرکین سے ان کو ذلیل کرنے کے طور پر، (کہ کون اس کا دار بنتا ہے)۔ یعنی اے مشرکو! تم اپنے حق میں جو فیصلہ کرتے ہو کون سا شخص اس کا ضامن ہے؟ جو کی تصحیح کے درپے ہو کر قائم ہو، جیسے کہ قوم کا زَعِیْمٌ یعنی لیڈر اُن کے امور کی اصلاح کے لیے قائم ہوتا ہے۔۔۔زَعِیْمٌ وہ ہوتا ہے جو دعویٰ اور اس پر حجت قائم کرنے کے لیے مستعد ہو۔۔۔(یا اُن کے معبود ں) جن کو وہ شریک کرتے ہیں، (تو لے آئیں اپنے معبودوں کو) اپنی مدد کے واسطے (اگر) وہ (سچے ں) اس بات میں کہ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ انہیں کو ملیں گی۔ تو لائیں ان شریکوں کو اُس دن۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ﴿۴۲﴾ خَاشِعَةً

جس دن کہ کشف ساق کیا جائے گا، اور بُلائے جائیں گے سجدہ کی طرف، تو نہ کرسکیں گے● جھکی پڑی اُن کی

أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۖ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ ﴿۴۳﴾

آنکھیں اور چھائی جاتی ہے اُنہیں رسوائی، اور بے شک یہ بُلائے جاتے تھے سجدہ کی طرف جب کہ تندرست ہیں●

(جس دن کشف ساق کیا جائے گا)، یعنی جس دن اُٹھادیا جائے گا پردہ ہَول بھرے کام ۔۔یا۔۔امرِ صعب اور مہم سخت سے۔۔یا۔۔کھل جائے گی اور دکھائی دے گی ساق عرش۔۔یا۔۔تجلی فرمائے گا حق تعالیٰ (اور بلائے جائیں گے) لوگ خدا کے (سجدہ کی طرف)۔

لباب میں حضرت ابوموسیٰ اشعری سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ اُس دن بڑا نور دکھائے گا اور خلق سجدے میں گر پڑے گی۔ معالم میں حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے کہ رسولِ مقبول ﷺ نے فرمایا کہ ہمارا رب ساق عرش سے نور کھول دے گا اور ہر ایک مؤمن مرد اور مؤمن عورت اُس کو سجدہ کرے گی۔ اور وہ لوگ باقی رہ جائیں گے جنھوں نے دُنیا میں دکھانے سنانے کے لیے سجدہ کیا ہوگا۔ تو جب ریاکار سجدہ کرنا چاہے گا تو اُس کی پیٹھ تختہ ہوجائے گی اور وہ سجدہ نہ کرسکے گا۔ اور حدیث میں ہے کہ منافق اور کافر کی پیٹھ ایک ڈال ہوجائے گی۔۔۔

(تو) وہ سجدہ (نہ کرسکیں گے● جھکی پڑی اُن کی آنکھیں) ہوں گی، یعنی آنکھوں والے جھکائے ہوئے شرمندہ ہوں گے۔ (اور چھائی جاتی ہے انہیں رسوائی) یعنی پکڑ لے گی ان کو ذلت خواری اور نگوں ساری۔ (اور بے شک یہ بُلائے جاتے تھے سجدہ کی طرف جبکہ تندرست ہیں) اور ا... پر قادر ہیں۔ جب فرصت کا وقت اُنہوں نے فوت کیا تو اب اِس حشر کے دن حسرت اور ندامت سوا انہیں کچھ حاصل نہیں۔ اور جب ان کا قیامت میں یہ حال ہوگا۔۔۔

فَذَرْنِي وَمَنْ يُكَذِّبُ بِهَٰذَا الْحَدِيثِ ۖ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ

تو رہنے دو مجھے اور جو جھٹلاتا ہے اس بات کو۔ جلد ہی ہم بتدریج لے جائیں گے اُنہیں جہاں سے جان نہ سکیں●

(تو رہنے دو مجھے اور جو جھٹلاتا ہے اِس بات کو) یعنی قرآن کریم کی تکذیب کرتا ہے، تو ... اور انہیں چھوڑ دیجئے اور میرے اور اُن کے درمیان نہ آئیے، اور اپنا دِل اُن سے مشغول نہ رکھئے، اور ا...

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سے بدلہ لینے کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دیجیے، کیونکہ میں ہی جانتا ہوں کہ اُن میں کون عذاب کا مستحق ہے اور کون اس کی طاقت رکھتا ہے۔اور میں ہی اس کے معاملے کی کفایت کرنے والا ہوں۔(جلد ہی ہم درتیج لے جائیں گے انہیں جہاں سے جان نہ سکیں)۔یعنی ہم انہیں مہلت دیں گے اور تھوڑا سا وقفہ دے کر عقوبت وعذاب میں مبتلا کریں گے۔

اب معنی یہ ہوا کہ۔۔۔

ہم اِسے احسان اور تندرستی اور ازدیادِ نعمت سے مہلت دے کر عذاب وعقوبت میں مبتلا کریں گے، اس حیثیت و جہت سے کہ وہ جانیں گے بھی نہیں کہ یہ استدراج ہے۔یعنی اُن پر انعام ہوگا سمجھیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے اس نعمت کے لیے ہمیں چن لیا اور دوسروں پر ہمیں فضیلت بخشی۔یہی ان کی ہلاکت اور تباہی و بربادی کا سبب بنا۔

۔۔المختصر۔۔حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

وَأُمْلِي لَهُمْ ۚ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ ﴿٤٥﴾ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ

اور ڈھیل دوں گا انہیں۔بے شک میری پوشیدہ تدبیر مضبوط ہے● کیا تم اُن سے اُجرت چاہتے ہو، تو وہ تاوان سے

مُّثْقَلُونَ ﴿٤٦﴾ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ﴿٤٧﴾

گراں بار ہیں● یا اُن کے پاس غیب ہے، تو وہ جنم پترا بناتے ہیں●

میں مہلت دوں گا (اور ڈھیل دوں گا انہیں) یہاں تک کہ مغرور ہوں، پھر اُن کو پکڑ لوں گا۔ (بے شک میری پوشیدہ تدبیر مضبوط ہے)۔یعنی ہمارا عذاب محکم ہے کہ کسی چیز سے دفع نہیں ہوتا، اس واسطے کہ ہماری پکڑ سخت ہے کسی کو اس کی طاقت اور تحمل نہیں۔آخر ان کافروں کی سرکشی کا سبب کیا ہے۔۔۔(کیا تم اُن سے اُجرت چاہتے ہو، تو وہ تاوان سے گراں بار ہیں) اور اِس سبب سے تجھ سے منہ پھیرتے ہیں۔(یا اُن کے پاس غیب ہے، تو وہ جنم پترا بناتے ہیں) اور اُس میں سے لکھ لیتے ہیں جو حکم کرتے ہیں مومن وکافر کے برابر ہونے کا؟

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَىٰ وَهُوَ مَكْظُومٌ ﴿٤٨﴾

وقف لازم

تو منتظر رہو اپنے رب کے حکم کے لیے، اور نہ ہونا مچھلی کے واقعہ والے کی طرح۔۔جب کہ پکارا اور وہ غمناک ہے●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تو) اے محبوب! (منتظر رہو اپنے رب کے حکم کے لیے) اور صبر کرتے رہو تبلیغ احکام کافروں کی ایذاء سہنے کے ساتھ، (اور نہ ہونا مچھلی کے واقعہ والے کی طرح)۔ یعنی حضرت یونس علیہ السلام کی طرح جو اپنی قوم کی اذیت رسانی پر صبر نہ کر کے قوم سے ناراض ہو کر چلے گئے یہاں تک کہ مچھلی کے پیٹ میں ایک عرصہ رہنا پڑا۔ (جبکہ پکارا) درآنحالیکہ مچھلی کے پیٹ میں اپنے رب سے دُعا مانگ رہے تھے، کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تیرے لیے پاکی ہے، بے شک میں اپنے نفس پر اندھیر کرنے والوں میں سے ہوں۔ (اور) اس حال میں (وہ) 'صاحبِ حوت' (غمناک ہے) جس کا دِل غیظ وغضب سے گھٹ رہا تھا اور غم سے بھرپور تھا۔ ایسی صورتِ حال میں۔۔۔

لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾ فَاجْتَبٰهُ

اگر نہ تدارک کرتی اُن کے رب کی طرف سے نعمت، تو وہ یقیناً پھینک دیے جاتے چٹیل میدان میں زبوں حال ● تو چن لیا انہیں

رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾

اُن کے رب نے، تو کر دیا انہیں لیاقت والوں سے ●

(اگر نہ تدارک کرتی اُن کے رب کی طرف سے نعمت) اور رحمت توبہ قبول ہونے کے سبب سے، (تو وہ یقیناً پھینک دیے جاتے چٹیل میدان میں زبوں حال)۔ ایسا میدان جہاں درخت اور گھاس وغیرہ کچھ نہ ہوتا، اور اُن کی حالت ملامت و مذمت کیے ہوئے والوں کی طرح ہوتی۔ (پس اپنے فضل وکرم سے (چن لیا انہیں اُن کے رب نے) نبوت اور رسالت دے کر اور وحی بھیج کر، (تو کر دیا انہیں لیاقت والوں سے) یعنی پیغمبروں میں سے۔

بعضوں نے کہا کہ یہ آیت اُس وقت نازل ہوئی جب رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ ثقیف کے حق میں دُعائے ہلاکت کرنی چاہی، تو حق تعالیٰ نے فرمایا کہ ہمارے حبیب صبر کرو اور اِس دُعا کو موقوف رکھو کہ صبر کرنے سے کام خوب ہوتا ہے۔

منقول ہے کہ قریش کے کوتاہ نظروں نے قبیلہ بنی اسد میں سے ایک گروہ جو حسد اور بدنظری میں مشہور تھا، تجویز کر کے اُن کو بہت کچھ وعدوں سے تقویت دی، تاکہ آنحضرت ﷺ کے پرتو جمال کو نظرِ بد کا صدمہ پہنچا کر اِس عالم سے مٹا دیں۔ تو حق تعالیٰ نے نظرِ بد سے آپ کی حفاظت اور عصمت کے واسطے یہ آیت نازل فرمائی۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ

اور واقع میں کافر لوگ ضرور گرانے لگتے ہیں تم کو اپنی اپنی نظرِ بد سے، جب جب انہوں نے سنا نصیحت کو، اور کہتے ہیں کہ "بے

إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ﴿٥١﴾ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿٥٢﴾

شک یہ مجنوں ہے" --●-- اور وہ بس نصیحت ہے سارے جہان کے لیے●

(اور واقع میں کافر لوگ ضرور گرانے لگتے ہیں تم کو اپنی اپنی نظرِ بد سے، جب جب انہوں نے سنا نصیحت کو)۔یعنی قرآنِ کریم جب جب آپ تلاوت فرماتے تو کفار بکواس کرتے (اور کہتے ہیں کہ بے شک یہ مجنون ہے)۔یعنی ان پر جن مسلط ہے جو انہیں سکھاتا ہے۔ (اور) حقیقتِ حال یہ ہے کہ (وہ) یعنی قرآن کریم (بس نصیحت ہے) حق تعالیٰ کی طرف سے (سارے جہان) والوں (کے لیے)۔۔یا۔۔نہیں ہیں محمد ﷺ مگر اشرف تمام اہلِ عالم کے۔

حضرت حسن بصری نے کہا ہے کہ چشمِ زخم یعنی نظرِ بد کی دوا نہیں ہے، مگر یہ آیت۔

اختتام سورۃ القلم -- ﴿ ۲۲رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۰رستمبر ۲۰۱۲ء ---بروز دوشنبہ ﴾ --

---

-- ﴿ ۲۳رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۱رستمبر ۲۰۱۲ء ---بروز سہ شنبہ ﴾ --

سورۃ الحاقۃ ۶۹ مکیۃ ۷۸ — سُورَةُ الْحَاقَّةِ — آیاتہا ۵۲ رکوعاتہا ۲

سورۃ الحاقۃ --۶۹ مکیہ ۷۸ — آیاتہا ۵۲ --رکوعاتہا ۲

'سورہ تبارک الذی' کے بعد اور 'سورہ المعارج' سے پہلے نازل ہونے والی مکی سورۂ مبارکہ 'الحاقۃ' کو جس کا نام اسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے، اور جس میں قیامت کی ہولناکیوں کا ذکر ہے اور مکذبین کو قیامت کے وقوع سے ڈرایا گیا ہے، کو شروع کرتا ہوں میں ---

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کے گناہوں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اَلْحَاۗقَّةُ ۝ۙ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝ۚ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝ؕ

وہ ہونے ہی والی ● اور کیسی کچھ ہے وہ ہونے ہی والی ● اور کیا تم سمجھے کہ کیسی کچھ ہے وہ ہونے ہی والی ●

(وہ ہونے ہی والی) یعنی وہ حالت جس کا ہونا حق ہے۔۔یا۔۔وہ ساعت جس سے ڈرنا بہت سزاوار ہے (اور کیسی کچھ ہے وہ ہونے ہی والی)۔ کیا حالت ہے؟ اور کیا ساعت ہے؟ (اور کیا تم سمجھے کہ کیسی کچھ ہے وہ ہونے ہی والی)۔ یعنی کس چیز نے تمہیں بتایا اور تم کو علم دیا کہ کیا چیز ہے اور کیا حالت اور کون سی ساعت ہے جس سے عملوں کے مکافات اور جزا واقع ہوگی۔۔۔اس سے قیامت کا دن مراد ہے اور حَاۗقَّةُ بھی اُسی کا ایک نام ہے۔۔۔

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ۝

جھٹلایا ثمود اور عاد نے اُس دِل ہلا دینے والی گھڑی کو ● تو ثمود تو برباد کردیے گئے حد سے بڑھی چنگھاڑ سے ●

(جھٹلایا ثمود اور عاد نے اُس دِل ہلا دینے والی) قیامت کی (گھڑی کو) جو لوگوں کو ٹھوکنے والی اور توڑنے والی ہے۔ (تو) اُس کا نتیجہ یہ ہوا کہ (ثمود تو برباد کردیئے گئے حد سے بڑھی چنگھاڑ سے)، یعنی حضرت جبرائیل کی چیخ سے۔ یہ آواز اتنی سخت تھی کہ کسی نے ویسی آواز نہ سنی تھی، اور نہ ہی اس طرح کی آواز کا اثر دیکھا تھا۔۔یا یہ کہ۔۔وہ ہلاک کردیئے گئے زیادتی کرنے کے سبب سے۔۔یا۔۔اُن میں فرقہ طاغیہ کی وجہ سے، جیسے کہ قدار بن سالف اور اُس کے ساتھی جنہوں نے اونٹنی کی کوچیں کاٹی تھیں۔

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ

اور رہے عاد! تو وہ تباہ کردیے گئے نہایت تیز آندھی سے ● مسلط کردیا اُسے اُن پر سات رات

وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ

اور آٹھ دن۔ متواتر۔ تو دیکھو قوم کو اُس میں گرائے پچھاڑے، گویا کہ وہ کھجور کے

نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ۚ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝

گرے درخت کے تنے ہیں ● تو کیا دیکھتے ہو اُن کا کوئی بچا ہوا؟ ●

(اور رہے عاد، تو وہ تباہ کردیئے گئے نہایت تیز آندھی سے) جسے (مسلط کردیا اُسے اُن پر سات رات اور آٹھ دن متواتر)۔ ایک بدھ کی فجر سے دوسرے بدھ کی شام تک جو دن رات برابر چلتی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

رہی قوم عاد پر، تو اس وقت اگر وہاں موجود ہو (تو دیکھو قوم) عاد (کو اُس میں گرائے بچھاڑے، گویا کہ کھجور کے گرے درخت کے تنے ہیں) زمین پر پڑے جو خالی، کھوکھلے اور بے ڈول ہیں۔ (تو کیا دیکھتے ہو اُن کا کوئی بچا ہوا) یعنی اُن میں کوئی نہ بچا اور سب جڑ سے اکھڑ کر نیست و نابود ہو گئے۔

وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝٩ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ

اور لے آیا فرعون اور اُس کے پہلے والے، اور الٹائی پلٹائی بستیوں والے جرم ● چنانچہ گناہ کیا اپنے رب کے رسول کا،

فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝١٠ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝١١

تو پکڑا انہیں بڑھی چڑھی پکڑ ● بے شک ہم نے جب بڑھ چڑھ گیا پانی، سوار کرایا تھا تم سب کو چلتی کشتی میں ●

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝١٢

تا کہ کر دیں ہم اُسے تمہارے لیے یادگار، اور یاد رکھیں اُسے یاد رکھنے والے کان ●

(اور لے آیا فرعون اور اس کے پہلے والے)، یعنی جو لوگ اس کے پہلے تھے دیہات موتفکہ کے لوگ، (اور اُلٹائی پلٹائی بستیوں والے جرم) وخطا، یعنی انہوں نے شرک کیا۔ (چنانچہ گناہ کیا اپنے رب کے رسول کا، تو پکڑا انہیں بڑھی چڑھی پکڑ) نے، یعنی اُن پر اور امتوں سے زیادہ عذاب کیا۔ (بے شک ہم نے جب بڑھ چڑھ گیا پانی) تو (سوار کرایا تھا تم سب کو چلتی کشتی میں) یعنی سفینۂ نوح میں جو پانی پر رواں تھی، (تا کہ کر دیں ہم اُسے) یعنی اُس کشتی کو (تمہارے لیے یادگار)۔ یعنی ایک نصیحت اور عبرت مؤمنوں کی نجات اور کافروں کی ہلاکت کے باب میں۔ (اور یاد رکھیں اُسے یاد رکھنے والے کان) جو بات سن کر فائدہ اُٹھاتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ اے علی! میں نے حق تعالیٰ سے دُعا کی ہے کہ تیرے کان کو وہ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ کر دے۔ حضرت علی کہتے ہیں اُس دن کے بعد میں کوئی بات نہیں بھولا۔

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝١٣ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ

تو جہاں پھونکا گیا صور میں ایک دم ● اور اُٹھا لی گئی زمین اور پہاڑ،

فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝١٤ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١٥

پھر ریزہ ریزہ کر دیے گئے دونوں ایک ہی پٹک میں ● تو اُس دن واقع ہو گئی، واقع ہونے ہی والی گھڑی ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ﴿١٦﴾

اور پھٹ گئے آسمان، تو وہ اُس دن بے زور ہے●

(تو جہاں پھونکا گیا صور میں ایک دم)، وہ 'نفخہ صعقہ' ہے، (اور اُٹھالی گئی زمین اور پہاڑ) اپنی جگہوں سے محض قدرتِ کاملہ سے۔۔یا۔سخت زلزلوں اور ہواؤں کے باعث سے، (پھر ریزہ ریزہ کردیے گئے دونوں ایک ہی پٹک میں)، تو سب روئی کے گالوں کی طرح ہوجائیں گے۔(تو اُس دن واقع ہوگئی واقع ہونے ہی والی گھڑی) یعنی قیامت قائم ہوجائے گی۔(اور پھٹ گئے آسمان تو وہ) یعنی آسمان (اُس دن بے زور ہے)، یعنی سست اور ضعیف ہوجائے گا قوت اور مضبوطی کے بعد۔

---

وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾

اور فرشتے اُس کے کناروں پر ہیں۔اور اُٹھائیں گے تمہارے رب کے عرش کو اپنے اوپر اُس دن آٹھ فرشتے●

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾

اُس دن تم لوگ پیش کیے جاؤ گے، نہ چھپ سکے گی تم میں سے کوئی چھپنے والی ہستی●

(اور فرشتے اُس کے) یعنی آسمان کے (کناروں پر ہیں) خدا کے حکم کے منتظر، کہ حکم ہو تو وہ نیچے اُتر آئیں۔(اور اُٹھائیں گے تمہارے رب کے عرش کو اپنے اوپر اُس دن آٹھ فرشتے)۔

بعضوں نے کہا ہے کہ فرشتوں کی آٹھ صفیں عرش کو اُٹھائیں گی کہ اُن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

(اُس دن تم لوگ پیش کیے جاؤ گے) خدا کے سامنے محاسبہ کے واسطے۔(نہ چھپ سکے گی تم میں سے کوئی چھپنے والی ہستی) یعنی حق تعالیٰ تمہارے پوشیدہ کاموں پر مطلع ہے، تو پیش کیا جانا اور حساب ہونا اس پر اطلاع کے واسطے نہیں ہے بلکہ عدل کے واسطے ہے، اور خلق پر افشاءِ احوال کے لیے ہے۔

---

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾

تو جو دیا گیا اُس کا نامہءِ اعمال داہنے ہاتھ میں، تو وہ کہے گا کہ "لو پڑھو میرا نامہءِ اعمال●

(تو جو دیا گیا اُس کا نامہءِ اعمال داہنے ہاتھ میں، تو وہ کہے گا کہ لو پڑھو میرا نامہءِ اعمال)۔

اِس میں ایسا عمل کوئی نہیں ہے جس کو ظاہر کرنے میں میں شرم کروں۔دراصل اپنی خوشی اور مسرت کو ظاہر کرنے کے لیے وہ یہ کہے گا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تبیان میں ہے کہ یہ دوسری کتاب ہے نامہء اعمال کے سوا لکھی ہوئی کہ اس میں جنت کی خوشخبری ہے۔ بس اس واسطے کہ فرشتوں کا لکھا ہوا نامہء اعمال خدا اور بندے کے درمیان ہے کوئی اُسے نہ دیکھے گا اور نہ پڑھے گا۔ پھر صاحبِ کتاب کہے گا کہ۔۔۔

إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ ۝٢٠ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝٢١ فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝٢٢

بے شک میں سمجھتا تھا کہ بے شک میں پاؤں گا اپنا حساب" • تو وہ اپنے پسندیدہ آرام میں ہے • فردوسِ عالی میں •

قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ۝٢٣ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝٢٤

جس کے خوشے قریب ہی ہیں • کہ کھاؤ اور پیو خوش خوش، صلہ اُس کا جو پہلے بھیج چکے تم گزرے زمانہ میں •

**(بے شک میں سمجھتا تھا کہ بے شک میں پاؤں گا اپنا حساب)**۔ یعنی میں نے تو جانا ہی تھا کہ میرا حساب کریں گے اور اس پر میں آمادہ ہوں۔ **(تو وہ اپنے پسندیدہ آرام میں ہے)** یعنی ایسی زندگی میں جو کدورت سے صاف اور حرمت اور حشمت سے ملی ہوگی **(فردوسِ عالی میں)** بلند و بالا جنت میں، **(جس کے خوشے قریب ہی ہیں)** کہ کھڑے بیٹھے اور لیٹے اُس تک ہاتھ پہنچ جائے، اور حضرت رضوان اُن سے کہیں گے **(کہ کھاؤ اور پیو خوش خوش، صلہ اُس کا جو پہلے بھیج چکے ہو تم گزرے زمانہ میں)**۔ یعنی دُنیا میں کہ گرمی کے دنوں میں تم نے روزے رکھے اور بھوکے پیاسے رہے۔

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ۝٢٥ وَلَمْ

اور رہا وہ، جو دیا گیا نامہء اعمال بائیں ہاتھ میں۔ تو کہے گا کہ "اے کاش! نہ دیا جاتا میں اپنا نامہء اعمال • اور نہ جانتا

أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝٢٦ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝٢٧ مَا أَغْنَىٰ عَنِّي مَالِيَهْ ۝٢٨

کہ کیا حساب میرا ہے • اے کاش! وہ موت ہوتی ہمیشہ کے لیے • نہ کام آیا میرے میرا مال •

هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ۝٢٩

جاتی رہی مجھ سے میری قوت" •

**(اور رہا وہ، جو دیا گیا نامہء اعمال بائیں ہاتھ میں)**، اور وہ اُس میں اپنی بُرائیاں اور گناہ لکھے دیکھے گا، **(تو کہے گا)** ندامت کے مارے **(کہ اے کاش! نہ دیا جاتا میں اپنا نامہء اعمال)** اور میں نہ دیکھتا تاکہ بر ملا فضیحت سے دوچار نہ ہوتا۔ **(اور)** کاش **(نہ جانتا)** میں **(کہ کیا حساب میرا ہے)** آج، اس واسطے کہ عذاب اور شدت کے سوا مجھے تو کچھ حاصل ہی نہیں۔ **(اے کاش! وہ موت ہوتی ہمیشہ کے**

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لیے) جس کے سبب سے میں دُنیا میں مرا تھا۔ کاش وہ موت ہمیشہ کے فنا کا حکم کرتی کہ اُس کے بعد میں زندہ ہی نہ ہوتا، تو (نہ کام آیا میرے میرا مال) میرے مکانات اور میرے غلام، جو مجھ سے عذاب دفع کرتے۔ (جاتی رہی مجھ سے میری قوت) یعنی لوگوں پر تسلط اور حکومت۔۔۔یا۔۔۔وہ دلیل و حجت جسے دُنیا میں میں نے مضبوط پکڑا تھا۔ پھر دوزخ کے فرشتوں کو حکم پہنچے گا کہ۔۔۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝۳۰ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝۳۱ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ

پکڑو اُسے، پھر طوق پہنادو اُس کو● پھر جہنم میں جھونک دو اُس کو● پھر زنجیر، جس کی پیائش ستر گز ہے،

ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝۳۲

تو اُس میں پرو دو اُس کو●

(پکڑو اُسے، پھر طوق پہنادو اُس کو) اور اُس کے ہاتھوں کو گردن میں باندھو، (پھر جہنم) کی بڑی آگ (میں جھونک دو اُس کو● پھر زنجیر جس کی پیائش ستر گز ہے، تو اُس میں پرو دو اُس کو) یعنی اُس کے جسم پر اُس زنجیر کو خوب کَس کر لپیٹ دو کہ ہل نہ سکے۔

ایک قول پر یہاں 'گز' سے 'نوشیروانی گز' مراد ہے، کہ ہر گز ساٹھ باع کے برابر ہے اور ہر باع ہے کوفہ سے مکہ تک۔ کعب الاحبار رضی اللہ عنہ نے کہا کہ دُنیا میں جتنا لوہا ہے اگر جمع کریں، تو اُس زنجیر کے ایک حلقہ کے برابر نہیں ہے، اور اگر اُس کا ایک حلقہ عالم کے پہاڑوں پر رکھ دیں تو یہ رانگے کی طرح پگھل جائیں۔ زنجیر والا یہ عذاب اس پر اس لیے ہے کہ۔۔

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۝۳۳ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝۳۴

یہ نہیں مانتا تھا عظمت والے اللہ کو● اور نہیں اُبھارتا تھا مسکین کے کھانا دینے پر●

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۝۳۵ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۝۳۶

تو نہیں ہے اِس کا آج یہاں کوئی دوست● اور نہ کوئی غذا، مگر زخموں کی نچوڑی پیپ●

لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ۝۳۷

نہ کھائیں گے اُسے مگر وہ خطا کار●

ع ۵

(یہ) شخص (نہیں مانتا تھا عظمت والے اللہ) تعالیٰ (کو● اور نہیں اُبھارتا تھا) اپنے کو (مسکین کے کھانا دینے پر)۔ یعنی رغبت نہ کرتا تھا، اور حرص نہ رکھتا تھا محتاج کو کھانا دینے پر۔ (تو نہیں ہے اس

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کا آج یہاں کوئی دوست) یعنی یگانہ جو اس کی حمایت کرے۔ (اور نہ کوئی غذا مگر زخموں کی نچوڑی پیپ) جو دوزخیوں کے بدن سے بہتی ہے، (نہ کھائیں گے اُسے مگر وہ خطا کار) مشرک۔۔۔اس لیے کہ سب گناہانِ کبیرہ کا سردار شرک ہے۔۔۔

فَلَآ اُقۡسِمُ بِمَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۳۸﴾ وَمَا لَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ كَرِيۡمٍ ﴿۴۰﴾

تو نہیں کیا میں تو قسم کھاتا ہوں اُن چیزوں کی، جسے تم لوگ دیکھتے ہو • اور جسے نہیں دیکھتے •

کہ بے شک یہ بات چیت ہے رسولِ کریم سے •

(تو نہیں کیا میں تو قسم کھاتا ہوں اِن چیزوں کی جسے تم لوگ دیکھتے ہو) یعنی دیکھی ہوئی چیزوں میں سے (اور جسے نہیں دیکھتے) یعنی غائب چیزیں۔۔۔یا۔۔۔اُس کی قسم جو زمین کے اوپر اور زمین کے اندر ہے۔۔۔یا۔۔۔اجسام اور ارواح کی قسم۔۔۔یا۔۔۔اِنس اور جن کی قسم۔۔۔یا۔۔۔کعبہ اور بیت المعمور کی قسم ۔۔۔یا۔۔۔بحر و بر کی قسم۔۔۔یا۔۔۔محمد ﷺ کے حکم پہنچانے اور جبرائیل علیہ السلام کے وحی لانے کی قسم۔۔۔یا۔۔۔میرے حبیب کے آثارِ رسالت اور انوارِ ولایت کی قسم (کہ بے شک یہ بات چیت ہے رسولِ کریم سے)، تو ایسا نہیں ہے جو کافر کہتے ہیں کہ قرآن محمد ﷺ کا بنایا ہوا ہے۔

اِس آیت میں رسولِ کریم سے مراد وہ ذات ہے جو خدا کے نزدیک بزرگ ہے اور وہ محمد ﷺ ہیں، اور بعض نے کہا کہ وہ جبرائیل علیہ السلام ہیں۔

وَّمَا هُوَ بِقَوۡلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيۡلًا مَّا تُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۴۱﴾ وَلَا بِقَوۡلِ كَاهِنٍ ؕ

اور نہیں ہے وہ کسی شاعر کی بات۔ کس قدر کم مانا کرتے ہو • اور نہ کسی کاہن کی بات۔

قَلِيۡلًا مَّا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۴۲﴾ تَنۡزِيۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۴۳﴾

کس قدر کم دھیان کرتے ہو • اس کا اُتارنا ہے رب العٰلمین کی طرف سے •

(اور نہیں ہے وہ کسی شاعر کی بات) جیسا کہ ابوجہل کہتا ہے۔ تو ایسی بکواس کرنے والو! تم (کس قدر کم مانا کرتے ہو)، یعنی مکمل تصدیق نہیں کرتے۔ (اور نہ) قرآن (کسی کاہن کی بات) ہے، جیسا کہ عقبہ ابن ابی معیط گمان کرتا ہے۔ تو اِس طرح کا گمان کرنے والو! تم (کس قدر کم دھیان کرتے ہو)، اور ذرا بھی نصیحت قبول نہیں کرتے۔ تو سن لو! کہ قرآن وہ کتاب ہے کہ (اِس کا اُتارنا ہے رب العالمین کی طرف سے) یعنی اہلِ عالم کے رب کی جانب سے یہ نازل فرمایا گیا ہے۔

Marfat.com
https://t.me/nabwilibrary

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ﴿٤٤﴾ لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ﴿٤٥﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا

اور اگر بنا لیتے ہم پر کوئی بات • تو ہم پکڑ چکے ہوتے اُن کو قوی ہاتھ سے • پھر یقیناً کاٹ چکے ہوتے

مِنْهُ الْوَتِينَ ﴿٤٦﴾ فَمَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ﴿٤٧﴾ وَإِنَّهُ

اُن کی رگِ دِل کو • پھر نہ ہوتا تم میں کوئی روک سکنے والا • اور بے شک یہ

لَتَذْكِرَةٌ لِلْمُتَّقِينَ ﴿٤٨﴾

یقیناً نصیحت ہے ڈر والوں کے لیے •

(اور اگر بنا لیتے ہم پر کوئی بات) یعنی اگر وہ رسول اپنی طرف سے کوئی بات بنا کر ہماری طرف منسوب کرتے، (تو ہم پکڑ چکے ہوتے اُن کو قوی ہاتھ سے)، یعنی ہم اُن کو پوری قوت سے پکڑ لیتے۔ (پھر یقیناً کاٹ چکے ہوتے اُن کی رگِ دِل کو) یعنی شہ رگ کو۔ (پھر نہ ہوتا تم میں کوئی روک سکنے والا) جو ہمیں اپنے اُس عمل سے روک دیتا اور انہیں بچا لیتا۔ (اور بے شک یہ) قرآن (یقیناً نصیحت ہے ڈر والوں کے لیے) اس واسطے کہ وہ اِس سے نفع اُٹھاتے ہیں۔

---

وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنْكُمْ مُكَذِّبِينَ ﴿٤٩﴾ وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِينَ ﴿٥٠﴾

اور بے شک ہم یقیناً جانتے ہیں کہ بے شک تم میں جھٹلانے والے ہیں • اور بے شک یقیناً وہ حسرت ہے کافروں پر •

وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ ﴿٥١﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ﴿٥٢﴾ ع ۱۵

اور بے شک وہ حق یقینی ہے • تو پاکی بولتے رہو اپنے عظمت والے رب کے نام کی •

(اور بے شک ہم یقیناً جانتے ہیں، کہ بے شک تم میں جھٹلانے والے ہیں) اور قرآن کریم کی تکذیب کرنے والے ہیں۔ (اور بے شک یقیناً وہ حسرت ہے کافروں پر)، کہ قیامت کے دن قرآن کا ثواب دیکھیں گے اور خود اُس سے محروم ہوں گے۔ (اور بے شک وہ) یعنی قرآن (حق یقینی ہے)۔ یعنی 'حق الیقین' ہے کہ یہ حق تعالیٰ کے پاس سے نازل ہوا ہے۔ (تو پاکی بولتے رہو اپنے عظمت والے رب کے نام کی)۔ یعنی اپنے رب تعالیٰ کو اُس کی صفاتِ تمجیدی اور اُس کی صفاتِ تنزیہی کے ساتھ یاد کرتے رہو۔

اختتام سورۃ الحاقۃ -- ۲۴ رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ -- مطابق -- ۱۲ رستمبر ۲۰۱۲ء --- بروز چہار شنبہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

-- ﴿ ٢٥ر شوال المکرم ١٤٣٣ھ --مطابق-- ١٣ر ستمبر ٢٠١٢ء ---بروز پنجشنبہ ﴾ --

سورۃ المعارج ٧٠ — مکیۃ ٧٩ | آیاتہا ٤٤ — رکوعاتہا ٢

# سُوْرَةُ الْمَعَارِج

سورۃ المعارج--٧٠ مکیہ ٧٩ — آیاتہا ٤٤--رکوعاتہا ٢

اِس سورہ کا نام 'المعارج' ہے جو اِس کی آیت ٣ سے ماخوذ ہے۔ اِس سورہ کے پہلے 'سورہ الحاقۃ' میں قیامت، جنت اور دوزخ کے احوال اور مؤمنین اور کافرین کا اخروی انجام ذکر فرمایا تھا، اُسی طرح اِس سورت میں بھی اُنہیں امور کا ذکر فرمایا ہے۔ یہ سورت 'سورۃ الحاقۃ' کے بعد اور 'سورۃ النبا' سے پہلے نازل ہوئی ہے۔ تو اِس سورت کو جو بالاتفاق مکی ہے شروع کرتا ہوں میں---

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

**(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کے گناہوں کا (بخشنے والا) ہے۔**

نضر بن حارث نے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا کہ خدایا اگر محمد ﷺ حق پر ہیں اور جو کچھ وہ کہتے ہیں اگر تیری طرف سے ہے تو تو ایک پتھر مجھ پر برسا۔۔یا۔۔ مجھ کو دردناک عذاب میں مبتلا کر، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ---

---

## سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ﴿۱﴾ لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿۲﴾

مانگا ایک مانگنے والے نے اُس عذاب کو جو ہونے ہی والا ہے • کافروں کو نہیں ہے اُس کا کوئی ہٹا سکنے والا •

## مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۭ﴿۳﴾

بلندیوں والے اللہ کی طرف سے •

**(مانگا ایک مانگنے والے نے اُس عذاب کو جو ہونے ہی والا ہے • کافروں کو)**، دُنیا میں جنگِ بدر کے دن کا قتل ہے۔۔یا۔۔ آخرت میں دردناک عذاب۔

بعضوں نے کہا کہ عذاب مانگنے والا ابوجہل تھا کہ اُس نے کہا کہ "فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا۔" اور ایک قول یہ ہے کہ خود رسول اللہ ﷺ نے کفار پر عذاب نازل ہونے کی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

درخواست اور جلدی کی، بہر تقدیر۔۔۔

(نہیں ہے اُس کا کوئی ہٹا سکنے والا) جو اُسے روکے اور دفع کر سکے۔ (بلندیوں والے اللہ تعالیٰ (کی طرف سے) آنے سے، اس واسطے کہ ارادۂ اَزلی اُس سے متعلق ہو چکا ہے اور اللہ کا ارادہ کیا ہوا اَمر دفع نہیں کیا جاتا۔

پھر آگے اللہ جل شانہ کی صفت ہے کہ وہ خداوند ہے بلند درجوں کا، یعنی جنت میں اونچے اونچے محل اپنے دوستوں کے واسطے اُس نے مہیا کیے ہیں۔۔یا۔۔ بلند مقامات کلمات طیبات کے بلند ہونے کو مقرر فرمائے ہیں۔۔۔

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ۝

کہ عروج کرتے ہیں فرشتے اور روح الامین اُس کی طرف اُس دن میں، جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے●

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ۝

تو تم خوب صبر سے کام لو●

(کہ عروج کرتے ہیں فرشتے اور روح الامین اُس کی طرف)، یعنی حکم الٰہی کی طرف یعنی اُس جگہ جہاں پہنچنے کا حکم ہو (اُس دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے) دُنیا کے برسوں سے۔ یعنی اگر کوئی چاہے کہ دُنیا میں سیر کرے وہاں تک کہ جہاں تک فرشتوں کو جانے کا حکم ہے اور وہ ایک دن میں جاتے ہیں، تو وہ سیر کرنے والا پچاس ہزار برس میں جا سکے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اُس دن سے قیامت کا دن مراد ہے کہ کافروں پر اِس درازی کے ساتھ گزرے گا۔ اور بعضوں نے کہا کہ میدانِ قیامت میں پچاس موقف اور مَوطن ہوں گے اور ہر موقف میں ہزار برس ٹھہرائیں گے۔

(تو) اَے محبوب! (تم خوب صبر سے کام لو) جو کسی طرح کے قلق اور شکایت کے بغیر ہو۔

اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۝ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ۝ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ

بلاشبہ وہ سمجھتے ہیں اُس کو دُور از نہونی● اور ہم دیکھ رہے ہیں اُس کو قریب ہونے ہی والی● جس دن ہوگا آسمان

كَالْمُهْلِ ۝ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝

جیسے پگھلی چاندی● اور ہوں گے پہاڑ جیسے دھنی اُون●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(بلاشبہ وہ) کافر (سمجھتے ہیں اُس کو دُور اَنہونی)۔یعنی وہ اُس کو امکان سے بعید سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قیامت کا دن نہیں ہے اور نہ ہوگا۔جیسا کہ عرف میں کہتے ہیں کہ فلاح کام کا وقوع دُور ہے یعنی محال معلوم ہوتا ہے۔(اور ہم دیکھ رہے ہیں اُس کو) یعنی قیامت کو (قریب ہونے ہی والی) ہے واقع ہونے کے۔(جس دن ہوگا آسمان جیسے پگھلی چاندی) یعنی آسمان پگھل جائے گا۔(اور ہوں گے پہاڑ جیسے دھنی اُون)، نرم اور ریزہ ریزہ۔

---

**وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ﴿١٠﴾ يُبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ**

ورنہ پوچھے گا کوئی دوست کسی دوست کی● حالانکہ وہ لوگ باہم پیشِ نظر کیے جائیں گے۔آرزو کرے گا مجرم کہ اگر فدیہ دے دے

**يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ﴿١١﴾ وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ ﴿١٢﴾ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُـْٔوِيهِ ﴿١٣﴾**

اُس دن کے عذاب سے بچنے کو اپنے بیٹے● اور بیوی اور بھائی● اور اپنا کنبہ، جو ٹھکانہ دیتا رہا ہے اُسے●

(اور نہ پوچھے گا کوئی دوست کسی دوست کی)۔سب کو اپنی ہی فکر ہوگی، کوئی کسی کے گناہ اور اُس کے افعال کے تعلق سے سوال نہ کرے گا۔اور وہ ہے ہی ایسا مقام جہاں ہر ایک سے اُسی کے افعال واقوال اور اعمال واحوال کے بارے میں پوچھا جائے گا، (حالانکہ وہ لوگ باہم پیش نظر کیے جائیں گے)۔یعنی ہر ایک اپنے قرابت دار کو پہچانے گا اور اُس کا احوال دیکھے گا اور جانے گا کہ ہر ایک اپنے اعمال کے سبب سے مواخذہ میں ہے۔یہ ایسا دن ہوگا کہ۔۔۔

(آرزو کرے گا مجرم کہ اگر فدیہ دے دے اُس دن کے عذاب سے بچنے کو اپنے بیٹے) جو بہت عزیز تھے اُس کے نزدیک (اور بیوی) جو اُس کی یار اور ہَوادار تھی، (اور بھائی) جو اس کا قوتِ بازو اور مددگار تھا۔(اور اپنا کنبہ جو ٹھکانہ دیتا رہا ہے اُسے) اور اُس کے پناہ کی جگہ بنا رہا۔

---

**وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنجِيهِ ﴿١٤﴾ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ﴿١٥﴾ نَزَّاعَةً لِّلشَّوَىٰ ﴿١٦﴾**

اور سارے زمین والے کو، پھر بھی یہ فدیہ دینا اُسے بچالے گا؟● ہرگز نہیں۔بے شک وہ بھڑکتی آگ ہے●
کھال تک اُتار دینے والی●

(اور) صرف اِسی قدر نہیں، بلکہ (سارے زمین والے کو)۔۔الغرض۔۔عذابِ الٰہی سے اپنی بچت کے لیے اگر اُن سب کو فدیہ دینا کام آجائے تو وہ مجرم اس کو بھی گوارا کرنے کو تیار ہے۔(پھر بھی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یہ فدیہ دینا اُسے بچالے گا ● ہرگز نہیں)، حاشا کہ نجات نہ پائے گا عذاب سے، اور وہ بھی کیسا سخت عذاب؟ (بے شک وہ بھڑکتی آگ ہے ● کھال تک اُتار دینے والی) یعنی مشرکین کے ہاتھ پاؤں --یا-- اُن کے سر کی کھال کو سو برس اور دو سو برس کی راہ سے، یعنی دوزخ کا شعلہ کافروں کو اپنے میں اس طرح کھینچے گا جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے۔ وہ آگ---

تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَ تَوَلّٰىۙ ﴿۱۷﴾ وَ جَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿۱۸﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ

بُلاتی رہتی ہے اُسے جس نے پیٹھ دکھائی تھی اور منہ پھیرا تھا ● اور جمع جتھا کیا تھا اور صندوق میں رکھا تھا ● بے شک انسان

خُلِقَ هَلُوْعًاۙ ﴿۱۹﴾ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًاۙ ﴿۲۰﴾ وَّ اِذَا مَسَّهُ الْخَیْرُ مَنُوْعًاۙ ﴿۲۱﴾

پیدا کیا گیا ہے بے صبرا ● جب پہنچی خرابی تو گھبراہٹ والا ہے ● اور جب پہنچی اُسے بھلائی تو روک رکھنے والا ہے ●

اِلَّا الْمُصَلِّیْنَۙ ﴿۲۲﴾ الَّذِیْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآىٕمُوْنَ۪ۙ ﴿۲۳﴾

مگر نمازی لوگ ● جو اپنی نماز پر ہمیشہ قائم ہیں ●

(بُلاتی رہتی ہے اُسے جس نے پیٹھ دکھائی تھی) یعنی حق کو پس پشت ڈال دیا تھا (اور) حکم الٰہی سے (منہ پھیرا تھا ● اور) دُنیا کا مال (جمع جتھا کیا تھا اور صندوق میں رکھا تھا) اور خدا کا حق ادا نہ کیا۔ (بے شک انسان پیدا کیا گیا ہے بے صبرا) اور حریص فانی مال جمع کرنے پر، اور بخیل حقوقِ ربانی ادا کرنے پر۔ (جب پہنچی خرابی)، جیسے محتاجی و مفلسی وغیرہ (تو گھبراہٹ والا ہے) اور چیختا چلّاتا ہے۔ (اور جب پہنچی اُسے بھلائی)، جیسے تندرستی اور مالداری وغیرہ (تو روک رکھنے والا ہے) اپنے نفس کو اطاعتِ الٰہی سے اور مال کو راہِ خدا میں خرچ کرنے سے۔ اور سب آدمی اسی حال پر مخلوق ہوئے ہیں (مگر نمازی لوگ ● جو اپنی نماز پر ہمیشہ قائم ہیں) اُس کو کماحقہٗ ادا کرنے والے ہیں، یعنی کسی بھی شغل کی وجہ سے اس سے باز نہیں رہتے، اور نماز ادا کرتے وقت خشوع و خضوع کا مظاہرہ کرتے ہیں اور دائیں بائیں التفات نہیں کرتے۔

وَ الَّذِیْنَ فِیْۤ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ۪ۙ ﴿۲۴﴾ لِّلسَّآىٕلِ وَ الْمَحْرُوْمِ۪ۙ ﴿۲۵﴾ وَ الَّذِیْنَ یُصَدِّقُوْنَ

اور جن کے مالوں میں حق مقرر ہے منگتا کے لیے ● اور نہ مانگ سکنے والے کے لیے ● اور جو تصدیق کریں

بِیَوْمِ الدِّیْنِ۪ۙ ﴿۲۶﴾ وَ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَۚ ﴿۲۷﴾

روزِ جزا کی ● اور جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿۲۸﴾

بے شک اُن کے رب کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں●

(اور جن کے مالوں میں حق مقرر ہے منگتا کے لیے● اور نہ مانگ سکنے والے کے لیے)، جیسے کہ زکوٰۃ، کہ اندازہ کی ہوئی ہے اور صدقے، جو معمول ہیں سوال کرنے والوں کے واسطے اور اس محتاج کے واسطے جو سوال نہ کرے، (اور جو تصدیق کریں روزِ جزا کی)۔ اور روزِ قیامت کی تصدیق کی نشانی طاعت اور عبادت میں مشغول ہونا ہے۔ (اور جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیں)۔ عذابِ الٰہی سے ڈرنے کی علامت ممنوعاتِ شرعی سے بچنا ہے۔ (بے شک اُن کے رب کا عذاب نڈر ہونے کی چیز نہیں)۔ یعنی اُس سے بے خوف نہیں ہوسکتے کیونکہ البتہ گناہ گاروں کو وہ عذاب پہنچے گا۔

---

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ

اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں● مگر اپنی بیبیوں پر یا جو اُن کے دستِ ملکیت میں لونڈیاں ہیں،

فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۳۱﴾

کہ بے شک وہ مجرم نہیں ہیں● تو جس نے چاہا اُس کے سوا، تو وہی حد سے بڑھ جانے والے ہیں●

(اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں● مگر اپنی بی بیوں پر یا جو ان کے دستِ ملکیت میں لونڈیاں ہیں)، کیونکہ ہاتھ کا مال ہونے کے سبب سے ان میں تصرف کرسکتے ہیں، کیوں (کہ بے شک) ان میں تصرف کرنے سے (وہ مجرم نہیں ہیں● تو جس نے چاہا) دخول کرنے کی جگہ (اُس کے سوا) جو کہا گیا، یعنی اپنے لونڈی اور جورو کے سوا، (تو وہی حد سے بڑھ جانے والے ہیں) یعنی مَردوں اور جانوروں سے وطی کرنے والے حد سے گزر جانے والے ہیں، اور بعض کے قول پر جلق لگانا بھی حد سے گزرنے میں داخل ہے۔

---

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ

اور جو اپنی امانتوں اور عہد کے لحاظ رکھنے والے ہیں● اور جو اپنی گواہیوں پر

قَآئِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۳۴﴾

ٹھیک رہنے والے ہیں● اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرنے والے ہیں●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع

# اُولٰٓئِكَ فِیْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ۝٣٥

وہ ہیں جنتوں میں، باعزت۔

(اور جو اپنی امانتوں اور عہد کے لحاظ رکھنے والے ہیں)۔ عہد خالق کا ہو۔۔یا۔ مخلوق کا س
کی حفاظت کرنا چاہئے اور امانت اَدا کرنا اور عہد پورا کرنا نہ چھوڑنا چاہیے۔ (اور جو اپنی گواہیوں
ٹھیک رہنے والے ہیں)، یعنی قائم ہیں۔۔یا۔ گواہی دیتے ہیں اُس چیز میں جو بندوں کے حقوق و
جانتے ہیں۔ (اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرنے والے ہیں)، یعنی آداب و شرائط کے ساتھ ہمیشہ نماز
پڑھتے ہیں۔

نماز کا ذکر اِن آیتوں کے شروع اور خاتمہ میں مکرر فرمانا اِس بات کی دلیل ہے کہ نماز سب عبادتوں میں افضل ہے۔ اور بعضوں نے کہا کہ ہمیشہ پڑھنا فرض نمازوں سے تعلق رکھتا ہے، اور محافظت کرنا نفلوں سے متعلق ہے۔

اور (وہ) لوگ جو اِن صفتوں سے موصوف ہیں، (ہیں جنتوں میں باعزت) ثوابِ ابدی
اور جزائے سرمدی کے سبب سے۔

یہ آیت نازل ہونے کے بعد مشرکوں نے رسولِ کریم ﷺ کے گرداگرد حلقہ باندھا اور ہنسی اور مسخرے پن کی راہ سے بولے کہ محمد ﷺ کے اصحاب عقبیٰ میں جنتوں کی طمع رکھتے ہیں، تو ہم کو بھی یہ طمع ہے کہ ہم اِن سے پہلے جنتیں پائیں گے، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

فَمَالِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِیْنَ ۝٣٦ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِیْنَ ۝٣٧

تو کیا ہوا کافروں کو؟ کہ تمہاری طرف گھورنے والے ہیں۔ داہنے اور بائیں سے، گروہ در گروہ۔ کیا للچاتا اُن کا ہر شخص

اَیَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ یُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِیْمٍ ۝٣٨ كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا یَعْلَمُوْنَ ۝٣٩

کہ داخل کیا جائے راحت کے باغ میں۔ ہرگز نہیں! بے شک ہم نے پیدا فرمایا اُنہیں اُس سے جسے وہ جانتے ہی ہیں۔

(تو کیا ہوا کافروں کو کہ تمہاری طرف گھورنے والے ہیں۔ داہنے اور بائیں سے گروہ در گروہ)
حلقہ کیے ہوئے۔ (کیا للچاتا) ہے (ان کا ہر شخص کہ داخل کیا جائے راحت کے باغ میں) اور نعمت
لازوال میں؟ یعنی مشرکوں کو یہ داعیہ ہے کہ بے ایمان قبول کیے ہوئے جنتوں میں نعمت پر دخل پائیں
گے۔ ایسا (ہرگز نہیں) ہونے والا۔ (بے شک ہم نے پیدا فرمایا انہیں اُس سے جسے وہ جانتے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یں)، یعنی نطفہ سے کہ اس کو کسی طرح عالمِ قدس سے مناسبت نہیں ہے، پس اگر کوئی کدورتوں کے ث سے صاف نہ ہو اور اخلاقِ ملکی سے متخلق نہ ہو جائے، وہ جنت میں داخل ہونے کی استعداد اور قت نہ رکھے گا۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾

تو نہیں کیا میں قسم یاد کرتا ہوں تمام پوربوں اور سارے پچھموں کے رب کی، کہ بے شک ہم یقیناً قدرت والے ہیں●

عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾

اس پر کہ بدل دیں ان سے بہتر، اور نہیں ہیں ہم عاجز●

(تو نہیں کیا میں قسم یاد کرتا ہوں تمام پوربوں اور سارے پچھموں کے رب کی، کہ بے شک ہم یقیناً قدرت والے ہیں● اس پر کہ بدل دیں ان سے بہتر، اور نہیں ہیں ہم عاجز)۔۔الحاصل۔۔ہم کو اس بات کی قدرت ہے کہ ان کافروں کو ہلاک کر کے ان کے بدلے دوسری مخلوق پیدا کریں۔ ہم پر کوئی سبقت اور پیشی نہیں لے جا سکتا، اگر ہم کسی امر کا ارادہ کریں تو ہم کو کوئی مغلوب نہیں کر سکتا اُسے ظاہر کرنے میں۔

فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾ يَوْمَ

تو چھوڑ دو انہیں کہ بے ہودگی میں پڑے رہیں اور کھیلا کریں یہاں تک کہ ملیں اپنے اُس دن کو، جس کا وعدہ دیے گئے ہیں● جس دن

يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً

نکلیں گے قبروں سے جھپٹتے ہوئے، گویا وہ اپنے اپنے کسی نشان تک دوڑ لگا رہے ہیں● جھکی جھکی

ع ۹ ۸ اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

اُن کی آنکھیں، چھائی اُن پر ذلت۔ یہ ہے وہ دن جس کا وعدہ دیے جاتے تھے●

(تو چھوڑ دو انہیں کہ بے ہودگی میں پڑے رہیں اور کھیلا کریں یہاں تک کہ ملیں اپنے اُس دن کو جس کا وعدہ دیئے گئے ہیں)۔ وہ جنگِ بدر کا دن ہے۔۔یا۔۔قیامت کا روز۔۔۔اس آیت کا حکم آیتِ قتال کے حکم سے منسوخ ہے۔۔۔وہ کیا دن ہوگا؟ (جس دن نکلیں گے قبروں سے جھپٹتے ہوئے) تیز رفتاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حضرت اسرافیل کا پکارنا قبول کر کے، (گویا وہ اپنے اپنے کسی نشان

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تک دوڑ لگا رہے ہیں) جیسے سپاہ پراگندہ جو اپنا جھنڈا قائم دیکھتی ہے اور اُس کی طرف دوڑتی ہے
صورتِ حال یہ ہوگی کہ اُس وقت (جھکی جھکی) ہوں گی (اُن کی آنکھیں)، یعنی آنکھوں والے اپنے
سر جھکائے ہوں گے۔ اور ہوگی (چھائی اُن پر ذلت۔ یہ ہے وہ دن جس کا) وہ (وعدہ دیئے جاتے
تھے) دُنیا میں۔

اختتام سورۃ المعارج -- ﴿ ۲۷رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۵رستمبر ۲۰۱۲ء ---بروز شنبہ ﴾ --

-- ﴿ ۲۹رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۷رستمبر ۲۰۱۲ء ---بروز دوشنبہ ﴾ --

سورۂ نوح ۔۔ ۷۱ مکیہ ۷۱ ۔ **سُوْرَۃُ نُوْحٍ** ۔ آیاتہا ۲۸ ۔۔ رکوعاتہا ۲

'سورہ نوح' جس کا نام اِسی کی آیت اسے ماخوذ ہے۔ 'سورہ النحل' کی چالیس آیتوں کے نازل ہونے کے بعد اور 'سورہ الطور' سے پہلے یہ سورت نازل ہوئی۔ اِس سورت کو اپنی سابقہ سورت 'المعارج' سے مناسبت یہ ہے کہ 'سورہ المعارج' میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ ہم اِس پر قادر ہیں کہ مشرکینِ مکہ سے بہتر لوگ لے آئیں اور اُس کے بعد 'سورہ نوح' میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر عالمگیر طوفان بھیجا جس سے اُن کی قوم کے تمام کافر غرق ہو کر ہلاک ہو گئے، صرف وہ اسّی ۸۰ افراد بچے جو اللہ کی توحید اور حضرت نوح علیہ السلام کی رسالت پر ایمان لا چکے تھے۔ اور پھر اُنہیں باقی ماندہ لوگوں سے دُنیا آباد ہوئی۔ اِس سے اُس پر دلیل قائم ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ جب چاہے، تو ایک قوم کو ہلاک کر کے اُس کی جگہ دوسری قوم کو لے آئے۔ ایسی حقیقت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ---

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ

بے شک بھیجا ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف کہ ڈر سنادو اپنی قوم کو، قبل اُس کے کہ آئے اُن کے پاس دکھ والا عذاب●

أَلِيمٌ ① قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ② أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَ

انہوں نے کہا کہ "اے میری قوم! بلا شبہ میں تمہارے لیے کھلا کھلا ڈر سنا دینے والا ہوں● کہ پوجو اللہ کو اور ڈرو اُسے، اور

أَطِيعُونِ ③ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ

کہا مانو میرا● بخش دے گا تمہارے گناہوں کو، اور مہلت دے گا تمہیں ایک مقرر مدت تک۔

إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاءَ لَا يُؤَخَّرُ ۖ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ④

بلا شبہ اللہ کا مقرر کردہ وقت، جب آگیا تو نہیں ہٹایا جاتا۔ اگر تم جانتے ہوتے"●

(بے شک بھیجا ہم نے نوح کو اُن کی قوم) آلِ قابیل (کی طرف) اِس حکم کے ساتھ (کہ ڈر سنادو اپنی قوم کو)، اور انہیں ڈرادو (قبل اِس کے کہ آئے اُن کے پاس دکھ والا عذاب) طوفان کی شکل میں۔۔یا۔عذابِ آخرت کی صورت میں، تو (انہوں نے کہا کہ اے میری قوم) کے لوگو! (بلا شبہ میں تمہارے لیے کھلا کھلا ڈر سنا دینے والا ہوں)، یعنی میرا ڈر سنانا بالکل ظاہر ہے۔ پہنچاتا ہوں میں تم کو یہ حکم (کہ پوجو اللہ) تعالیٰ (کو اور ڈرو اُسے) یعنی اُس کے عذاب سے۔۔یا۔۔ پرہیز کرو اُس کی نافرمانی سے۔

(اور کہا مانو میرا)، یعنی میری اطاعت کرو اُس چیز میں جو میں حکم کروں اور منع کروں۔ اللہ تعالیٰ (بخش دے گا تمہارے گناہوں کو) قبل اسلام جس کے مرتکب ہوئے ہو، (اور مہلت دے گا تمہیں ایک مقرر مدت تک)، کہ وہ زندگی کی مدت ہے۔ یعنی عقوبت اور مہلکات سے بچا کر زندہ رکھے گا۔ (بلا شبہ اللہ) تعالیٰ (کا مقرر کردہ وقت جب آگیا تو نہیں ہٹایا جاتا)۔ یعنی جس کی وہ اَجل اور مدت ہے اُسے مہلت نہیں ہوتی۔ (اگر تم جانتے ہوتے) اور فکر و نظر سے کام لیتے، تو خود ہی سمجھ لیتے کہ اَجل میں تاخیر اور مہلت کی گنجائش نہیں۔

۔۔غرضیکہ۔۔حضرت نوح علیہ السلام نے نوسو پچاس [۹۵۰] برس اپنی قوم کو دعوت کی اور انہوں نے سرکشی اور عناد اختیار کر کے اُن کی ایذاء رسانی میں حد سے زیادہ کوشش کی۔ اور ہرگز اپنی طرف سے ایذاء رسانی میں کمی نہ کرتے تھے، یہاں تک کہ حضرت نوح تنگ آگئے۔۔اور۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قَالَ رَبِّ اِنِّیْ دَعَوْتُ قَوْمِیْ لَیْلًا وَّ نَهَارًا ۙ﴿۵﴾ فَلَمْ یَزِدْهُمْ دُعَآءِیْۤ اِلَّا فِرَارًا ﴿۶﴾ وَ

دُعا کی کہ "پروردگارا! بلاشبہ میں نے تو بُلایا اپنی قوم کو رات دن ● تو نہیں بڑھا اُن میں میرے بُلانے سے، مگر بھاگتے رہنا ● اور

اِنِّیْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْۤا اَصَابِعَهُمْ فِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَ اسْتَغْشَوْا ثِیَابَهُمْ

بے شک جب جب میں نے بُلایا اُنہیں کہ تُو بخش دے اُنہیں، تو دیتے رہے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں،

وَ اَصَرُّوْا وَ اسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۚ﴿۷﴾

اور اوڑھ لیے اپنے کپڑے، اور ضد کرتے رہے، اور بڑے بنتے رہے بے حد ●

(دُعا کی کہ پروردگارا! بلاشبہ میں نے تو بُلایا اپنی قوم کو رات دن) ایمان اور اطاعت کی طرف، (تو نہیں بڑھا اُن میں میرے بُلانے سے مگر بھاگتے رہنا) ایمان اور اطاعت سے۔ (اور بے شک جب جب میں نے بُلایا اُنہیں) توحید اور تیری عبادت کی طرف، تا (کہ تُو بخش دے اُنہیں) عبادت قبول کرنے کے سبب سے، (تو دیتے رہے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں) اور میرے پکارنے اور دعوت سننے کی راہ اُنہوں نے بند کر لی۔ (اور اوڑھ لیے اپنے کپڑے) تا کہ مجھ کو نہ دیکھیں۔ (اور ضد کرتے رہے)، یعنی اپنے کفر و معصیت پر اَڑ گئے۔ (اور بڑے بنتے رہے بے حد) اور میری متابعت سے سرکشی کی۔

ثُمَّ اِنِّیْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۙ﴿۸﴾ ثُمَّ اِنِّیْۤ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَ اَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ۙ﴿۹﴾

پھر بے شک میں نے بُلایا اُنہیں بلند آواز سے ● پھر بے شک میں نے علانیہ بُلایا اُنہیں، اور خفیہ باتیں بھی کیں اُن سے خوب ●

(پھر) باوصف اِن کے اصرار اور استکبار کے (بے شک میں نے بُلایا اُنہیں بلند آواز سے) ان کی محفلوں میں، (پھر بے شک میں نے علانیہ بلایا اُنہیں)، یعنی ان کے بعض کو علانیہ پکار کر مکرر میں نے دعوت دی۔ (اور خفیہ باتیں بھی کیں ان) کے بعض (سے خوب)۔۔ الغرض۔۔ جس طرح میں دعوت کر سکا دعوت کرنے سے باز نہیں رہا۔ محفلوں میں، خلوتوں میں، پوشیدہ علانیہ، حق کی طرف میں نے بُلایا۔ اور جب تیری قہاری نے اُن سے بارانِ رحمت روکا اور ان کی عورتوں کو بانجھ کر دیا، کہ ان کے اولاد ہونا موقوف ہو گئی، تو انہوں نے میری طرف رجوع کیا۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ﴿۱۱﴾

چنانچہ میں نے کہا کہ مغفرت مانگو اپنے رب کی۔ بے شک وہ مغفرت والا ہے• برسائے گا اوپر سے تم پر موسلا دھار بارش•

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ؕ﴿۱۲﴾

اور بڑھائے گا تمہیں مال اور بیٹوں میں، اور بنادے گا تمہارے لیے باغ، اور کردے گا تمہارے لیے نہریں•

(چنانچہ میں نے کہا) ان سے (کہ مغفرت مانگو اپنے رب کی)، یعنی کفر سے توبہ کرو۔ (بے شک وہ مغفرت) فرمانے (والا ہے) اپنی طرف متوجہ ہونے والوں کی۔ اور اگر تم توبہ کرلو گے تو حق تعالیٰ (برسائے گا اوپر سے تم پر موسلا دھار بارش) ابر بھیج کر، جو بَرَسے گا جھڑی لگا کر۔ (اور بڑھائے گا تمہیں مال اور بیٹوں میں)، یعنی مال اور اولاد بہت عطا فرمائے گا۔ (اور بنادے گا تمہارے لیے میوہ دار (باغ اور کردے گا تمہارے لیے نہریں) پانی کی۔

---

مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۚ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾

کیا ہوا تمہیں کہ امیدواری نہیں کرتے اللہ سے وقار کی؟• حالانکہ بے شک اُس نے پیدا فرمایا تمہیں ڈھنگ ڈھنگ کے"•

(کیا ہوا تمہیں کہ امیدواری نہیں کرتے تم اللہ) تعالیٰ (سے وقار کی)، یعنی اُس کی عظمت و بزرگی کو نہیں پہچانتے اور اُس کی بزرگی کا اعتقاد نہیں کرتے، تاکہ اُس کی نافرمانی سے ڈرو۔۔یا۔۔تم کو کیا ہے کہ اُس کی عظمت وقہاری سے نہیں ڈرتے؟ (حالانکہ بے شک اُس نے پیدا فرمایا تمہیں ڈھنگ ڈھنگ کے) یعنی طرح طرح کا، صورت اور سیرت میں مختلف۔۔یا۔۔نطفہ کے طور سے، تھکے کے طور پر، پھر لوتھڑے کے طور پر کردیا آخر تک۔ یہ اُس کی قدرتِ کاملہ اور حکمتِ شاملہ کی دلیل ہے۔

---

اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا

کیا تم لوگوں نے نہ دیکھا، کہ کیسا پیدا فرمایا اللہ نے سات آسمانوں کو نیچے اوپر• اور بنایا چاند کو اُن میں روشن،

وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾

اور بنایا سورج کو چراغ•

(کیا تم لوگوں نے نہ دیکھا کہ کیسا پیدا فرمایا اللہ) تعالیٰ (نے سات آسمانوں کو نیچے اوپر)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

طبقہ بر طبقہ (اور بنایا چاند کو اُن میں روشن)۔

بعض تفسیروں میں ہے کہ چاند کا 'جرم' آسمانِ دُنیا میں ہے، یعنی چاند پہلے آسمان میں ہے اور اُس کا نور سب آسمانوں میں پھیلتا ہے اُسی طرح جیسے زمین میں پھیلتا ہے اور اُس کو روشن کر دیتا ہے۔

(اور بنایا سورج کو چراغ) اہلِ زمین کا، کہ جس طرح چراغ اندھیرے کو اپنے گرد سے دُور کر دیتا ہے آفتاب رات کی تیرگی زمین پر سے ہٹا دیتا ہے۔

اور حضرت رسولِ مقبول ﷺ کو اِس جہت سے 'چراغ' فرمایا کہ آپ کے نور نے کفر اور نفاق کے اندھیرے کو عالَم سے زائل کر دیا۔ اِس مقام پر یہ ذہن نشین رہے کہ آفتاب کے نور کا کام یہ ہے کہ رات کی ظلمت کو فنا کر دے، مگر اُس کا کام یہ نہیں ہے کہ اگر کسی در و دیوار وغیرہ میں سیاہی لگی ہو تو وہ اُس کو صاف کر دے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ رات کے اندھیرے میں یہ پتا ہی نہیں لگتا سیاہی کہاں ہے، سپیدی کہاں ہے، سرخی کہاں ہے، سبزی کہاں ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

لیکن سورج نے نکل کر ظاہر کر دیا کہ دیوار کے کس حصے پر کون سا رنگ ہے، اب نگاہیں دھوکا نہیں کھا سکتیں کہ سیاہی کو سفیدی سمجھ لیں۔۔۔یا۔۔سبزی کو سرخی باور کر لیں یہ [illegible] امتیاز دلاتا ہے۔ نورِ مصطفیٰ ﷺ کے ظہور سے پہلے یہ ہی پتا نہ تھا کہ کدھر ہے ایمان کدھر ہے، اِخلاص کدھر ہے اور نفاق کدھر ہے، علم کدھر ہے جہالت کدھر ہے، وغیرہ وغیرہ۔

آفتابِ رسالت نے طلوع ہو کر اچھے اور بُرے کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دیا۔ اب کوئی کسی کو سمجھنے کے تعلق سے دھوکا اور فریب کا شکار نہیں ہو سکتا۔ یہی ہے حق و باطل کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دینے والی روشنی جس نے ساری دُنیا کے اذہان و افکار کو روشن کر دیا ہے۔

---

وَاللّٰهُ اَنۢۡبَتَكُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ نَبَاتًا ۙ﴿۱۷﴾

اور اللہ نے اُگایا تمہارے لیے زمین سے سبزہ ●

(اور اللہ) تعالیٰ (نے اُگایا تمہارے لیے زمین سے سبزہ) یعنی عجیب سبزے، اور تمہیں اُن سے عجیب و غریب طریقے سے پیدا فرمایا، تمہارے باپ آدم علیہ السلام کے واسطے سے۔۔یا۔۔سب کو اُس سے پیدا کیا، اس لیے کہ تمہیں نطفوں سے پیدا کیا اور نطفے غذاؤں سے اور غذائیں زمین سے پیدا شدہ۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

'انبات' انشاء سے استعارہ ہے کیوں کہ وہ حدوث وتکون اُز ارض پر زیادہ دلالت کرتا ہے، کیونکہ جب انہیں یقین ہوجائے کہ اُن کی اصل تو سبزیاں ہیں، تو وہ مان جائیں گے کہ وہ حادث اور نئی مخلوق ہیں، ایسے جیسے سبزیاں۔ حضرت مترجم قدس سرہٗ نے معارف القرآن میں جو ترجمہ اختیار فرمایا ہے مذکورہ بالا وضاحت اُس کی روشنی میں ہے۔

اِس آیت زیرِ تفسیر کا ترجمہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ۔۔۔"اور اللہ نے تمہیں زمین سے ایک طرح کی روئیدگی کے ساتھ اُگایا۔۔" یعنی تمہارے باپ آدم علیہ السلام کو پیدا کیا زمین سے، یعنی خاک سے اُن کا نہالِ ہستی اُگایا اچھا اُگانا۔ اور جب ہمارے باپ آدم علیہ السلام خاک سے پیدا ہوئے تو ہم سب خاک سے مخلوق ہیں۔

ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾

پھر دوبارہ لے جائے گا تم لوگوں کو اُس میں، اور نکالے گا تمہیں دوبارہ● اور اللہ نے کردیا تمہارے لیے زمین کو بستر●

لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ ع ۹

تاکہ چلو پھرو اُس کے کشادہ راستوں میں"●

**(پھر دوبارہ لے جائے گا تم لوگوں کو اُس میں)** یعنی موت کے بعد زمین قبر میں۔ **(اور نکالے گا تمہیں دوبارہ)** حساب اور جزاء کے لیے۔ **(اور اللہ)** تعالیٰ **(نے کردیا تمہارے لیے زمین کو بستر)** بچھونے کے مثل بچھی ہوئی، **(تاکہ چلو پھرو اُس کے کشادہ راستوں میں)**۔

اِن نصیحتوں کے بعد قومِ نوح علیہ السلام نے غور و تامل کیا اور اُن کے خواص اور رئیسوں نے اُن کو بھڑکایا کہ جس حال پر تھے اُس سے بھی بدتر ہوگئے، اور پہلے سے بھی زیادہ ظلم کرکے نافرمانی اور عناد زیادہ کیا، تو اُن کا یہ حال دیکھ کر۔۔۔

قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَن لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ

عرض کیا نوح نے کہ "پروردگارا! بلاشبہ اِن لوگوں نے گناہ کیا میرا، اور چلے اُس کے پیچھے کہ نہیں بڑھایا جس کے مال واولاد نے،

إِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾

مگر خسارہ کو● اور چالبازی کرتے رہے وہ بڑی سخت●

**(عرض کیا نوح نے کہ پروردگارا! بلاشبہ اِن لوگوں نے گناہ کیا میرا)** یعنی میری امت کے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لوگ میرے باب میں عاصی ہو گئے، (اور چلے اُس کے پیچھے کہ نہیں بڑھایا جس کے مال واولاد نے مگر خسارہ کو)۔ یعنی اُنہوں نے میرا حکم نہ مانا اپنے رئیسوں اور سرداروں کی متابعت کی جو اپنے مال اور اولاد پر مغرور تھے، جن سے اُن کا دینی نقصان اور گمراہی بڑھتی رہی۔ (اور چالبازی کرتے رہے بڑی سخت) کہ اُس کے سبب سے کمینوں اور نادانوں کو اپنی طرف کھینچا اور مجھ کو ایذاء دینے کی ترغیب اور تحریص کی۔

وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ

اور کہتے رہے کہ مت چھوڑنا اپنے معبودوں کو، اور مت چھوڑنا ود، اور نہ سواع۔۔

وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾

نہ یغوث ویعوق، ونسر ناموں کے بتوں کو●

(اور کہتے رہے کہ مت چھوڑنا اپنے معبودوں کو، اور مت چھوڑنا 'وَدّ'، اور نہ 'سواع' نہ 'یغوث' 'یعوق' 'ونسر' ناموں کے بتوں کو)۔ وَدّ ایک بت تھا مَرد کی صورت پر بنایا ہوا، 'سواع' ایک بت عورت کی صورت کا، 'یغوث' ایک بت تھا شیر کی صورت، 'یعوق' ایک بت تھا گھوڑے کی صورت پر، اور 'نسر' ایک بت کرگس کی شکل پر تھا۔

اور بہت مشہور بات یہ ہے کہ یہ پانچ[۵] مَردانِ صالح کے نام تھے کہ یہ لوگ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ کے درمیان میں گزرے تھے اور لوگوں کو اُن سے اعتقاد تھا۔ اُن کے مرنے کے بعد شیطان نے اُن کی صورتیں لکڑی اور پتھر سے بنادی تھیں، لوگ اُن کی تعظیم کیا کرتے۔ جب زمانہ گزرا تو پرستش کرنے لگے۔ طوفانِ نوح کے بعد شیطان نے وہ بت نکال کر عرب کو اُن کی پرستش کا حکم کیا۔

قبیلہ 'بنی کلب' نے 'وَدّ' کو دومۃ الجندل میں رکھا، اور 'سواع' قبیلہ 'ہذیل' میں تھا دریا کے کنارے، اور 'یغوث' کو 'مدحج' اور 'بنی غطیف' اور 'بنی مراد' نے اختیار کیا، اور 'یعوق' ہمدان میں جا پڑا، اور 'نسر' 'اہلِ حمیر' اور 'آلِ ذی الکلاع' کا معبود تھا۔

۔۔غرضیکہ۔۔نوح علیہ السلام نے حق تعالیٰ سے مناجات کی کہ خدایا! قوم کے بڑے آدمیوں نے غریب آدمیوں سے کہا کہ اُن بتوں سے ہاتھ نہ اُٹھاؤ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ

اور بے شک اُنہوں نے بے راہ کیا بہتوں کو۔۔۔اور نہیں بڑھاتے اندھیر والے مگر بے راہی کو۔ اپنی کیسی خطاؤں کے سبب،

اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾

وہ لوگ ڈبو دیے گئے، پھر داخل کیے گئے آگ میں۔۔تو نہ پایا اپنا اللہ کے خلاف مددگاروں کو۔

(اور بے شک انہوں نے بے راہ کیا بہتوں کو)۔ یعنی ان بتوں کے سبب سے بہتیرے آدمیوں اور کمزور لوگوں کو قوم کے رؤساء نے گمراہ کیا۔ (اور نہیں بڑھاتے اندھیر والے مگر بے راہی کو)۔۔یا یہ کہ۔۔"اَے میرے رب! نہ زیادہ کر ظالموں کے لیے مگر عذاب اور ہلاکت۔" تو (اپنی کیسی عظیم (خطاؤں کے سبب وہ لوگ ڈبو دیئے گئے) طوفان میں، (پھر داخل کیے گئے آگ میں) قبروں کے اندر۔۔۔اور بعضوں نے کہا کہ آخرت میں داخل کیے جائیں گے۔۔۔(تو نہ پایا اپنا اللہ) تعالیٰ (کے خلاف مددگاروں کو)۔ یعنی پھر نہ پایا انہوں نے اپنے واسطے اُن میں سے جنہیں خدا ٹھہرایا تھا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی یار و مددگار، جو عذابِ طوفان کو اُن پر سے روکے۔

روایت ہے کہ "حق تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو خبر دی کہ اب اور کوئی تیری قوم سے ایمان نہ لائے گا اور اُن سے کوئی لڑکا بھی ایسا پیدا نہ ہوگا جو ایمان لائے۔" تو مناجات کی۔۔۔

---

وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ

اور دُعا کی نوح نے کہ "پروردگارا! نہ چھوڑ زمین پر کافروں سے کوئی بسنے والا۔ بے شک تُو نے اگر

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾

چھوڑ رکھا اُنہیں، تو بے راہ رکھیں گے تیرے سب بندوں کو، اور نہ جنیں گے مگر بدکار ناشکرے"۔

(اور دُعا کی نوح نے کہ پروردگارا! نہ چھوڑ زمین پر کافروں سے کوئی بسنے والا)۔۔۔اِس سے ہلاکِ عام مراد ہے، یعنی کسی کافر کو زندہ نہ چھوڑ، کیونکہ۔۔۔(بے شک تُو نے اگر چھوڑ رکھا اُنہیں، تو بے راہ رکھیں گے تیرے سب بندوں کو)، یعنی مؤمنوں کو بہکاتے اور بھڑکاتے رہیں گے (اور نہ جنیں گے مگر بدکار ناشکرے)۔ یعنی اُن کے لڑکے پیدا ہو کر جب بالغ ہوں گے تو کفار و فجار و غدار ہوں گے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

"پروردگارا! بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور اُسے جو داخل ہوا میرے گھر میں مانتا ہوا، اور مسلمان مَردوں اور عورتوں کو

وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾

اور مت بڑھا ان اندھیر والوں میں مگر بربادی"۔

(پروردگارا! بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو)۔ چونکہ دونوں مؤمن تھے اس لیے حضرت نوح نے اُن کی مغفرت کی دُعا فرمائی۔ (اور) بخش دے (اُسے جو داخل ہوا میرے گھر میں) یعنی میرے ٹھہرنے کی جگہ۔۔یا۔۔میرے کھیت۔۔یا۔۔مسجد میں (مانتا ہوا)، یعنی اس حال میں کہ مؤمن ہو۔ (اور) بخش دے سارے ہی (مسلمان مَردوں اور عورتوں کو) جو قیامت تک ہوں۔

اور بعضوں نے کہا کہ اِس سے امتِ مرحومہ کے لوگ مراد ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ جس طرح حضرت نوح علیہ السلام کی دُعا کافروں کے باب میں مقبول ہوئی، اُسی طرح مؤمنوں کے باب میں بھی قبول ہوئی۔ حضرت نوح کی دُعا کے آخری کلمات یہ تھے۔

(اور مت بڑھا اُن اندھیر والوں میں مگر بربادی)، یعنی کافروں کو سختی کے ساتھ ہلاک فرمادے۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

اختتام سورۂ نوح ۔۔ ﴿ ۳۰ رشوال المکرم ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۸ ستمبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

۔۔ ﴿ ۱۸ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۵/۱ اکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز جمعہ ﴾ ۔۔

## سُوْرَةُ الْجِنِّ

سورۂ الجن۔۔۷۲ مکیہ ۴۰ — آیاتہا ۲۸۔۔رکوعاتہا ۲

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے جس میں جنوں کے ایک گروہ کا ذکر ہے۔ یہ سورۂ مبارکہ 'الاعراف' کے بعد اور 'یٰسین' سے پہلے بعثتِ نبی کریم ﷺ کے ابتدائی عشرہ میں نازل ہوئی۔ جن کا ایک گروہ 'بطن نخلہ' میں رسولِ مقبول ﷺ کی ملازمت سے شرف اندوز ہوا، اور آپ کی زبانِ مبارک سے قرآن شریف سن کر وہ سب جن ایمان لے آئے۔ اور وہ نو۹ جن تھے۔۔یا۔۔سات۔ اُن میں سے تین۳ نجران کے تھے،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

چار نصیبین کے۔ وہ اپنے قبیلے میں بڑے اور بزرگ تھے اور ابلیس کا تمام لشکر انہیں سے ہے۔
اور وہ گروہ جو ایمان لایا تھا اُس نے اپنی قوم میں جا کر انواع واقسام کی باتیں کہیں۔ حق تعالیٰ
اِس سورت میں اُن کی خبر دیتا ہے، تو اِس مبارک سورت کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ﴿۱﴾

کہہ دو کہ "وحی بھیجی گئی ہے میری طرف کہ بلاشبہ یہ واقعہ ہوا کہ خوب سنا چند جنوں نے، تو بولے کہ بے شک ہم نے سنا نادر قرآن •

یَّہۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَ لَنۡ نُّشۡرِکَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ﴿۲﴾

جو راہ دیتا ہے ہدایت کی طرف، لہٰذا امان لیا ہم نے اُس کو، اور ہرگز نہ شریک بنائیں گے اپنے رب کا کسی کو•

اَے محبوب! (کہہ دو) اور سب کو باخبر کر دو (کہ وحی بھیجی گئی ہے میری طرف کہ بلاشبہ یہ واقعہ ہوا کہ خوب سنا چند جنوں نے) جو دس[۱] سے کم تھے اور تین[۳] سے زیادہ، (تو بولے) جب اپنی قوم میں گئے (کہ) اَے قوم کے لوگو! (بے شک ہم نے سنا نادر قرآن) جو آدمی کے کلام سے نہیں ملتا اور کوئی ایسی عبارت بنانے کی قدرت نہیں رکھتا، (جو راہ دیتا ہے ہدایت کی طرف) یعنی راستی اور صواب اور دین دُنیا کی صلاح کی طرف۔ (لہٰذا امان لیا ہم نے اُس کو اور) اب (ہرگز نہ شریک بنائیں گے اپنے رب کا کسی کو) یعنی بت اور شیطان وغیرہ کو، جس طرح پہلے ہم شرک کرتے تھے۔

وَّ اَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّ لَا وَلَدًا ﴿۳﴾ وَّ اَنَّہٗ کَانَ

اور بے شک واقعہ ہے کہ بلند و بالا ہے ہمارے رب کی شان، اُس نے نہیں رکھا کوئی بی بی اور نہ اولاد • اور بے شک

یَقُوۡلُ سَفِیۡہُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ﴿۴﴾

بکا کرتے تھے ہم میں کے بے وقوف، اللہ پر جھوٹ •

(اور بے شک واقعہ ہے کہ بلند و بالا ہے ہمارے رب کی شان) ۔۔۔یا۔۔۔ برتر ہے اُس کی عظمت وجلال مخلوقات کے ساتھ ہم جنس ہونے سے، تو (اُس نے نہیں رکھا کوئی بی بی) جیسا کہ بنو ملیح

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کہتے ہیں، (اور نہ اولاد) جیسا کہ یہود و نصاریٰ عزیر اور عیسیٰ علیہما السلام کی نسبت فرزندِ خدا ہونے کا اعتقاد کرتے ہیں۔ (اور بے شک بکا کرتے تھے ہم میں کے بے وقوف) خاص کر کے ان کا سردار ابلیس (اللہ) تعالیٰ (پر جھوٹ)، کہ اُس کی طرف جورو اور لڑکوں کی نسبت کرتا ہے۔

**وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًاۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ**

اور بے شک ہم سمجھے تھے کہ نہ بولیں گے انسان اور جن، اللہ پر جھوٹ بولی۔ اور بے شک

**رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًاۙ ۹**

کچھ مرد آدمی تھے، کہ پناہ لیتے تھے کچھ جن مَردوں کی، تو بڑھا دی اُن کی ڈینگ۔

(اور بے شک ہم سمجھے تھے کہ نہ بولیں گے انسان اور جن اللہ) تعالیٰ (پر جھوٹ بولی)۔ اسی لیے ابلیس جو کہتا تھا ہم باور کر لیتے تھے۔ جب ہم نے قرآن سنا تو معلوم ہوا کہ وہ خدا پر جھوٹ باندھتا تھا۔ (اور بے شک) جنوں کی سرکشی کا سبب یہ بھی تھا کہ (کچھ مَرد آدمی تھے کہ پناہ لیتے تھے کچھ جن مَردوں کی) اِس طرح پر کہ جب کوئی مَرد ہولناک میدان میں پہنچتا تو کہتا کہ میں پناہ لیتا ہوں اِس جنگل کے سردار کی قوم کے نادانوں کے شر سے۔

اور اعتقاد یہ تھا کہ اِس پناہ مانگنے سے وہ شخص سالم اور امن میں رہتا ہے۔ اور اہلِ مکہ ہولناک مقام میں کہتے تھے کہ پناہ مانگتے ہیں ہم حذیفہ بن بدر کی اِس جنگل کے جن کے شر سے۔۔ (تو بڑھا دی) آدمیوں نے جنوں کے واسطے اِس پناہ مانگنے کے سبب سے (اُن) جنوں (کی ڈینگ)۔ یعنی ان کا تکبر اور اُن کی سرکشی اور جہالت یہاں تک کہ جن کہتے تھے کہ ہماری بزرگی اِس درجہ ہے کہ آدمی ہم سے پناہ ڈھونڈتے ہیں۔

**وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًاۙ ۷**

اور اُنہوں نے سمجھ رکھا تھا جیسا کہ تم لوگوں نے سمجھ رکھا ہے، کہ ہرگز نہ بھیجے گا اللہ کسی نبی کو۔

(اور انہوں نے) یعنی کافر آدمیوں نے (سمجھ رکھا تھا جیسا کہ) اَے جنو! (تم لوگوں نے سمجھ رکھا ہے کہ ہرگز نہ بھیجے گا اللہ) تعالیٰ (کسی نبی کو) جو حشر و نشر کی باتیں بتائے۔۔ یا یہ کہ۔۔ نہ اٹھائے گا خدا کسی کو حساب اور جزا کے واسطے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَّ اَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِیْدًا وَّ شُهُبًا ۙ﴿۸﴾

اور بلاشبہ ہم نے چھوا آسمان کو، تو پایا ہم نے اُسے کہ بھر دیا گیا ہے سخت پہروں اور شعلوں سے●

(اور بلاشبہ ہم نے چھوا آسمان کو) یعنی مَس کیا آسمان کو، چُرا کر بات سننے کو ہم اوپر گئے اور ہم نے چاہا کہ آسمان میں ہم چلے جائیں، تو جب ہم نے اوپر جانے کی کوشش کی، (تو پایا ہم نے اُسے کہ بھر دیا گیا ہے سخت پہروں) سے، یعنی قوی پہریدار فرشتوں سے جو جنوں کو اوپر جانے سے روکنے کے لیے نامزد ہیں، (اور شعلوں سے) جو شیطانوں کو ہانکنے کے واسطے متعین ہوئے ہیں۔ پیغمبر اسلام کی بعثت سے پہلے صورتِ حال کچھ اور تھی۔۔۔ چنانچہ۔۔۔ ہم آسمانوں پر جاتے اور بیٹھنے کی جگہوں پر بیٹھتے تھے، نہ پاسبان روکتے تھے نہ ستاروں کی آگ سے ہم ہنکائے جاتے تھے۔۔۔

---

وَّ اَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ یَّسْتَمِعِ الْاٰنَ یَجِدْ لَهٗ

اور بے شک ہم بیٹھا کرتے تھے وہاں جا بجا سننے کو۔ تو اب جو سننا چاہے، پائے گا اپنے لیے

شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾ وَّ اَنَّا لَا نَدْرِیْۤ اَشَرٌّ اُرِیْدَ بِمَنْ فِی الْاَرْضِ

شعلہ کو گھات میں● اور بے شک ہم نہیں قیاس کر سکتے کہ آیا بُرائی کا ارادہ کیا گیا ہے زمین والوں سے،

اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾

یا ارادہ فرمایا ہے اُن کے لیے اُن کے رب نے بھلائی کا●

(اور بے شک ہم بیٹھا کرتے تھے وہاں جا بجا) آسمانی خبریں (سننے کو۔ تو اب جو) جن (سننا چاہے، پائے گا اپنے لیے شعلہ کو گھات میں● اور بے شک ہم نہیں قیاس کر سکتے کہ آیا بُرائی کا ارادہ کیا گیا ہے زمین والوں سے، یا ارادہ فرمایا ہے اُن کے لیے) یعنی اُن کے حق میں (اُن کے رب نے بھلائی کا)۔ یعنی ہم کو یہ معلوم نہیں کہ چوری چھپے فرشتوں کی بات سننے سے زمین والوں کے ساتھ کسی خیر کا ارادہ کیا گیا ہے۔۔۔ یا۔۔۔ شر کا۔

۔۔۔ یا یہ کہ۔۔۔

سیدنا محمد ﷺ کی بعثت سے زمین والوں کے ساتھ شر کا ارادہ کیا گیا ہے تا کہ وہ آپ کی نبوت کی تکذیب کر کے ہلاک ہو جائیں جس طرح پچھلی امتیں اپنے نبیوں کی تکذیب کر کے ہلاک ہو گئیں ۔۔۔ یا۔۔۔ آپ کی بعثت سے اُن کے ساتھ خیر کا ارادہ کیا گیا ہے تا کہ وہ آپ پر ایمان لا کر ہدایت پا جائیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اور دُنیاوآخرت میں سرفراز ہوں۔

**وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ كُنَّا طَرَآىِٕقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾**

اور بے شک ہم میں بعض نیک ہیں، اور بعض اُن کے خلاف ہیں، ہم الگ الگ راہ رہے●

(اور بے شک ہم میں) یعنی ہماری جنس میں (بعض نیک ہیں) یعنی مؤمن ہیں، اور نیک کام کرنے والے خیر میں سبقت لے جانے والے ہیں، (اور بعض اُن کے خلاف ہیں) یعنی اُن سے کمتر ہیں یعنی خیر اور شر میں اوسط راہ چلنے والے ہیں۔۔المختصر۔۔(ہم الگ الگ راہ رہے) یعنی ہم ہیں مختلف اور متفرق طریقوں اور مذہبوں والے۔

حضرت حسن بصری سے منقول ہے کہ جس طرح آدمیوں میں مختلف مذہبوں کے لوگ ہیں، جیسے قدریہ، مرجیہ، رافضی وغیرہ، اِسی طرح جنوں میں بھی ہیں۔

**وَّاَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾**

اور بے شک ہم نے سمجھ لیا کہ ہم ہرگز نہیں بے قابو کر سکتے اللہ کو زمین میں کہیں، اور نہ بے قابو کر سکتے ہیں اُسے بھاگ کر●

(اور بے شک ہم نے سمجھ لیا کہ ہم ہرگز نہیں بے قابو کر سکتے اللہ) تعالیٰ (کو زمین میں کہیں)۔ یعنی اگر حق تعالیٰ ہمارے ساتھ کچھ کیا چاہے، تو ہم اُسے اُس میں عاجز نہ کر سکیں گے اپنے مقام میں مقابلہ اور مقاومت کے واسطے ثابت قدم اور ساکن رہ کر۔ (اور نہ) ہی (بے قابو کر سکتے ہیں اُسے بھاگ کر) زمین کے اطراف اور کوہ قاف کے حوالی میں۔۔الحاصل۔۔اگر حق تعالیٰ ہمارے ساتھ کچھ کرنا چاہے، تو ہم میں طاقت نہیں کہ اُس کام کے کرنے سے اُسے عاجز کر دیں اور اُس کام سے باز رکھیں۔۔یوں ہی۔۔اگر وہ ہمیں اپنی گرفت میں لینا چاہے، تو ہم اِدھر اُدھر بھاگ کر اپنے کو اُس کی پکڑ سے بچا نہیں سکتے۔

**وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰۤى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ یُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ**

اور بے شک جب سن لیا ہم نے ہدایت کو تو مان گئے اُس کو۔ کہ جو مانے گا اپنے رب کو،

**فَلَا یَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾**

تو نہ ڈرے گا کسی کمی کو نہ بیشی کو●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور بے شک جب سن لیا ہم نے ہدایت کو) یعنی قرآن کو جو سارے اہلِ عالم کے لیے سببِ ہدایت ہے، (تو مان گئے اُس کو)۔۔یا۔۔جس سے سنا یعنی رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم، تو اُن پر ایمان لائے۔

چونکہ یہ بات مقرر ہے کہ جنوں کی طرف کوئی پیغمبر مبعوث نہیں ہوا مگر جناب رسول اکرم ﷺ، کہ آپ کی دعوت جن اور انس دونوں کو پہنچی ہوئی ہے۔

۔۔الختصر۔۔قرآن سنانے والے پیغمبر پر ہم ایمان لائے اور خدا کو ماننے کی جو انہوں نے دعوت دی اُس کو ہم نے قبول کیا۔ کیوں (کہ جو مانے گا اپنے رب کو، تو نہ ڈرے گا کسی کمی کو، نہ بیشی کو)۔ نہ اُس کی جزا میں کوئی کمی ہوگی اور نہ ہی اُس پر کوئی ظلم وزیادتی ہوگی۔۔الغرض۔۔کسی طور پر بھی اُس کو اپنی حق تلفی کا خوف نہ ہوگا، اور نہ ہی ظلم وزیادتی کا ڈر ہوگا۔

---

**وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾**

اور بے شک ہم میں کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم ہیں، تو جس نے اسلام قبول کیا، تو انہوں نے مقصود بنایا ہدایت کو۔

**وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾**

اور رہے ظالم، تو وہ ہوئے جہنم کے ایندھن۔

(اور بے شک ہم میں کچھ مسلمان ہیں) جو پیغمبر پر ایمان لائے ہوئے ہیں اور دینِ اسلام کو قبول کیے ہوئے ہیں، (اور کچھ ظالم ہیں) جو شرک کرتے ہیں اور خدا کا حکم نہیں مانتے، (تو جس نے اسلام قبول کیا) جس طرح ہم نے قبول کرلیا ہے، (تو انہوں نے مقصود بنایا ہدایت کو)۔ یعنی سیدھی راہ کا قصد کیا تو وہ اُس راہ سے مقصد تک پہنچیں گے۔ (اور رہے ظالم!) جو حق پر ایمان نہ لائے، (تو وہ ہوئے جہنم کے ایندھن)۔ اُن کے سبب سے آگ بھڑکائی اور دہکائی جائے گی، جیسے کہ کافر آدمیوں سے سلگائی جائے گی۔

---

**وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾**

اور یہ بھی وحی کی گئی ہے کہ "اگر لوگ سیدھے چلتے راہ پر، تو یقیناً ہم سیراب کرتے انہیں پانی سے بافراط۔

(اور یہ بھی وحی کی گئی ہے کہ اگر) مکہ کے (لوگ سیدھے چلتے راہ پر) اور ایمان لے آتے،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تو یقیناً ہم سیراب کرتے انہیں پانی سے بافراط) بہت قحط اور تنگ سالی کے بعد، یعنی ہم ان پر روزی کشادہ کردیتے۔

--یا--

اگر جن اسلام پر استقامت اختیار کریں، تو اُن کو ہم بہت صاحبِ نعمت کریں گے۔ یعنی دوزخ کی وعید سے اُن کو ہم امان دیں گے اور یہ بہت بڑی نعمت ہے۔

اور مفسروں کے ایک گروہ نے 'عام' لیا ہے، یعنی اگر جن اور انس اسلام پر مستقیم رہیں، تو ہم اُن پر معیشت کشادہ کردیں گے۔۔۔

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾

تاکہ آزمائیں اُنہیں اُس بارے میں۔ اور جو منہ پھیرے اپنے رب کے ذکر سے، تو گھسیٹے گا اُسے بڑھتے چڑھتے والے عذاب میں۔

(تاکہ آزمائیں انہیں اس بارے میں) کہ وہ نعمت کا شکر ادا کرنے میں کیونکر قیام کرتے ہیں۔ (اور جو منہ پھیرے اپنے رب کے ذکر سے)، یعنی اُس کی نعمت یاد کرکے اُس کی شکرگزاری نہ کرے، (تو گھسیٹے گا اُسے بڑھتے چڑھتے والے عذاب میں) جس میں راحت ہوگی نہ فرحت، یعنی اُسے دوزخ میں داخل فرمادے گا۔

وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ﴿١٨﴾

اور بے شک مسجدیں اللہ کے لیے ہیں، تو مت دُہائی دو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی۔

(اور) مجھ پر یہ بھی وحی آئی ہے کہ (بے شک مسجدیں اللہ) تعالیٰ (کے لیے ہیں) اور اُسی کی عبادت کے لیے خاص ہیں، (تو مت دُہائی دو اللہ) تعالیٰ (کے ساتھ کسی اور معبود کی)، جس طرح یہود و نصاریٰ اپنے کنیسوں اور صومعوں میں حضرت عزیر اور مسیح علیہما السلام کو خدائی کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ اور جس طرح بیت الحرام کے گرداگرد کہتے ہیں کہ "لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ اِلَّا شَرِيْكٌ هُوَلَكَ"۔

اور بعضوں نے کہا کہ اُن مساجد سے تمام روئے زمین مراد ہے کہ حضرت سید المرسلین ﷺ کی مسجد ہے، اس واسطے کہ آپ نے فرمایا "جُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا" یعنی کردی گئی میرے واسطے تمام زمین مسجد اور پاک، تو زمین کے کسی قطعہ اور کسی بقعہ میں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

خدا کی یاد کے ساتھ کسی دوسرے کی اُسے معبود سمجھ کر دُہائی باطل ہے۔
حاصلِ کلام یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے سوا کسی کو بھی الٰہیت اور اُلوہیت والا سمجھنا کفر و شرک ہے۔
لیے کسی جگہ بھی اور کسی کو بھی خدا کے سوا مستحقِ عبادت نہ سمجھو۔۔۔

ع ۱۹ ۱۱

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ یَدْعُوْهُ كَادُوْا یَكُوْنُوْنَ عَلَیْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾

اور بے شک جب کھڑا ہوا اللہ کا بندہ، کہ معبود کی دُہائی دے، تو ہو جانے لگی اُس پر بھیڑ"●

(اور بے شک جب کھڑا ہوا اللہ) تعالیٰ (کا بندہ) محمد رسول اللہ ﷺ 'بطنِ نخلہ میں، (کہ معبود کی دُہائی دے) اور نماز پڑھے۔۔ چنانچہ۔ اُس نے نماز کی قرأت شروع فرمادی (تو) قرأت سننے کے لیے (ہو جانے لگی اُس پر) جنوں کی (بھیڑ) کلامِ الٰہی کے سننے کے شوق میں۔

اِس ارشاد میں رسولِ کریم کو 'عبداللہ' کے نام سے یاد فرمایا گیا ہے اس لیے بعض صحابہء کرام کے بقول، رسولِ خدا ﷺ پر اُس سے زیادہ کوئی نام پسند نہیں آیا، اس واسطے کہ شرطِ عبادت اور عبودیت پر جس طرح آنحضرت ﷺ نے قیام فرمایا، اُس طرح کسی کو اُس پر قیام کرنے کی قدرت نہ تھی۔ تولاجرم منازلِ ملکی پر عروج کے وقت آپ اِس نام سے ذکر کیے گئے سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ اور مدارجِ فلکی سے قرآن اترنے کے وقت بھی آپ کو اُسی نام سے یاد فرمایا تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ۔

مکہ کے کافروں نے آنحضرت ﷺ سے کہا کہ تم نے عجب کام اختیار کیا ہے اور بڑا مہلکہ شروع کیا ہے، اِس مہم سے پھرو اور اِس کام سے رجوع کرو تا کہ ہم تم کو پناہ دیں اور تمہاری حمایت کریں، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ اَے محبوب!۔۔۔

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾

کہہ دو کہ "میں دُہائی دیتا ہوں بس اپنے رب ہی کی، اور نہیں شریک بناتا اُس کا کسی کو"● کہہ دو کہ "میں خود مختار نہیں ہوں تمہارے کسی بُرے کا اور نہ بھلے کا"●

(کہہ دو کہ میں دُہائی دیتا ہوں بس اپنے رب ہی کی اور نہیں شریک بناتا اُس کا کسی کو)۔ یعنی میں اپنے رب کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتا، تو یہ کون سی عجیب بات ہوئی جو ہلاکت آفریں ہو۔ اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اَے محبوب! رہ گئی دفع ضرر اور جلبِ منفعت کی بات، تو اس کے تعلق سے (کہہ دو کہ میں خودمختار ہوں تمہارے کسی بُرے کا اور نہ بھلے کا)۔ یعنی تمہارے لیے اَز خود کسی ضرر اور بھلائی کا مالک نہیں۔ بندہ ہوں اور بندے کا کام خدا کی عبادت ہے۔۔۔اور۔۔۔

قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ﳔ وَّ لَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا

کہہ دو کہ "بے شک نہیں بچاسکتا مجھے اللہ سے کوئی دوسرا۔۔اور ہرگز نہ پاسکتا اُس کے خلاف کوئی پناہ گاہ●

اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِسٰلٰتِهٖ ؕ وَ مَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ

سوا اللہ کی پیغامبری اور رسالتوں کے۔" اور جو گناہ کرے اللہ اور اُس کے رسول کا، تو بلاشبہ اُس کے لیے

نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ﳳ

جہنم کی آگ ہے، ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں●

(کہہ دو کہ بے شک نہیں بچاسکتا مجھے اللہ) تعالیٰ (سے کوئی دوسرا)۔۔۔یعنی اگر خدا مجھ عذاب کرنا چاہے تو کوئی میری حمایت نہیں کرسکتا۔ (اور ہرگز نہ پاسکتا اُس کے خلاف کوئی پناہ گاہ) جس کی طرف ہم متوجہ ہوں۔ یعنی بے شک مجھے ہرگز اللہ سے کوئی نہ بچائے گا اور میں ہرگز اُس کے سوا کوئی پناہ نہ پاؤں گا (سوا اللہ) تعالیٰ (کی پیغامبری اور رسالتوں کے)۔ یعنی صرف اللہ تعالیٰ کے پیغاموں کو پہنچانا اور اُس کی رسالت کی امانت کو اَدا کرنا میرے ذمہ ہے۔

(اور جو گناہ کرے اللہ) تعالیٰ (اور اُس کے رسول کا، تو بلاشبہ اُس کے لیے جہنم کی آگ ہے وہ (ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے) ہیں (اُس میں)۔ اَے محبوب! آج یہ کافر تجھ کو کمزور اور بے یار و مددگار جانتے ہیں اور تیرے باب میں عاصی اور گنہگار ہوتے ہیں، تو یہ اَبدی کافر کبھی نہ مانیں گے۔۔۔

حَتّٰۤی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا

یہاں تک کہ جب دیکھ پائے جس کا وعدہ دیے جاتے ہیں، اب جلد جان لیں گے، کہ کون کمزور رکھتا ہے مددگار،

وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﳴ

اور کم بھی شمار میں●

(یہاں تک کہ جب دیکھ پائے) یعنی دیکھیں گے اُس عذاب کو (جس کا وعدہ دیے جا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ں، اب جلد جان لیں گے کہ کون کمزور رکھتا ہے مددگار اور کم بھی شمار میں)۔ یعنی کس کے مددگار کمزور ں اور گنتی میں کم ہیں، اور کس کے مددگار قوت اور شمار میں زیادہ ہیں۔

یہ آیت سن کر کافروں نے کہا کہ "آخر وہ وعدہ کب پورا ہوگا اور وہ امر عذاب کب ظاہر ہوگا"، تو یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

**قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾**

کہہ دو "میں اٹکل سے نہیں کہہ سکتا، کہ قریب ہے جو وعدہ دیے جاتے ہو، یا کردے گا اُس کو میرا رب دراز"•

(کہہ دو) کہ جو کچھ وعدہ کیا ہے صحیح اور درست ہے، مگر اُس کا وقت ابھی مجھ پر پوشیدہ رکھا گیا ہے، تو (میں) اپنی (اٹکل سے نہیں کہہ سکتا کہ قریب ہے) وہ عذاب (جو وعدہ دیئے جاتے ہو)، یعنی جس کے نازل ہونے کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے، (یا کردے گا اُس کو میرا رب دراز)، یعنی اُس کے نزول کے زمانے کو دُور کردے گا۔۔ المختصر۔۔ حسب وعدہ وہ عذاب ضرور آئے گا، خواہ جلدی آئے ۔۔یا۔۔ دیر میں۔

**عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ**

اور وہ غیب کا جاننے والا ہے، تو نہیں مکمل آگاہی دیتا غیب پر کسی کو• مگر جسے چن لیا رسول سے،

**فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾**

کہ بلاشبہ وہ لگادیتا ہے رسول کے آگے پیچھے پہرہ•

(اور) بے شک (وہ) یعنی حق تعالیٰ (غیب کا جاننے والا ہے، تو نہیں مکمل آگاہی دیتا) اپنے (غیب پر کسی کو• مگر جسے چن لیا) اور پسند کرلیا اپنے (رسول سے)، اُسے اُن میں سے بعض پر اطلاع دیتا ہے تاکہ اُس رسول کا معجزہ ہو۔۔۔ اور 'مرتضیٰ رسولوں' میں سب سے اعلیٰ محمد ﷺ ہیں۔۔۔ (کہ بلاشبہ وہ لگادیتا ہے رسول کے آگے پیچھے پہرہ)، یعنی نگہبان مقرر فرمادیتا ہے۔۔۔

**لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ وَاَحْصٰی**

تاکہ بتادے کہ اُنہوں نے پہنچادیا اپنے رب کے پیغام کو، اور گھیر لیا جو کچھ اُن کے پاس ہے، اور شمار کرلیا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾

ہر چیز کو گنتی میں●

(تا کہ) حق تعالیٰ (بتادے) اور ظاہر فرمادے (کہ انہوں نے) یعنی اُن سب رسولوں نے (پہنچادیا اپنے رب کے پیغام کو اور گھیر لیا جو کچھ اُن کے پاس ہے)، یعنی جو کچھ اُن کے پاس ہے سب کا اللہ تعالیٰ نے احاطہ فرمالیا (اور شمار کرلیا ہر چیز کو گنتی میں)، یعنی ہر چیز کی گنتی کو اُس نے پورا کرلیا۔ کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ احاطہ کرلیا خدا کے علم نے اُس چیز کا جو رسولوں اور فرشتوں کے پاس ہے اور گن لیا ہے عدد کی رُو سے یہاں تک کہ مینھ کے قطرے اور میدان کی ریت اور اُس کے امثال۔۔ الغرض۔۔ سب کو جانتا ہے۔

اس سے سب معلوم کے ساتھ اُس کا کمالِ علم مراد ہے، یعنی مطلقاً کوئی معلوم اُس کے دائرۂ علم سے باہر نہیں ہے۔

اختتام سورۃ الجن ۔۔ ﴿ ۱۹/ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۶/ اکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔ بروز شنبہ ﴾ ۔۔

---

۔۔ ﴿ ۱۹/ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۶/ اکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔ بروز شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

سورۃ المزمل ۔۔ ۷۳ ۔۔ مکیہ ۳ | آیاتہا ۲۰ ۔۔ رکوعاتہا ۲

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے، جس میں آپ ﷺ کو لطف و مہربانی اور پیار و محبت کے ساتھ مخاطب فرمایا گیا ہے۔ روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ جب مبعوث ہوئے تو اس زمانہ کی ابتداء میں آپ نماز پڑھتے اور ایک کمل اوڑھے رہتے، ام المؤمنین حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ وہ کمل چادر کے مثل تھا چودہ گز کا۔ نصف مجھ پر رہتا اور نصف رسول اللہ ﷺ اوڑھ لیتے۔ اور اُسی کو اوڑھے ہوئے نماز پڑھتے، تو حق تعالیٰ نے آپ سے خطاب فرمایا اور خطاب میں آپ کے اسم شریف کے ذکر کی بجائے، آپ کو آپ کی پیاری اَدا سے مخاطب فرمایا، تو ایسی لطف و کرم اور پیارے اندازِ تخاطب پر مشتمل ہونے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۙ﴿۳﴾

اے چادر کی جھرمٹ مارنے والے! ● جاگو رات کو عبادت میں، مگر کچھ حصہ ● آدھی رات یا اُس سے کم کردو ●

اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ؕ﴿۴﴾

یا بڑھادو اُس پر کچھ، اور قرآن کو پڑھو ٹھہر ٹھہر کر ●

حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

(اے چادر کی جھرمٹ مارنے والے! ● جاگو رات کو عبادت میں)۔یعنی رات کو نماز کے واسطے اُٹھو، (مگر کچھ حصہ) یعنی تھوڑی رات۔

رات کو اُٹھ کر نماز پڑھنا ابتدائے اسلام میں فرض تھا، اور تین مقداروں میں اختیار دیا گیا تھا۔جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ شب کو نماز کے واسطے اُٹھو مگر تھوڑی رات یعنی۔۔۔

(آدھی رات یا اِس سے کم کردو) جو تہائی رات ہو اور اِس سے کم نہ چاہیے (یا بڑھادو اس پر کچھ) یعنی آدھی رات پر بڑھادو کہ دو تہائیوں تک پہنچے۔۔۔اور یہ نہایت تھی۔۔۔(اور قرآن کو پڑھو ٹھہر ٹھہر کر) آہستگی کے ساتھ۔۔۔یا۔۔۔اُس کے حروف تلاوت کے وقت ظاہر کر۔ظاہر کرنا ایسا کہ سننے والا اُس کو شمار کرسکے۔

حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول ہے کہ ترتیل سے وقفوں کو یاد رکھنا اور حرفوں کا ادا کرنا مراد ہے۔

اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿۵﴾

بے شک ہم اب اُتاریں گے تم پر گراں وزن بات ●

(بے شک ہم اب اتاریں گے) اور وحی فرمائیں گے (تم پر گراں وزن بات)۔یعنی ایسا کلام جو تکالیفِ شاقہ پر مشتمل ہوگا، ایسا کہ مکلفوں پر اُس کا اُٹھانا گراں ہو۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

--یا--

گراں ہو امرونہی، وعدہ وعید، حلال حرام حدود واحکام کی جہت سے۔

--یا--

اُس کا سننا کافروں کو گراں ہو اور اُس کا سمجھنا منافقوں پر بھاری ہو۔

--یا--

ثقیل ہو تجھ پر اُسے لینا۔

اور وہ وحی کی سخت صورت ہے کہ حضرت ﷺ 'جرس' کی سی آواز سنتے تھے اور فقط آواز سے مخرجوں پر بے اعتماد کیے ہوئے حروف اور کلمات کا لینا عادت کیے ہوئے طریقہ سے باہر معلوم ہوتا ہے۔ اور اس جہت سے اُس حال میں حضرت سید عالم ﷺ پر نہایت گرانی پہنچتی تھی۔۔ چنانچہ۔۔ اُم المومنین بی بی عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے منقول ہے کہ ایک دن نہایت شدت سے جاڑا تھا، میں نے دیکھا کہ آنحضرت ﷺ پر وحی اترتی ہے اور آپ کی پیشانیٔ مبارک سے پسینے کے قطرے ٹپکتے ہیں۔

اس طرح پر جو اوپر ذکر کی گئی، جب وحی آتی اور آپ اونٹ پر سوار ہوتے، تو اونٹ کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے۔ اور اپنے اصحاب میں سے اگر کسی کی ران کا تکیہ آپ لگائے ہوتے، تو اُسے ران ٹوٹ جانے کا خوف ہوتا، اور ایسے محل میں چہرۂ مبارک زیادہ منور اور روشن ہو جاتا۔

بحر الحقائق میں ہے کہ قرآن کریم فی نفسہٖ مفصل ہے اور سب آسمانی اُتری ہوئی کتابوں کی بہ نسبت اجمالی صورت رکھتا ہے، اس واسطے کہ سب کی تصدیق کرنے والا اور سب کے مطابق ہے۔ پس قرآن کا ثقل اُس کی جمعیت کی طرف اشارہ ہے، کہ وہ 'صورتِ اجمالی' اور 'صورتِ تفصیلی' دونوں کو جمع کرنے والا ہے۔ اور دو امروں کو جمع کرنے والا یقیناً بہت بھاری اور بہت بزرگ اور بہت کامل اور بہت بڑا ہوگا۔ اور ایسا بوجھ اُٹھانے والا 'صاحبِ جمعیت' کے سوا اور کوئی نہ چاہیے۔

**اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ؕ﴿۶﴾**

بے شک رات کا اُٹھنا، یہ زیادہ ہے نفس پر دباؤ ڈالنے کو، اور بہت ٹھیک ہے کچھ بولنے کو۔

(بے شک رات کا اُٹھنا، یہ زیادہ ہے نفس پر دباؤ ڈالنے کو) اور بہت سخت ہے رنج اور کلفت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ر دوسے، اس واسطے کہ راحت اور نیند کو چھوڑ دینا نفس پر نہایت شاق ہے۔

--یا--

شب کو عبادت کرنے میں فراغت بڑی ہے، اس واسطے کہ دن کو بابِ معیشت میں دِل مشغول مصروف رہتے ہیں، اور رات کو طرح طرح کے خطروں سے فارغ ہو کر محرابِ عبادت میں متوجہ ہو تے ہیں۔ (اور بہت ٹھیک ہے کچھ بولنے کو)، یعنی رات کو قرآن پڑھنا بہت خوب بات ہے اور پختہ م ہے۔ دِل فارغ ہوتا ہے اور زبان دِل کے ساتھ موافق ہوتی ہے۔ زبان سے پڑھتا ہے اور دِل ں میں تفکر کرتا ہے۔

بعضوں نے کہا ہے کہ **نَاشِئَةَ الَّيْلِ** مغرب اور عشاء کا درمیان ہے۔۔یا۔۔عشاء کے بعد صبح تک۔ اور ام المومنین بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قول پر **نَاشِئَةَ** یہ ہے کہ سو کر اُٹھے۔

---

**اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝٧ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨**

شک تمہارے لیے دن میں بہتیرے کام ہیں ● اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرو، اور اُسی کے ہو رہو سب سے الگ ہو کر ●

اَے محبوب! (بے شک تمہارے لیے دِن میں بہتیرے کام ہیں)، خلق کو دعوتِ اسلام کرتے ور اُن کے کاموں میں مشغول رہتے ہو، تو راتوں کو تہجد اَدا کرنا اولیٰ ہے، تو تہجد ادا کرتے رہو۔ (اور پنے رب کے نام کا ذکر کرو)، یعنی اسماءِ حسنیٰ کے ساتھ اُسے پکارتے رہو۔ (اور اُسی کے ہو رہو سب ے الگ ہو کر)، یعنی اپنے نفس کو ماسوی اللہ کے خیال سے خالی کرو اور بالکل اُسی کی طرف متوجہ ہو ، جو۔۔۔

---

**رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝٩ وَاصْبِرْ**

مشرق و مغرب کا رب، نہیں ہے کوئی معبود اُس کے سوا، تو بنائے رہو اُسی کو کارساز ● اور صبر کرو

**عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝١٠**

اُس پر جو لوگ بک دیتے ہیں، اور ابھی چھوڑے رہو اُنہیں خوبصورتی سے ●

(مشرق و مغرب کا رب) ہے۔ (نہیں ہے کوئی معبود) عبادت کے قابل (اُس کے سوا، تو ئے رہو اُسی کو کارساز) اور مہمات اُسی پر چھوڑ دو۔ (اور صبر کرو اُس پر جو لوگ بک دیتے ہیں) واہیات

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اورخرافات باتیں۔(اورابھی چھوڑے رہوانہیں خوبصورتی سے)،یعنی اُن سے انتقام نہ لواور
نصیحتیں کرتے رہو۔۔۔یہ حکم آیتِ قتال سے منسوخ ہے۔۔الغرض۔اُن سے فی الحال نرمی برتو۔

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿١١﴾

اور رہنے دو مجھے اور اُن جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو،اور مہلت دے دوانہیں ذراسی●

(اور رہنے دو مجھے اور اُن جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو)۔یعنی سردارانِ قریش کا کام میرے
ساتھ چھوڑ و،(اور مہلت دے دوانہیں ذراسی)۔یعنی تھوڑے ہی زمانہ میں اُن کی تکذیب کا بدلہ
گا۔

امام زاہد نے لکھا ہے کہ اِس آیت کے نازل ہونے اور جنگِ بدر اور سردارانِ عرب کی
ہلاکت میں تھوڑا ہی زمانہ گزرا۔آگے حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ﴿١٢﴾ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣﴾

بے شک ہمارے پاس بھاری بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی آگ ہے● اور غذاا ٹکنے والی،اور دکھ والا عذاب●

(بے شک ہمارے پاس) آخرت میں دین کے دشمنوں کے واسطے (بھاری بھاری بیڑ
اور بھڑکتی آگ ہے)۔وہ بیڑیوں میں مقید ہوں گے اور آگ میں جلتے رہیں گے،(اور غذا) گلے
(اٹکنے والی) ہے۔۔۔وہ ضریع اور زقوم کے خاردار درخت ہیں۔۔۔(اور) بے پناہ (دکھ وا
دردناک (عذاب) ہے۔اور اُس کے سوابھی کافروں کے لیے بہت سی سختیاں ہیں کہ خدا کے سوا
اُس کی حقیقت نہیں پہچانتا،اور بے شک یہ سارے وعدے سچ ہوں گے۔۔۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَهِيلًا ﴿١٤﴾ إِنَّا أَرْسَلْنَا
إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ﴿١٥﴾

جس دن کہ کانپ پڑیں گے زمین اور پہاڑ،اور ہوگئے پہاڑ ریت کے بہتے ٹیلے● بے شک ہم نے بھیجا
تم لوگوں کی طرف رسول کو۔۔چشم دید گواہ تم پر۔جس طرح کہ بھیجا تھا ہم نے فرعون کی طرف رسول کو●

(جس دن کانپ پڑیں گے زمین اور پہاڑ،اور ہوگئے پہاڑ ریت کے بہتے ٹیلے)۔۔الغرض
اُس دن تھرتھرائے گی زمین اور جنبش میں آئیں گے پہاڑ،اور اُس روز کی ہیبت سے سخت پہاڑ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ـوں کے مثل ہو جائیں گے۔ انہیں حقائق کو بتانے کے لیے (بے شک ہم نے بھیجا تم لوگوں کی طرف) ـے مکہ والو! ایک عظیم (رسول کو)، یعنی پیغمبر اسلام نبی آخر الزماں سیدنا محمد ﷺ کو، جو (چشم دید گواہ) ـوں گے (تم پر)۔۔ چنانچہ۔۔ وہ تمہارے اقوال وافعال پر قیامت کے دن گواہی دیں گے۔۔ نیز۔۔ ـوتِ اسلام تمہارے قبول کرنے اور نہ کرنے پر بھی گواہ ہوں گے۔ (جس طرح کہ بھیجا تھا ہم نے ـرعون کی طرف رسول کو)، یعنی موسیٰ علیہ السلام کو۔۔۔

فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ

تو گناہ کیا فرعون نے اپنے رسول کا، تو پکڑا ہم نے اُسے وبال والی پکڑ۔ تو کیسے بچو گے تم لوگ اگر کفر میں رہ گئے

يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ﴿۱۷﴾

اُس دن؟ جو کر دے گا بچوں کو بوڑھا۔

(تو گناہ کیا فرعون نے اپنے رسول کا) یعنی فرعون اُس پیغمبر کے باب میں عاصی ہو گیا، اور ـن کی دعوت قبول نہ کی اور اُن کا کہنا نہ مانا، (تو پکڑا ہم نے اُسے وبال والی پکڑ)۔ یعنی پانی میں اُسے ـرق کیا اور پانی کی راہ سے آگ میں پہنچا دیا۔۔۔ اِس آیت میں کفارِ قریش کی تہدید مندرج ہے۔۔۔ ـ(تو کیسے بچو گے تم لوگ) اَے کافرو! (اگر کفر میں رہ گئے اُس دن، جو کر دے گا بچوں کو بوڑھا)۔ یعنی ـس کے ہَول سے بچوں کے بال سفید ہو جائیں گے۔

اِس سے قلق اور غم کی کثرت مراد ہے، اِس واسطے کہ شدتِ غم آدمی کو جلد بوڑھا کر دیتی ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ اُس کے طُول اور درازی میں یہ مبالغہ ہو، یعنی قیامت کا دن اِتنا طویل اور دراز ہوگا کہ بچے بھی بوڑھے کی عمر کو پہنچ جائیں گے۔ اور وہ دن ایسا ہوگا کہ۔۔۔

السَّمَاءُ مُنفَطِرٌ بِهِ ۚ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا ﴿۱۸﴾ إِنَّ هَٰذِهِ تَذْكِرَةٌ ۖ

آسمان تو پھٹ جانے والا ہے اُس سے، اُس کا وعدہ کیا دھرا ہی ہے۔ بے شک یہ نصیحت ہے۔

ع ۱
۱۹
۱۳

فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلًا ﴿۱۹﴾

تو جس نے چاہا بنا لیا اپنے رب کی طرف راستہ۔

(آسمان تو پھٹ جانے والا ہے اُس) کی ہیبت اور سختی (سے۔ اُس کا) یعنی حق تعالیٰ کا اِن ـواقعات کے حادث ہونے کا (وعدہ کیا دھرا ہی ہے)۔ یعنی ایسا یقینی ہے کہ اُس کے ہونے میں ذرا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بھی شک وشبہ نہیں۔(بے شک یہ) جو کچھ آیتوں میں پیش کیا گیا ہے(نصیحت ہے) اور عبرت ہے (تو جس نے چاہا) اِس نصیحت کے پیش نظر (بنالیا اپنے رب کی طرف راستہ) اور ایمان وطاعت سے اُس کا قرب حاصل کرلیا، کیونکہ یہی راستہ اُس کی رضا تک اور اُس کے مقام قرب تک پہنچاتا ہے۔

روایت ہے کہ آیت قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا کے نازل ہونے کے بعد آنحضرت ﷺ اور صحابہ راتوں کو اُٹھتے اور چونکہ رات کی مقداریں نصف اور اُس سے کم اور زیادہ مشتبہ تھیں، تو اُس خوف سے کہ ایسا نہ ہو کہ قدر واجب کی محافظت کی رعایت نہ رہے، دن تک نماز پڑھا کرتے۔ یہاں تک کہ آپ کے قدم مبارک ورم کر گئے اور جسم مبارک پر ضعف ونقاہت غالب ہوئی، اور منکروں نے بھی بطورِ استہزا آواز بلند کی، تو حق تعالیٰ نے سال بھر کے بعد مؤمنوں پر سے وہ بارِ گراں اُٹھا کر یہ آیت بھیجی، کہ۔۔۔

---

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ

بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم شب بیداری کرتے ہو، قریب دو تہائی رات کے، اور آدھی رات تک، اور ایک تہائی رات تک، اور وہ جماعت

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ

جو تمہارے ساتھی ہیں۔ اور اللہ اندازہ فرماتا ہے رات اور دن کا۔ اُسے معلوم ہے کہ تم لوگ نہیں شمار کرسکو گے،

فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ

تو کرم فرمایا تم پر، اب پڑھ لیا کرو جو آسان ہو قرآن سے۔ اُسے معلوم ہے کہ عنقریب ہوں گے تم میں سے

مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

کچھ بیمار۔ اور کچھ لوگ سفر کریں گے زمین میں، تلاش کریں گے اللہ کا فضل۔

وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

اور کچھ لوگ جہاد کریں گے اللہ کی راہ میں۔ اب پڑھ لیا کرو جو آسان ہو قرآن سے۔ اور پابندی کرو نماز کی،

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

اور دیتے رہو زکوٰۃ کو، اور دو اللہ کو قرضِ حسنہ۔ اور جو آگے بھیج دو گے اپنے بھلے کو کوئی بھلائی،

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ

تو پاؤ گے اُسے اللہ کے یہاں بہتر اور بہت بڑا، ثواب میں۔ اور مانگتے رہو بخشش اللہ سے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع۱
۱۴

# اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾ ع

بے شک اللہ غفور رحیم ہے●

(بے شک تمہارا رب جانتا ہے کہ تم شب بیداری کرتے ہو قریب دو تہائی رات کے، اور ...ی رات تک، اور ایک تہائی رات تک، اور) اسی طرح اٹھتی ہے (وہ جماعت جو تمہارے ساتھی ...) یعنی تیرے اصحاب۔ (اور اللہ) تعالیٰ (اندازہ فرماتا ہے رات اور دن کا۔ اُسے معلوم ہے کہ تم ... نہیں شمار کرسکو گے، تو کرم فرمایا تم پر) اور حکم میں تخفیف نازل فرمائی۔ (اب پڑھ لیا کرو جو آسان ...ر آن سے)۔

اِس آیت کا معنی یہ ہے کہ۔۔۔

اللہ تعالیٰ کو علم ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کرنے کے لیے دُو تہائی رات سے کچھ کم بھی تہجد کی نماز پڑھتے ہیں۔ اور کبھی آدھی رات تک بھی تہجد کی نماز پڑھتے ہیں، اور کبھی ایک تہائی رات تک تہجد کی نماز پڑھتے ہیں، اور آپ کے ساتھ مسلمانوں کی ایک جماعت بھی تہجد کی نماز پڑھتی ہے، لیکن ایک تو ہر رات کو اتنا قیام کرنا بہت مشکل اور بھاری کام تھا، دوسرے وقت کا اندازہ کرنا بھی مشکل تھا، کہ دُو تہائی رات تک قیام ہوا ہے۔۔یا۔۔نصف رات تک قیام ہوا ہے۔۔یا۔۔تہائی رات تک قیام ہوا ہے، کیونکہ اللہ ہی رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اُس حکم میں تخفیف نازل فرمائی اور رات کے اُس قیام کی فرضیت کو منسوخ فرمادیا۔

اب رسول اللہ ﷺ پر تہجد کی نماز فرض نہیں ہے، بلکہ مستحب ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ اب دُو تہائی رات۔۔یا۔۔نصف رات۔۔یا۔۔تہائی رات تک تہجد کی نماز فرض نہیں ہے، بلکہ جتنے وقت میں بھی آپ آسانی کے ساتھ تہجد پڑھ سکیں فرض ادا ہو جائے گا۔ پھر جب پانچ نمازیں فرض ہوئیں، تو تہجد کی اتنی مقدار کی فرضیت بھی منسوخ ہوگئی۔

اور دوسرا قول یہ ہے کہ اِن آیات سے ابتداءً نمازِ تہجد کی فرضیت منسوخ ہوگئی۔ اب آگے کی آیت کے ابتدائی حصہ میں اللہ تعالیٰ تہجد کی فرضیت کو منسوخ کرنے کی حکمت بیان فرمارہا ہے۔ تو واضح فرمارہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تہجد کی نماز کی فرضیت کو اس لیے منسوخ فرمایا کہ۔۔۔

(اُسے معلوم ہے کہ عنقریب ہوں گے تم میں سے کچھ بیمار) تو وہ لوگ تہجد نہ پڑھ سکیں گے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور کچھ لوگ) تجارت کے لیے (سفر کریں گے زمین میں)، اور اس طرح (تلاش کریں گے اللہ تعالیٰ (کا فضل)۔ یعنی حلال طریقوں سے کسبِ معاش کریں گے، تو وہ حالتِ سفر میں تہجد نہیں پڑھ سکیں گے۔

(اور کچھ لوگ جہاد کریں گے اللہ) تعالیٰ (کی راہ میں) تو وہ مشقت کے کاموں میں مصروف ہوں گے۔ پس اگر وہ دن کی تھکن رات کی نیند سے نہ اُتاریں اور رات کو پھر آدھی رات۔۔یا۔۔تہائی رات تہجد پڑھیں، تو پھر اُن کو دِن میں جہاد کی مشقت اُٹھانا بہت مشکل ہوگا۔

اور جہاد بہت اہم فریضہ ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے تہجد کی فرضیت کو منسوخ کر دیا اور تہجد کی فرضیت کو منسوخ کرنے کی جو وجوہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے متعلق بیان فرمائی ہیں، وہ وجوہ نبی ﷺ میں بھی متحقق ہیں، بلکہ اُن وجوہ پر ایک زائد وجہ آپ کا امورِ تبلیغ میں مصروف اور مشغول ہونا ہے۔ اس لیے جس طرح امت سے تہجد کی فرضیت ساقط ہوگئی اُسی طرح آپ ﷺ سے بھی تہجد کی فرضیت ساقط ہوگئی۔ اِس مقام پر یہ نکتہ بھی ذہن نشین رہے کہ جائز طریقے سے رزقِ حلال تلاش کرنے والے تاجروں کا ذکر جہاد فی سبیل اللہ کرنے والوں کے ساتھ فرمایا گیا ہے۔

۔۔الغرض۔۔(اب پڑھ لیا کرو جو آسان ہو قرآن سے)۔ اور یہ حکم نماز میں قرآن پڑھنے کی فرضیت کے طور پر ہے، یعنی نماز میں قرآن پڑھنا فرض ہے۔

اور بعضوں نے کہا کہ قرآن پڑھو نماز کے باہر، اور یہ حکم بطور مندوب اور مستحب ہونے کے ہے۔ جس مقدار میں قرآن پڑھنا مندوب اور مستحب ہے اُس میں اختلاف کیا ہے اور وہ تین۳ آیتیں ہیں۔۔یا۔۔سو۱۰۰۔۔یا۔۔دو سو۲۰۰۔۔یا۔۔ہر مہینے ختمِ قرآنِ کریم۔

حضرت عبداللہ ابن عمر کی حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُن کو حکم کیا کہ ہر مہینے میں ختمِ قرآن کرو۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں اپنے میں قوت پاتا ہوں، یعنی میں جلد ہی پڑھ سکتا ہوں۔ فرمایا بیس۲۰ راتوں میں ختم کرو۔ پھر عرض کی کہ مجھے زیادہ قوت ہے۔ فرمایا کہ سات دن میں پڑھو اور اس سے زیادہ نہ کرو۔

صاحب معالم اپنی اسناد کے ساتھ حضرت انس سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو کوئی ایک دن یا رات میں پچاس۵۰ آیتیں پڑھے اُسے غافلوں میں نہیں لکھتے، اور اگر سو۱۰۰ آیتیں پڑھے تو اُسے فرمانبرداروں میں لکھتے ہیں، اور اگر دو سو۲۰۰ آیتیں پڑھے، تو

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس کے ساتھ قرآن دعویٰ اور خصومت نہ کرے گا قیامت کے دن۔ اور اگر پانچ سو آیتیں پڑھے تو اُس کے لیے ایک قنطار ثواب لکھتے ہیں۔ قنطار ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی، سو رطل اور مالِ کثیر کو بھی قنطار کہتے ہیں۔ یہاں قنطار سے مراد گائے بیل کی کھال سونے سے بھری ہوئی ہوسکتی ہے۔۔ الختصر۔ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہو۔

(اور پابندی کرو نماز کی)، یعنی فرض نماز کو کماحقہٗ ادا کرتے رہو۔ (اور دیتے رہو) واجب زکوٰۃ کو، اور دو اللہ) تعالیٰ (کو قرضِ حسنہ)۔ یہ راہِ خیر میں مستحب اخراجات کرنے اور اُس کے عوض جزا پانے کا اشارہ ہے۔ (اور) اچھی طرح یاد رکھو کہ (جو آگے بھیج دو گے اپنے بھلے کو کوئی بھلائی، تو پاؤ گے اُسے اللہ) تعالیٰ (کے یہاں بہتر اور بہت بڑا، ثواب میں)۔ ایک کا دس اور سات سو اور اس سے بھی زیادہ۔۔ یا۔۔ بے حساب۔

(اور مانگتے رہو بخشش اللہ) تعالیٰ (سے) ہر حال میں، (بے شک اللہ) تعالیٰ (غفور رحیم ہے)۔ یعنی بندوں کا بخشنے والا اور اُن پر مہربان ہے کہ اُس کی شفقت اور مہربانی ماں باپ سے بڑھ کر ہے۔

اختتام سورۃ المزمل ۔۔ ﴿ ۲۲ رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۹ راکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔ بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

---

۔۔ ﴿ ۲۲ رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۹ راکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔ بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَۃُ المُدَّثِّر

سورۃ المدثر۔ ۷۴ مکیہ ۴ — آیاتہا ۵۶ ۔۔ رکوعاتہا ۲

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی کی آیت ۱ سے ماخوذ ہے۔ اپنی ماقبل سورہ سے اِس کی ایک مناسبت تو یہ ہے، کہ دونوں میں آپ ﷺ کو آپ کے لباس کے ایک وصف کے ساتھ ندا کی گئی ہے۔ دوسری مناسبت یہ ہے کہ اِس سے پہلے والی سورت میں تہجد پڑھنے کا حکم ہے، اس طرح اُس میں اپنے نفس کی تکمیل کا حکم ہے اور اِس سورت میں خدا کے عذاب سے ڈرانے کے حکم سے ابتداء کی گئی ہے، تو اس میں دوسروں کی تکمیل کا حکم ہے۔

اِس سورۂ مبارکہ کی شانِ نزول کے تعلق سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سید

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

عالم ﷺ نے فرمایا کہ میں کوہِ حراء پر تھا، مجھے ندا کی گئی یَا مُحَمَّدُ اِنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔ میں نے اپنے دائیں بائیں دیکھا کچھ نہ پایا، اوپر دیکھا ایک شخص آسمان زمین کے درمیان بیٹھا ہے، یعنی وہی فرشتہ جس نے ندا کی تھی۔

یہ دیکھ کر مجھ پر رعب طاری ہوا اور میں خدیجہ کے پاس آیا اور میں نے کہا کہ مجھے بالا پوش اُڑھاؤ، انہوں نے اُڑھا دیا۔ اور کہا کہ مجھ پر پانی ڈالو، اُس وقت حضرت جبرائیل تشریف لائے اور کہا یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ۔ بالا پوش اس لیے کہ سارا جسم لرز رہا تھا اور کاندھے مبارک بھی اُترنے والے فرشتے کے رعب سے۔

آج سے پہلے آپ نے اُسے نہیں دیکھا تھا اور نہ ہی ابھی اُس سے مانوس ہوئے تھے، تو اچانک اتنی عظیم الجثہ ذات کو دیکھ کر خوفزدہ ہوگئے۔ اور بعضوں نے کہا کہ دثارِ نبوت مراد ہے، یعنی اَے لباسِ رسالت پہننے والے! ایسے پیارے خطاب پر مشتمل اِس سورۂ مبارکہ کو۔۔۔یا۔۔۔تلاوتِ قرآنِ کریم کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۪ۙ﴿۲﴾ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۪ۙ﴿۳﴾ وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۪ۙ﴿۴﴾

اَے چادر اوڑھنے والے! ● کھڑے ہو جاؤ، پھر ڈر سنا دو ● اور اپنے رب کی بڑائی بولو ● اور اپنے کپڑوں کو پاک ہی رکھو ●

(اَے چادر اوڑھنے والے!) اپنی خواب گاہ سے (کھڑے ہو جاؤ)۔۔یا۔۔قائم ہو جاؤ مراسم نبوت اُدا کرنے میں۔ (پھر ڈر سنا دو) خلق کو عذابِ الٰہی کا اگر اُس کے سوا اور کی عبادت کریں۔ (اور اپنے رب کی بڑائی بولو)، یعنی اپنے رب کو تعظیم کے ساتھ یاد کرو۔ (اور اپنے کپڑوں کو پاک ہی رکھو) میل وکچیل سے۔۔یا۔۔کوتاہ کر سردارانِ عرب کے خلاف، کہ وہ لباس لمبا پہنتے ہیں، تاکہ اُن کی عادت ترک پر پہلی علامت ہو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ اپنا لباس کوتاہ کر، بے شک وہ بہت پاک اور بہت پسندیدہ اور بہت باقی رہنے والا ہے۔ اور بعضوں نے یہ معنی کہے ہیں کہ جو کچھ نہ چاہیے اُس سے اپنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

نفس کو پاک رکھ۔ نفحات میں شیخ ابوالحسن علی شاذلی مغربی قدس سرہٗ سے نقل ہے، کہتے ہیں کہ حضرت رسول کریم ﷺ کو میں نے خواب میں دیکھا، آپ نے مجھ سے فرمایا کہ "اے علی! اپنے کپڑے میل سے پاک کرتا کہ تو بہرہ مند ہو مددِ الٰہی اور تائید خداوندی سے ہر دم۔"

میں نے عرض کی "یارسول اللہ! میرے کپڑے کیا ہیں؟" فرمایا کہ "حق تعالیٰ نے تجھے پانچ خلعت پہنائے ہیں: ﴿۱﴾۔۔خلعتِ محبت ﴿۲﴾۔۔خلعتِ معرفت ﴿۳﴾۔۔خلعتِ توحید ﴿۴﴾۔۔خلعتِ ایمان ﴿۵﴾۔۔خلعتِ اسلام۔ اور جو کوئی خدا کو دوست رکھتا ہے اُس پر ہر چیز آسان ہو جاتی ہے۔ اور جو خدا کو پہچانتا ہے اُس کی نگاہ میں سب چیزیں چھوٹی معلوم ہوتی ہیں۔ اور جو کوئی خدا کو وحدانیت اور یگانگی کے ساتھ جانتا ہے وہ اُس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا۔ اور جو خدا پر ایمان لاتا ہے وہ ہر چیز سے ایمن ہو جاتا ہے۔ اور جس کو صفتِ اسلام حاصل ہو جاتی ہے وہ خدا کا گناہ نہیں کرتا۔ اور اگر گنہگار ہو جاتا ہے تو عذر کرتا ہے۔ اور جب عذر کرتا ہے تو عذر قبول ہوتا ہے۔" تو شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ یہاں پر سے میں نے ﴿وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ﴾ کے معنی جانے۔ حق تعالیٰ آگے ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

اَے محبوب! مذکورہ طہارت کو اپنا لو۔۔۔

**وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ﴿۵﴾ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ﴿۶﴾ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ﴿۷﴾ فَإِذَا نُقِرَ فِي**

اور بت کو تو بالکل چھوڑے رکھو● اور اِس لیے احسان نہ کرو کہ بدلہ زیادہ چاہو● اور اپنے رب ہی پر جمے رہو● کہ جہاں

**النَّاقُورِ ﴿۸﴾ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ ﴿۹﴾ عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ﴿۱۰﴾**

پھونکا گیا صور میں● تو وہ دن دشوار دن ہے● کافروں پر آسان نہیں ہے●

(اور بت کو تو بالکل چھوڑے رکھو)۔۔یا۔۔سب گناہوں سے کنارہ کش ہو جاؤ، یعنی جس تقویٰ پر ہو اُسی پر رہو۔ (اور اِس لیے احسان نہ کرو کہ بدلہ زیادہ چاہو)۔۔یا۔۔نیک کام کر کے خدا پر احسان نہ رکھ، کہ اُس کو تُو بہت شمار کرے۔۔یا۔۔تبلیغ احکام کر کے لوگوں پر احسان نہ جتا کہ اُن سے بہت بدلا تو طلب کرے۔ (اور اپنے رب ہی پر جمے رہو)، یعنی اپنے رب کی رضامندی کے واسطے صبر کرو۔۔یا۔۔ مواردِ قضا کے تحت میں خدا کے واسطے صابر رہو اور جان لو (کہ جہاں پھونکا گیا صور میں)، یعنی دوسرا نفخہ کہ بعث اُس کا اثر ہے، (تو) یہ پھونکنا جس دن ہوگا (وہ دن دشوار دن ہے● کافروں پر آسان نہیں ہے)۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اگرچہ ہَول ہیبت شدت اُس دن عام ہوگی مگر حق تعالیٰ اپنے کرمِ عام سے مؤمنوں پر سے سختی اور دشواری اُٹھالے گا، اور کافروں پر سختی باقی رہے گی اور حساب میں اُن کے ساتھ سختی اور تنگی کریں گے اور اُن کا منہ سیاہ ہوجائے گا اور اُن کے نامہء اعمال اُن کے بائیں ہاتھ میں ملیں گے۔

روایت ہے کہ ولید ابن مغیرہ لعنہ اللہ تعالیٰ، رسولِ مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے 'سورہ حٰم' اور 'مؤمن' کے شروع کی آیتیں سن کر قوم میں پھر آیا اور یہ بات کہی کہ قسم خدا کی کہ اب محمد ﷺ سے میں نے ایسا کلام سنا ہے کہ نہ آدمی کا کلام ہے نہ جن کا۔ اُس میں وہ حلاوت اور شیرینی ہے کہ کسی کلام میں نہیں ہوتی اور اُس میں وہ طراوت اور تازگی ہے کہ کسی کلام میں نہ ہوگی۔

اُس نہالِ اقبال کی پھنگیاں کلّیہ سعادتوں کی پھل دینے والیاں ہیں، اور اُس شجرۂ طیبہ کی جڑ فضیلتوں اور حکمتوں کی رگوں سے خوب محکم اور مضبوط ہوگئی ہے۔ یہ کلام غالب آئے گا مغلوب نہ ہوگا، اور بلندی سے پستی کی طرف نہ جھکے گا۔ قریش نے یہ بات سن کر گمان کیا کہ ولید ایمان لایا، پس ابوجہل طرح طرح کی باتیں کرکے اُسے حمیت جاہلیت میں پھیر لایا، یہاں تک کہ قرآن کو سحر کہا۔ یہ خبر رسول اللہ ﷺ کو پہنچی، آپ نہایت غمگین ہوئے تو حق تعالیٰ نے آیت بھیجی کہ۔۔۔

ذَرْنِىْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿۱۲﴾ وَّبَنِيْنَ

رہنے دو مجھے اور جسے پیدا کیا میں نے اکیلا • اور دیا میں نے اُسے لمبا چوڑا سرمایہ • اور حاضر باش

شُهُوْدًا ﴿۱۳﴾ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿۱۵﴾ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ

بیٹے • اور سامان دیا اُسے خوب • پھر بھی للچاتا ہے کہ میں اور بھی دوں • ہرگز نہیں! بے شک یہ

لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿۱۶﴾

ہماری آیتوں کا مخالف ہے •

(رہنے دو مجھے اور جسے پیدا کیا میں نے اکیلا) بے آل اولاد اور بے یار و مددگار۔۔۔ اور ایک قول یہ ہے کہ اُسے 'وحید القوم' کہتے تھے، یعنی قوم میں ایک۔۔۔ (اور دیا میں نے اُسے لمبا چوڑا سرمایہ) یعنی بہت مال۔

روایت ہے کہ اُس کے پاس زرِ نقد دس لاکھ دینار تھے، اور مکہ اور طائف کے درمیان

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس کے اونٹ گھوڑے بکریاں بہت تھیں، باغ اسباب لونڈی غلام بے شمار تھے۔

(اور) دیا ہم نے اُسے (حاضر باش بیٹے) جو مکہ میں اُس کے پاس حاضر و موجود رہتے تھے، تجارت وکسبِ معاش کے واسطے سفر کے محتاج نہ تھے۔۔ چنانچہ۔۔ ہمیشہ اپنے باپ کے ساتھ محفلوں میں حاضر ہوتے۔

روایت ہے کہ اُس کے دس۱۰ بیٹے تھے اُن میں خالد اور عمارہ اور ہشام رضی اللہ عنہم ایمان لائے۔۔ القصہ۔۔ اُسے مالا مال کر دیا۔

(اور سامان دیا اُسے خوب) یا بچھایا ہم نے اُس کے واسطے جاہ و ریاست کا بچھونا، اور ایسا کہ ریحانۂ قریش اُس کا لقب ہو گیا تھا۔ اِتنا کچھ ہونے کے بعد (پھر بھی للچاتا ہے کہ میں اور بھی دوں)، یعنی ہم زیادہ کریں اپنے عطیے اُس کے باب میں۔ (ہرگز نہیں!) یعنی ہم ایسا ہرگز ہرگز نہ کریں گے، کیونکہ (بے شک یہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے)، اُن میں جھگڑا کرنے والا اور اُن کو جادو کے ساتھ نسبت دینے والا ہے۔

اکثر تفسیروں میں ہے کہ یہ آیت نازل ہونے کے بعد اُس کا جاہ و مال گھٹنے لگا اور اُس کے فرزند اُس سے برگشتہ ہو گئے اور بعضے مر گئے اور وہ محتاج ورسوا ہوا۔۔ المختصر۔۔

---

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿۱۷﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾

جلدی چڑھاؤں گا اُسے صعود نام کے جہنمی پہاڑ پر● بے شک اُس نے سوچا اور اندازہ لگایا● تو غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا●

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾

پھر غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا● پھر نگاہ ڈالی● پھر تیوری چڑھالی اور منہ بگاڑا● پھر پیٹھ دکھائی اور بڑا بنا●

(جلدی چڑھاؤں گا اُسے صعود نام کے جہنمی پہاڑ پر)۔ وہ ایک پہاڑ ہے آگ کا، بہتر۷۲ برس میں اُس کے اوپر چڑھ سکتے ہیں اور اُس کے اوپر چڑھتے ہی پھر نیچے گر پڑتے ہیں۔

تبیان میں ہے کہ۔۔ تکلیف دوں گا میں اُس کو صعود پر۔۔ اور صعود وہ ایک پتھر ہے دوزخ میں کہ اُس پر نہیں جاسکتے، تو اُس کو آگ کی زنجیروں میں جکڑ کر آگے سے کھینچیں گے اور پیچھے سے آگ کے گرز ماریں گے کہ اُس جگہ پر جائے۔ اور ولید کے واسطے جزا اور سزا کی یہ بڑی وعید ہے۔۔ کیونکہ۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(بے شک اُس نے سوچا) اور فکر کی کہ قرآن پر کیا طعن کرے (اور اندازہ لگایا) کہ کیا ک
یعنی جب اُسے کسی طور پر یہ گنجائش نظر نہیں آئی کہ پیغمبرِ اسلام کو مجنون، شیطان کے زیرِ اثر، کاہ
کذاب اور شاعر کہا جاسکے، اور پھر قریش نے اُسی سے پوچھ لیا کہ جب محمد ﷺ کو یہ سب کچھ نہیں
جاسکتا، تو اب تُو ہی سوچ کر بتا کہ انہیں کیا کہا جائے۔ تو اُس نے سوچا اور اپنے دِل میں خیال با
کہ محمد ﷺ ساحر ہیں۔

(تو غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا ● پھر غارت کیا جائے، کیسا اندازہ لگایا)، یعنی اُس
مسلسل لعنت برسائی جائے اُس کی اِس متعصّبانہ اور معاندانہ فکر وسوچ کے سبب سے۔ (پھر) اُ
ملعون نے (نگاہ ڈالی)، یعنی اُس نے نظر کی قرآن کے باب میں دوبارہ، (پھر تیوری چڑھالی) یع
منہ سکوڑا کیونکہ اُس میں طعن کا موجب نہ پایا۔

پھر نبی علیہ السلام کی ذات پر تنقیدی نظر ڈالی (اور منہ بگاڑا) کیونکہ وہاں بھی کوئی عیب نظر
آیا، تو شرمندگی والی ہنسی ہنسا۔ (پھر پیٹھ دکھائی) یعنی پھرا حق سے۔۔یا۔۔پیغمبرِ حق سے (اور بڑا بنا
یعنی تکبر کیا اُن کی متابعت سے۔

---

فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ﴿٢٤﴾ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿٢٥﴾ سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ﴿٢٦﴾

پھر بولا کہ "یہ بس جادو ہی کی نقل کی جاتی ہے ● یہ نہیں ہے مگر بشر کا کلام" ● جلد جھونک دوں گا میں اُسے جہنم میں ●

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ﴿٢٧﴾ لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ﴿٢٨﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿٢٩﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿٣٠﴾

اور تم نے کیا اٹکل لگایا، کہ کیا ہے جہنم؟ ● نہ باقی رکھے اور نہ چھوڑے ● جھلسا دینے والی چہروں کو ● اُس پر مقرر ہیں اُنیس

(پھر بولا کہ یہ) جو محمد ﷺ کہتے ہیں (بس جادو ہی کی نقل کی جاتی ہے)۔ یعنی یہ قرآ
وہی جادو ہے جو پہلے سے نقل ہوتا چلا آتا ہے۔ (یہ نہیں ہے مگر بشر کا کلام)۔

ولید بن مغیرہ نے یہ محض سرکشی وعناد سے کہا نہ کہ اعتقاد سے، کیونکہ مروی ہے کہ اُس نے
پہلے اقرار کیا تھا کہ یہ کلام کسی اِنس وجن کا نہیں۔ بشر سے اُس کی مراد: ۱۔۔یسار، ۲۔۔جبیر،
۳۔۔ابوفکیہہ ہے۔ پہلے دُو فارس کے دُو غلام تھے، وہ مکہ معظمہ میں رہتے تھے۔ رسول اللہ
ﷺ کا اُن کے یہاں اُٹھنا بیٹھنا ہوتا تھا۔ اور ابوفکیہہ رومی غلام تھا، وہ مسیلمہ الکذاب یمامہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

والے کی طرف سے مکہ معظمہ میں آیا جایا کرتا تھا۔

**(جلد جھونک دوں گا میں اُسے جہنم میں)** یعنی **سَقَرْ** میں۔۔ جو بقول حضرت ابن عباس جہنم کا چھٹا طبقہ ہے۔ ایک قول کے مطابق **سَقَرْ** دوزخ کا پانچواں درکہ ہے۔۔۔ **(اور تم نے کیا اٹکل لگایا کہ کیا ہے جہنم)**؟ یہ ایسی آگ ہے جو **(نہ باقی رکھے)** کسی دوزخی پر گوشت و پوست، رگ پٹھے ہڈیوں کو، بلکہ سب کو جلا دے گی۔۔۔ اور پھر حق تعالیٰ اُن کے اجزائے نئے پیدا کردے گا تو اُن کو بھی جلا دے گی۔۔۔ **(اور نہ چھوڑے)** گی دوبارہ جب تک جلا نہ دے۔ وہ آگ **(جھلسا دینے والی)** ہے کافروں کے **(چہروں کو)** اور اُن کی کھالوں کو۔ **(اُس)** آگ **(پر مقرر ہیں انیس)** فرشتے۔۔ یا۔۔ انیس قسم کے فرشتے۔

تبیان میں ابن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ یہود کے ایک گروہ نے حضرت ﷺ سے دوزخ کے فرشتوں کو پوچھا۔ آپ نے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کیا، دوسری بار داہنا انگوٹھا بند کر لیا۔ اور یہ آیت آپ کے کلام کی تصدیق میں نازل ہوئی اور یہود نے مان لیا کہ یہ بات توریت کے موافق ہے۔ یہ آیت نازل ہونے کے بعد ابوجہل بولا کہ "اے گروہِ قریش! دوزخ کے فرشتے انیس سے زیادہ نہیں ہیں، کیا تم میں سے دس آدمی اُن میں سے ایک فرشتے کو دفع نہ کرسکیں گے؟"

ابوالاسد بن کلدۃ الجمحی بن علی بولا "کہ سترہ کو تو میں کافی ہوں۔ دس کو پیٹھ سے اور سات کو پیٹ سے، باقی دو کو تم کفایت کرتے ہو۔" اور ایک روایت یہ ہے کہ وہ بولا کہ "صراط پر میں تمہارے آگے دس کو داہنے ہاتھ سے اور نو کو بائیں ہاتھ سے ڈھکیل کر صحیح و سلامت بہشت میں ہم چلے بھی جائیں گے۔" تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

**وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ**

اور نہیں مقرر کیا ہم نے جہنم کے داروغے مگر فرشتوں کو۔ اور نہیں قرار دیا اُن کے شمار کو مگر آزمائش اُن کے لیے جنہوں نے

**كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا**

کفر کیا، تاکہ یقین کرلیں جنہیں دی گئی ہے کتاب، اور قوی ہوجائے جو ایمان لاچکے ہیں اُن کا ایمان، اور شک نہ

**يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ**

کرسکیں وہ جو دیے گئے ہیں کتاب اور مسلمان۔ اور تاکہ بکا کریں وہ جن کے دلوں میں بیماری ہے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ

اور کافر لوگ، کہ کیا منشا ہے اللہ کا اِس عجیب بات سے۔ اُسی طرح بے راہ رکھتا ہے اللہ جسے چاہے۔

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿۳۱﴾ ع۱۵

اور راہ دیتا ہے جسے چاہے۔ اور نہیں بتا سکتا تمہارے رب کے لشکروں کو سوا اُس کے۔ اور نہیں ہے وہ، مگر نصیحت بشر کے لیے۔

(اور نہیں مقرر کیا ہم نے جہنم کے داروغے مگر فرشتوں کو) جو تمام خلق میں بہت قوی ہیں۔

معالم میں ہے کہ دوزخ کے خازنوں کا رئیس 'مالک' ہے اور مالک کے ساتھ اٹھارہ[۱۸] اور ہیں۔ اُن کی آنکھیں بجلی کی طرح چمکتی ہیں اور اُن کے دانت اونچے اونچے مضبوط اور مستحکم قلعے کے مانند۔ آگ کے شعلے اُن کے مونہوں سے نکلتے ہوں گے اور اُن کے دونوں کاندھوں کے درمیان سال بھر چلنے کی مسافت ہے۔ اُن میں سے ایک ایک بار میں ستر ہزار کافروں کو دوزخ کے جس کونے میں چاہے گا ڈال دے گا۔ اور فرشتوں کا ذکر کافروں کا وہ کلام دفع کرنے کو کیا کہ وہ جان لیں کہ دوزخ کے خازن آدمی نہیں ہیں فرشتے ہیں سخت اور تند۔ سب آدمی ایک فرشتے کو دیکھنے کی طاقت نہیں رکھتے، مقابلہ کا ذکر کیا۔ حق تعالیٰ کا فرمان۔۔۔

(اور) ارشاد ہے کہ (نہیں قرار دیا اُن کے شمار کو مگر آزمائش اُن کے لیے جنہوں نے کفر کیا)، یعنی وہ ہنسی اور تعجب کریں کہ انیس[۱۹] کیسے جن وانس پر عذاب کریں گے۔ اور اِس میں یہ بھی حکمت ہے (تاکہ یقین کرلیں جنہیں دی گئی ہے کتاب)، اس واسطے کہ قرآن کو توریت کی تصدیق کرنے والا پاتے ہیں۔ (اور) تاکہ (قوی ہوجائے جو ایمان لاچکے ہیں اُن کا ایمان) اِس کلام کے سبب سے۔۔ یا۔۔ اہل کتاب کی تصدیق کی وجہ سے۔

(اور) تاکہ (شک نہ کرسکیں وہ جو دیے گئے ہیں کتاب) توریت، (اور مسلمان) جو دوزخ کے خازنوں پر ایمان لائے ہیں، (اور تاکہ بکا کریں وہ) لوگ (جن کے دِلوں میں بیماری ہے) شک ونفاق کی۔ (اور کافر لوگ، کہ کیا منشاء ہے اللہ) تعالیٰ (کا اِس عجیب بات سے) اور اس عدد سے، جو مثل کی رُو سے عجیب وغریب ہے؟ (اِسی طرح بے راہ رکھتا ہے اللہ) تعالیٰ (جسے چاہے۔ اور راہ دیتا ہے جسے چاہے)۔

روایت ہے کہ ابوجہل نے کہا کہ "اے گروہِ قریش! اب تو محمد ﷺ 'انیس[۱۹]' یار اور مددگار سے زیادہ نہیں رکھتا،" تو حق تعالیٰ نے فرمایا۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اورنہیں بتا سکتا تمہارے رب کے لشکروں کوسوا اُس کے)۔یعنی رب کے یہ سارے لشکر فرشتے ہیں جو پیغمبروں کے معین ومددگار ہیں۔اور یہ کتنے ہیں؟ یہ خدا ہی جانے جو سب معلومات کا عالم ہے۔(اورنہیں ہے وہ) یعنی سَقَرَ کی تمثیل۔۔یا۔۔خازنوں کی تعداد۔۔یا۔۔یہ سورتِ مبارکہ (مگر نصیحت بشر کے لیے)۔

كَلَّا وَالْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَالَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ إِنَّهَا لَإِحْدَى

نہیں کیا قسم ہے چاند کی• اوررات کی جب پیٹھ پھیرے• اورصبح کی جب روشنی پھیلادے• بے شک جہنم

الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ ﴿۳۷﴾

بڑی چیزوں کی ایک ہے• ڈراونی بشر کے لیے• جس نے چاہا تم میں سے کہ آگے بڑھ جائے یا پیچھے پڑا رہے•

(نہیں کیا) یعنی ایسا نہیں کہ کوئی سَقَرَ کا انکار کر سکے۔(قسم ہے چاند کی) کہ وقتوں اور مدتوں کی پہچان اُس سے متعلق ہے،(اوررات کی جب پیٹھ پھیرے) یعنی جب جاتی ہے دن کے آگے سے،(اورصبح کی جب روشنی پھیلادے) اور عالم کو روشن کردے،(بے شک جہنم بڑی چیزوں کی ایک ہے)۔یعنی ایک درکہ دوزخ کے بڑے درکوں میں سے ہے۔ اور (ڈراونی بشر کے لیے)، یعنی ہم نے کیا ہے اُسے ایک چیز کہ اُس سے ڈرائیں آدمی کو۔

لباب میں ہے کہ حق تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کو فرماتا ہے کہ قُمْ نَذِيرًا یعنی کھڑا ہو ڈرانے والا آدمیوں کے واسطے تاکہ تجھ سے نصیحت پکڑ کر گناہ سے پرہیز کریں۔ اِس قول پر رسول ڈرانے والے ہیں اور پہلے قول پر دوزخ ڈرانے والی ہے اُسے۔

(جس نے چاہا تم میں سے کہ آگے بڑھ جائے) جزا اور طاعت میں،(یا پیچھے پڑا رہے) بُرائیوں میں مبتلا ہوکر۔یعنی اَے ہمارے حبیب! تم سب گروہوں کو نصیحت کرنے والے ہو۔۔یا۔۔سب کو دوزخ نصیحت کرنے والی ہے۔

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ﴿۳۸﴾ إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ ﴿۳۹﴾ فِي جَنَّاتٍ ۛ

ہر جان جو کچھ کمایا اُس میں گِروہے• مگر داہنے ہاتھ والے• باغوں میں ہیں۔۔

يَتَسَاءَلُونَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِينَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوا لَمْ نَكُ

دریافت کریں گے• مجرموں سے• کہ "کیا چیز لے گئی تمہیں جہنم میں؟"• اُنہوں نے جواب دیا کہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿٤٣﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿٤٤﴾

"ہم نہ تھے نمازیوں سے• اور نہیں کھلایا کرتے تھے مسکین کو•

(ہر جان جو کچھ کمایا اُس میں گرو ہے) یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں ہر نفس اپنے اعمال کا قیدی ہو
---بعض تفاسیر میں ہے کہ ہر نفس بسبب اپنے بُرے اعمال کے قیدی ہوگا---(مگر داہنے ہاتھ
والے) جن کے اعمال صالحہ ہوں گے۔ وہ لوگ اعمالِ صالحہ کی وجہ سے آزاد ہوں گے، جیسے راہن
شے کو آزاد کر دیتا ہے جو قرض اَدا کر دے۔

یہ اصحابِ یمین ایسے (باغوں میں) رہنے والے (ہیں) جن کی حقیقت کوئی نہیں جانتا اور نہ
ہی کوئی اُس کی وسعت کو بیان کر سکتا ہے۔ یہی اہلِ یمین جنتوں کے اونچے محل پر ہوں گے اور دوزخ
کو دیکھنے والے ہوں گے، جو (دریافت کریں گے• مجرموں سے) یعنی مشرکین سے اُن کے احوال
(کہ کیا چیز لے گئی تمہیں جہنم میں؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم نہ تھے نمازیوں سے) یعنی اُس کے
فرض ہونے کا ہم اعتقاد نہ رکھتے تھے، (اور نہیں کھلایا کرتے تھے مسکین کو) یعنی اُن کو مالِ زکوٰۃ نہیں
دیتے تھے، اور زکوٰۃ کی فرضیت کے ہم منکر تھے۔

---

وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٤٦﴾ حَتّٰى

اور بے ہودہ بحثیں کرتے تھے، بے ہودہ گویوں کے ساتھ ساتھ• اور ہم جھٹلایا کرتے تھے روزِ جزا کو• یہاں تک کہ

اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿٤٧﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿٤٨﴾

آ گئی ہمیں موت" اب نہ فائدہ دے گی اُنہیں شفاعت کرنے والوں کی شفاعت•

(اور بے ہودہ بحثیں کرتے تھے بے ہودہ گویوں کے ساتھ ساتھ) یعنی محمد عربی ﷺ کی
شان میں ہم بحث کرتے تھے اور اُن کی غیبت میں مشغول ہوتے تھے۔ (اور ہم جھٹلایا کرتے تھے روزِ
جزا کو) اور اُسے ہم باور نہ کرتے تھے (یہاں تک کہ آ گئی ہمیں موت) اور موت سے پہلے جو حالتیں
تھیں جن میں سے بعض اوپر مذکور ہوئیں اُسی حال میں ہم مر گئے، توبہ کی توفیق نہ مل سکی اور ہم ایمان نہ
لا سکے۔

(اب) اگر بفرضِ محال کوئی اُن کی شفارش بھی کرے، تو (نہ فائدہ دے گی اُنہیں شفاعت
کرنے والوں کی شفاعت)۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

شفاعت کے باب میں بنیادی بات یہ ہے کہ شفاعت وہی کرے گا جس کو ربِّ کریم شفاعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائے گا۔ اور وہ اُسی کے لیے شفاعت کرے گا جس کی شفاعت کرنے کا خدائے مہربان اِذن عطا فرمائے گا، اس لیے کوئی شفاعت کرنے والا مشرکین کی شفاعت کرے، یہ بات محال ہے۔

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٩﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿٥٠﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿٥١﴾

تو انہیں کیا ہے کہ نصیحت سے رُوگردانی کرنے والے ہیں • گویا کہ وہ بھڑکے ہوئے گدھے ہیں • بھاگے ہیں شیر سے •

(تو انہیں کیا ہے کہ نصیحت سے رُوگردانی کرنے والے ہیں)، یعنی قرآن اور اُس کی ہدایات سے منہ پھیرتے ہیں (گویا کہ وہ بھڑکے ہوئے گدھے ہیں • بھاگے ہیں شیر سے)۔۔یا۔۔شکاری سے ۔۔یا۔۔ پھندے سے ۔۔یا۔۔ تیرانداز آدمی سے ۔۔یا۔۔ مختلف آوازوں سے، یعنی جس طرح جنگلی گدھے اِن چیزوں سے بھاگتے ہیں، اِس طرح وہ قرآن سننے سے بھاگتے ہیں اس واسطے کہ بات سننے والے کان اور نصیحت قبول کرنے والے دِل نہیں رکھتے ہیں۔۔۔

بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿٥٢﴾ كَلَّا ؕ

بلکہ چاہتا ہے ہر شخص اُن کا، کہ دیے جاتے الگ الگ صحیفے • ہرگز نہیں!

بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٥٣﴾

بلکہ وہ ڈرتے ہی نہیں آخرت کو •

(بلکہ چاہتا ہے ہر شخص اُن کا کہ دیے جاتے الگ الگ صحیفے) سر کھلے بے مہر اس مضمون کے کہ "اَے فلاں! محمد علیہ السلام کی پیروی کر۔" (ہرگز نہیں) دیے جائیں گے اُن کو یہ نامے، اور اگر دیے بھی جائیں تو بھی وہ ایمان نہ لائیں گے۔ پس اُن کا انکار اس واسطے نہیں کہ نامہ نہیں دیا جاتا، (بلکہ وہ ڈرتے ہی نہیں آخرت) کے عذاب (کو)۔

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿٥٤﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿٥٥﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ

نہیں کیا بلاشبہ یہ نصیحت ہے • تو جس نے چاہا نصیحت لی اِس سے • اور نہیں نصیحت حاصل کرتے مگر یہ کہ اللہ چاہے۔

هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿٥٦﴾ ع

وہی ڈرنے کے لائق اور مغفرت والا ہے •

رکوع ١٦/٢

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(نہیں کیا)، ہاں ہاں بے شک! یہ قرآن وہ نہیں جو کفار کہتے ہیں کہ آدمی کا کلام ہے۔۔یا سحر ہے، بلکہ (بلاشبہ یہ نصیحت ہے ● تو جس نے چاہا نصیحت لی اُس سے ● اور) یہ بھی اپنی جگہ پر ایک حقیقت ہے، کہ (نہیں نصیحت حاصل کرتے مگر یہ کہ اللہ) تعالیٰ (چاہے)۔

۔۔ ایں سعادت بزور بازو نیست۔۔ تا نہ بخشد خدائے بخشندہ ۔۔

۔۔تو (وہی ڈرنے کے لائق) ہے۔تو چاہیے کہ اُسی کا خوف رکھا جائے، (اور) وہی (مغفرت) فرمانے (والا ہے) یعنی مغفرت فرمانا اُسی کی شان ہے۔

اختتام سورۃ المدثر ۔۔ ﴿ ۲۳رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۰را کتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

---

۔۔ ﴿ ۲۴رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۱را کتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

سورۃ القیٰمۃ ۷۵ مکیۃ ۳۱ | سُورَۃُ القِیٰمَۃِ | اٰیاتہا ۴۰ رکوعاتہا ۲

سورۃ القیامۃ ۔۔۵ے مکیہ ۳۱ — آیاتہا ۴۰۔۔رکوعاتہا ۲

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ چونکہ قیامت کے مباحث بہت زیادہ اہم تھے کیونکہ کفار اور مشرکین قیامت کے وقوع کا بہت شدت سے اِنکار کرتے تھے، اس لیے اِس سورہ کا نام 'القیامہ' رکھا گیا۔ اِس سورہ کو اُس سے پہلی سورت 'المدثر' سے مناسبت یہ ہے کہ 'سورہ المدثر' کی آیت ۵۳ میں صراحۃً آخرت کا ذکر ہے، اور آخرت کا وقوع قیامت کے بعد ہوگا۔

اِس سورہ میں مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھنے کا ذکر فرمایا ہے اور قیامت کے اوصاف، اہوال اور احوال کا ذکر فرمایا ہے۔ پھر قیامت کے مقدمات اور اُس کے پہلے پیش آنے والے امور کا تذکرہ فرمایا ہے کہ انسان کے بدن سے روح کس طرح نکلے گی اور انسان کی ابتداء کی تخلیق کس طرح کی گئی ہے۔۔۔ایسی معلومات افزا اور حقائق کو واضح فرمانے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

لَاۤ اُقۡسِمُ بِيَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ۙ‏ ﴿۱﴾ وَلَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَةِ ؕ‏ ﴿۲﴾

نہیں کیا میں قسم یاد کرتا ہوں قیامت کے دن کی ● اور قسم ہے اُس جان کی، جو اپنی بے حد ملامت کرتی رہتی ہے ●

لَاۤ نفی کا فعلِ قسم میں تاکید کے واسطے ہوتا ہے، تو معنی یہ ہیں کہ۔۔۔

البتہ قسم کھاتا ہوں میں، تو پھر (نہیں کیا میں قسم یاد کرتا ہوں قیامت کے دن کی)، اُس کی عظمت و ہیبت اور اپنی شانِ قدرت کو ظاہر کرنے کے لیے (اور قسم ہے اُس جان کی جو اپنی بے حد ملامت کرتی رہتی ہے)۔

اِس سے 'نفسِ متقیہ' مراد ہے کہ 'نفسِ مقصرہ' تو تقصیرِ طاعت کے سبب سے ملامت کرتا ہے۔۔یا۔۔وہ نفس مقصود ہے جو اپنے کو ہمیشہ تقصیروں میں ملامت کیا کرتا ہے، اگرچہ عبادتوں میں اُس کی کوششیں اور محنتیں بہت ہوں۔۔یا۔۔'نفسِ مطمئنہ' مراد ہے جو 'نفسِ امارہ' کو ہمیشہ ملامت کیا کرتا ہے۔ روایت ہے کہ عدی بن ربیعہ نے آنحضرت ﷺ سے قیامت کا حال پوچھا۔ جب حضرت علیہ السلام نے اُس کو خبر دی، تو وہ بولا کہ اگر اُس روز کو میں آنکھوں سے دیکھوں تو بھی باور نہ کروں۔ کیا یہ متفرق ہڈیاں باہم مجتمع ہونگیں، تو 'نفسِ لوامہ' کی قسم یاد فرما کر حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے، کہ۔۔۔

---

اَيَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَهٗ ؕ‏ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيۡنَ عَلٰۤى اَنۡ نُّسَوِّىَ بَنَانَهٗ‏ ﴿۴﴾

کیا سمجھ رکھا ہے انسان نے کہ ہم نہ جمع کر سکیں گے اُس کی ہڈیاں ● کیوں نہیں، ہم قدرت والے ہیں اِس پر کہ ٹھیک کر دیں اُس کے پور پور ●

(کیا سمجھ رکھا ہے انسان نے کہ ہم نہ جمع کر سکیں گے اُس کی ہڈیاں) جو پراگندہ ہوگئیں؟ (کیوں نہیں!) ہاں ہم جمع کریں گے۔ اُس کم فہم کو سمجھنا چاہیے کہ (ہم قدرت والے ہیں اِس پر کہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ٹھیک کریں اُس کے پور پور) یعنی چھوٹے اور لطیف ہونے کے باوجود اُس کی انگلیوں کی پوریں از سرے اکٹھا کرنے پر ہم قادر ہیں، تو بڑی بڑی ہڈیوں کا اِکٹھا کرنا کیا بات ہے۔

بَلْ یُرِیْدُ الْاِنْسَانُ لِیَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝۵ یَسْـَٔلُ اَیَّانَ یَوْمُ الْقِیٰمَةِ ۝۶ فَاِذَا

بلکہ انسان چاہتا ہے کہ بدی کرتا رہے اس کے آگے ● کہ پوچھتا ہے کہ "کب ہے قیامت کا دن؟" ● تو جب

بَرِقَ الْبَصَرُ ۝۷ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝۸ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝۹

آنکھ چوندھیا پڑی ● اور گہن میں پڑا چاند ● اور ملا دیا گیا سورج اور چاند ●

(بلکہ) عدی اور اُس جیسا ہر (انسان چاہتا ہے کہ بدی کرتا رہے اِس کے آگے)۔ یعنی وہ چیز جو اُس کے سامنے ہے، یعنی بعث اور حساب، اُس کے تعلق سے جھوٹ بولتا رہے، کیوں (کہ) از راہِ تمسخر (پوچھتا ہے کہ کب ہے قیامت کا دن؟ ● تو جب آنکھ چوندھیا پڑی) یعنی پتھرا گئی (اور گہن میں پڑا چاند) یعنی تیرہ و تاریک ہوگیا، (اور ملا دیا گیا سورج اور چاند)، یعنی دونوں ہی بے نور کر دیئے گئے۔۔ الختصر۔۔ جب قیامت آئے گی تو نظامِ شمسی و قمری سب کے سب درہم برہم کر دیئے جائیں گے اور ظاہر ہے کہ اُن حالات میں قیامت کے وجود پر کسی کو شک وشبہ نہ ہوگا۔ اور جب یہ صورتِ حال پیش آئے گی۔۔ تو۔۔

یَقُوْلُ الْاِنْسَانُ یَوْمَىِٕذٍ اَیْنَ الْمَفَرُّ ۝۱۰ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝۱۱ اِلٰى رَبِّكَ

کہے گا انسان اُس دن کہ "کہاں بھاگ کر بچوں" ● ہرگز نہیں! کوئی پناہ گاہ نہیں ● تمہارے رب ہی کی طرف

یَوْمَىِٕذِ ﹰالْمُسْتَقَرُّ ۝۱۲ یُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ یَوْمَىِٕذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝۱۳

اُس دن ٹھہرنے کی جگہ ہے ● بتا دیا جائے گا انسان اُس دن، جو کچھ آگے پیچھے کیا تھا ●

(کہے گا انسان)، یعنی تکذیب کرنے والا کافر، (اُس دن کہ کہاں بھاگ کر بچوں ● ہرگز نہیں!) ایسوں کے لیے (کوئی پناہ گاہ نہیں) اور (تمہارے رب ہی کی طرف)، یعنی اُس کے حکم کی طرف (اُس دن ٹھہرنے کی جگہ ہے)۔ یعنی حق تعالیٰ ہی اپنی مشیت سے جنتیوں اور دوزخیوں کے ٹھہرنے کی جگہ مقرر کرے گا۔ (بتا دیا جائے گا انسان اُس دن جو کچھ آگے پیچھے کیا تھا)۔ یعنی اُس کے اعمال جو آگے پہنچ گئے اور اُس کے اموال جو پیچھے رکھے رہ گئے۔ [illegible]

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اور مال پیچھے رکھتا ہے حسرت کے ساتھ۔ تو چاہیے کہ گناہ کو توبہ سے نیست و نابود کردے کہ باقی ہے، اور مال صدقہ دے کر آگے بھیجے کہ ہمیشہ باقی رہے۔

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿١٤﴾ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿١٥﴾

بلکہ انسان اپنے اوپر خود ہی نظر رکھنے والا ہے• گولا ڈالے اپنے بہانے•

(بلکہ انسان اپنے اوپر خود ہی نظر رکھنے والا ہے) یعنی اپنا حال جانتا ہے اور اپنے افعال و اقوال پر گواہ ہے، (گولا ڈالے اپنے بہانے)۔ یعنی ہر چند مقدور بھر گناہ پر عذر کرے اور اُسے دفع کرنے کی تدبیر سوچے مگر وہی اپنے گناہ کا گواہ ہے، اور اپنے جھوٹے عذر اور باطل حیلوں کا جاننے والا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ جب حضرت جبرائیل حضرت سید انام ﷺ پر قرآن پڑھتے، تو حضرت بھی زبان سے اُن کے ساتھ پڑھتے کہ بھول نہ جائیں۔ تو یہ آیت نازل ہوئی کہ اے محبوب!۔۔۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿١٧﴾

مت حرکت دو قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو، کہ جلد یاد کرلو• بلاشبہ ہم پر ہے اس کا جمع کرنا، اور اس کا تمہارے پڑھنے میں رکھنا•

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٨﴾

تو جب ہم اسے پڑھ چکیں، تو اس پڑھے ہوئے کی اتباع کرو•

(مت حرکت دو قرآن کے ساتھ اپنی زبان کو، کہ جلد یاد کرلو• بلاشبہ ہم پر ہے اس کا جمع کرنا) تمہارے دِل میں، تاکہ تم یاد رکھو (اور اِس کا تمہارے پڑھنے میں رکھنا)، یعنی اِس کی قرأت کو تمہاری زبان پر ثابت کردینا۔ (تو جب ہم) جبرائیل کی زبانی (اِسے پڑھ چکیں تو اُس پڑھے ہوئے کی اِتباع کرو)، یعنی اُسی طرح تم بھی پڑھو اور اِس میں غور و فکر کرو۔ یعنی اِس کے مطالب و معانی کا سمجھانا بھی ہمارے ہی ذمہ کرم میں ہے۔ تو اِس کا مطلب بھی حضرت جبرائیل سے پوچھنے کی ضرورت نہیں، تم خود ہی غور و فکر کرو۔ حق تعالیٰ اپنے فضل سے تمہارے دِل میں اِس کا مطلب القاء فرمادے گا، اور اِس کلام میں جو مشکل ہوگا اُس کو تم پر ظاہر فرمادے گا۔۔ الغرض۔۔ تمہارا کام صرف حضرت جبرائیل کی قرأت کی اتباع ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ ﴿۱۹﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَ تَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾

پھر بلاشبہ ہم پر ہے اس کا تم پر روشن کردینا • کچھ بھی نہیں، بلکہ تم لوگ چاہنے لگے ہو جلد جلدی والی دُنیا کو • اور چھوڑے ہوآخرت کو •

(پھر بلاشبہ ہم پر ہے اُس کا تم پر روشن کردینا) اور اَے آدمیو! جو تم نے عقبیٰ کے امر میں گمان کرلیا ہے ایسا (کچھ بھی نہیں، بلکہ تم لوگ چاہنے لگے ہو جلد جلدی والی دُنیا کو) یعنی تمہاری رغبت اُسی میں ہے جو تمہیں جلد حاصل ہوجائے، (اور چھوڑے ہو آخرت کو) جو ہمیشہ رہنے والی ہے۔ یعنی فانی [illegible] کے پیچھے تو دِل و جان سے دوڑ رہے ہیں اور باقی رہنے والی نعمتوں کی طرف دھیان نہیں دیتے، اور چاہیے تو یہ تھا کہ تم اِس کے برعکس عمل کرتے کہ فنا ہوجانے والی نعمتوں کو نظر انداز کردیتے اور باقی رہنے والی نعمتوں کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے۔ قیامت کا دن وہ ہے کہ۔۔۔

وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

کچھ چہرے اس دن تروتازہ ہیں • اپنے رب کی طرف دیکھنے والے •

(کچھ چہرے اُس دن تروتازہ ہیں)۔ یہ انبیاء اولیاء اور مؤمنین کے چہرے ہیں، جو (اپنے رب کی طرف دیکھنے والے) ہوں گے ظاہر میں بے حجاب۔

حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کم سے کم رتبہ جنّتی کا اپنے باغوں نعمتوں، کنیزوں اور خدمتگاروں پر نظر کرے گا، اور ہزار برس کی راہ سے اُنہیں دیکھے گا اور بہت بزرگ خدا کے نزدیک وہ ہے جو وجہِ الٰہی پر نظر کرے صبح و شام، یعنی اپنی استعداد کے موافق۔ پھر یہ آیت پڑھی: وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

بعض عارفین کا کہنا ہے کہ اوتاد میں سے ہر ایک کے اوراد میں یہ کلمات ہیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ النَّظَرَ اِلٰی وَجْهِكَ الْكَرِیْم ۔ ہر شخص جنت میں کوئی نہ کوئی آرزو رکھے گا مگر عاشق کی آرزو سوائے دیدار کے نہ ہوگی۔

وَ وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍۭ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنْ یُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾

اور کچھ منہ اُس دن بگڑے ہوئے • سمجھتے ہوں گے کہ کیا جائے گا اُنہیں کمر توڑ دینے والا عذاب •

(اور کچھ منہ اُس دن بگڑے ہوئے) ہوں گے، یعنی منافقوں اور مشرکوں کے چہرے تاریک اور ترش ہوں گے، (سمجھتے ہوں گے، کہ کیا جائے گا انہیں کمر توڑ دینے والا عذاب)۔ یعنی پہنچائی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ئے گی انہیں ایسی بلاء اور رنج جواُن کی ہڈیاں توڑ دے۔

یہ اُن پر عذابِ عظیم نازل ہونے سے کنایہ ہے، اور اربابِ معرفت کے نزدیک صحیح قول یہ ہے کہ وہ بلاء حجاب ہے دیدارِ رب الارباب سے، کیونکہ 'عشاق' کے لیے 'فراق' سے بدتر عالَم میں کوئی آزمائش اور مصیبت نہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ دِل دُنیا پر رکھ سکے اور آخرت سے غافل ہوسکے، ایسا۔۔۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾ وَقِيْلَ مَنْ ٚ رَاقٍ ﴿٢٧﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾

یوں نہیں! جب پہنچی جان گلے تک • اور کہا گیا کہ "کوئی جھاڑ۔۔ٍ۔۔پھونک والا ہے؟" • اور اُس نے سمجھا کہ اب جدائی ہے •

ع ۱۷

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۨالْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾

اور لپٹ گئی پنڈلی سے پنڈلی • تمہارے رب ہی کی طرف اُس دن ہانک جانا •

(کیوں نہیں) اس لیے کہ (جب پہنچی جان گلے تک) اور گردن کی ہڈیوں میں (اور کہا گیا)، یعنی جولوگ مرنے کے قریب ہیں اُن لوگوں نے کہا۔۔۔یا۔ موت کے فرشتے بولے (کہ) کیا (کوئی۔۔ٍ۔۔ جھاڑ پھونک والا ہے) اور شفاء دینے والا ہے، (اور اُس نے) یعنی موت جس کے پیش نظر ہے (سمجھا کہ اب جدائی ہے)۔ یعنی جو چیز اِس پر نازل ہوئی وہ دُنیا اور دُنیا کے لوگوں سے جدائی کا سبب ہے۔ (اور لپٹ گئی) مرنے والے کی (پنڈلی سے پنڈلی)، یعنی موت کے ہَول سے اُس کے پاؤں آپس میں لپٹ اور سمٹ جاتے ہیں اور اُن میں حرکت نہیں رہتی۔۔۔یا۔۔ موت کی شدت آخرت کی شدت کے ساتھ جمع ہوجاتی ہے۔ (تمہارے رب ہی کی طرف اُس دن ہانک جانا) یعنی تیرے رب کی جزا کی طرف اُس روز بازگشت ہوگی۔

اکثر مفسرین اِس بات پر ہیں کہ ابوجہل ملعون کو حضرت سید المرسلین ﷺ کے ساتھ شدت سے عداوت تھی، تو اُس کے تعلق سے یہ آیت نازل ہوئی۔ اِس میں یہ بھی واضح فرمادیا گیا کہ حق مواخذہ میں کفار بھی 'فروعِ شرعیۂ کے مخاطب ہیں، یعنی کفار بھی ایمان کے ترک کی طرح نماز وغیرہ کے ترک پر مذمت اور عقاب کے مستحق ہیں، اگرچہ دُنیا میں اُن پر ادائیگی واجب نہیں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ۝٣١ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝٣٢ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ۝٣٣

تو نہ تصدیق کی، اور نہ نماز پڑھی● لیکن جھٹلایا اور باز رہا● پھر گیا اپنے والوں کی طرف اکڑ رہا ہے●

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٤ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝٣٥

تیرا بُرا ہو، اب بُرا ہو● پھر بُرا ہو، تو پھر بُرا ہو●

(تو) ابوجہل نے (نہ تصدیق کی) قرآن کی۔۔یا۔۔نہ صدقہ دیا جو کچھ مال میں سے د واجب تھا، (اور نہ نماز پڑھی) خدا کے واسطے۔۔یا۔۔نہ پیروی کی پیغمبر کی (لیکن جھٹلایا) پیغمبر کو (او باز رہا) راہِ حق سے۔

تکذیب کا ذکر خاص طور پر اس لیے کر دیا کیونکہ تصدیق نہ کرنا تکذیب کو مستلزم نہیں، تو اُس بدبخت نے تصدیق نہ کرنے کے ساتھ ساتھ تکذیب بھی کر ڈالی۔

(پھر گیا اپنے والوں کی طرف) اِس حال میں کہ (اکڑ رہا ہے) اور فخر وافتخار کی راہ سے ٹہل ر ہے کہ میں نے ایسا ایسا کام کیا ہے، یعنی تکذیب بھی کی ہے اور بے رخی بھی برتی ہے۔ تو اَے ابوجہل سن لے! کہ سزاوار ہے تجھ کو موت سخت، تو (تیرا بُرا ہو) موت کے وقت۔۔نیز۔۔(اب بُرا ہو) یعنی قبر میں دردناک عذاب ہو، (پھر بُرا ہو) یعنی ہَولِ قیامت تجھے سزاوار ہے (تو پھر برا ہو)، یعنی تجھے دوزخ میں ہمیشہ رہنا سزاوار ہے۔

اِس آیت کے نازل ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ابوجہل کو بطحا میں دیکھا اور اُس کا کپڑا پکڑ کر فرمایا کہ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى، ابوجہل بولا کہ اَے محمد! ﷺ تم مجھے ڈراتے ہو۔ اور بعضے علماء کے نزدیک اَوْلٰى 'وَیل' کے معنی میں ہے، حق تعالیٰ نے تاکید کے واسطے چار بار ابوجہل کو فرمایا کہ وائے تجھ پر، یعنی ہلاکت ہو تجھ پر۔۔۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ۝٣٦ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۝٣٧

کیا خیال کر رہا ہے یہ انسان کہ چھوڑ دیا جائے گا بے کار؟● کیا نہ تھا قطرہ منی کا جو ٹپکایا جاتا ہے●

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۝٣٨ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝٣٩

پھر ہوا لوتھڑا، تو پیدا فرمایا، اب سڈول کیا● پھر کر دیا اُس سے جوڑے، مرد وعورت●

اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْیِۦَ الْمَوْتٰى ۝٤٠

کیا نہیں ہے ایسا خالق قدرت والا اِس پر، کہ زندہ کر دے مُردوں کو؟●

ع ۲ ۱۸

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(کیا خیال کررہا ہے یہ) بعث وحشر کا منکر (انسان، کہ چھوڑ دیا جائے گا بے کار) مہمل، باطل اور ضائع کہ دُنیا میں مکلّف اور عقبیٰ میں مبعوث اور معذب نہ ہوگا۔ قدرتِ خداوندی کو نہ سمجھنے والو! سوچو کہ۔۔۔

(کیا نہ تھا) یہ انسان (قطرہ منی کا جو ٹپکایا جاتا ہے) رحم میں، (پھر ہوا لوتھڑا) یعنی جما ہوا خون، (تو پیدا فرمایا) اُس کے اجزاء اور اعضاء، (اب سڈول کیا) یعنی راست اور درست کردیا اُس کی صورت اور اُس میں روح پھونکی، (پھر کردیا اُس) منی (سے جوڑے) دوقسم (مرد وعورت) یعنی نر اور مادہ۔ (کیا نہیں ہے ایسا خالق قدرت والا اِس پر کہ زندہ کردے مُردوں کو)۔

حدیث میں ہے کہ یہ سورت پڑھنے کے بعد کہنا چاہیے۔۔۔بَلٰی، اِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔۔کیوں نہیں! وہ ہر چاہے پر قدرت والا ہے۔۔دوسری روایت میں ہے: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ بَلٰی : ہر طرح کی بے چارگی، ناطاقتی اور بےاختیاری سے پاک ہے تیری ذات اَے خدائے قادر مطلق! بے شک تو ہر چاہے پر قدرت والا ہے۔۔۔بعض عارفین اِس موقع پر سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہا کرتے تھے۔

۔۔۔سورۃ القیامہ۔۔ ﴿ ۲۴رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۱راکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

۔۔ ﴿ ۲۵رذیقعدہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۲راکتوبر ۲۰۱۲ء ۔۔۔بروز شنبہ ﴾ ۔۔

سُوْرَةُ الدَّهْرِ ٧٦ مَدَنِيَّةٌ ٩٨ — اٰيَاتُهَا ٣١ — رُكُوْعَاتُهَا ٢

# سُوْرَةُ الدَّهْرِ

سورۃ الدھر۔۔٧٦ مدنیہ ٩٨ — آیاتہا ٣١۔۔رکوعاتہا ٢

اِس سورہ کا نام 'سورہ الدھر' ہے، اور بعض مصاحف میں اِس کا نام 'سورۃ الانسان' مذکور ہے۔ اور یہ دونوں نام اِسی کی آیت ا سے ماخوذ ہیں۔ اِس سورت کو اپنی ماقبل کی 'سورہ القیامہ' سے چند مناسبتیں ہیں:

ا۔۔ اِس سے پہلے 'سورہ القیامہ' میں ارشاد فرمایا گیا تھا کہ انسان کی تخلیق کی ابتداء نطفہ سے کی گئی ہے، پھر اُس کی دوقسمیں بنائیں مرد اور عورت، اور اِس سورت کی ابتداء میں بتایا کہ تمام انسانوں کے باپ حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا اور اُن کو سمیع

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وبصیر بنا دیا۔ پھر بشر کی دوقسمیں ہیں: بعض شکر گزار ہیں اور بعض ناشکرے ہیں۔

۲۔۔دوسری مناسبت یہ ہے کہ اس سے پہلی سورت میں جنت اور دوزخ کا حال اجمالاً ذکر کیا گیا ہے اور اِس سورت میں جنت اور دوزخ کے اوصاف کو تفصیل سے بیان فرمایا ہے۔

۳۔۔تیسری مناسبت یہ ہے کہ 'سورہ القیامہ' میں کفار وفجار کو قیامت کے دن دہشتناک امور پیش آئیں گے اُن کا ذکر فرمایا، اور اِس سورت میں قیامت کے دن نیک مسلمانوں کو جو نعمتیں ملیں گی اُن کا ذکر فرمایا ہے۔۔۔ایسی معلومات افزا اور بصیرت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

هَلۡ اَتٰى عَلَى الۡاِنۡسَانِ حِيۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ يَكُنۡ شَيۡـًٔا مَّذۡكُوۡرًا ①

بے شک آچکا انسان پر ایسا وقت بھی زمانہ میں، کہ نہ تھا کچھ قابلِ تذکرہ●

(بے شک آچکا انسانِ) اوّل حضرت آدم (پر ایسا وقت بھی زمانہ میں کہ) وہ (نہ تھا) انسانیت کے عنوان سے (کچھ قابلِ تذکرہ)، اور کوئی انسان ہونے کے ساتھ انہیں یاد نہ کرتا تھا اور وہ روح پھونکنے کے قبل چالیس برس تک مکہ اور طائف کے درمیان پڑے رہے، کوئی انہیں انسان کے نام سے یاد نہ کرتا تھا اور نہ اُن کے عناصر کا تذکرہ ہوتا تھا۔

کسی کو خبر نہ تھی کہ اُس کا نام کیا ہے اور اُسے پیدا کرنے میں کیا حکمت اور فائدہ ہے۔ اور اِس مطلب کی بھی خبر نہ تھی کہ قدرتِ کاملہ والا ایسا آئینہ بناتا ہے کہ جو اُن شعاعوں کا مظہر ہو جو 'مفاتیح الغیب' میں ہیں اور خلافتِ کبریا کے مرتبہ کے لائق ہو۔ اور وہ عین مقصود ذات اور منتہائے غایت ہو اور سب پوشیدہ باتیں اُس کے وجودِ باوجود سے ظاہر ہوجائیں۔

ایک قول یہ ہے کہ یہاں انسان سے مراد اولادِ آدم علیہ السلام جو شکم مادر میں رہنے کی مدت میں لوگوں کے درمیان ذکر وتذکرہ کے قابل نہیں ہوتا، اور نہ ہی اُس کے حالات واوصاف کے تعلق سے کوئی چرچا ہوتا ہے۔ بعض نے پہلے لفظ 'انسان' سے آدم علیہ السلام اور دوسرے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سے آپ کی اولاد مراد لی ہے، اور یہ اُس وقت ہے کہ **حِیْنٌ** زمانہ طویل اور دراز کے لیے ہو جس کی مقدار معلوم نہ ہو۔ لیکن ہر دونوں میں جنس انسان مراد لینا موزوں اور زیادہ ظاہر ہے، اس لیے کہ اِس سے مقصود ہے انسان کو اُس کی تخلیق ظاہر کر کے پند و نصیحت کرنا کہ وہ بالکل نہ تھا لیکن اب کیا ہے۔ اِس لیے جب سنے گا کہ وہ کوئی شے ہی نہ تھا اور نہ کہیں اُس کا ذکر تھا پھر وہ مذکور ہوا اور پیدا ہوا ایک حقیر و خسیس پانی سے، اِس طرح وہ مرنے کے بعد اُٹھنے کو بعید نہ سمجھے گا اور نہ ہی اِس کا اِنکار کر سکے گا۔۔ چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

**اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ۝۲**

بے شک ہم نے پیدا فرمایا انسان کو ملے جلے قطرہ سے، کہ آزمائیں اُسے، تو بنا دیا ہم نے اُسے سننے والا دیکھنے والا●

**(بے شک ہم نے پیدا فرمایا انسان کو ملے جلے قطرہ سے)۔**

چونکہ مرد اور عورت کی منی مختلف الاجزاء ہے رقت اور قوام اور خاصیت میں، اس وجہ سے نطفہ جو مفرد ہے اُس کی صفت جمع لائی گئی۔۔ یا۔۔ اُس سے رنگ مراد ہیں اس واسطے کہ مرد کی منی سفید ہوتی ہے اور عورت کی زرد اور دونوں اکٹھا ہونے کے بعد سبز ہو جاتی ہے۔۔ یا۔۔ امشاج 'اطوار' کے معنی میں ہے، یعنی نطفہ 'تھکا' ہو جاتا ہے، پھر 'لوتھڑا' ہو جاتا ہے آخر خلقت تک۔

اور بہر تقدیر انسان کو ہم نے پیدا کیا تا (کہ) امر و نہی سے (آزمائیں اُسے، تو بنا دیا ہم نے اُسے سننے والا دیکھنے والا) تا کہ دلیلیں دیکھے اور آیتیں سنے۔۔ اور۔۔

**اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝۳ اِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝۴**

بے شک ہم نے ہدایت کی اُسے راستہ کی، کہ یا شکر گزار اور یا ناشکرا● بے شک ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق، اور بھڑکتی آگ●

**(بے شک)** دلیلیں قائم کر کے اور آیتیں نازل کر کے **(ہم نے ہدایت کی اُسے) سیدھے (راستے کی، کہ)** اب **(یا)** مؤمن سعید ہو کر **(شکر گزار)** ہو، **(اور یا)** کافر شقی ہو کر **(ناشکرا)**۔ سب کو معلوم رہنا چاہیے کہ **(بے شک ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کے لیے زنجیریں)** جن میں باندھ کر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کافروں کو دوزخ میں کھینچیں گے (اور طوق)، کہ اُن کے گلوں میں ڈالیں گے۔ (اور بھڑکتی آگ جس میں ہمیشہ جلا کریں گے۔ اُن کافروں کے برعکس۔۔۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝۵

بے شک ابرار کا طبقہ، یہ لوگ پئیں گے اُس جام سے، جس میں آمیزش کافور کی ہے●

(بے شک اَبرار کا طبقہ)، تو (یہ لوگ پئیں گے اُس جام سے جس میں آمیزش کافور کی ہے)۔ یعنی اُسے جنت کے کافور سے ملا کر بنائیں گے تاکہ ٹھنڈی، اور خوشبو اور شیریں ہو۔

اور بعضوں نے کہا کہ جنت میں ایک پانی کا چشمہ خوشبودار اور سفید ہے جیسے کہ کافور، تو کافور سے ہمرنگ ہونے کے سبب سے اُس کا نام کافور رکھ دیا۔ اور اِسی قول کی تائید کرتا ہے یہ کہ کافور کا بدل لایا گیا ہے کہ وہ۔۔۔

عَیْنًا یَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ یُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِیْرًا ۝۶ یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ

ایک چشمہ ہے، پیتے رہیں گے اُس میں اللہ کے بندے، بہا کر لے جائیں گے اپنے یہاں● وہ پوری کریں منت کو،

وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ۝۷

اور ڈرتے رہیں اُس دن کو جس کی تباہی پھیل جانے والی ہے●

(ایک چشمہ ہے پیتے رہیں گے اُس میں اللہ) تعالیٰ (کے بندے بہا کر لے جائیں گے اپنے یہاں)، یعنی جہاں چاہیں گے اُسے بآسانی بہا لے جائیں گے۔ جہاں چلنے کو کہیں گے وہ چشمہ اُن کے ساتھ ساتھ چلے گا۔ اُن ابرار کی شان یہ ہے کہ (وہ پوری کریں منت کو)۔

یہ آیتِ کریمہ خاص طور پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی شان میں نازل فرمائی گئی۔۔ چنانچہ۔۔ تفسیروں میں ہے کہ حضرت رسالت پناہ ﷺ حضرت علی مرتضٰی کرم اللہ وجہہ کے گھر تشریف لائے، حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بیمار دیکھا، تو حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا کہ کچھ نذر کرو تاکہ تمہارے فرزند صحت پائیں۔ انہوں نے نذر کی کہ تین۳ روز روزہ رکھیں گے۔ حق تعالیٰ نے حسنین علی جدہما وعلیہما السلام کو شفا بخشی اور حضرت علی اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہما نے روزے رکھے، اور کسی قدر جو قرض لے کر۔۔ یا۔۔ مزدوری کر کے حاصل کیے اور آٹا پیس کر روٹی پکائی۔ مغرب کے وقت چاہا کہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

افطار کریں، پس ایک فقیر گھر کے دروازے پر آیا اور آواز دی کہ اے اہل بیتِ نبوت! میں ایک فقیر مسلمان ہوں مجھے روٹی دو کہ حق تعالیٰ بہشت کی نعمتوں سے تم کو عوض دے۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنا حصہ اُس فقیر کو دے دیا، سب اہل بیت نے بھی اپنے اپنے حصے دے دیئے اور فقط پانی سے روزہ کھول کر رات بسر کی۔ دوسرے دن روزہ رکھا افطار کے وقت ایک یتیم دروازے پر آیا اور سوال کیا سب کھانا اُسے دے دیا۔ تیسری شام کو ایک قیدی بَروقت آیا سب کھانا اُس کو عطا فرمایا۔ حق تعالیٰ نے یہ آیت بھیجی کہ ابرار کی شان یہی ہے کہ اپنی نذر پوری کرتے رہیں۔۔۔

(اور ڈرتے رہیں اُس دن کو جس کی تباہی) یعنی شدت اور محنت (پھیل جانے والی ہے)۔ ...ن فاش اور ظاہر اور سب کو پہنچی ہوئی۔

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِينًا وَّيَتِيمًا وَّاَسِيرًا ﴿۸﴾

اور کھانا کھلائیں اُس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور قیدی کو●

(اور کھانا کھلائیں اُس کی محبت پر) یعنی خدا کی محبت پر۔۔یا۔۔کھانے کی محبت پر، یعنی باوصف ...س کے کہ وہ اُس کھانے کے محتاج ہیں اور اُسے دوست رکھتے ہیں مگر ایثار کرتے ہیں۔ اوروں کو کھلا ...یتے ہیں خود نہیں کھاتے، اور فانی کھانے باقی کھانے کے واسطے دیتے ہیں (مسکین) یعنی فقیر محتاج ...و (اور یتیم) کو، یعنی اُس بچے کو جو بے باپ کا ہو گیا۔ (اور قیدی کو) جسے کفارِ مکہ میں سے گرفتار کیا ہے۔

حدیث میں ہے کہ جب کسی قیدی کو آنحضرت ﷺ کے حضور میں لاتے، تو آپ اُسے کسی مسلمان کے سپرد کرتے یہاں تک کہ آپ کی رائے اُس کے باب میں کسی امر پر قرار پائے۔ اور اُس مسلمان سے حکم فرماتے کہ اُس کے ساتھ نیکی کرنا۔ بعضے علماء اِس بات پر ہیں کہ فقیر قیدی جو کسی حق پر قید ہو گیا ہے اور مملوک لونڈی غلام اور عورت یہ سب قیدیوں کا حکم رکھتے ہیں، یعنی اُن کے ساتھ احسان اور نیکی کرنا چاہیے۔

اور یہ کھانا کھلانے والے لسانِ مقال۔۔یا۔۔زبانِ حال سے جو بات اُن کے اعتقاد میں ہے ...کہتے ہیں۔۔۔

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُورًا ﴿۹﴾ إِنَّا نَخَافُ

کہ ہم کھلاتے ہیں تمہیں بس اللہ ہی کے لیے، ہم نہیں چاہتے تم سے کوئی معاوضہ، اور نہ شکر گزاری کو● بے شک ہم ڈرتے ہیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ﴿١٠﴾

اپنے رب سے اُس دن کو، کہ تلخ اور نہایت سخت ہے●

(کہ ہم کھلاتے ہیں تمہیں بس اللہ) تعالیٰ (ہی کے لیے، ہم نہیں چاہتے تم سے کوئی معاوضہ بدلا اور جزا (اور نہ شکر گزاری کو) اور نہ رنج و تکلیف دفع کرنا، اِس واسطے کہ احسان کرکے احسان اور بدلے کی توقع کرنا ثواب گھٹا دیتا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ حکمِ خداوندی ہے کہ "اَے ایمان والو! احسان جتا کر اور رنج پہنچا کر اپنے صدقات کو باطل نہ کرو۔" اور اپنی نیکیوں کو ضائع نہ کرو۔ (بے شک ہم ڈرتے ہیں اپنے رب سے اُس دن کو) جو (کہ تلخ اور نہایت سخت ہے)۔

حضرت حسن بصری سے پوچھا کہ قَمْطَرِيرًا کیا ہے؟ فرمایا کہ سبحان اللہ! کیا سخت ہے قیامت کے دن کا نام، اور وہ دن اپنے نام سے زیادہ سخت ہے۔

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿١١﴾ وَجَزٰىهُمْ

تو بچالیا اُنہیں اللہ نے اُس دن کی خرابی سے، اور عطا کی اُنہیں تروتازگی اور خوشی● اور ثواب دیا اُنہیں

بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿١٢﴾

جو اُنہوں نے صبر کیا تھا، جنت اور ریشمی لباس کا●

(تو بچالیا انہیں اللہ) تعالیٰ (نے اُس دن کی خرابی سے اور عطا کی انہیں تروتازگی) یعنی خوبروئی (اور خوشی) یعنی دِل کی فرحت۔ (اور ثواب دیا انہیں) بسبب اُس کے (جو انہوں نے صبر کیا تھا) طاعت پر معصیت سے۔۔ یا۔۔ خود ضرورتمند ہوتے ہوئے دوسرے محتاجوں کو کھانا کھلا دیا اور خود صرف پانی پی کر رہ گئے، تو اُس صبر کا انہیں بدلہ دیا (جنت اور ریشمی لباس کا) تا کہ وہ جنت کے میوے کھائیں اور ریشمی کپڑے پہنیں اور رہیں اِس حال میں کہ۔۔۔

مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَى الْاَرَآىٕكِ لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً

تکیہ لگائے اُس میں تختوں پر۔ نہ دیکھیں گے اُس میں دھوپ، اور نہ کڑکڑاتی ٹھنڈ● اور جھکے ہوئے

عَلَیْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِیْلًا ﴿١٤﴾

اُن پر اُس کے سائے، اور نیچے کردیے گئے اُس کے خوشے بالکل●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تکیہ لگائے) ہوں (اُس میں تختوں پر) یعنی جنت میں آراستہ تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے بیٹھیں۔ اور (نہ دیکھیں گے اُس میں) یعنی جنت میں (دھوپ اور نہ کڑکڑاتی ٹھنڈ)۔ مراد یہ ہے کہ بہشت کی ہَوا معتدل ہوگی اور وہاں جاڑا گرمی کچھ نہ ہوگا کہ گرمی کی شدت ۔۔یا۔۔ جاڑے کی تیزی سے ایذا پائیں۔ (اور جھکے ہوئے اُن پر اُس کے) درختوں (کے سائے اور نیچے کردیے گئے اُس کے خوشے بالکل) مسخر کرکے، کہ اُس کے میوے توڑنا آسان ہوگا اور میوے توڑنے والے کو کوئی توڑنے سے منع نہیں کرے گا۔

---

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِآنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿١٥﴾ قَوَارِيرَا

اور دَور چلایا جائے گا اُن پر چاندی کے برتن کا، اور جاموں کا، کہ ہوں گے شیشے • شیشے بھی

مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿١٦﴾

چاندی کے، جس کا اندازہ کرلیا اُنہوں نے خوب •

(اور دَور چلایا جائے گا اُن پر چاندی کے برتن کا اور جاموں کا کہ ہوں گے شیشے) اور (شیشے بھی چاندی کے) یعنی چھوٹے بڑے جام چاندی کے ہوں گے شیشے کی طرح صاف کہ اُن کے اندر جو چیز ہو باہر سے نظر آئے (جس کا اندازہ کرلیا اُنہوں نے) یعنی پلانے والوں نے (خوب)۔۔ چنانچہ۔۔ وہ اُس کو ٹھیک اندازے پر رکھیں گے اور ہر ایک کو اُس کے حوصلہ کے موافق جام دیں گے کہ اس میں وہ سیراب ہوجائے اور اُس دَورہ میں کمی زیادتی نہ ہوگی۔

---

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ﴿١٧﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيلًا ﴿١٨﴾

اور پلائے جائیں گے اُس میں جام جس میں آمیزش ہے ادرک کی • چشمہ ہے اُسی جنت میں جس کا نام رکھا گیا 'سلسبیل' •

(اور پلائے جائیں گے اُس میں) انہیں ایسے (جام) بھی (جس میں آمیزش ہے ادرک کی)، یعنی اُس مشروب میں 'زنجبیلِ بہشت' ملائیں گے، اِس واسطے کہ 'زنجبیل' بہت خوشی لانے والی اور بہت لذت بخشنے والی ہے۔ دراصل یہ زنجبیل (چشمہ ہے اُسی جنت میں جس کا نام رکھا گیا سلسبیل) اور وہ اختیار میں ہوگا جنتی کے، جہاں جاری کرنا چاہیں جاری کرسکیں گے۔۔۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ اُس کا پانی حلق سے بآسانی اُتر جائے گا اور جلد ہضم ہوجائے گا۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ۚ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿١٩﴾

اور دَور چلائیں گے اُن پر لڑکے، جو ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ جہاں تم نے دیکھا انہیں، سمجھے اُن کو کہ موتی ہیں بکھیرے ہوئے●

(اور دَور چلائیں گے اُن پر) یعنی دورہ کریں گے ابرار اور نیک لوگوں کے گرد (لڑکے جو ہمیشہ رہنے والے ہیں) اپنے بچپنے کی حالت پر جو کانوں میں بندے بالے پہنے ہوئے ہوں گے۔ (جہاں تم نے دیکھا انہیں) اَے دیکھنے والے! تُو (سمجھے) گا اور گمان کرے گا (اُن کو کہ) وہ (موتی ہیں بکھیرے ہوئے) سیپ سے نکلے ہوئے، تر و تازہ کہ ہنوز کسی کا ہاتھ اُن تک نہیں پہنچا ہے اور ان کی رونق اور آبداری میں کچھ کمی نہیں پیدا ہوئی۔

---

وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَمُلْكًا كَبِيرًا ﴿٢٠﴾

اور جہاں دیکھا تم نے وہاں، تو دیکھا آرام اور بڑے ملک کو●

(اور جہاں دیکھا تم نے وہاں تو دیکھا آرام) اور ایسی نعمتیں کہ وصف میں نہیں آسکتیں (اور بڑے ملک کو)، یعنی ایسی بڑی بادشاہی کو کہ زوال کو اُس میں دخل نہیں۔

حدیث میں ہے کہ جنتیوں میں کم سے کم رتبہ والا جو اپنے ملک اور بادشاہی پر نظر کرے گا، تو ہزار برس کی راہ تک دیکھے گا۔ اور اپنی مملکت کی منتہا اُسی طرح دیکھے گا جس طرح اس کی ابتداء کو دیکھتا ہے۔ اور ایک قول کے موافق مُلْكًا كَبِيرًا خواہش جاری کرنا ہے، کہ جو کچھ چاہے میسر آئے۔۔۔یا۔۔۔ داخل ہونے کے وقت اُن کے سامنے فرشتوں کا کھڑا ہونا۔ فصول میں ہے کہ نَعِيمًا راحت اجسام ہے اور مُلْكًا كَبِيرًا لذتِ ارواح ہے۔ نَعِيمًا گھر کا دیکھنا ہے اور مُلْكًا كَبِيرًا صاحبِ خانہ کو مشاہدہ کرنا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ گھر بے صاحبِ خانہ کے کچھ کام نہیں آتا۔

---

عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ

اُن کے بدن پر ہیں سبز ریشم کے کپڑے، اور دبیز ریشم اور پہنائے گئے ہیں کنگن چاندی کے۔

وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿٢١﴾

اور پلایا اُن کو اُن کے رب نے پاک صاف شراب●

(ان) جنتیوں (کے بدن پر ہیں سبز ریشم کے کپڑے اور دبیز ریشم) مضبوط، (اور پہنائے گئے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

گئے ہیں کنگن چاندی کے)۔

یہ اُس ارشاد کے خلاف نہیں جس میں فرمایا گیا ہے کہ سونے کے کنگن پہنائے گئے، اِس واسطے کہ دونوں کو اکٹھا کرنا اور آگے پیچھے پہننا ممکن ہے۔

**(اور پلایا اُن کو اُن کے رب نے پاک صاف شراب)** جو میلوں اور نجاستوں سے پاک ہے ۔یا۔ پاک کرنے والی غل وغش اور کینہ کپٹ سے۔

مقاتل کہتے ہیں کہ **طَهُوْرًا** ایک چشمہ ہے بہشت میں، جو کوئی اُس میں سے پیئے گا اُس کے دِل میں کینہ کپٹ اور کوئی بُری صفت نہ رہے گی۔ ویسے بھی جو جنت میں پہنچ جائے گا وہ تمام صفاتِ قبیحہ سے پاک ہو کر ہی جائے گا۔۔ باایں ہمہ۔۔شراب طہور کی یہ خصوصیت ہے کہ جو بھی پی لے اُس کا دِل مجلّیٰ اور مصفّیٰ ہو جائے۔لیکن چونکہ یہ جنت میں جنتیوں ہی کے لیے ہے تو اُس سے جنت کے باہر کسی کو بہرہ مند نہ کیا جائے گا، اور یہ صرف جنتیوں کے دِل کی صفا اور جلاء میں اضافے کا باعث ہوگا۔

اور بعضے کہتے ہیں کہ **شَرَابًا طَهُوْرًا** دِل کو ماسوی اللہ کی طرف میل کرنے سے پاک کرنے والی ہے، تاکہ اُس کے لقاء اور دیدار سے لذت پائے اور اُس کی بقا کے ساتھ باقی رہے۔

وَالْبَقَاءُ فِی اللِّقَاءِ تَمَامُ الْعَطَا

**یعنی:** لقاء میں بقا ہی عطائے کامل ہے۔

جاننا چاہیے کہ نہرِ کوثر جنت میں خاص آنحضرت ﷺ کے واسطے ہے اور اُس کا ذکر انشاء اللہ تعالیٰ سورۂ کوثر میں آئے گا۔

اور چار نہریں، یعنی پانی کی، دودھ کی، شراب کی، شہد کی، دوسرے متقیوں کی ہیں۔اور دو چشمے اُن لوگوں کے واسطے ہیں جن کو خوفِ الٰہی غالب ہے، اور دو چشمے 'اصحابِ یمین' کے لیے ہیں۔اور یہ چاروں چشمے 'سورۂ رحمٰن' میں مذکور ہیں۔اور 'شراب رحیق' یعنی خالص شراب ابرار کے لیے ہے، اور 'چشمۂ تسنیم' مقربوں کا ہے۔اِن دونوں کا ذکر 'سورۂ مطففین' میں ہے۔

اور دو چشمے اہلِ بیت کے واسطے ہیں 'کافور' اور 'زنجبیل' کہ اُسی کو 'سلسبیل' کہتے ہیں اور 'شراب طہور' بھی اُنہی کے واسطے ہے۔اور محقق لوگ اُسے 'شرابِ شہود' کہتے ہیں، اس واسطے کہ یہ شراب پینے والے کے آئینۂ دِل کو 'اسرارِ قدم' کے 'لوامع انوار' سے روشن کر کے ازل

Marfat.com
https://t.me/nabwilibrary

اور ابد کے نقوش کے عکس قبول کرنے والا کر دیتی ہے، اور وقت اور حال کو ایسا صاف کر دیتی ہے کہ مطلق دوئی کے میل اور غیریت کے شائبے راہِ وحدت میں نہیں باقی رہتے۔ اور دورنگی کے رنگ کو بدل کر جام اور شراب کو یک رنگ کر دیتی ہے۔

ایک عارف نے کہا کہ اگر کل دارالقرار کے بزم نشینوں کو نعمتوں اور سرور کے تختوں پر بٹھا کر شراب طہور چکھائیں گے تو آج خمخانہ افضال کے بادہ نوشوں کو اُس سے کامل حصہ نقد دیا ہے۔

پھر اَبرار کو کہیں گے۔۔۔

إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُورًا ﴿٢٢﴾ ع ۱ ۲۲ ۱۹

بے شک یہ ہے تمہارا ثواب، اور تمہاری محنت مقبول ہوئی●

(بے شک یہ ہے تمہارا ثواب)، یعنی بزرگیوں کے ساتھ یہ ہے تمہارے واسطے تمہارے کاموں کی جزا۔ (اور تمہاری محنت مقبول ہوئی)، یعنی کارِ خیر میں تمہارا دوڑ ناپسندیدہ اور بدلا دینے کے قابل ہے۔

پھر اِس کے بعد اللہ تعالیٰ نے احوالِ دُنیا بیان فرمائے اور اطاعت کرنے والوں کے احوال کو نافرمانی کرنے والوں کے احوال پر مقدم رکھا۔ اطاعت کرنے والوں میں رسول اللہ ﷺ ہیں اور آپ کی امت ہے۔۔ چنانچہ۔۔ اپنے رسول کو مخاطب کر کے فرمایا کہ۔۔۔

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنزِيلًا ﴿٢٣﴾

بے شک ہم نے اُتارا تم پر قرآن کو بتدریج●

(بے شک ہم نے اُتارا تم پر قرآن کو بتدریج)۔

اس آیت سے مقصود رسول اللہ ﷺ کے دِل کو مضبوط کرنا ہے اور آپ کو تسلی دینا ہے کیونکہ قریشِ مکہ آپ پر تہمت لگاتے تھے کہ آپ جو کلام پیش کرتے ہیں وہ کہانت اور جادو ہے، تو اللہ تعالیٰ نے اُس کے رَد میں فرمایا کہ یہ اللہ کا نازل کیا ہوا کلام ہے اور اللہ تعالیٰ نے اِس کلام کو تھوڑا تھوڑا کر کے جو نازل کیا اُس میں بھی حکمت بالغہ ہے کہ جس وقت کے لیے جو حکم مقرر ہے اُس وقت میں وہ حکم دیا جائے۔

یہی وجہ ہے کہ کفار سے قتال کا حکم ہجرت کے بعد دیا گیا اور ہجرت سے پہلے کفار کی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ایذاء کے مقابلہ میں آپ کو صبر کرنے کا حکم دیا گیا۔۔چنانچہ۔۔ارشاد فرمایا کہ جب کوئی صورتِ حال پیش آئے۔۔۔

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً

تو انتظار رکھو اپنے رب کے حکم کا، اور نہ کہا مانو اُن میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا● اور یاد کرو اپنے رب کے نام کو صبح

وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾

وشام● اور کچھ رات میں اُس کا سجدہ کرو، اور پاکی بولو اُس کی زیادہ رات تک●

**(تو انتظار رکھو اپنے رب کے حکم کا، اور نہ کہا مانو اُن میں سے کسی گنہگار۔۔یا۔۔ناشکرے کا)**۔ یعنی کسی ایسے کا جو تجھ کو گناہ کی طرف بُلائے، جیسے کہ عتبہ نے کہا کہ دعوتِ اسلام سے باز آؤ کہ میں اپنی بیٹی تم کو دوں۔۔یا۔۔کسی ایسے ناشکرے کی جو تجھ کو کفر کی طرف بلائے، جیسے کہ ولید ابن مغیرہ، کہ اُس نے کہا کہ اپنے باپ دادا کے دین کی طرف رجوع کرو تا کہ تم کو مالدار کر دوں۔

**(اور یاد کرو اپنے رب کے نام کو صبح وشام)**، یعنی ہمیشہ اُس کی یاد میں مشغول رہو۔ **(اور کچھ رات میں اُس کا سجدہ کرو)**، یعنی اُس کے واسطے نماز اَدا کرو۔

بعضوں نے کہا ہے کہ **بُكْرَةً** فجر کی نماز کا وقت ہے، اور **اَصِيْلًا** ظہر اور عصر کے وقت کو شامل ہے، اور 'کچھ رات' سے مغرب وعشاء مراد ہے۔ تو معنی یہ ہوئے کہ پانچوں وقت کی نماز ہمیشہ پڑھا کرو۔۔۔

**(اور پاکی بولو اُس کی زیادہ رات تک)**، یعنی رات میں تہجد میں مشغول رہو۔ رہ گئے یہ گروہِ کفار۔۔تو۔۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾

بے شک یہ لوگ پسند کرتے ہیں جلدی والی دُنیا کو، اور چھوڑ بیٹھے ہیں اپنے پیچھے گراں بار دن کو●

**(بے شک یہ لوگ پسند کرتے ہیں جلدی والی دُنیا کو اور چھوڑ بیٹھے ہیں اپنے پیچھے گراں بار دن کو)** کہ وہ قیامت کا دن ہے۔ نہ اُس پر ایمان لاتے ہیں اور نہ اُس کے واسطے کام کرتے ہیں۔ بس وہی کرتے ہیں جس کا فائدہ انہیں دُنیا ہی میں مل جائے۔

یہ کفار یہ نہیں سوچتے کہ اگر انہیں دُنیا میں جلد ملنے والی نعمتوں سے محبت ہے، تو اِس کا بھی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تقاضہ یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی توحید کو مانیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت تو یہ ہے کہ اللہ نے انہیں پیدا کیا۔ جیسا کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَاۤ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَاۤ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِیْلًا ﴿۲۸﴾

ہم نے پیدا فرمایا اُنہیں اور مضبوط کیا اُن کے جوڑ بند کو۔ اور جب بھی چاہتے ہم بدل دیتے اُن جیسوں کو، خوب●

(ہم نے پیدا فرمایا اُنہیں اور مضبوط کیا اُن کے جوڑ بند کو)۔ اِس کے علاوہ اُن کو دُنیا میں زندہ رہنے کے تمام اسباب عطا کیے۔ سو اگر وہ اُن دُنیاوی نعمتوں سے محبت کرتے ہیں تو اُس کا تقاضہ بھی ہے کہ وہ اُن نعمتوں کے عطا کرنے والے سے محبت کریں، اُس کا شکر ادا کریں، اور اُس کی طاعت عبادت کریں۔۔ نیز۔۔ اُن کو اُس سے ڈرنا بھی چاہیے کہ جو اُن نعمتوں کو عطا کرتا ہے وہ اُن نعمتوں چھین بھی سکتا ہے، تو ان نعمتوں کے زائل ہو جانے کے خوف کا بھی یہ تقاضہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اطاعت کریں اور اُس کی عبادت کریں۔

خلاصہ یہ ہے کہ اوّل تو ان لوگوں کو آخرت کی دائمی نعمتوں سے محبت کرنی چاہیے اور ا نعمتوں کے حصول کے لیے اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانا چاہیے اور اُس کی اطاعت اور عبادت کر چاہیے۔ اور اگر وہ دُنیا کی جلد ملنے والی عارضی نعمتوں سے محبت کرتے ہیں تو ان نعمتوں کے زوال کے خطرہ سے بچنے کے لیے اور ان نعمتوں کی بقاء کے لیے اور ان نعمتوں کے پیدا کرنے اور عطا کر والے کا شکر ادا کرنے کے لیے بھی، ان کو اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان لانا چاہیے اور اُس کی اطاعت ا عبادت کرنی چاہیے۔ اس لیے کہ وہی عبادت کا مستحق، واحدِ حقیقی اور قادرِ مطلق ہے ۔۔ چنانچہ۔۔ اُ کا ارشاد۔۔۔

(اور) فرمان ہے کہ ہماری قدرت کا حال یہ ہے کہ (جب بھی چاہتے ہم) تو (بدل د ان جیسوں کو خوب)۔ جس کی ایک شکل یہ ہے کہ انہیں دُنیا میں مار ڈالیں اور دوسرے عالم میں اُ صورت اور ہیئت کے مانند پھیر لائیں ۔۔ یا۔۔ اُن کو ہم ہلاک کر دیں اور ان کے سوا فرمانبردار بند پیدا کر دیں۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِیْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ

بے شک یہ نصیحت ہے۔ تو جس نے چاہا اختیار کیا اپنے رب کی طرف راہ کو● اور تم لوگ کیا چاہو گے، مگر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

...ن یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ﴿٣٠﴾ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ

یہ کہ اللہ چاہے۔ بے شک اللہ علم والا حکمت والا ہے ● داخل کرے جسے چاہے اپنی رحمت میں۔

ع ٢/٩ ٢٠ وَ الظّٰلِمِیْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿٣١﴾

اور ظالموں کے لیے تیار کر رکھا ہے دکھ والا عذاب ●

(بے شک یہ) سورت ۔۔یا۔۔ اہل بیت کا وہ ایثار جو اس میں مذکور ہے (نصیحت) وعبرت ...ہے) مؤمنوں کے واسطے، تاکہ اُس کے مثل عمل کریں اور ایسی نعمتوں سے بہرہ مند ہوں۔ (تو جس ...نے چاہا اختیار کیا اپنے رب کی طرف) پہنچا دینے والی (راہ کو) طاعتِ خداوندی اختیار کر کے۔ (اور ...لوگ کیا چاہو گے مگر یہ کہ اللہ) تعالیٰ (چاہے۔ بے شک اللہ) تعالیٰ (علم والا) ہے جو ہر شخص کی ...ستعداد اور استحقاق کو جانتا ہے، اور (حکمت والا ہے) پکا کام کرنے والا، جو چیز چاہتا ہے حکمت کے ...اتھ چاہتا ہے۔ اِسی لیے بہ تقاضۂ حکمت۔۔۔

(داخل کرے جسے چاہے اپنی رحمت میں) ہدایت اور توفیق کے ساتھ ۔۔یا۔۔ بہشت میں ...پنے فضل وکرم سے۔ (اور ظالموں) یعنی مشرکین (کے لیے تیار کر رکھا ہے دکھ والا عذاب)، ہمیشہ ...ہنے والا دردناک عذاب۔

...ام سورۃ الدھر ۔۔ ﴿ ٢٦/ ذیقعدہ ١٤٣٣ھ ۔۔مطابق۔۔ ١٣/ اکتوبر ٢٠١٢ء ۔۔۔بروز شنبہ ﴾ ۔۔

۔۔ ﴿ ٢٧/ ذیقعدہ ١٤٣٣ھ ۔۔مطابق۔۔ ١٤/ اکتوبر ٢٠١٢ء ۔۔۔بروز یکشنبہ ﴾ ۔۔

سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ ٧٧ مَكِّيَّةٌ ٣٣ | سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ | اٰيَاتُهَا ٥٠ رُكُوْعَاتُهَا ٢

سورۃ المرسلات ۔۔ ٧٧ مکیہ ٣٣ | آیاتہا ٥٠ ۔۔ رکوعاتہا ٢

اِس سورۂ مبارکہ کا نام 'المرسلات' ہے جو اِس کی پہلی آیت کا پہلا لفظ ہے۔ اِن آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے پانچ چیزوں کی قسم یاد فرمائی ہے، لیکن اُن کی صفات کا ذکر فرمایا ہے اور اُن کے موصوف کے متعلق مفسرین سے مختلف اقوال منقول ہیں۔ بعض نے کہا ان کا موصوف ہوائیں ہیں۔ بعض نے کہا کہ اُن کا موصوف فرشتے ہیں۔ بعض کے کہا کہ اُن کا موصوف

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

انبیاء علیہم السلام ہیں۔اور جمہور مفسرین نے یہ کہا ہے کہ پہلی تین صفات کا موصوف ہوائیں ہیں، اور بعد کی دو صفات کا موصوف فرشتے ہیں۔حضرت مترجم قدس سرہ نے اپنے ترجمہ میں جو کلمات رکھے ہیں اُن میں ہر قول کی رعایت ملحوظ رکھی ہے، تو شروع کرتا ہوں میں اِس سورۂ مبارکہ کو۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالۡمُرۡسَلٰتِ عُرۡفًا ۙ﴿۱﴾ فَالۡعٰصِفٰتِ عَصۡفًا ۙ﴿۲﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشۡرًا ۙ﴿۳﴾ فَالۡفٰرِقٰتِ فَرۡقًا ۙ﴿۴﴾

قسم ہے اُن کی جو چھوڑی جاتی ہیں خوب ● پھر جھونکے دینے والی سخت ● اور قسم ہے خوب اُٹھانے والی ہستیوں کی ● پھر حق ناحق کو خوب جدا کرنے والی شخصیتوں کی ●

(قسم ہے اُن کی جو چھوڑی جاتی ہیں خوب) یعنی اُن فرشتوں کی مبارک ہیئتوں کی جو نیکی کے ساتھ بھیجی جاتی ہیں، یعنی جو فرشتے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر امر و نہی۔۔۔یا۔۔قرآن کی آیتوں کے ساتھ بھیجے گئے۔۔۔یا۔۔اُن ہواؤں کے ساتھ جو پے بہ پے چلائی گئیں ہیں۔(پھر) وہ ہستیاں (جھونکے دینے والی) ہیں (سخت)، یعنی پھر قسم اُن فرشتوں کی جو تیز سخت اور جلد جاتے ہیں اور احکامِ الٰہی تیزی سے بجالاتے ہیں۔۔۔یا۔۔احکامِ کلام اللہ کی قسم جو اور احکام کو محو کردینے والے ہیں، یعنی اگلی شریعتوں اور دینوں کو منسوخ کردینے والے ہیں۔۔۔یا۔۔اُن ہواؤں کی قسم جو سختی کے ساتھ کسی قوم پر عذاب کے لیے چلنے والی ہیں۔

(اور قسم ہے خوب اُٹھانے والی ہستیوں کی)، یعنی قسم اُن فرشتوں کی جو ظاہر کرنے والے ہیں شریعتوں اور کتابوں کے جیسا کہ ظاہر کرنے کا حق ہے۔۔۔یا۔۔قرآن کی جو آیتیں خواص و عوام کے واسطے ہدایت کے آثار منتشر کرتی ہیں اُن کی قسم۔۔۔یا۔۔جو نرم ہوائیں لوگوں کی راحت و آرام کے واسطے چلتی ہیں اُن کی قسم۔(پھر حق ناحق کو خوب جدا کرنے والی شخصیتوں کی) قسم۔یعنی پھر اُن فرشتوں کی قسم جو حق کو باطل سے جدا کرنے والے ہیں۔۔۔یا۔۔قرآن کی آیتوں کی قسم جو خیر کو شر سے جدا کرتی ہیں۔۔۔یا۔۔جو ہوائیں بدلیوں کو پراگندہ کرتی ہیں اُن کی قسم۔۔۔یا۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝۵

پھر ذکر کا اِلقا کرنے والی ہستیوں کی●

(پھر ذکر کا القاء کرنے والی ہستیوں کی)، یعنی اُن فرشتوں کی قسم جو پیغمبروں پر القاء کرنے لے اور ڈالنے والے ہوں وحی کو۔۔یا۔۔کلام اللہ کی آیتیں جو اہلِ عالم میں حق تعالیٰ کا ذکر ڈالتی ہیں ان کی قسم ۔۔یا۔۔جو ہوائیں کہ یادِ الٰہی کا سبب ہوتی ہیں اُن کی قسم۔اس واسطے کہ ہواؤں کے چلنے کا مشاہدہ خدا کی یاد کا اور اُس کی قدرت پر دلیل پکڑنے کا موجب ہے۔۔۔اب رہا سوال کہ یہ القاءِ ذکر کس لیے؟ تو یہ۔۔۔

عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝۶

حیلہ ختم کرنے یا ڈرانے کو●

(حیلہ ختم کرنے۔۔یا۔۔ڈرانے کو)، یعنی اہلِ حق کے عذر کے واسطے۔۔یا۔۔اُن کے ڈرانے کے لیے جو باطل پر ہیں۔تو جو فرشتے اللہ تعالیٰ کی وحی اور اُس کے پیغام کو انبیاء علیہم السلام تک پہنچاتے ہیں۔۔یا۔۔انبیاء علیہم السلام مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنے کی دعوت دیتے ہیں، وہ اِس لیے ہے کہ مخلوق پر اللہ تعالیٰ کی حجت قائم ہو جائے تاکہ کل قیامت کے دن جب کسی شخص سے پوچھا جائے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان کیوں نہیں لائے؟۔۔یا۔۔تم نے بُرے اعمال ترک کیوں نہیں کیے؟۔۔یا۔۔نیک اعمال کیوں نہیں انجام دیئے؟ تو وہ یہ نہ کہہ سکے کہ ہمارے پاس تو اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچے ہی نہیں تھے۔ ۔۔یا۔۔رسولوں کو اس لیے احکام دے کر لوگوں کے پاس بھیجا کہ وہ اُن کو عذاب سے ڈرا کر بُرے اعمال ترک کرنے اور نیک اعمال کرنے پر آمادہ کریں۔۔المختصر۔۔اوپر مذکور باعظمت ہستیوں، متبرک اشیاء اور قدرتِ خداوندی کے مظاہر کی قسم۔۔۔

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝۹

کہ جو وعدہ دیے جاتے ہو یقیناً ہو کر رہنے والا ہے● تو جب تارے میٹ دیے گئے● اور جب آسمان میں رخنہ ڈال دیا گیا●

وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱

اور جب پہاڑ پھونک اُڑائے گئے● اور جب رسولوں کا وقت آگیا●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(کہ جو وعدہ دیئے جاتے ہو یقیناً ہو کر رہنے والا ہے)، یعنی قیامت اور اُس کے متعلقات ظہور یقینی طور پر ہوگا۔ (تو جب تارے میٹ دیئے گئے) یعنی اُن کا نور لے لیا جائے گا، (اور جب آسمان میں رخنہ ڈال دیا گیا) یعنی آسمان کو پھاڑ دیا گیا، (اور جب پہاڑ پھونک اُڑائے گئے)، یعنی اپنی جگہوں سے پراگندہ کردیئے گئے اور ریزہ ریزہ کرکے اُڑا دیئے گئے، (اور جب رسولوں کا وقت آگیا) تو جمع کیے جائیں گے اُس وقت اور اُس جگہ پر جہاں اپنی امتوں کا ان کا گواہی دینا مقرر ہوگا پھر کہیں گے کہ۔۔۔

لِاَیِّ یَوۡمٍ اُجِّلَتۡ ﴿۱۲﴾ لِیَوۡمِ الۡفَصۡلِ ﴿۱۳﴾

"کس دن کے لیے ٹھہرائے گئے تھے؟" • فیصلہ کے دن کے لیے •

(کس دن کے لیے ٹھہرائے گئے تھے)۔ یعنی یہ ستاروں کا بے نور ہونا، آسمان کا پھٹ جانا اور پہاڑوں کا ریزہ ریزہ ہوکر اُڑ جانا۔۔ الغرض۔۔ قیامت کے بڑے بڑے آثار کے ظہور کے لیے کون سا دن مقرر فرمایا گیا تھا؟ اُس کا جواب یہ ہوگا کہ یہ سب کچھ (فیصلہ کے دن کے لیے) ٹھہرائے گئے تھے۔ یعنی جدا کرنے کے دن کے واسطے کہ وہ دن آج ہے۔ مؤمن اور کافر، مطیع اور عاصی کے درمیان جدا کرنا مکافات میں ہوگا۔۔ یا۔۔ اُس دن کے واسطے جب خلق کے درمیان حکم کرنا ہوگا۔

وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ ﴿۱۴﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۱۵﴾ اَلَمۡ نُهۡلِكِ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

اور کیا اٹکل ہو تمہیں کہ کیا ہے فیصلہ کا دن؟ • ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی • کیا نہیں برباد کردیا ہم نے اگلوں کو • پھر

نُتۡبِعُهُمُ الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفۡعَلُ بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۸﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۱۹﴾

پیچھے لگادیں گے ہم اُن کے اِن پچھلوں کو • اسی طرح کرتے ہیں ہم مجرموں کے ساتھ • ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی

(اور کیا اٹکل ہو تمہیں کہ کیا ہے فیصلہ کا دن)؟ اس لیے کہ اُس کی کنہ کو بذاتِ خود کوئی نہیں جان سکتا۔ (ہلاکی ہے اُس دن) اُس دن کے (جھٹلانے والوں کی)۔ غور کرو کہ (کیا نہیں برباد کردیا ہم نے اگلوں کو) جیسے قوم نوح، قوم ہود اور قوم ثمود کو۔ (پھر پیچھے لگادیں گے ہم) ہلاکت میں (اُن کے اِن پچھلوں کو) یعنی کفارِ مکہ کو۔ (اِسی طرح کرتے ہیں ہم مجرموں کے ساتھ) جو کفر و شرک کے جرائم کا اِرتکاب کرتے ہیں۔ (ہلاکی ہے اُس دن) اِس وعید کے (جھٹلانے والوں کی)۔ ہم قادرِ مطلق

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جو چاہا کیا، جو چاہتے ہیں کرتے ہیں، اور جو چاہیں گے کریں گے۔

أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّآءٍ مَّهِينٍ ﴿٢٠﴾ فَجَعَلْنَٰهُ فِى قَرَارٍ مَّكِينٍ ﴿٢١﴾ إِلَىٰ قَدَرٍ مَّعْلُومٍ ﴿٢٢﴾

کیا نہیں پیدا فرمایا ہم نے تمہیں ایک بے قدر قطرہ سے؟● پھر کر دیا ہم نے اُسے ایک محفوظ جگہ میں● وقتِ معلوم تک●

فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ ٱلْقَٰدِرُونَ ﴿٢٣﴾

تو اندازہ مقرر کیا ہم نے۔ تو کتنے اچھے ہم قادر ہیں●

**(کیا نہیں پیدا فرمایا ہم نے تمہیں ایک بے قدر قطرہ سے)**؟ یعنی ذلیل وخوار بے مقدار منی سے۔ **(پھر کر دیا ہم نے اُسے ایک محفوظ جگہ میں)**، یعنی مضبوط قرار گاہ میں اور وہ رحم ہے **(وقت معلوم تک)** کے لیے، اور وہ پیدا ہونے کا زمانہ ہے۔ **(تو اندازہ مقرر کیا ہم نے۔ تو کتنے اچھے ہم قادر ہیں)** کیسا اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔

کیونکہ اللہ تعالیٰ بچہ کی پیدائش کے لیے جس مدت کا اندازہ فرماتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت اور بہت بڑا احسان ہے۔ عام طور پر حمل کی مدت نو ماہ ہوتی ہے۔ اس مدت میں پیٹ میں بچہ بتدریج نشو ونما کے مراحل طے کرتا ہے، اور اُس کی ماں بتدریج اُس کا بوجھ اُٹھانے کی عادی ہو جاتی ہے۔ اس میں اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت ہے کہ عورت کو سخت اور جان لیوا مصیبت سے بچالیتا ہے، تو یہ بتدریج پیدائش بھی خدا کی بہت بڑی نعمت ہے۔ تو اس کا تقاضہ یہ تھا کہ انسان اللہ تعالیٰ کی توحید کی تصدیق کرتا۔ تو۔۔

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ ﴿٢٤﴾ أَلَمْ نَجْعَلِ ٱلْأَرْضَ كِفَاتًا ﴿٢٥﴾ أَحْيَآءً وَأَمْوَٰتًا ﴿٢٦﴾

ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی● کیا نہیں بنایا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی؟● زندوں اور مُردوں کو●

**(ہلاکی ہے اُس دن)** خدا کی توحید کو **(جھٹلانے والوں کی)** اور قدرتِ خداوندی کو باور نہ کرنے والوں کی۔ **(کیا نہیں بنایا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی● زندوں اور مُردوں کو)**؟ یعنی زندوں کو اپنے اوپر اور مُردوں کو اپنے اندر رکھتی ہے۔۔ چنانچہ۔۔۔ زندہ انسان زمین پر گھروں میں رہتے ہیں، اور مُردہ انسان زمین میں بنائی ہوئی قبروں میں رہتے ہیں۔

اِن آیات میں اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے زمین کا ذکر فرمایا، کیونکہ ہمارے باہر کی چیزوں میں جو چیز ہم سے سب سے زیادہ قریب ہے وہ زمین ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّاَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾

اور کردیا ہم نے اِس میں پہاڑ اونچے اونچے، اور پلایا ہم نے تم لوگوں کو میٹھا پانی ●

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾

ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

(اور کردیا ہم نے اس میں پہاڑ اونچے اونچے، اور پلایا ہم نے تم لوگوں کو میٹھا پانی)۔ تو ج
لوگ خدا کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے اور اپنے منعم کو نہیں پہچانتے اور اُس کی تکذیب کرتے ہیں، ت
(ہلاکی ہے اُس دن) اُن خدا ناشناس (جھٹلانے والوں کی)۔ اور تکذیب کرنے والوں سے اُس دن
کہیں گے۔۔۔

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿۳۰﴾

چلو اِدھر جسے جھٹلاتے تھے ● چل پڑو ایک سایہ کی طرف تین شاخوں والا ●

لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾

نہ سایہ دار اور نہ بچاسکے لپٹ سے ●

(چلو اُدھر جسے جھٹلاتے تھے)، یعنی جہنم اور اُس کے عذاب کی طرف۔ اور (چل پڑو ایک
سایہ کی طرف تین شاخوں والا)، جو (نہ) تو (سایہ دار) ہے کہ ٹھنڈا ہو اور اس میں رہنے میں راحت
ہو، (اور نہ) ہی (بچاسکے) گا دوزخی کو جہنم کی (لپٹ سے)۔

اِس سے دوزخ کے دھویں کا سایہ مراد ہے کہ بڑائی اور زیادتی کے سبب سے متفرق ہوجائے گا کئی شاخ ہوکر، اور ہر شاخ ایک طرف جائے گی۔ انوار میں ہے کہ جہنم کے دھوئیں کے تین شعبے ہوں گے: ایک کافر کے سر پر ٹھہرے گا اور ایک اُس کے داہنے پر اور ایک اُس کے بائیں پر۔ اور اُس عذاب میں ڈالنے والی دماغ میں 'قوتِ واہمہ' ہے، اور قلب کے داہنی طرف 'قوت غضبیہ' ہے، اور بائیں طرف 'قوت شہویہ' ہے۔ تو جو چاہتا ہے کہ فردائے قیامت اُس دھویں کی آفتوں سے بے خوف ہوجائے، اُسے چاہیے کہ 'نورِ عقل' کو مضبوط پکڑ کے 'صفتِ بہیمی' اور 'صفتِ سبعی' سے گزر جائے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾ وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۳۴﴾

بے شک وہ جہنم پھینکتی ہے چنگاریاں، جیسے بلند محل ● گویا وہ اونٹ ہیں زرد زرد ● ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

**(بے شک وہ جہنم پھینکتی ہے چنگاریاں، جیسے بلند محل ● گویا وہ)** شرر **(اونٹ ہیں زرد زرد)** آتشِ دوزخ کے رنگ پر۔

بعض کہتے ہیں کہ **صُفْرٌ** 'سودٌ' کے معنی میں ہے۔ اور چونکہ دوزخ کی آگ سیاہ ہے، تو اس کا شرارہ بھی سیاہ ہوگا۔ اور اونچے محل کے ساتھ شرارہ کی تشبیہہ بڑائی کی جہت سے ہے۔ اور زرد اور سیاہ اونٹوں کے ساتھ تشبیہہ رنگ اور کثرت کے باعث سے۔ اور ایک کے پیچھے ایک رہنے اور جلدی حرکت کرنے کی وجہ سے ہے۔

**(ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی)** جو دوزخ اور اُس کے شراروں کی کیفیت اور صفت باور نہیں رکھتے۔

---

هٰذَا یَوْمُ لَا یَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَ لَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۳۷﴾

یہ دن ہے اِس کا کہ بول نہ سکیں گے ● اور نہ اجازت دی جائے گی اُنہیں کہ بہانے تراشیں ●

ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

**(یہ دن ہے اِس کا کہ)** کفار **(بول نہ سکیں گے)** بعضے مواقف پر۔۔۔یا۔ خدا کے سامنے دلیل اور حجت قائم کر کے بات نہ کریں گے۔ **(اور نہ اجازت دی جائے گی اُنہیں کہ بہانے تراشیں)** اور عذر خواہی کریں۔ اور عذر بھی کچھ فائدہ نہ دے گا۔ **(ہلاکی)** یعنی سختی اور رنج **(ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی)** جو تکذیب کرتے ہیں اِن چیزوں کی۔

---

هٰذَا یَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَیْدٌ فَكِیْدُوْنِ ﴿۳۹﴾

یہ ہے فیصلہ کا دن، کہ اکٹھا کر دیا ہم نے تمہیں اور اگلوں کو ● تو اگر ہو تمہارا کوئی داؤں، تو چلا لو مجھ پر ●

وَیْلٌ یَّوْمَىٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿۴۰﴾

ع ۲۱

ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

**(یہ ہے فیصلہ کا دن)** اس میں جو حق پر ہے اور اس میں جو باطل پر ہے۔ تو یہ دن ایسا ہے **(کہ اکٹھا کر دیا ہم نے تمہیں)** اَے اِس امت کے تکذیب کرنے والو! **(اور اگلوں کو)** جنہوں نے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اگلے رسولوں کی تکذیب کی۔ (تو اگر ہو تمہارا کوئی داؤں) اور مکر و حیلہ جیسا کہ دُنیا میں مؤمنوں کی نسبت کرتے تھے، (تو چلالو مجھ پر) اور پیش لے جاؤ میرے ساتھ۔

یہ اُن کے عجز کے آثار ظاہر کرنا ہے، یعنی خدا کے ساتھ حیلہ پیش نہ جائے گا اور مکر و فریب کر کے اپنے اوپر سے عذاب نہ دفع کر سکو گے۔

(ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی) جو غم و غصہ کا شکار ہوں گے کہ حیلہ کر کے عذاب سے نہ رہائی پائیں گے۔ اِن کے برخلاف۔۔۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ﴿٤١﴾ وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ ﴿٤٢﴾ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ

بے شک اللہ سے ڈرنے والے سایوں اور چشموں میں ہیں ● اور میووں میں جو چاہیں ● کہ کھاؤ اور پیو فراغت سے، ثواب اُس کا

تَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٤٤﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٥﴾

جو کرتے تھے ● بے شک اِسی طرح ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو ● ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

(بے شک اللہ) تعالیٰ (سے ڈرنے والے) جنت کے درختوں کے (سایوں) میں (اور) اُس میں بہنے والے پانی کے (چشموں میں ہیں)۔ یعنی نہروں کے کنارے ہیں جن کے مکانوں کے ہر طرف نہریں بہہ رہی ہیں، تو گویا وہ نہروں کے درمیان ہیں۔ (اور میووں میں) یعنی میووں کے باغ میں (جو چاہیں)، یعنی جس چیز کی انہیں آرزو ہوگی اُن کے لیے موجود ملے گی۔ اور فرشتے اُن سے کہیں گے۔۔۔

(کہ کھاؤ) اُن میووں میں سے (اور پیو) اُن نہروں سے (فراغت سے)۔ ایسا کھانا پینا جو ہضم ہونے والا ہے۔ (ثواب اُس کا جو کرتے تھے) دُنیا میں نیک عمل۔ (بے شک اِسی طرح ثواب دیتے ہیں احسان والوں کو)۔ یعنی ایسی ہی جزا دیتے ہیں ہم نیک کام کرنے والوں کو۔ (ہلاکی) یعنی جہالت اور قباحت اور مذمت (ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی) جو جنت کی نعمتوں پر ایمان نہیں لائے۔

كُلُوا وَتَمَتَّعُوا قَلِيلًا إِنَّكُمْ مُجْرِمُونَ ﴿٤٦﴾ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ﴿٤٧﴾

یہاں کھالو اور رہ لو کچھ دن، بے شک تم لوگ مجرم ہو ● ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

(یہاں کھالو) اَے جھٹلانے والو! دُنیا کی فانی نعمتیں، (اور رہ لو کچھ دن) اور فائدہ اٹھا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تھوڑے زمانے تک، (بے شک تم لوگ مجرم ہو) اور شرک کرنے والے ہو، تمہارا انجام عذابِ دائمی ہے۔ تو (ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی)۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٤٩﴾

اور جب حکم دیا گیا انہیں کہ "رکوع والی عبادت کرو، تو نہیں کرتے" ● ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ● تو کس

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٠﴾

بات کو اِس کے بعد مانیں گے؟ ●

ع ۲ / ۲۲

(اور جب حکم دیا گیا انہیں کہ رکوع والی عبادت کرو)۔۔۔ اور ظاہر ہے کہ عمل کے وجود کے لیے ایمان شرط ہے، تو اُن کے لیے اِس حکم پر عمل ممکن نہیں جب تک ایمان نہ لائیں۔۔۔ (تو) وہ اُس حکم پر عمل (نہیں کرتے) یعنی مسلمان نہیں ہوتے، اس واسطے کہ کلمہ شہادتین کے بعد اسلام میں رکنِ اعظم نماز ہے۔ نماز دین کا ستون ہے اور دین اُس کے سبب سے قائم ہے۔۔۔ تو۔۔

(ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی) اور پھٹکار ہے اُن پر جو اسلام سے مشرف نہیں ہوتے۔ (تو کس بات کو اِس کے بعد) یعنی قرآن کے بعد (مانیں گے)۔ اگر قرآن پر ایمان نہیں لاتے کہ وہ ایک معجزہ ہے کھلی ہوئی دلیلوں اور روشن معنوں پر، تو پھر وہ کس چیز پر ایمان لائیں گے۔

حدیث میں ہے کہ اِس آیت کو پڑھنے کے بعد کہنا چاہیے: اٰمَنَّا بِاللّٰهِ۔

الحمدللہ، ثم الحمدللہ، بعونہٖ تعالیٰ وبفضلہٖ سبحانہٗ، آج بتاریخ

۲۸ ذیقعدہ ۱۴۳۳ھ۔۔ مطابق۔۔ ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ،

۲۹ ویں پارہ کی تفسیر مکمل ہوگئی۔ دُعا گو ہوں کہ ربِّ کریم صاحبِ فضلِ عظیم

اپنے فضل وکرم سے آخری پارہ یعنی ۳۰ ویں پارہ کی بھی تفسیر کی تکمیل کی

سعادت مرحمت فرمائے، اور فکر وقلم کو اپنی خاص حفاظت میں رکھے۔

اٰمین یَامُجِیْبَ السَّائِلِیْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ، بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ

بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

# ٣٠

# عمّ

بعونہٖ تعالیٰ وبفضلہٖ سبحانہٗ، آج بتاریخ
ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۰/اکتوبر ۲۰۱۲ء
تفسیر کا آغاز کردیا ہے۔ دُعا گو ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ
سعادت مرحمت فرمائے، اور فکر و قلم کو اپنی غلام
ولین بحقِ طٰہٰ وَ یٰسٓ، بحق
سیدنا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سورۃ النبا ۷۸ مکیۃ ۸۰ — آیاتہا ۴۰ رکوعاتہا ۲

# سُوْرَةُ النَّبَا

سورۃ النبا۔۔۷۸ مکیہ ۸۰ آیاتہا ۴۰۔۔رکوعاتہا ۲

اِس سورت سے پہلے 'سورہ المرسلات' ہے۔ یہ دونوں سورتیں اِس حیثیت سے ایک دوسرے سے مربوط ہیں کہ دونوں ہی میں قیامت کا بیان ہے۔ اِس سورت کو 'سورۃ عم یتساءلون'، 'سورہ تساؤل' اور 'سورہ معصرات' بھی کہتے ہیں لیکن اس کا سب سے زیادہ مشہور و معروف نام 'سورۂ نبا' ہے جو اِسی سورت کی دوسری آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس سورت میں اوّل سے آخر تک قیامت اور اُس کے متعلقات کا بیان ہے۔ اِس سورۂ مبارکہ کو۔۔یا۔۔ تلاوتِ قرآنِ کریم کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کے گناہوں کا (بخشنے والا) ہے۔

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝١ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝٢ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝٣

کس چیز کی پوچھ گچھ یہ لوگ کر رہے ہیں ● اُس بڑی خبر کی؟ ● جس میں یہ لوگ طرح طرح کی رائے رکھنے والے ہیں ●

روایت ہے کہ جب حضرت رسالت پناہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے دعوت آشکارا کی اور خلق پر قرآن پڑھا اور قیامت کے دن سے ڈرایا، تو کافروں نے آنحضرت ﷺ کی نبوت اور قرآن کے اُترنے اور بعث و حشر ہونے میں اختلاف کیا اور ایک دوسرے سے آپس میں۔۔یا۔۔ پیغمبر ﷺ اور مؤمنوں سے پوچھتے تھے جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ۔۔۔

(کس چیز کی پوچھ گچھ یہ لوگ کر رہے ہیں ● اُس بڑی خبر کی) یعنی قرآن کریم کو، (جس میں یہ لوگ طرح طرح کی رائے رکھنے والے ہیں) اور اُس کے تعلق سے اختلاف کرنے والے ہیں، یعنی اُسے سحر۔۔یا۔۔شعر۔۔یا۔۔کہانت سے نسبت دیتے ہیں، اور پیدا کیا ہوا اور اِفتراء کیا ہوا اور کہانیاں کہتے ہیں۔

بعضے کہتے ہیں کہ نَبَاِ الْعَظِيْمِ حضرت ﷺ کی نبوت ہے کہ کہتے ہیں "آیا وہ پیغمبر ہیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۔۔یا۔۔نہیں؟ اور ساحر ہیں۔۔یا۔۔شاعر۔۔یا مجنون؟" اور بعض نے کہا کہ وہ بعث کی خبر ہے، اور کافر اِس میں مختلف تھے، بعضے کہتے تھے کہ "قیامت ہے اور بت ہماری شفاعت کریں گے" اور بعضے اس سے بالکل منکر تھے اور اپنی دُنیاوی زندگی ہی کو آخری زندگی سمجھتے تھے۔ حیاتِ اخروی کا اُن کے ذہن میں کوئی تصور نہیں تھا۔ اور بعضے شک رکھتے تھے کہ قیامت ہوگی۔۔یا۔۔نہ ہوگی؟ تو یہ اسی شک میں مبتلا تھے۔

كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ۝٤ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ ۝٥

وہ سب ہرگز نہیں، جلد ہی جان لیں گے● پھر وہ سب ہرگز نہیں، جلد ہی معلوم کرلیں گے●

(وہ سب ہرگز نہیں، جلدی جان لیں گے) نزع کے وقت، کہ جس چیز میں اختلاف کرتے تھے حق ہے۔ (پھر وہ سب ہرگز نہیں، جلدی ہی معلوم کرلیں گے) قیامت کے دن اپنے قول کا باطل ہونا اور اپنے عقیدے کا خبیث ہونا۔ لہٰذا طنزیہ سوال ہرگز ہرگز نہ کریں کیونکہ اِس کا نتیجہ انہیں جلد ہی معلوم ہوجائے گا۔

'تفہیم' کے بعد بوقتِ ضرورت 'انذار' سے کام لینا بہت ہی مفید ثابت ہوتا ہے، اِس سے روحِ سعادت رکھنے والے جلد راہِ راست پر آجاتے ہیں۔۔الحاصل۔۔قیامت کا ذکر بہت ہی فائدہ بخش ہے اور اُس کے اِنکار کی کوئی بھی معقول وجہ نہیں بلکہ اُس کے تعلق سے طنزیہ سوال کرنا خطرناک انجام رکھتا ہے۔ منکرینِ قیامت کو سوچنا چاہیے کہ آخر قیامت کے اِنکار کی معقول وجہ کیا ہے؟ خدائے حکیم وقدیر کے لیے قیامت قائم کرنا مشکل اور دشوار ہی کب ہے؟ کیا انہوں نے قادرِ مطلق کی بے پایاں قدرت کے مظاہر پر غور نہیں کیا؟۔۔چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ اپنی قدرت کو ظاہر فرماتے ہوئے فرماتا ہے کہ۔۔۔

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَادًا ۝٦ وَالْجِبَالَ أَوْتَادًا ۝٧ وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا ۝٨ وَجَعَلْنَا

کیا نہیں کردیا ہم نے زمین کو بچھونا● اور پہاڑوں کو میخیں؟● اور پیدا فرمایا ہم نے تم لوگوں کے جوڑے● اور کردیا ہم

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝٩ وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاسًا ۝١٠

نے تمہاری نیند کو راحت● اور بنادیا ہم نے رات کو پردہ پوشی کے لیے●

(کیا نہیں کردیا ہم نے زمین کو بچھونا) بچھا ہوا تاکہ تمہارے ٹھہرنے کی جگہ ہو، (اور پہاڑوں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کو میخیں) کہ اس پر گڑے رہیں اور زمین اُن سے تھمی رہے؟ (اور پیدا فرمایا ہم نے تم لوگوں کے جوڑے) نر اور مادہ تا کہ تمہاری نسل باقی رہے۔۔یا۔۔ہم نے تم کو طرح طرح پر پیدا کیا، کالا، گورا، لمبا، ٹھگنا، خوبصورت اور بد شکل (اور کر دیا ہم نے تمہاری نیند کو راحت)، یعنی سونا حس وحرکت قطع کر دیتا ہے تا کہ قوائے حیوانیہ آسائش کریں اور تھکن اُس سے زائل ہو جائے۔ (اور بنا دیا ہم نے رات کو پردہ پوشی کے لیے)، کیونکہ رات اپنی تاریکی میں سب چیزوں کو چھپا لیتی ہے۔

صاحبِ فتوحات فرماتے ہیں کہ رات شب بیداروں کا پردہ ہے، کہ اغیار کی نظر سے چھپا لیتی ہے تا کہ اپنی خلوت میں مکالمہ۔۔یا۔۔محاضرہ۔۔یا۔۔مشاہدہ کی لذت سے ہر ایک اپنی استعداد کے مطابق مستفید ہو۔ بعض عارفین نے کہا کہ رات راہ چلنے والوں کا پردہ ہے، اور دن صبح کے جاگنے والوں کا بازار ہے۔ کاش! رات جو عاشقوں کی پردہ دار ہے ہمیشہ رہتی، یعنی دن نہ ہوتا۔

## وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿۱۱﴾ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿۱۲﴾

اور بنا دیا ہم نے دن کو روزگار کے لیے● اور گنبد چنے تمہارے اوپر سات مضبوط●

(اور بنا دیا ہم نے دن کو روزگار کے لیے)، یعنی کر دیا ہم نے دن کو طلبِ معیشت کا وقت تا کہ اُس کی تحصیل میں جستجو کریں۔ (اور گنبد چنے تمہارے اوپر سات مضبوط)، یعنی تمہارے سروں پر گنبد نما سات مضبوط آسمانوں کو کھڑا کر دیا جو بہت محکم ہیں، کیونکہ دراز اور سوراخ جو خلل اور زلل کا نشان ہوتا ہے اُس میں نہیں۔

انسان آسمان کے متعلق ہر زمانے میں اپنے مشاہدات اور قیاسات کے رُو سے مختلف تصورات قائم کرتا رہا ہے جو برابر بدلتے رہے ہیں۔۔لہٰذا۔۔اُن میں سے کسی تصور کو بنیاد قرار دے کر قرآن کے کہے ہوئے سات مضبوط آسمان کا مفہوم متعین کرنا صحیح نہ ہوگا۔ بس مجملاً اتنا سمجھ لینا چاہیے کہ **سَبْعًا شِدَادًا** سے سات آسمان مراد ہیں۔ حق تعالیٰ آگے ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

## وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿۱۴﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ

اور روشن کیا ایک چمکدار چراغ● اور اُتارا ہم نے نچوڑنے والی بدلیوں سے پانی کو زوردار● تا کہ نکالیں اُس کے سبب سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿۱۵﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿۱۶﴾

اناج اور سبزہ کو ● اور باغ گھنے ●

(اور روشن کیا) آسمان میں (ایک چمکدار چراغ) یعنی آفتاب۔ (اور اُتارا ہم نے نچوڑنے والی بدلیوں سے پانی کو زوردار)، یعنی ہمیں نے بھرے بادلوں سے لگاتار پانی برسایا۔ (تاکہ نکالیں اُس کے سبب سے اناج اور سبزہ کو)، یعنی تاکہ نکالیں ہم اُس پانی سے دانہ جو غذا کو چاہیے۔۔ مثلاً: گیہوں اور جو وغیرہ اور اُگنے والی چیز جو چارے کو چاہیے جیسے گھاس بھوسا۔۔ اور بعضوں نے یہ تفسیر کی ہے کہ نکالیں ہم دریا سے دانہ موتی کا اور زمین سے سبزہ۔۔۔ (اور باغ گھنے)، یعنی باغوں کے درخت باہم لپٹے ہوئے اور ایک دوسرے سے بہت نزدیک۔

اوپر کی آیتوں میں جو نو۹ اقسام کے نمونۂ قدرت کو بیان کیا گیا ہے اُنہیں بار بار دیکھنے اور اُن پر غور وفکر کرنے سے اعتراف کرنا ہی پڑتا ہے کہ جس قادرِ مطلق نے یہ کارخانۂ قدرت بنایا ہے، کون کہہ سکتا ہے کہ وہ اِس کے دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں؟ یقیناً وہ تمام عالَم کو دوبارہ پیدا کرنے پر پوری طرح قادر ہے۔ اب بتائیے کہ کیا قیامت کے اِنکار کی کوئی بھی گنجائش ہے؟۔۔۔

---

اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِیْقَاتًا ﴿۱۷﴾ یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾

بے شک فیصلہ کا دن وقتِ مقرر ہے ● جس دن پھونکا جائے گا صور میں، تو آؤ گے تم لوگ فوج فوج ●

(بے شک فیصلہ کا دن)، اُس کے لیے ایک (وقت مقرر ہے)، یعنی قیامت اپنے وقت مقررہ پر آکے رہے گی اس لیے کہ خلائق کے حساب لینے اور اُن کے اعمال کی جزا دینے کو خدا کے حکم میں ایک وقت مقرر ہے اور وہی قیامت کا دن ہے۔ (جس دن پھونکا جائے گا صور میں)۔ صورِ قیامت دو۲ مرتبہ پھونکا جائے گا۔ پہلی مرتبہ پھونکا جائے گا تو موجودہ نظامِ عالَم ٹوٹ پھوٹ جائے گا اور قیامت آجائے گی۔ دوسری مرتبہ پھونکا جائے گا تو عالَم کا نیا نظام وجود میں آجائے گا اور سب زندہ ہو کر اللہ کی عدالت میں حاضر ہو جائیں گے۔ پھر زندگی بھر کے عمل کا حساب ہوگا اور اُسی حساب سے جزا وسزا ملے گی۔۔ تو۔۔ جس دن پھونکا جائے گا دوسری بار صور میں (تو آؤ گے تم لوگ فوج فوج) اپنی قبروں سے میدانِ حشر میں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قیامت کے روز اللہ کی عدالت میں حاضر ہونے کی یہ صورت ہوگی کہ عقیدہ اور عمل کی بنا پر انسانوں کی الگ الگ جماعتیں بنیں گی۔ اہلِ توحید کی الگ، مشرکوں کی الگ، مؤمنوں کی الگ، کافروں کی الگ، متقیوں کی الگ، فاسقوں کی الگ۔ پھر درجہ کے لحاظ سے متقیوں اور فاسقوں کے زُمرہ میں بھی متعدد جماعتیں ہوں گی۔۔ چنانچہ۔۔بکثرت نماز پڑھنے والوں کی الگ جماعت ہوگی، زیادہ خیر وخیرات کرنے والوں کی الگ، صابرین کی الگ، شاکرین کی الگ، ذاکرین کی الگ، شہداء کی الگ، صدیقین کی الگ، اِسی طرح فاسقین کی جماعت کو بھی سمجھ لیا جائے۔

غرضیکہ اس طرح ہر جماعت اللہ کی عدالت میں حاضر ہوگی۔ اس میں یہ انتباہ ہے کہ آج تم جس زمرہ میں رہوگے، کل قیامت میں اُسی جماعت کے ساتھ تمہارا حشر ہوگا۔ جن ساتوں آسمانوں کا اوپر ذکر ہوا ہے وہ اتنے مضبوط ہیں کہ ناقابلِ ادراک زمانہ سے قائم ہونے کے باوجود اُن کی مضبوطی کا عالم یہ ہے کہ کہیں بھی بال برابر شگاف تک نہ ہو سکا، لیکن قیامت کے دن اُن میں اِس طرح جابجا شگاف ہو جائیں گے کہ گویا پورے آسمان میں دروازے ہی دروازے ہیں۔ اِتنے مضبوط آسمان کو اسی طرح پارہ پارہ کردینا کتنی بڑی قوت وقدرت کا کام ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھو کہ اتنا بڑا کام بھی اُس قادرِ مطلق کے نزدیک بے حد آسان ہے۔ اتنا آسان جیسے ہمارے لیے کسی دروازے کا آسانی اور پھرتی سے کھول دینا۔ اِس حقیقت کو قرآن مجید اِن الفاظ میں بیان کرتا ہے۔۔۔

**وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾ وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾**

اور کھول دیا گیا آسمان، تو ہوگئے دروازے ● اور چلائے گئے پہاڑ، تو ہوگئے چمکتی ریت ●

(اور) واضح فرماتا ہے کہ (کھول دیا گیا آسمان، تو ہوگئے دروازے)۔ یعنی آسمان کے اجزاء جو باہم خوب جڑے ہوئے ہیں اُن کو کھول دیا جائے گا۔ اب اِس کثرت سے شگاف ہوگا جیسے دروازے ہی دروازے ہیں۔

آسمان میں اتنے شگاف کردینا قدرتِ حق کے نزدیک ایسا ہی ہے جیسے کوئی بند چیز آسانی سے کھول دی جائے۔ قیامت میں زمین کا نظام اس طرح ٹوٹ پھوٹ جائے گا کہ مضبوط سے مضبوط چٹانوں کے پہاڑ بھی جڑ سے اکھڑ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گے اور فضا میں غبار کی طرح اُڑنے لگیں گے۔ اُس کے بعد زمین پر گریں گے اور ریگستان کا ایک طویل

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پھیلاؤ ہوگا جو دُور سے پانی معلوم ہوگا۔۔الختصر۔۔

آسمان میں شگاف ڈال دیئے گئے (اور چلائے گئے پہاڑ، تو ہوگئے چمکتی ریت)، یعنی ریزہ ریزہ ہوکر غبار بن کر اڑے اور پھر ریت بن کر زمین پر آرہے۔ اگرچہ وہ دیکھنے میں پہاڑ ہوں گے مگر اجزاء پراگندہ ہونے کی وجہ سے پہاڑ ہونے کی اصلیت اور حقیقت پر باقی نہ رہیں گے۔

اب آگے اِس سوال کا جواب دیا جارہا ہے کہ قیامت کے روز سرکشوں کا کیا حال ہوگا۔

تو سن لو کہ۔۔۔

**اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَاۤ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾**

بے شک جہنم تاک میں ہے ● سرکشوں کا ٹھکانہ ● وہ رہنے والے ہیں اُس میں بے انتہا مدتوں تک ●

(بے شک جہنم تاک میں ہے) اور خلق کی گزرگاہ ہے، سب کو اُس پر سے گزرنا پڑے گا۔۔ یا۔۔کمین گاہ، کہ دوزخ کے فرشتے وہاں منتظر کھڑے ہوں گے کافروں پر عذاب کرنے کو اور کافر اُن سے بھاگ نہ سکیں گے۔۔یا۔۔اُس مقام پر جہاں دوزخ کے فرشتے تو کافروں کے منتظر ہوں گے، وہیں جنت کے فرشتے مؤمنوں کی نگہبانی کرتے ہوں گے تاکہ صراط پر گزرتے وقت آگ کے تعرض سے محفوظ رہیں۔ اور یہ جہنم ہوگی (سرکشوں کا ٹھکانہ) جو سرکشی میں حد سے گزرے ہوئے ہیں۔ (وہ رہنے والے ہیں اُس میں بے انتہا مدتوں تک)۔

معالم میں مجاہد علیہ الرحمہ سے منقول ہے کہ یہ 'احقاب' جو حق تعالیٰ نے ذکر کیے تینتالیس ۴۳ 'حقبے' ہیں۔ ہر حقبہ 'ستّر' 'خریف' کا، ہر خریف سات ۷۰۰ سو برس کا، ہر برس تین سو ساٹھ ۳۶۰ دن کا، اور ہر دن ہزار ۱۰۰۰ برس کا ہوتا ہے۔ اِس سے یہ مراد نہیں کہ کافروں کے عذاب کے واسطے مدت معین کردی گئی ہو، بلکہ مراد یہ ہے کہ جو حقبہ 'گزرتا ہے اُس کے بعد دوسرا حقبہ' آتا ہے۔ یہ ابدالآباد تک۔۔۔

**لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾**

نہ مزہ چکھیں گے اُس میں ٹھنڈک کا، اور نہ پینے کا ● مگر کھولتا پانی اور پیپ ● بدلہ موافق کرتوت کے ●

(نہ مزہ چکھیں گے اُس میں ٹھنڈک کا) ہوا کی، کہ اُس سے راحت پائیں۔ اور وہ ٹھنڈک دوزخ کی گرمی کو اُن سے روکے۔۔۔ اور بعضوں نے کہا کہ **بَرْدًا** سے خواب مراد ہے۔۔۔ یعنی اُن کو جہنم میں نیند نہیں ہے کہ اُس سے آسائش پائیں۔ (اور) یوں ہی وہ (نہ) مزہ پائیں گے (پینے کا)،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

یعنی وہ نہ پئیں گے کوئی پینے کے لائق چیز (مگر کھولتا پانی)۔ایسا کھولتا پانی کہ جب اُسے منہ کے پاس لائیں گے تو منہ کی کھال اُس میں جل کر گر پڑے گی اور جب پئیں گے تو آنتیں ٹکڑے ہو جائیں گی (اور) دوسری چیز جو اُن کو پینے کو دی جائے گی وہ ہے (پیپ) جو اُن کے زخموں سے بہتی ہوگی۔۔یا۔۔ آنسو جو حسرت کے مارے برساتے ہوں گے۔۔یا۔۔ زمہریر کہ اُس سے عذاب کیے جائیں گے (بدلہ موافق کرتوت کے)، یعنی عمل کے مناسب سزا۔

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾

بے شک یہ لوگ نہیں مانتے تھے حساب کو● اور جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو بے حد●

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ﴿٢٩﴾

اور ہر چیز کو شمار کر لیا تھا ہم نے لکھ کر●

(بے شک یہ لوگ نہیں مانتے تھے) آخرت کے (حساب کو)۔۔یا۔۔امیدوار نہ تھے اُس کے ثواب کے۔(اور جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو بے حد) جو انبیاء علیہم السلام نے اُن پر ظاہر کیں۔(اور ہر چیز کو شمار کر لیا تھا ہم نے لکھ کر)، یعنی لوگو! تم جو کچھ کرتے ہو اطاعت۔۔یا۔۔معصیت۔ سن لو! کہ اللہ کے فرشتے اُسے قلمبند کرتے رہتے ہیں، اس طرح تمہارے اعمال کا ریکارڈ لکھا ہوا موجود ہے، یہی ہے تمہارا نامۂ اعمال۔ یہیں سے سمجھ لینا چاہیے کہ محاسبۂ الٰہی سے نڈر ہو جانے کا اور آیاتِ الٰہی پر ایمان نہ رکھنے کا انجام کتنا خطرناک ہے، اور اس کے نتیجے میں ملنے والے عذاب میں ذرّہ برابر تخفیف نہ ہو گی بلکہ عذاب میں اضافہ ہوتا رہے گا۔۔۔آگے حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

فَذُوقُوا فَلَنْ نَزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿٣٠﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ﴿٣١﴾ ع ۲

اب چکھو! کہ ہم نہ بڑھائیں گے تمہارے لیے، مگر عذاب کو● بے شک اللہ سے ڈرنے کے لیے مقام کامیابی ہے●

حَدَائِقَ وَأَعْنَابًا ﴿٣٢﴾ وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴿٣٣﴾ وَكَأْسًا دِهَاقًا ﴿٣٤﴾

باغ اور انگور● اور دوشیزہ ہم سن● اور لبالب جام●

(اب چکھو! کہ ہم نہ بڑھائیں گے تمہارے لیے مگر عذاب کو)، یعنی عذاب پر عذاب کرتے رہیں گے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حدیث میں ہے کہ قرآن میں دوزخیوں کے واسطے جو وعید کی آیتیں ہیں اُن سب میں
یہ آیت سخت ہے۔

ان کافروں کے برعکس (بے شک اللہ) تعالیٰ (سے ڈرنے والوں کے لیے مقام کامیابی
ہے) یعنی عذاب سے چھٹکارا ہے۔۔۔یا۔۔۔فوز وفلاح کی جگہ ہے، کہ وہ (باغ اور انگور) ہیں۔۔۔باغ
میں میوہ دار درختوں اور انگور کے درختوں کی تخصیص فضیلت کی جہت سے ہے۔۔۔(اور) اُن کے لیے
ہے (دوشیزہ ہم سن)۔۔۔اکثر تفسیروں میں ہے کہ جنت میں عورتیں اور مرد تینتیس[۳۳] تینتیس[۳۳] برس کی
عمر کے ہوں گے۔۔۔(اور) اُن کے واسطے ہیں (لبالب جام) جو پے در پے ان کو ملتے رہیں گے۔

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾

نہ سنیں گے اُس میں بے ہودہ بات، اور نہ جھٹلانے کو• ثواب تمہارے رب کی طرف سے، پوری پوری عطا•

(نہ سنیں گے اُس میں بے ہودہ بات اور نہ جھٹلانے) والی بات (کو)، یعنی جنت کی شراب
کی یہ خصوصیت ہے جو اُسے پی لے وہ لغو اور عیب دار باتیں نہیں کرسکتا اور نہ جھوٹ بول سکتا ہے، اس
کے برخلاف حالت ہے اُن شرابیوں کی جو دنیا کی شراب پیتے ہیں کہ اُن کی مجلسوں میں ہذیان اور
خلاف اور جنگ و جدال بہت ہوتا ہے۔ جنتیوں پر یہ نوازش دراصل ہے (ثواب تمہارے رب کی
طرف سے) اپنے وعدے کے موافق (پوری پوری عطا)، یعنی عطا کی جائے گی اُن کو ربِّ کریم کے
فضل سے عطا وافی اور کافی، یعنی بس کرنے والی۔۔۔یا۔۔۔اُن کے اعمال کے موافق۔ یہ عطا اُس ربّ
کریم کے طرف سے ہوگی جو۔۔۔

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے سب کا رب اللہ مہربان، نہ اختیار رکھیں گے اُس سے بولنے کا•

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

جس دن کہ کھڑے ہوں گے روح الامین اور سب فرشتے صف باندھ کر۔ نہ بولیں گے مگر وہ جسے اجازت دے چکا اللہ

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾

مہربان، اور وہ بولتا رہا ٹھیک بولی•

(آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب) ہے اور (اللہ مہربان)

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جوایسا ذی اقتدار ہے کہ (نہ اختیار رکھیں گے اُس سے بولنے کا) اہلِ آسمان اور اہلِ زمین میں سے کوئی۔

اُس کے اِذن کے بغیر۔۔یا۔۔اس بات پر کہ خدا سے بات کریں اور اُس کے ثواب اور عذاب پر اعتراض کریں، اس واسطے کہ سب مملوک ہیں اور مملوک مالک نہیں ہوسکتا۔

۔۔چنانچہ۔۔(جس دن کہ کھڑے ہوں گے روح الامین) حضرت جبرائیل علیہ السلام '(اور سب فرشتے صف باندھ کر)، تو وہ شفاعت کے باب میں (نہ بولیں گے مگر وہ جسے اجازت دے چکا اللہ مہربان)۔

یعنی شفاعت وہی کرے گا جس کو خدائے مہربان نے اجازت دے دی ہو کہ تم شفاعت کرو ۔۔یا۔۔کسی کی شفاعت نہ کریں گے مگر اُس کی کہ خدا جس کی شفاعت کے باب میں اِذن دے۔۔الختصر ۔۔شفاعت وہی کرسکے گا جس کو خدائے مہربان شفاعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائے، اور وہ صرف اُسی کی شفاعت کرسکے گا جس کی شفاعت کرنے کا اِذن حق تعالیٰ عطا فرمائے (اور وہ بولتا رہا ٹھیک بولی)، یعنی شفاعت اُسی کی کی جائے گی جو دُنیا میں کلمہءِ توحید کو مانتا اور بولتا رہا۔ یعنی یہ شفاعت کرنے والے مؤمنوں کے سوا کسی اور کی شفاعت نہ کریں گے۔

---

ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ

وہ ہے روزِ حق۔ تو جس نے چاہا بنالیا اپنے رب کی طرف ٹھکانہ ● بے شک ہم نے ڈرادیا تمہیں اُس عذاب سے جو نزدیک ہے۔۔

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ ع ۲

جس دن کہ دیکھ لے گا آدمی، جو کچھ پہلے بھیجا اُس کے ہاتھوں نے، اور کہے گا کافر کہ "اے کاش! میں ہوجاتا مٹی" ●

(وہ)، یعنی روزِ قیامت (ہے روزِ حق)، یعنی وہ دن ہونا ہے اور ضرور ہوگا۔ (تو جس نے چاہا بنالیا اپنے رب کی طرف ٹھکانہ)، یعنی ایمان اور طاعت کے سبب سے اپنے رب کے سایۂ کرم میں آگیا۔۔۔آگے حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔(بے شک ہم نے ڈرادیا تمہیں) اپنے پیغمبر اور اپنی کتاب کے ذریعہ (اُس عذاب سے)، یعنی عذابِ آخرت سے (جو نزدیک ہے)۔ اُس کا قرب تحقیق کی جہت سے ہے کہ اُس کا ہونا حق ہے (جس دن کہ دیکھ لے گا آدمی جو کچھ پہلے بھیجا اُس کے ہاتھوں نے)، یعنی اپنے اچھے بُرے کردار کے نتائج اُس کے سامنے ہوں گے۔ (اور) اپنا نتیجہ دیکھنے کے بعد (کہے گا کافر کہ "اے کاش! میں ہوجاتا مٹی")۔ یعنی ہرگز میں اس صورت میں پیدا ہی نہ ہوتا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۔۔یا۔۔آج خاک رہتا اور مجھ کو زندہ ہی نہ کرتے۔

اور بعضوں نے کہا کہ وحوش کو حشر کر کے جب خاک کریں گے تو کافر تمنا کریں گے کہ کاش ہمارا بھی یہی حال کر دیا جاتا۔ بعضے کہتے ہیں کہ اس کافر سے ابلیس مراد ہے اور وہ آدم علیہ السلام پر عیب رکھتا تھا کہ خاک سے پیدا کیے گئے ہیں اور اپنی تعریف اور بزرگی کرتا تھا کہ میں آگ سے پیدا ہوں۔ جب اُس روز آدم علیہ السلام اور اُن کی ایمان والی اولاد کی بزرگی اور اپنا عذاب اور سختی دیکھے گا تو آرزو کرے گا کہ کاش! میں بھی خاک سے ہوتا اور آدم علیہ السلام سے نسبت رکھتا۔ اَے عقل والو! دیکھو یہ دبدبہ اور طنطنہ جو خاکیوں کو ہے مخلوقات کے طبقوں میں سے کسی طبقہ کو نہیں ہے۔

اختتام سورۂ نبا ۔۔۔ ۴/ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱/اکتوبر ۲۰۱۲ء [redacted]

---

[redacted] ۵/ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۲/اکتوبر ۲۰۱۲ء

سورۃ النّٰزعٰت ۷۹ مکیۃ ۸۱ | آیاتها ۴۶ رکوعاتها ۲

# سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ

سورۃ النازعات۔۔۷۹۔۔مکیہ ۸۱ | آیاتہا ۴۶۔۔رکوعاتہا ۲

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی سورت کی آیت ۱ سے ماخوذ ہے۔ اِس سورہ میں بھی اِس کے ماقبل والی 'سورۂ نباء' کی طرح قیامت کے حقائق بیان کیے ہیں، اِس سے دونوں کا ربط ظاہر ہے۔ ایک قول کے مطابق 'ترتیبِ نزول' اور 'ترتیبِ مصحف' دونوں ہی کے اعتبار سے اِس کا نمبر ۸۱ ہے۔۔ نیز۔۔ ایک قول کے مطابق اِس میں ۴۵ آیتیں ہیں۔ ایسی اہم مضامین پر مشتمل سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ﴿۲﴾

قسم ہے اُن ہستیوں کی جو کھینچ لینے والی ہیں کافروں کی ڈوبی جان کو ○ اور آسانی سے بند کھولنے والی ہیں مسلمانوں کی ○

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَّالسّٰبِحٰتِ سَبۡحًا ۙ﴿۳﴾ فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۙ﴿۴﴾ فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۘ﴿۵﴾

اور تیر کر چلنے والی ہیں چال میں● پھر آگے بڑھ بڑھ جانی والی ہیں جلد● پھر تدبیر کرنے والی ہیں کام کی --●--

(قسم ہے اُن ہستیوں کی جو کھینچ لینے والی ہیں کافِروں کی ڈوبی جان کو)۔یعنی اُن فرشتوں کی قسم جو کافروں کی جان سختی سے قبض کرتے ہیں۔(اور) قسم ہے اُن ہستیوں کی بھی جو (آسانی سے بند کھولنے والی ہیں مسلمانوں کی)۔یعنی قسم ہے اُن فرشتوں کی بھی جو مسلمانوں کے جسم وجان کا بندھن بڑی نرمی سے کھولتے ہیں۔(اور) اُن ہستیوں کی قسم جو (تیر کر چلنے والی ہیں چال میں)۔یعنی اُن فرشتوں کی بھی قسم جو روح کو لے کر ہوا میں تیرتے ہوئے جاتے ہیں (پھر آگے بڑھ بڑھ جانے والی ہیں جلد)۔یعنی قسم اُن فرشتوں کی بھی جو حکمِ الٰہی کے بجالانے میں سبقت کرتے ہیں۔ (پھر تدبیر کرنے والی ہیں کام کی)۔یعنی قسم اُن فرشتوں کی بھی جو بحکمِ الٰہی عالَم کی تدبیر میں لگے ہیں۔۔چنانچہ۔۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام جو ہواؤں اور لشکروں پر موکل ہیں، اور اسرافیل علیہ السلام کہ امورِ قضا وقدر کے ساتھ نزول کرنے والے ہیں، اور میکائیل علیہ السلام کہ مینھ اور گھاس کی تقسیم اُن سے متعلق ہے، اور عزرائیل علیہ السلام کہ قابضِ ارواح ہیں۔۔الغرض۔۔اُن سب کی قسم۔

اور بعضوں نے کہا کہ قسم اُن تاروں کی جو دوڑتے ہیں مشرق سے مغرب تک، اور جانے والے ہیں ایک بُرج سے دوسرے بُرج میں، اور تیرتے ہیں آسمان میں اور ایک دوسرے پر پیشی لے جاتے ہیں سیر میں، اور تدبیر کرنے والے ہیں اُس امر کی جو اُن سے متعلق ہے اللہ کے حکم کے ساتھ، جیسے ہوا کا اختلاف اور فصلوں کا بدلنا۔۔یا۔۔غازیوں کے گھوڑوں کی قسم جو باگ کھنچے ہوئے جاتے ہیں دارِ اسلام سے، اور تسبیح کرتے ہیں چلنے میں، اور سبقت لے جاتے ہیں صفِ جہاد میں، اور اُن کے سبب سے خدا کے دشمنوں پر فتح وظفر پانے کا کام تدبیر پاتا ہے۔

--یا-- بزرگ نفسوں کی قسم جو چھوڑائے جاتے ہیں خواہشوں سے، اور خوشی کرتے ہوئے عالَمِ قدس میں جا کر بلندی کے مراتب میں پیرتے ہیں اور کمالات حاصل کرنے میں سبقت کرتے ہیں، یہاں تک کہ مکمل ہو کر ہدایت وارشاد کے امور کے متکفل اور مدبر ہوتے ہیں۔بہر تقدیر ہر قسم کا جواب یہ ہے کہ تم قبروں سے زندہ کر کے پھر اُٹھائے جاؤ گے اور تم سے حساب لیا جائے گا، تو یاد کرو وہ دن کہ---

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ﴿۶﴾ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۭ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَىِٕذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ﴿۸﴾

جس دن تھرتھرادے گی تھرتھرانے والی • اُس کے پیچھے آئے گی پیچھے آنے والی • کتنے دِل اُس دن دھڑکنے والے ہیں •

اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ﴿۹﴾

اُن کی آنکھیں جھکی ہیں --•--

(جس دن تھرتھرادے گی تھرتھرانے والی)، یعنی اُس دن کی ہیبت سے پہاڑ اور زمین سب تھرائیں گے اور یہ حال نفخہ اولیٰ کے وقت ہوگا، یعنی جب پہلی بار صور پھونکا جائے گا تو سب تھرائیں گے اور سارے زندے ہَول کے مارے مرجائیں گے۔ پھر (اُس کے پیچھے آئے گی پیچھے آنے والی) یعنی نفخہ ثانیہ، کہ اُس کے سبب سے خلق زندہ ہوگی۔ (کتنے دِل اُس دن دھڑکنے والے ہیں) کہ (اُن) دِل والوں (کی آنکھیں جھکی ہیں) یعنی نیچی بند ہوں گی۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۭ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۭ﴿۱۱﴾

یہ لوگ کہتے ہیں کہ "کیا ہم واقعی واپس کیے جائیں گے پہلی حالت میں • کیا جب ہوگئے ہم ہڈیاں گلی ہوئی" •

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ﴿۱۲﴾

بولے کہ "یہ تو ایسا پلٹنا بڑا نقصان ہے" --•--

جو لوگ آج دُنیا میں بعث وحشر کے منکر ہیں (یہ لوگ کہتے ہیں کہ کیا ہم واقعی واپس کیے جائیں گے پہلی حالت میں)، یعنی ہم کو کیا مرنے کے بعد اِسی حالت میں پھیریں گے جو ہم رکھتے ہیں۔ (کیا جب ہوگئے ہم ہڈیاں گلی ہوئی) پرانی خاک ہوجانے کے قریب، تو کیا ہم کو پھر زندہ کرکے اُٹھائیں گے؟ تو بطورِ استہزا (بولے کہ یہ تو ایسا پلٹنا بڑا نقصان ہے) یعنی اگر ہم کو حشر کی طرف رجوع ہوئی تو ہم نقصان اُٹھانے والے ہوں گے، اس واسطے کہ ہم نے تو ہمیشہ اُس کی تکذیب کی ہے---

حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم دشوار پکڑتے ہو امرِ قیامت کو---

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۭ﴿۱۴﴾

تو وہ بس ایک ڈانٹ ہے • کہ اُسی وقت وہ لوگ میدان میں ہیں •

(تو وہ بس ایک ڈانٹ ہے) یعنی پس سوا اِس کے نہیں کہ وہ ایک چیخ ہے، یعنی اسرافیل علیہ السلام

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کی ایک پھونک ہے کہ سب خلائق اُس کے سبب سے زندہ ہو جائے گی۔ پھر ایسا ہوگا کہ صاف نظر آئے گا (کہ اُسی وقت وہ لوگ میدان میں ہیں)۔۔الحاصل۔۔اُس وقت روئے زمین میں ہوں گے اور وہ زمین سفید ہوگی۔

اور بعضوں نے کہا کہ سَاهِرَة ایک زمین کا نام ہے بیت المقدس کے قریب جبلِ اریحا کے گرد، کہ محشر اُس جگہ پر ہوگا۔حق تعالیٰ جس قدر چاہے گا اُس کو کشادہ کردے گا۔اور بعضے کہتے ہیں کہ زمینِ سَاهِرَة کو خدا نے کچی چاندی سے پیدا کیا ہے اور اُس کا عرض وطول زمینِ دُنیا کی ایسی چالیس زمینوں کے برابر ہوگا۔۔۔اب اِس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کا واقعہ دو مقاصد کے پیشِ نظر بیان کیا گیا ہے۔ایک مقصد تو 'انذار' ہے کہ نبی کی دعوت میں ہٹ دھرمی اور بغاوت سے کام نہ لو اِس کا انجام بڑا خطرناک ہے،فرعون کے انجام سے عبرت پکڑو۔دوسرا مقصد نبی کریم ﷺ اور مسلمانوں کو تسلی دینا ہے کہ کافر آج لاکھ قوت وشوکت رکھتے ہوں اور اِس گھمنڈ میں دینِ حق کو کچل دینا چاہتے ہوں، لیکن اُن کی تمام قوت وشوکت اُن کے لیے وبالِ عظیم بن جائے گی اور حق ہمیشہ بے بس نہیں رہ سکتا۔

تو اَے محبوب!۔۔۔

وقف لازم

هَلْ أَتٰىكَ حَدِيثُ مُوسٰى ﴿١٥﴾ إِذْ نَادٰىهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٦﴾

کیا آیا تمہارے پاس موسیٰ کا واقعہ۔۔● جب کہ ندا دی اُن کو اُن کے رب نے وادیٔ مقدس طویٰ نام میں●

اذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى ﴿١٧﴾ فَقُلْ هَلْ لَكَ إِلٰى أَنْ تَزَكّٰى ﴿١٨﴾

کہ "جاؤ فرعون کی طرف، کہ بے شک وہ سرکش ہو گیا ہے"● پھر کہو کہ "کیا تُو چاہتا ہے کہ پاکیزہ ہو جائے؟●

وَأَهْدِيَكَ إِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿١٩﴾

اور میں ہدایت کروں تیری تیرے رب کی طرف کہ تُو ڈرنے لگے"●

(کیا آیا تمہارے پاس موسیٰ کا واقعہ) تاکہ اپنے دِل کو قوم کی تکذیب پر تسلی دے اور مومنوں کو وعدہ کی اور کافروں کو وعید کی خبر فرمادے۔تو اَے محبوب! یاد کرو (جبکہ ندا دی اُن کو اُن کے رب نے وادیٔ مقدس طویٰ نام میں)۔یعنی اُس مقدس پاکیزہ مقام میں جس کا نام 'طویٰ' ہے۔(کہ جاؤ فرعون کی طرف کہ بے شک وہ سرکش ہو گیا ہے) اور تکبر میں حد سے گزر گیا ہے، (پھر کہو کہ) اَے تکبر وسرکشی میں حد سے گزر جانے والے! (کیا تُو چاہتا ہے کہ پاکیزہ ہو جائے؟) یعنی کیا کفر اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

گناہ سے پاکیزہ ہونے کی تجھ کو میل اور رغبت ہے؟ (اور) کیا تو چاہتا ہے کہ (میں ہدایت کروں تیری تیرے رب کی طرف کہ تُو ڈرنے لگے) اُس کے عذاب سے اور بچے سرکشی اور اُس کی نافرمانی سے؟۔۔۔ موسیٰ علیہ السلام خدا کے حکم سے فرعون کے پاس گئے اور خدا کا پیغام پہنچایا، اُس نے معجزہ طلب کیا۔۔تو۔۔۔

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾

پھر دکھائی اُسے بڑی نشانی ● تو جھٹلا دیا اُس نے اور نافرمانی کی ● پھر پیٹھ پھیر لیا، اپنی کوشش کر رہا ہے ●

فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾

چنانچہ ہانک لایا سب کو ●

(پھر دکھائی اُسے بڑی نشانی) اور عصا کو سانپ سے بدل دیا، (تو جھٹلا دیا اُس نے اور نافرمانی کی)۔یعنی فرعون نے جب دیکھا عصا اژدہا ہو گیا تو فرعون بولا کہ یہ خدا کے پاس سے نہیں ہے بلکہ موسیٰ کا جادو ہے، تو اُس نے حضرت موسیٰ کو جھٹلا دیا اور خدا کے حکم میں گنہگار ہو گیا۔ (پھر پیٹھ پھیر لیا) اِس حال میں کہ (اپنی کوشش کر رہا ہے)۔یعنی حضرت موسیٰ کی طرف سے رخ موڑ لیا اور اِس کوشش میں لگ گیا کہ اُن کے امر کو باطل کر دے۔۔۔اور بعضوں نے کہا کہ اژدہا دیکھ کر پیٹھ موڑی اور اُلٹا بھاگا اور بھاگنے میں دوڑتا تھا۔۔۔ (چنانچہ ہانک لایا سب کو) یعنی اپنی ساری قوم کو اکٹھا کر لیا۔

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

پھر پکارنے لگا، تو بولا کہ "میں ہوں تمہارا سب سے بلند و بالا رب" ● تو گرفتار کیا اُس کو اللہ نے آخرت اور دُنیا کے عذاب میں

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ع ۲

بے شک اِس میں یقیناً سبق ہے اُس کے لیے جو ڈرے ●

(پھر) ندا دی اُن کو خود ہی اور (پکارنے لگا، تو بولا کہ میں ہوں تمہارا سب سے بلند و بالا رب)۔ یعنی جو بت میری صورت پر ہیں سب خدا ہیں اور میں سب سے بڑا خدا ہوں۔

امام قشیری نے لطائف میں لکھا ہے کہ ابلیس یہ بات سنتا تھا اور کہتا تھا کہ مجھ میں بھی یہ بات کہنے کی جراَت نہیں۔ میں نے آدم پر اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ کا دعویٰ کیا تھا مجھ پر یہ بلاء پہنچی، یہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جوایسی ڈینگ ہانکتا ہے دیکھئے اِس کا کام کس خرابی کو پہنچے۔۔۔
(تو گرفتار کیا اُس کو اللہ) تعالیٰ (نے آخرت اور دُنیا کے عذاب میں)۔آخرت کا عذاب جلنا ہے اور دُنیا کا عذاب ڈوبنا ہے۔۔یا۔۔دُوکلموں کے وبال میں اللہ تعالیٰ نے اُسے ماخوذ کیا۔ایک تو یہی اَنَا رَبُّکُمُ الۡاَعۡلٰی ہے اور دوسرا کلمہ یہ ہے جو اُس نے کہا تھا کہ مَا عَلِمۡتُ لَکُمۡ مِّنۡ اِلٰہٍ غَیۡرِیۡ ۔۔ یعنی میں نہیں جانتا تمہارے لیے کوئی خدا اپنے سوا۔۔۔اور اِن دونوں کلموں میں چالیس برس کا فرق تھا۔

شیخ رکن الدین علاء الدولۃ قدس سرہ نے فرمایا کہ ایک وقت مجھ کو جوش ہوا، تو میں منصور حلاج کی زیارت کو گیا۔مراقبہ کیا تو اُن کی روح میں نے 'علیین' سے اعلیٰ مقام میں پائی، تو میں نے مناجات کی کہ خدایا یہ کیا حال ہے؟ فرعون نے اَنَا رَبُّکُمُ الۡاَعۡلٰی کہا اور منصور نے اَنَا الۡحَقّ۔دونوں نے ایک دعویٰ کیا، حسین حلاج کی روح 'علیین' میں ہے اور فرعون کی روح 'سجین' میں ہے، تو مجھ کو ندا پہنچی کہ فرعون خود بینی میں پڑا، بالکل اپنے ہی کو دیکھا مجھ کو گم کر دیا، اور حسین حلاج نے مجھی کو دیکھا اپنے کو گم کر دیا، تو اُن دونوں دعووں میں بہت فرق ہے۔

(بے شک اِس میں) یعنی فرعون کے پکڑنے میں (یقیناً سبق ہے اُس کے لیے جو ڈرے) اور نافرمانی سے پرہیز کر کے حکم مانے۔اَے بعث وحشر کے منکرو! بتاؤ۔۔۔

---

ءَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰہَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمۡکَہَا فَسَوّٰىہَا ﴿۲۸﴾

کیا تم لوگ زیادہ مضبوط ہو پیدائش میں، یا آسمان جسے گنبد بنایا اُس نے؟۔۔● ۔۔ بلند فرمایا اُس کی چھت کو، پھر سڈول کیا اُسے●

وَ اَغۡطَشَ لَیۡلَہَا وَ اَخۡرَجَ ضُحٰىہَا ﴿۪۲۹﴾

اور اندھیرا چھادیا اُس کی رات پر، اور برآمد کیا اُس کے روشن دن کو●

(کیا تم لوگ زیادہ مضبوط ہو پیدائش میں یا آسمان جسے گنبد بنایا اُس نے) تمہارے سر پر اور (بلند فرمایا اُس کی چھت کو)، یعنی اُس کی بلندی کی مقدار کو زمین سے بلند کیا۔(پھر سڈول کیا اُسے)، یعنی اُسے سیدھا اور برابر کر دیا بغیر کسی فتور اور قصور کے۔(اور اندھیرا چھادیا اُس کی رات پر)، یعنی اُس کی رات کو تاریک کر دیا (اور برآمد کیا اُس کے روشن دن کو)۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

رات دن کی اضافت آسمان کی طرف اِس جہت سے ہے کہ دن رات پیدا ہونے کا سبب آسمان کی گردش ہے۔ امام زاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ دُنیا میں رات دن آسمان کے سبب سے پیدا ہوتے ہیں اس وجہ سے کہ آسمان پر آفتاب اور ماہتاب پیدا ہیں۔

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿٣٠﴾ اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿٣١﴾

اور زمین کو اُس کے بعد بچھا دیا • برآمد کیا اس سے اِس کے پانی اور اِس کے چارے کو •

وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿٣٢﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿٣٣﴾

اور پہاڑوں کو گاڑ دیا • پونجی تمہارے لیے اور تمہارے چوپایوں کے لیے •

(اور زمین کو اُس کے بعد) یعنی آسمان پیدا کرنے کے بعد (بچھا دیا) اور پھیلا دیا۔

جمہور علماء اِس بات پر ہیں کہ زمین کی خلقت آسمان پیدا ہونے کے قبل ہے اور اس کا بچھایا جانا آسمان پیدا ہونے کے بعد ہے۔

(برآمد کیا اُس سے) یعنی نکالا بچھائی ہوئی زمین سے (اُس کے پانی) کو چشمے اور نہریں جاری کر کے، (اور اُس کے چارے کو) زمین میں گھاس اُگنے کی جگہیں اور چراگاہ بنا کے۔ (اور پہاڑوں کو گاڑ دیا) زمین پر محکم اور پائدار کر دیا۔ اور یہ سب یعنی زمین کو بچھانا، پہاڑوں کا مضبوط جمانا اور چراگاہیں ظاہر کرنا، ہے (پونجی تمہارے لیے اور تمہارے چوپایوں کے لیے)۔۔الغرض۔۔ یہ سب تمہارے ہی فائدہ کے واسطے ہیں۔

ان کے معاش کے بیان کے بعد اب ان کے معاد یعنی انجامِ آخرت کا ذکر شروع فرما دیا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ ارشاد ہوتا ہے کہ۔۔۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿٣٥﴾

تو جہاں آ گئی وہ بڑی مصیبت • جس دن یاد کرے گا انسان جس کی کوشش کرتا رہا •

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿٣٦﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿٣٧﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ

اور ظاہر کر دی گئی دوزخ ہر اُس کے لیے جو دیکھے • تو جس نے سرکشی کی تھی • اور اختیار کیا تھا

الدُّنْيَا ﴿٣٨﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿٣٩﴾

دُنیاوی زندگی کو • تو بے شک جہنم ہی اُس کا ٹھکانہ ہے •

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تو جہاں آگئی وہ بڑی مصیبت) جو قیامت کی سب بلاؤں سے زیادہ سخت ہوگی۔ اور وہ وہ
عت ہے کہ دوزخیوں کو دوزخ کی طرف ہنکائیں گے اور جنتیوں کو جنت میں پہنچائیں گے۔ اُس
ت ہوگا جو کچھ ہوگا، (جس دن یاد کرے گا انسان جس کی کوشش کرتا رہا)، یعنی نامہء اعمال اُس کے
تھ میں دیں گے کہ پڑھے۔ (اور ظاہر کردی گئی دوزخ ہر اُس کے لیے جو دیکھے)، یعنی اس طرح
زخ ظاہر کی جائے گی کہ جو بینائی والا ہے وہ دیکھے۔ (تو جس نے سرکشی کی تھی اور اختیار کیا تھا دُنیاوی
دگی کو)، یعنی جو حد سے گزر گیا اور ایمان نہیں لایا، اور دُنیا ہی میں الجھ کے رہ گیا اور راہِ آخرت پر چلنا
ول گیا، اور اپنی آخرت کے درست کرنے کا خیال بھی نہیں کیا، اسی لیے ایسے اعمال انجام ہی نہیں
یے جو آخرت کی صلاح وفلاح کے باعث ہوں، (تو بے شک جہنم ہی اُس کا ٹھکانہ ہے) اور دوزخ
ں اُس کے رہنے کی جگہ ہے۔

---

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾

لیکن جو ڈرا کیا اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کو اور روکا کیا نفس کو ہوائے نفس سے●

فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾

تو بلاشبہ جنت ہی اُس کا ٹھکانہ ہے●

(لیکن جو ڈرا کیا اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے کو) عتاب اور عرض کے موقف میں،
(اور روکا کیا نفس کو ہوائے نفس سے)، یعنی روکتا رہا اور منع کرتا رہا اپنے نفس کو اُس کی حرام اور ناشائستہ
تمناؤں اور آرزوؤں سے، (تو بلاشبہ جنت ہی اُس کا ٹھکانہ ہے) اور اُس کے آرام کی جگہ ہے۔

فصول میں ہے کہ یہ آیت اُس کی شان میں ہے جو خلوت میں گناہ کا قصد کرے اور اُس پر قادر ہو اور نفس کے خلاف کر کے خدا سے ڈرے اور اُس کام سے باز رہے۔ اِس سے پہلی آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے قیامت کے وقوع کے امکان پر دلائل قائم فرمائے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے قیامت کے وقوع کی خبر دی، پھر قیامت کے دن رونما ہونے والے ہولناک اور دہشت ناک مناظر بیان فرمائے، پھر قیامت کے دن مؤمنوں اور کافروں کے انجام کی خبر دی اور اُس کے بعد اب 'النزعت' آیت ۴۲ میں فرمایا ہے کہ یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا؟۔۔۔ چنانچہ۔۔۔ اے محبوب!۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۝۴۲ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝۴۳

پوچھتے ہیں تم سے قیامت کے بارے میں کہ "کب ہے اُس کا کھڑا ہونا؟" • کیا غرض تمہیں اُس کے بتانے سے •

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ۝۴۴

تمہارے رب کی طرف اُس کا انجام کار •

(پوچھتے ہیں تم سے قیامت کے بارے میں کہ "کب ہے اُس کا کھڑا ہونا؟" • کیا غرض تمہیں اُس کے بتانے سے)۔ یعنی آپ کا اُس ذکر سے کیا تعلق ہے، آپ کے فریضۂ نبوت میں قیامت کا وقت بتانا نہیں ہے بلکہ اُن عقائد واعمال کو اپنانے کی دعوت دینا ہے جو قیامت کے عذاب سے بچانے والے ہیں۔ آپ کا یہ بھی منصب نہیں کہ اللہ تعالیٰ سے پوچھ کر بتائیں کہ قیامت کب واقع ہوگی کیوں کہ ہے (تمہارے رب کی طرف اُس کا انجام کار)، یعنی قیامت کے وقوع کے علم کی انتہا اللہ تعالیٰ پر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مخلوق میں سے کسی کو اُس کے وقوع کا علم نہیں دیا۔

واضح رہے کہ ابتداء میں اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو قیامت کے وقوع کی خبر نہیں دی تھی، پھر بعد میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اُس کے وقوع کا علم عطا فرمادیا۔ مگر چونکہ اُس کی حکمتِ بالغہ یہی تھی کہ قیامت جس پر آئے اچانک آئے، تو اُس کے بتانے کو رسولِ کریم کے فریضۂ نبوت میں نہیں رکھا بلکہ کسی کو اُس کے وقوع کی خبر نہ دینا آپ پر لازم فرمادیا تا کہ قیامت حکمِ قرآنی کے مطابق جس پر آئے اچانک ہی آئے۔ نبی کریم قرآن کریم کی تصدیق فرمانے والے ہیں نہ کہ تکذیب کرنے والے۔ مذکورہ تفصیل کی روشنی میں آیتِ کریمہ کا مطلب یہ ہوا کہ قیامت کے وقوع کے علمِ ذاتی کی انتہا اللہ تعالیٰ پر ہے۔

تو اَے محبوب! آپ لوگوں کو قیامت کے وقوع کا وقت بتانے کے لیے نہیں مبعوث کیے گئے ہیں۔۔ بلکہ۔۔

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۝۴۵ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا

تم ڈر سنا دینے والے ہی ہو، جو اُسے ڈرے • گویا وہ لوگ جس دن دیکھیں گے اُسے،

اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝۴۶ ع ۴

تو نہیں ٹھہرے تھے دُنیا میں مگر ایک شام، یا اُس کے دن چڑھے تک •

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(تم ڈرسنا دینے والے ہی ہو جو اُسے ڈرے)، یعنی آپ کو اِس لیے بھیجا گیا ہے کہ آپ
لوں کو آخرت کے عذاب سے ڈرائیں اور آپ کا عذاب سے ڈرانا اِس پر موقوف نہیں ہے کہ آپ کو
مت کے وقوع کا علم ہو۔ رہ گئی یہ بات کہ آپ ڈرنے والوں کو ڈرانے آئے ہیں تو اِس کا مقصد
رف یہ ظاہر کرنا ہے کہ اَے محبوب! اگرچہ آپ سارے عالَم کے لیے نذیر ہیں اور سبھی کو ڈرانے والے
ں، مگر آپ کے ڈرانے سے وہی لوگ خاطر خواہ فائدہ حاصل کرسکیں گے جو خشیتِ الٰہی اور خوفِ
راوندی والے ہیں۔

رہ گئے وہ لوگ جنہوں نے عذاب سے اِنکار کیا تھا، جب اُن کو اُس عذاب میں مبتلا کیا جائے
، تو اُن کو یوں محسوس ہوگا کہ وہ ہمیشہ اِسی عذاب میں رہے ہیں اور دُنیا میں تو اُنہوں نے صرف دن کا
وڑا سا وقت گزارا تھا۔ چنانچہ۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ (گویا وہ) مکہ کے (لوگ) جنہوں نے قیامت
ے آنے کا وقت پوچھا تھا (جس دن دیکھیں گے اُسے تو) محسوس کریں گے کہ (نہیں ٹھہرے تھے دُنیا
ں مگر ایک شام۔۔یا۔۔اُس کے دن چڑھے تک)، یعنی اُس روز کی ہَول سے اپنی زندگی کی مدت بھول
ئیں گے اور ایسا سمجھیں گے کہ دُنیا میں نہ رہے تھے مگر ایک شام۔۔یا۔۔صبح۔

سورہ النازعات ۔۔۔ ﴿ ۵ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق۔۔ ۲۲ راکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ ﴾ ۔۔

﴿ ۶ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق۔۔ ۲۳ راکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ عَبَسَ

سُوْرَةُ عَبَسَ ۸۰ مکیہ ۲۴ — آیاتہا ۴۲ رکوعہا ۱

سورۂ عبس۔۔ ۸۰ مکیہ ۲۴ — آیاتہا ۴۲۔۔ رکوعہا ۱

روایت ہے کہ حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم آنحضرت ﷺ کی مجلس میں حاضر ہوئے،
اور آنحضرت ﷺ رؤسائے قریش کو دعوتِ اسلام کرنے میں مشغول تھے۔ عبداللہ ابن مکتوم
کو نابینا ہونے کے سبب سے یہ حال معلوم نہ ہوا کہ آپ کے پاس کوئی بیٹھا ہے اور آپ
اُس سے باتوں میں مشغول ہیں۔ آتے ہی بات کاٹ دی، آنحضرت ﷺ بات کاٹ دینے
سے رنجیدہ اور چیں بجبیں ہوئے اور عبداللہ کی طرف سے منہ پھیرلیا، تو حضرت جبرائیل
آیت لے کر حاضر ہوگئے۔ یہی اِس سورہ کی شانِ نزول ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی والی 'سورہ النازعات' کا مرکزی مضمون قیامت ہے، اور اِس سورہ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ قرآن سراپا تذکرہ ہے، جس کا ایک کام اعمال کی جزا اور سزا اور قیامت کا تذکرہ بھی ہے۔ اور اِس تقریب سے قیامت کا بھی ذکر فرمایا گیا ہے۔ اِن دونوں سورتوں کا یہ ربط ایک طرف بڑا گہرا ہے، دوسری طرف بڑے حقائق و معارف کا حاصل ہے۔ ایسی سورتِ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنوں کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓی ۙ﴿۱﴾ اَنۡ جَآءَہُ الۡاَعۡمٰی ؕ﴿۲﴾

تیوری چڑھائی اور رخ پھیر لیا• کہ آگیا اِن کے پاس ایک نابینا•

(تیوری چڑھائی اور رخ پھیر لیا) اِس سبب سے (کہ آگیا اُن کے پاس ایک نابینا)، یعنی عبداللہ ابن ام مکتوم۔

اُن کے نابینا ہونے کا ذکر کرنا رسول اللہ ﷺ کی بات کاٹ دینے میں اُن کا عذر ظاہر فرماتا ہے۔ اِس ارشاد میں بظاہر 'عتاب' محسوس ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ دُرحقیقت کے معنی میں 'عتاب' نہیں بلکہ بڑے پیار کے ساتھ 'ایک نصیحت' ہے، اس لیے کہ نبی کریم نے کوئی ایسا 'عمل' نہیں کیا تھا جو آپ کی 'شانِ نبوت' کے خلاف ہو۔ آپ روسائے قریش کو دعوت دینے میں اپنا فریضہ نبوت ہی ادا کر رہے تھے اور قریش کے ایسے سرداروں سے محو گفتگو تھے جن کی مخالفت سے اسلام کی اشاعت میں دشواری ہو رہی تھی، اس لیے آپ انہیں بار بار سمجھایا کرتے تھے۔

ایک دن اُنہیں سمجھا رہے تھے کہ حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم حاضر ہوئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ! مجھے تعلیم دیجیے۔ یہ بات انہوں نے کئی بار کہی۔ ظاہر ہے کہ یہ طریقہ آداب گفتگو کے خلاف ہے۔ تہذیب کلام یہ نہیں ہے کہ آدمی اپنی ہی کہے جائے اور مخاطب کے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

احوال وظروف کا لحاظ نہ رکھے۔ اور یہ تو نہایت نامناسب ہے کہ آدمی کسی سے بات کر رہا ہے اور کوئی دوسرا شخص اثنائے کلام میں اپنی بات چھیڑ کر سلسلۂ کلام کاٹ دے۔

یہاں حضرت ابن ام مکتوم سے یہی غلطی ہوگئی ہے جس پر حضور ﷺ کی برہمی ایک قدرتی بات ہے، لیکن یہ آپ کا 'خُلقِ عظیم' ہے کہ آپ نے اُن کو ایک حرف بھی نہیں کہا۔ پس چہرۂ مبارک پر برہمی کے آثار ظاہر ہوئے جس کا تذکرہ پہلی آیت میں ہے اور اس میں آپ کے اسی 'خُلقِ عظیم' کی طرف اشارہ ہے۔ اور جو اُن کی طرف ملتفت نہ ہوئے اور صنادیدِ قریش ہی کی طرف ملتفت رہے، اُس میں آپ کی مجبوری کو تیسری آیت میں بیان کر دیا گیا ہے کہ آپ کو معلوم نہ تھا کہ اگر اُس صحابی کو اُس وقت تعلیم دی جائے گی تو سدھر کر نکھر جائے گا، ورنہ آپ ضرور ملتفت ہوتے۔

لیکن چونکہ مستقبل میں یہی ہوگا کہ صنادیدِ قریش اپنی ضد اور کفر پر جمے رہیں گے اور جاں نثار صحابہ آپ کی تعلیم وارشاد سے نکھرتے جائیں گے، اس لیے اللہ پاک اِس پورے واقعہ کو بیان فرما کر بڑے پیار سے آپ کو نصیحت فرماتا ہے کہ دیکھئے اب ایسا نہ کیجیے گا کہ صنادیدِ قریش ہی کو سمجھانے میں رہ جائیں بلکہ جاں نثاروں پر زیادہ توجہ کیجیے۔

جہاں تک صنادیدِ قریش کو سمجھانے کا کام ہے وہ تو قرآن خود کر رہا ہے کہ قرآن تو سراپا تذکرہ ہے۔ اب جس کا جی چاہے اُس کو ذہن نشین کرے اور یاد رکھے۔۔ الحاصل۔۔ اگر آپ کا کوئی جاں نثار تعلیم کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہو تو آپ اُس پر خاص توجہ فرمائیں۔۔۔

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكَّىٰ ﴿٣﴾ أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنفَعَهُ الذِّكْرَىٰ ﴿٤﴾ أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَىٰ ﴿٥﴾

اور تمہیں کیا اٹکل کہ وہی پاکیزہ ہو جائے ● یا نصیحت لے، تو فائدہ دے اُسے نصیحت ● لیکن جس نے بے پرواہی برتی ●

فَأَنتَ لَهُ تَصَدَّىٰ ﴿٦﴾ وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّىٰ ﴿٧﴾ وَأَمَّا مَن جَاءَكَ

تو تم اُس کے لیے متوجہ ہوئے ● حالانکہ تمہارا کوئی نقصان نہیں اِس میں کہ وہ پاکیزہ نہ بنے ● لیکن جو آیا تمہارے پاس

يَسْعَىٰ ﴿٨﴾ وَهُوَ يَخْشَىٰ ﴿٩﴾ فَأَنتَ عَنْهُ تَلَهَّىٰ ﴿١٠﴾

دوڑتا ہوا ● اور وہ ڈر رہا ہے ● تو تم اُس کو ٹال کر اوروں سے مصروف رہے ●

(اور) یہ اس لیے کہ (تمہیں کیا اٹکل کہ وہی پاکیزہ ہو جائے) گناہوں سے (یا نصیحت لے تو

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فائدہ دے اُسے) تیرا (نصیحت) کرنا، (لیکن جس نے بے پرواہی برتی) اور بار بار نصیحت کرنے کے باوجود ایمان نہیں لایا، (تو) اس کے باوجود (تم اُس کے لیے متوجہ ہوئے) اس کے ایمان کے حرص پر کہ شاید وہ ایمان لائے۔ (حالانکہ تمہارا کوئی نقصان نہیں اُس میں کہ وہ پاکیزہ نہ بنے)۔ یعنی نہیں ہے تم پر وبال اِس کا کہ وہ بے پروا پاک نہ ہوا اسلام قبول کر کے، اس واسطے کہ تم پر فقط حکم پہنچادینا ہے بس۔ (لیکن جو آیا تمہارے پاس دوڑتا ہوا) تعلیم کی طلب میں، یعنی عبداللہ ابن ام مکتوم (اور وہ ڈر رہا ہے) خدا سے۔۔۔یا۔۔۔تیرے پاس آنے کی وجہ سے کافروں کی ایذاء سے، (تو تم اُس کو ٹال کر اوروں سے مصروف رہے)۔ اب آئندہ۔۔۔

## كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾

ایسا ہرگز نہ ہو، بے شک یہ آیتیں نصیحت ہیں●

(ایسا ہرگز نہ ہو) ورنہ جو مستفید ہو سکتا ہے وہ رہ جائے گا۔ لہٰذا تعلیم و تربیت میں اغنیاء و فقراء، اور اپنے پرائے کے درمیان کوئی تفریق نہ کی جائے۔

اِس فرمان میں غرباءِ امت کے لیے بے حد تسلی اور حوصلہ افزائی ہے۔ روایت ہے کہ جب حضرت جبرائیل یہ آیتیں پڑھتے تھے تو آپ کا چہرۂ مبارکہ متغیر ہوتا تھا۔ لباب میں لکھا ہے کہ اس سروِ جویبارِ رسالت کی نرگس ایک ساعت بے آب و تاب ہوگئی، یعنی جہان آپ کی نگاہ میں تیرہ و تار ہو گیا کہ آپ چلتے تھے اور راہ نظر نہ آتی تھی، اور قریب تھا کہ چہرۂ مبارک کا رنگ مکہ معظمہ کی دیواروں کو مشرف فرمائے۔

امام زاہد نے فرمایا کہ حضرت سید عالم ﷺ عبداللہ ابن ام مکتوم کے پیچھے گئے اور اُن کو پھیر کر مسجد میں پھر لائے اور اپنی چادرِ مبارک بچھادی اور اُن کا دل خوش کیا اور اُن کو اپنی چادر پر بٹھایا اور پھر جب کبھی آپ اُن کو دیکھتے تو اُن کا لحاظ کرتے اور فرماتے کہ "مرحبا اُس شخص کو کہ عتاب کیا مجھے اُس کے باب میں میرے رب نے۔" اور جہاد میں جاتے وقت دُوبار آپ نے مدینہ منورہ میں اُن کو اپنا خلیفہ کیا۔

اور جاننا چاہیے کہ یہ صورت جو واقع ہوئی آنحضرت ﷺ سے خطا نہ تھی، اس واسطے کہ حکم اجتہاد سے آپ نے یہ کام کیا تھا اور آپ کی کراہت ابن ام مکتوم کے سوءِ ادب سے تھی کہ اُنہوں نے آپ کی بات کاٹ دی، مگر نابینا ہونے کے سبب سے وہ معذور تھے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۔۔الحاصل۔۔اَے محبوب! حق یہ ہے کہ۔۔۔(بے شک یہ) قرآنی (آیتیں) تو خود ہی تذکرہ اور (نصیحت ہیں)۔ان کے بعد آپ ان کفار کو اتنا سمجھانے کی کاوش نہ کیجیے۔اب۔۔۔

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾

تو جس نے چاہا اُس نے نصیحت پائی۔۔● صحیفوں میں جو باعزت ● بلند رتبہ نہایت پاک ہیں ●

بِاَیْدِیْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾

ہاتھوں سے لکھے ● بزرگ نیک لکھنے والوں کے ●

(تو) یہی بات ہے کہ (جس نے چاہا اس سے نصیحت پائی)۔حکم ازلی میں اگر قرآن سے نصیحت پکڑنا اُن کے مقدر ہوگا تو یہ خود نصیحت حاصل کرلیں گے، آپ اُن کی ہدایت کے تعلق سے زیادہ فکرمند نہ ہوں۔یہ نصیحتیں لکھی گئی ہیں اُن (صحیفوں میں جو باعزت) ہیں خدا کے نزدیک، اور (بلند رتبہ) اعلیٰ قدر اور سب عیبوں سے (نہایت پاک ہیں)، جو (ہاتھوں سے لکھے ● بزرگ نیک لکھنے والوں کے)۔یعنی اُن صحیفوں کو 'لوح محفوظ' سے لکھنے والے فرشتے ہیں جو بزرگ ہیں خدا کے نزدیک ۔۔یا۔۔وہ فرشتے کریم اور مہربان ہیں مؤمنوں پر کہ اُن کے واسطے استغفار کرتے ہیں۔

سابقہ آیات میں حضرت ابن ام مکتوم والا واقعہ بیان فرما کر آنحضرت ﷺ کو نصیحت فرمائی گئی تھی کہ صنادید قریش کو اتنا سمجھانے کی کاوش نہ کیجیے بلکہ اُن کے مقابل مخلص صحابی کی طرف التفات کیجیے۔اور اب اگلے ارشاد میں صنادید قریش کی کافرانہ روش دکھا کر انہیں دعوتِ فکر دی جارہی ہے کہ یہ کتنی بڑی احسان فراموشی ہے کہ انسان اپنے خالق و مالک کو بھول جائے۔۔چنانچہ۔۔ارشاد ہوتا ہے۔۔۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَاۤ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ

غارت ہوا ایسا آدمی، کتنا بڑا ناشکرا ہے ● کس چیز سے پیدا فرمایا اُسے ● ایک قطرہ سے پیدا فرمایا اُسے۔

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾

پھر اندازہ کے موافق بنایا ● پھر راہ کو آسان کردیا اُسے ● پھر موت دی اُس کو، پھر قبر پہنچایا اُسے ●

(غارت ہوا ایسا آدمی) جو (کتنا بڑا ناشکرا ہے) کہ یہ بھی خیال نہیں کرتا کہ حق تعالیٰ نے (کس چیز سے پیدا فرمایا اُسے ● ایک قطرہ) آبِ منی (سے)، تو پانی کی ایک بوند سے (پیدا فرمایا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُسے۔ **پھر)** اُس کے وجود کی ہر چیز کو **(اندازہ کے موافق بنایا)** یعنی ہر چیز کو مناسب مقدار اور تناسب سے رکھا جو حالت اور ضرورت کے مطابق ہے۔ **(پھر)** بالیدگی، زندگی اور انسانیت کی **(راہ کو آسان کردیا اُسے)** کہ پیدا ہوا اور نشو و نما پائی یہاں تک کہ اپنی عمر کو پہنچا۔ **(پھر موت دی اُس کو)** اُس کی انتہائے عمر میں۔ **(پھر قبر پہنچایا اُسے)** اور قبر میں رکھوا دیا اور اِس طرح عالمِ برزخ میں پہنچا دیا۔

**ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾**

پھر جب مشیت ہوئی، تو اٹھایا اُس کو ● ہرگز نہ ہوا کہ پورا کردے جس کا حکم ہوا اُسے ●

**(پھر جب مشیت ہوئی تو اُٹھایا اُس کو)**۔ یعنی پھر جب چاہے گا زندہ کرے گا اُسے اور یہ زندہ کرنے کا وقت اُس کی مشیت سے متعلق ہے۔ **(ہرگز نہ ہوا کہ پورا کردے جس کا حکم ہوا اُسے)**۔ یعنی اُس کافر انسان نے ہرگز سوچ سمجھ سے کام نہیں لیا، اللہ نے اُسے جو حکم دیا اب تک اس کی تعمیل نہ کی اور عہدِ میثاق وفا نہ کیا اور ایمان اور طاعت کا حکم نہ مانا۔

اور بعضوں نے کہا ہے کہ سب آدمی مراد ہیں اس واسطے کہ کسی آدمی نے احکامِ الٰہی کے حقوق کماحقہٗ نہیں ادا کیے اور نہ ادا کرسکتا ہے۔

ذرا سوچو جو ایسا خالق و مالک ہو کہ موت و حیات سب اُس کے ہاتھ میں ہے، اشارہ کیا تو انسان پیدا ہوگیا، اور اشارہ کیا تو موت طاری ہوگئی، اب اگر انسان اُس کے احکام سے سرتابی کرے تو کیسی کور بختی اور کفر نگاہی ہے؟ --- ارشادِ خداوندی ہے کہ اگر خدائی قدرت و حکمت کے جلوے دیکھنے ہیں ---

**فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا**

تو انسان کو چاہیے کہ اپنی غذا کی طرف نظر کرے ● کہ بے شک ہم نے ڈالا پانی کو خوب ● پھر ہم نے شق کیا

**الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾**

زمین کو اچھی طرح ● پھر ہم نے اُگایا اِس میں دانہ ● اور انگور اور سبزیاں ● اور زیتون اور کھجور ●

**وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾**

اور گنجان باغ ● اور میوہ اور گھاس ● فائدے کو تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**(تو انسان کو چاہیے کہ اپنی غذا کی طرف)** نگاہِ عبرت سے **(نظر کرے)** اور دیکھے تو، کہ کس طور پر کھانا پیدا کیا جاتا ہے۔ اُسے صاف نظر آئے گا **(کہ بے شک ہم نے ڈالا پانی کو خوب)**، یعنی خوب ہی پانی برسایا۔ **(پھر ہم نے شق کیا زمین کو اچھی طرح)** اور طرح طرح کی چیزیں اُس میں اُگائیں ۔۔الحاصل۔۔ **(پھر ہم نے اُگایا اُس میں دانہ)** گیہوں، جَو اور اُس کے مثل، **(اور انگور اور سبزیاں)** اور پھل سیب وغیرہ، **(اور زیتون اور کھجور)** کے درخت، **(اور گنجان باغ)** چہار دیواری کھنچے ہوئے بہت سے بڑے بڑے درختوں والے، **(اور میوہ)** تَر اور خشک **(اور گھاس)** یعنی چراگاہ۔ یہ سب ہم نے کیا **(فائدے کو تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے)**۔

سابقہ آیات میں معاش کا بیان تھا اور اب آگے معاد کا بیان ہے۔ قرآن کریم کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ معاش کے ساتھ معاد کا بھی ذکر کرتا ہے۔ کائناتی علوم معاش ہی تک رہ جاتے ہیں معاد کی طرف رہنمائی نہیں کرتے، جس کی وجہ سے تعلیم میں بڑا خلا رہ جاتا ہے۔

معاش کے مسائل انسان خود اپنی عقل وفکر سے حل کر سکتا ہے اور کرتا ہی رہتا ہے، اس لیے معاش کے باب میں قرآنِ مجید انسان کی عقل وفہم کو بیدار کر کے کام میں لگا دیتا ہے اور اُس کی فنی تفصیل خود انسانی عقل ودانش کے حوالے کر کے وہ ہدایات دیتا ہے جو انسان کو معاشی معاملات میں خداترس اور نیک کردار بنائے رکھیں، باقی تمام توجہ معاد کی طرف مبذول کرتا ہے کیونکہ انسان اپنی عقل وفہم سے اُس کی تفصیل کا علم حاصل کرنے کی کوئی روشنی رکھتا ہی نہیں، اِس کو تو صرف وحی الٰہی بیان کرتی ہے۔

قرآنِ مجید کا نزول بالخصوص انہیں امور کے بیان کے لیے اور انسانیت کی تعمیر کے لیے ہوا ہے، اصالۃً اُن باتوں کو بیان کرنے کے لیے نہیں ہوا ہے جن کو انسان کی دانش وفکر بحسن وخوبی سمجھتی ہے اور اپنے ریسرچ اور تحقیق سے اُس کے مستقل فن بنا سکتی ہے ۔۔المختصر۔۔ قرآنِ کریم کے نزول کا اولین مقصد یہ ہے کہ جن 'حقائقِ الٰہیہ' تک انسانی عقل وادراک کی رسائی نہیں اُن کا علم عطا فرمائے، اور اس کے ذریعہ انسان کو خداترس اور پاکباز بنائے ۔۔نیز۔۔ خداترس اور پاکبازی کی مکمل تعلیم دے کر انسانیت کو اعلیٰ ترین بلندی پر پہنچا دے، یہی ہے قرآن مجید کا نصب العین۔ تو اگلی آیات میں معاد کا بیان ہے اور اسلوبِ بیان اتنا پیارا ہے کہ جو شخص معاصی اور خدا کی نافرمانی میں بالکل بے باک اور نڈر ہے، وہ بھی سوچ سمجھ کے پڑھے تو اس میں بھی اللہ کا ڈر پیدا ہو جائے، زندگی کے لیل ونہار بدلنے لگیں اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

خداترس اور پاکباز بن کر اعلیٰ ترین انسانوں کے مقام پر پہنچ جائے۔

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ﴿٣٣﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ﴿٣٤﴾ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ﴿٣٥﴾

توجب آپہنچی کان پھوڑ دینے والی چنگھاڑ● جس دن کہ بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے● اور اپنی ماں سے، اور اپنے باپ سے●

وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ﴿٣٦﴾

اور اپنی بیوی سے اور اپنے بیٹوں سے●

**(توجب آپہنچی کان پھوڑ دینے والی چنگھاڑ)** یعنی ایسی سخت آواز کہ جو سنے گا بہرا ہوجائے گا۔۔۔ اِس سے دوسری بار صور پھونکنا مراد ہے۔۔۔ جب یہ آواز آئے گی تو دیکھو گے بہت ہَولیں اور شدتیں۔ وہ دن **(جس دن کہ بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے)** باوجود موانست اور مہربانی کے، **(اور اپنی ماں سے)** باوصف اِس کے کہ اُس کے حق بہت ہیں، **(اور اپنے باپ سے)** باوصف اِس کے کہ اُس کی شفقت اور مہربانی کا جوش اپنے اوپر دیکھا ہے، **(اور اپنی بیوی سے)** باوجود اِس بات کے کہ وہ اُس کی مونس تھی، **(اور اپنے بیٹوں سے)** باوجود اِس خیال کے کہ یہ ہمارے معین اور مددگار ہیں۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ﴿٣٧﴾ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُسْفِرَةٌ ﴿٣٨﴾

ہر ایک آدمی کو اُن میں سے اُس دن ایک حال ہے، جو بس ہے اُس کے لیے● کتنے چہرے اُس دن روشن●

ضَاحِكَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ ﴿٣٩﴾ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿٤٠﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿٤١﴾

ہنستے ہوئے خوش خوش ہیں● اور کچھ منہ اُس دن ہیں جن پر گرد وغبار ہے● چڑھ رہی ہے اُن پر سیاہی●

أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿٤٢﴾ ع ۵

وہی ہیں کافر بدکار●

**(ہر ایک آدمی کو اُن)** اہلِ قیامت **(میں سے اُس دن ایک حال ہے جو بس ہے اُس کے لیے)**، جو اُسے دوسروں کے کام سے باز رکھے گا۔ اُس وقت نفسی نفسی کا عالم ہوگا، ہر شخص اپنے حال میں ایسا مشغول ہوگا کہ اس میں دوسروں کا حال دیکھنے اور سمجھنے کی سُدھ ہی نہ رہے گی۔ [illegible] میں تین باتیں ضروری ہوتی ہیں: (۱)۔۔ایمان (۲)۔۔عبادت [illegible]

تو قیامت کا دن وہ دن ہوگا کہ (کتنے چہرے اُس دن روشن) ہوں گے، یہ ایمان کا اثر ہے۔ اور کتنے چہرے (ہنستے ہوئے) ہوں گے، یہ عبادت کا اثر ہے۔ اور صاف نظر آئے گا کہ وہ (خوش خوش ہیں)، یہ گناہوں سے اجتناب کا اثر ہے۔

کافر میں ۲ دو باتیں ضرور ہوتی ہیں: ﴿۱﴾۔۔ عقیدہ میں کفر۔ ﴿۲﴾۔۔ عمل میں فجور۔ قیامت میں اِن دونوں کا اثر کفار کے چہروں پر ظاہر ہو جائے گا، (اور) اِسی لیے (کچھ منہ اُس دن ہیں جن پر) ذلت وفسق وفجور کی (گرد وغبار ہے)۔ اور اُن کا حال یہ ہوگا کہ (چڑھ رہی ہے اُن پر) کفر کی (سیاہی)۔ اور ایسا کیوں نہ ہو؟ اس لیے کہ (وہی ہیں کافر بدکار)، جھوٹے زیاں کار، تباہ کار بدکردار۔

**اختتام سورہ عبس** ۔۔۔ ﴿ ۷/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۲۴/ اکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

---

**۱۴/ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳۰/ اکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ** ﴾ ۔۔

# سُورَةُ التَّكْوِيرِ

سورۃ التکویر۔۔ ۸۱ مکیہ ۷ — آیاتہا ۲۹ ۔۔ رکوعہا ۱

تکویر کُوِّرَتْ کا مصدر ہے جو اِسی سورت کی پہلی آیت میں مذکور ہے، اِسی لیے اِس کو "سورہ تکویر" کہتے ہیں۔ اِس سے پہلے 'سورہ عبس' کے آخر میں قیامت اور احوالِ قیامت کا بیان ہے، اور اِس سورہ کی ابتداء بھی قیامت کے تذکرے سے ہو رہی ہے، اِس طرح دونوں سورتیں باہم خوب مربوط ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ اگر کسی کو خواہش ہو کہ روزِ قیامت کو یہیں سے دیکھ لے، یعنی اُس کے احوال وواقعات کا ایسا علم حاصل کرلے کہ گویا وہ اُس کو دیکھ رہا ہے، تو وہ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ اور اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ کو پڑھ لے۔

یعنی اِن تین ۳ سورتوں میں قیامت کا ایسا منظر دکھایا گیا ہے کہ اُن کو بغور پڑھنے والے کی نگاہوں کے سامنے قیامت کا نقشہ آجاتا ہے۔ ایسی چشم کشا اور بصیرت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ ۝۱ وَ اِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ ۝۲ وَ اِذَا الۡجِبَالُ

جب سورج لپیٹ دیا گیا ● اور جب تارے جھڑ گئے ● اور جب پہاڑ

سُیِّرَتۡ ۝۳ وَ اِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ ۝۴

چلائے گئے ● اور جب دس مہینہ کی گابھن اونٹنیاں آزاد چھوڑ دی گئیں ●

(جب سورج لپیٹ دیا گیا)، یعنی بساطِ آفاق سے اُس کے نور کا انبساط، یعنی پھیلنا زائل ہو گیا۔ (اور جب تارے جھڑ گئے)، یعنی نیچے گر پڑے۔۔یا۔۔بے نور ہو گئے۔ (اور جب پہاڑ چلائے گئے)، یعنی زمین سے اکھڑ کر فضا میں اُڑنے لگے۔ (اور جب دس مہینہ کی گابھن اونٹنیاں آزاد چھوڑ دی گئیں)، یعنی عرب کے نزدیک اُن کا جو قیمتی اور محبوب مال ہے اُن کا بھی کوئی پرسانِ حال نہیں رہ گیا اور اُن کا بھی کوئی خیال کرنے والا نہ رہا۔ الغرض۔۔سب کے سب اپنے پسندیدہ، محبوب اور قیمتی مال کی طرف بھی توجہ دینے سے عاجز ہو گئے، اور کسی کو اُن کی بھی سدھ نہ رہی اور وہ بدحواسی میں اِدھر اُدھر بھاگنے لگیں۔ اور کوئی اُن کی خبر لینے والا نہ رہا۔

وَ اِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ ۝۵ وَ اِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ ۝۶

اور جب کہ وحشی جانور اکٹھا کیے گئے ● اور جب سمندر بھڑکایا گیا ●

وَ اِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ ۝۷

اور جب جانیں جوڑی گئیں ●

(اور جب کہ وحشی جانور اکٹھا کیے گئے)۔ آج شیر بکری اکٹھا نہیں بیٹھتے لیکن قیامت شروع ہوتے ہی وہ بدحواسی ہوگی کہ دونوں اپنی فطرت بھول جائیں گے اور اس طرح یہ جنگلی جانور اکٹھا ہو جائیں گے۔ یہ شدید بدحواسی کا ظہور ہے۔ (اور جب سمندر بھڑکایا گیا)، یعنی اُن کا پانی آگ اور بھاپ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

میں تبدیل کر دیا گیا۔ (اور جب جانیں جوڑی گئیں)، یعنی جب جسم و جان کا پیوند پھر لگا دیا گیا۔
اِس کا مفہوم یہ ہے کہ مُردوں کا جسم پھر بنا دیا جائے گا اور اُن میں جان ڈالی جائے گی ۔۔یا۔۔ ہر ایک کو اُس کے مثلوں کے ساتھ ملا دیا جائے گا، جیسے صالح کو صالح کے ساتھ۔۔ اور۔۔ بدکار کو بدکار کے ساتھ۔۔یا۔۔ مؤمنوں کو 'حورعین' کے ساتھ اور کافروں کو شیاطین کے ساتھ۔

وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُىِٕلَتْ ﴿۸﴾ بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ﴿۹﴾

اور جب زندہ درگور لڑکی پوچھی گئی ● "کہ کس گناہ میں قتل کی گئی ہے؟" ●

(اور جب زندہ درگور لڑکی پوچھی گئی ● کہ کس گناہ میں قتل کی گئی ہے؟) یعنی اُن کے قاتلوں سے اُن کا حال پوچھیں گے کہ کس گناہ میں مار ڈالی گئیں۔
زمانۂ جاہلیت میں اکثر عرب کی عادت یہ تھی کہ مفلسی کے خوف سے۔۔یا۔۔ ننگ و عار کے مارے لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے، تو حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اُن کے قاتلوں سے سوال کریں گے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ لڑکی سے پوچھیں گے کہ تُو کیوں قتل کی گئی، اور اس سوال سے فائدہ یہ ہے کہ لڑکی جواب دے کہ مجھ کو بے گناہ قتل کیا ہے تا کہ اُس کا قاتل شرمندہ اور لاجواب ہو جائے۔

وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ﴿۱۱﴾ وَاِذَا الْجَحِیْمُ سُعِّرَتْ ﴿۱۲﴾

اور جب اعمال نامے کھول دیے گئے ● اور جب آسمان کی کھال کھینچی گئی ● اور جب جہنم بھڑکائی گئی ●

وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾

اور جب جنت نزدیک کی گئی ●

(اور جب اعمالنامے کھول دیے گئے)، جو بندوں کی موت کے وقت لپیٹے ہوں گے کھول دیئے جائیں گے کہ لو! اپنے اپنے اعمال نامے پڑھو، دیکھو دُنیا میں کیا کچھ کیا تھا؟ (اور جب آسمان کی کھال کھینچی گئی)، یعنی آسمانوں کی اوپری سطح اُتاری گئی جس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ آسمانوں کے اوپر جو چیزیں ہیں صاف نظر آنے لگیں گی۔ (اور جب جہنم بھڑکائی گئی)۔ اگر چہ جہنم آج بھی دہک رہی ہے لیکن قیامت کے روز اور بھی دہکائی جائے گی، اور زیادہ سے زیادہ غضبِ الٰہی کو ظاہر فرمایا جائے گا۔ (اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جب جنت نزدیک کی گئی) خدا کے دوستوں سے۔

یہ کل بارہ[۱۲] عظیم حادثات ہیں جن میں ابتدائی چھ[۶] حادثات پہلی بار صور پھونکنے سے ظہور میں آئیں گے۔ اور باقی چھ[۶] حادثات دوسری بار صور پھونکنے سے ظہور میں آئیں گے، تو جب یہ بارہ[۱۲] حادثات ظہور پذیر ہو گئے۔۔۔

## عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾

توجان لیا ہر ایک نے جو کچھ حاضر کر چکا ہے●

(توجان لیا ہر ایک نے جو کچھ حاضر کر چکا ہے) از قسمِ نیکی ۔۔یا۔۔ بدی ۔۔ بارہ[۱۲] حال جو مذکور ہوئے اُن میں چھ[۶] زمینِ دُنیا پر چھ[۶] زمینِ محشر پر جب تک نہ دیکھ لے گا آدمی نہ جانے گا کہ کیا کیا ہے۔ اور جب جانے گا تو دیکھے گا کہ ہر نیکی پر ایک بزرگی اور عطا ہے اور ہر بُرائی پر ایک ملامت اور عتاب ہے، تو نیکی پر حسرت کرے گا کہ کیوں زیادہ نہ کی اور بدی پر غم کھائے گا کہ میں نے کیوں کی، اور وہ حسرت اور غم کچھ فائدہ نہ دے گا۔

اب آگے حق تعالیٰ نے تین[۳] چیزوں کی قسم یاد فرمائی ہے اور وہ چیزیں ایسی ہیں جن کا عالَمِ بالا کے نظام سے تعلق ہے، جس نظام میں کسی شیطانی ۔۔یا۔۔ جناتی دَراندازی کا امکان نہیں۔ تاروں کی مخصوص رفتار ۔۔نیز۔۔ شام وسحر کا ہونا یہ سب عالَمِ بالا کے نظام ہیں۔ کیا اُن میں کوئی شیطان تصرف کر سکتا ہے؟ اور کیا اُن کو شیطانی کھیل تماشہ کہا جا سکتا ہے؟ یہ وہ حقیقت ہے جس کی طرف تارے اور شام وسحر رہنمائی کرتے ہیں، تو قرآن مجید اُن کی قسم ارشاد فرماتا ہے کہ۔۔۔

## فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ

تو نہیں کیا مجھے قسم ہے اُلٹے پھرنے والے● سیدھی چال والے، رک جانے والے ستاروں کی● اور قسم ہے رات کی

## اِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾

جب رخصت ہو● اور قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لے●

(تو نہیں کیا مجھے قسم ہے اُلٹے پھرنے والے● سیدھی چال والے رُک جانے والے ستاروں کی) جو دن کو چھپ جاتے ہیں، جانے والے ہیں اپنے غروب ہونے کی جگہوں میں اور چھپ جا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

والے ہیں شعاعِ آفتاب میں۔(اور قسم ہے رات کی جب رخصت ہو)، یعنی جب پیچھے جائے اور اندھیرا جاتا رہے۔۔الحاصل۔۔رات کی قسم جب کہ جانے لگتی ہے۔(اور قسم ہے صبح کی جب وہ سانس لے)، یعنی جبکہ وہ نمودار ہو اور طلوع کرے، اور اس کا دم لینا اس کے طلوع کی ابتداء ہے۔۔۔حق تعالیٰ یہ قسمیں فرما کر ارشاد فرماتا ہے۔۔۔

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾

کہ بلاشبہ یہ یقیناً لایا ہوا پیغام ہے باعزت قاصد کا ● قوت والا عرش والے کے یہاں، معزز ●

مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾

اُس کا کہا مانا جائے ہے، وہاں امانتدار ●

(کہ بلاشبہ یہ یقیناً لایا ہوا پیغام ہے باعزت قاصد کا) یعنی حضرت جبرائیل کا جو (قوت والا) ہے، ایسا کہ ایک سخت آواز سے قومِ ثمود کو ہلاک کر دیا اور اپنی طاقت سے موتفکات کو اکھاڑ پھینکا، اور (عرش والے کے یہاں معزز) ہیں۔اُن کی جاہ و منزلت کا عالم یہ ہے کہ (اُس) ذات (کا کہا مانا جائے ہے)، یعنی جو کچھ وہ حکم فرماتے ہیں سب آسمانوں کے فرشتے ان کا حکم مانتے ہیں۔(وہاں امانت دار) وحی پہنچانے میں۔۔الحاصل۔۔۔یہ قرآن اُس فرشتے کی زبانی پیغامِ الٰہی ہے جو اللہ کا پیغام پہنچانے والا فرشتہ ہے، بڑا ہی معزز ہے، بڑی زبردست قوت والا ہے، مالک عرش کی جناب میں بڑا جاہ و مرتبہ رکھتا ہے، آسمان پر سردار ہے جس کی اطاعت کی جاتی ہے اور بہت بڑا امین ہے۔

یہ سب قرآن مجید لانے والے فرشتے یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام کے اوصاف ہیں۔

پہلے تو قسم کی روشنی میں اچھی طرح وضاحت فرمادی گئی کہ جب عالمِ بالا کے نظام میں شیطانی دراندازی ممکن نہیں، تو یقینی بات ہے کہ قرآن مجید کی تنزیل میں جو عالمِ بالا سے ہوتی ہے اُس میں کسی شیطانی۔۔یا۔۔جناتی دَراندازی کا امکان ہی نہیں۔مزید وضاحت کے لیے قرآن مجید لانے والے فرشتے کے وہ اوصاف بیان کر دیئے جن میں ہر وصف ایک مستقل ثبوت ہے کہ وہ شخصیت جو اِس وصف کی حامل ہے اُس کے کام میں جناتی اور شیطانی مداخلت کا شائبہ بھی ناممکن ہے۔

غور فرمائیے کہ یہی حضرت جبرائیل امین اللہ کے نبیوں کے پاس پیغام لاتے رہے، اُن کا حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک طویل العہد منصبِ پیام رسانی ثبوت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہے کہ یہ اپنے فریضے کو کس خوبی اور ذمہ داری سے انجام دیتے رہے ہیں۔ جب اُس طویل مدت میں شیطان کبھی اُن کی پیام رسانی میں دَراندازی نہ کرسکا، تو کیا اُن کے قرآن لانے میں دراندازی کرسکتا ہے؟ اور اس معزز پیغام رساں کی پیغام رسانی کیا درجہء اعزاز سے گرسکتی ہے؟ اور کیا اس میں شیطانی مداخلت کا کوئی بھی امکان ہوسکتا ہے؟ اور جب اُن کی قوت مخلوق کے لیے فوق الادراک ہو تو کیا اُس پر شیطان کا زور چل سکتا ہے؟

قوت کے بیان میں اِس کا بھی اشارہ ہے کہ اُن کی قوتِ حافظہ ناقابلِ ادراک حد تک قوی ہے۔۔لہٰذا۔۔ جو وحی وہ لاتے ہیں اُس میں نسیان کا وہم وگمان بھی نہیں ہوسکتا۔ یقیناً وہ وحی الٰہی کی خدمت پوری ذمہ داری سے انجام دیتے ہیں اسی لیے تو بارگاہِ حق میں قدر و منزلت والے ہیں، تو ایسی شخصیت کے کام میں کیا شیطان دَراندازی کی کچھ بھی جسارت کرسکتا ہے؟۔

اور پھر یہ عالَمِ ملکوت کے افسر اور مطاع ہیں۔ اُن کے تقدس اور برتری کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ معصوم فرشتوں کے افسر ہیں، تو یہ پیغام رسانی میں ہر جرم وخطا سے پاک ہیں۔ تو جس میں جرم وخطا کا امکان ہی نہیں کیا شیطان اُس پر دسترس پاسکتا ہے؟ اور پھر جب اُن کی معصومیت ہر طرح محفوظ ہے تو اُن کی امانتداری بھی شیطان کی دَراندازی سے سرتاپا محفوظ ہے۔۔الغرض۔۔اُن کے کاموں میں شیطان کی مداخلت بالکل ناممکن ممتنع اور محال ہے۔

ان تمام ذکر و بیان میں کفارِ عرب کے اس خیال کی اصلاح ہے جو کورفہمی سے یہ سمجھتے تھے کہ قرآن مجید میں جو غیبی حقائق ہیں وہ محمد بن عبداللہ ﷺ خود تو جان نہیں سکتے، پس یہ کسی جن۔۔یا۔۔شیطان کا الہام ہے۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اُن کی اصلاحِ فکر و نظر کے لیے اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں نازل فرمائی ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ مذکورہ بالا ارشاد میں "رسول کریم" سے آنحضرت ﷺ مراد ہیں، تو وہ طاعت میں صاحبِ قوت ہیں، خدا کے نزدیک صاحبِ قدر ومنزلت ہیں، مطاع یعنی 'مستجاب الدعوات' ہیں، امین یعنی اسرارِ غیب کے امانت دار ہیں۔

وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ عَلَى

اور نہیں ہیں تمہارے ساتھ رہنے والے مالک مجنون ● اور یقیناً بے شک دیکھ چکے ہیں انہیں صاف کنارہ پر ● اور نہیں ہیں وہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ﴿٢٤﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ﴿٢٥﴾ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ﴿٢٦﴾**

غیب بتانے میں بخیل● اور نہیں ہے وہ بولی شیطان مردود کی● تو کہاں تم لوگ جارہے ہو؟●

**(اور نہیں ہیں تمہارے ساتھ رہنے والے مالک مجنون)** جیسا کہ تم گمان کرتے ہو اے کافرو! **(اور یقیناً بے شک)** یہ تمہارے مالک **(دیکھ چکے ہیں انہیں)** یعنی حضرت جبرائیل کو اُن کی اصل شکل میں **(صاف کنارہ پر)**، یعنی آفتاب طلوع ہونے کی جگہ پر۔ **(اور نہیں ہیں وہ غیب بتانے میں بخیل)** کہ جو کچھ اُنہیں وحی پہنچے وہ تم کو تعلیم نہ دیں اور تم سے چھپائیں۔ **(اور نہیں ہے وہ)** یعنی قرآن **(بولی شیطان مردود کی)**۔

کفارِ مکہ یہ کہا کرتے تھے کہ شیطان آپ کے پاس اِس قرآن کو لے کر آتا ہے اور آپ کی زبان پر اِن کلمات کا اِلقاء کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اِس آیت میں اُن کے قول کا رد فرمایا ہے۔۔۔

**(تو کہاں تم لوگ جارہے ہو)**، یعنی اسلام کے اِس سیدھے اور واضح راستہ کو چھوڑ کر تم کہاں جارہے ہو؟ اور ذہن نشین کرلو کہ۔۔۔

---

**إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ﴿٢٧﴾ لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ ﴿٢٨﴾**

وہ بس نصیحت ہے سارے جہان کے لیے● جس نے چاہا تم میں سے کہ سیدھی چال چلتا رہے●

ع ۲۹ ۱ **وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ﴿٢٩﴾**

اور کیا چاہو گے تم، مگر یہ کہ چاہے اللہ، رب العٰلمین●

**(وہ)** یعنی قرآن **(بس نصیحت ہے سارے جہان کے لیے● جس نے چاہا تم میں سے کہ سیدھی چال چلتا رہے)**۔ یعنی اگرچہ قرآن مجید اپنی ذات میں تمام مخلوق کے لیے ہدایت ہے لیکن اِس سے فائدہ وہی لوگ اُٹھا سکتے ہیں جو خود بھی سیدھے راستہ پر چلنا چاہتے ہوں۔ **(اور کیا چاہو گے تم مگر یہ کہ چاہے اللہ)** تعالیٰ جو **(رب العالمین)** ہے۔

اِن دونوں آیتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ استقامت کا فعل استقامت کے ارادہ پر موقوف ہے اور یہ ارادہ اس پر موقوف ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ ارادہ عطا فرمائے۔ خلاصہ یہ ہے کہ بندوں کے افعال اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہیں۔ اِس باب میں تحقیق یہ ہے کہ بندہ جس فعل کو اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اُس میں وہ فعل پیدا فرما دیتا ہے۔ بندہ کے اختیار کو

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

'کسب' کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فعل کو 'خلق' کہتے ہیں۔ بندہ 'کاسب' ہے اور اللہ تعالیٰ 'خالق' ہے۔

اختتام سورہ التکویر ۔۔۔ ﴿ ۱۳ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳۰ اکتوبر ۲۰۱۲ء بروز ...

---

... ﴿ ۱۴ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳۱ اکتوبر ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ...

# سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ

سورۃ الانفطار ۔۔ ۸۲ مکیہ ۸۲ — آیاتہا ۱۹ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام 'انفطار' ہے کیونکہ اِس سورت کی پہلی آیت میں **انْفَطَرَتْ** کا لفظ ہے اور اِس کا مصدر انفطار ہے۔ یہ سورت اور اِس سے سابق سورت دونوں میں احوالِ قیامت اور مجازات کا بیان ہے، اس طرح دونوں باہم خوب مربوط ہیں۔ کفارِ مکہ ہر طرح کی بُرائیاں کیا کرتے اور جب کوئی نصیحت کرتا تو بے تامل کہہ دیتے کہ اللہ بڑا بخشنے والا ہے۔ اس فریبِ نفس نے فسق اور فجور میں اُن کو بڑا بے باک بنا دیا تھا۔ یہ سورۂ پاک اُن کے فکر و ذہن کی اصلاح، بے لگام معصیتوں کے انسداد اور اعمال کے سدھار کے واسطے نازل ہوئی۔ شروع کی پانچ آیتوں میں قیامت کا ذکر ہے جس کا تصور انسان کو انسان بناتا ہے اور گناہوں کی بے باکی کی جڑ، بنیاد سے اکھڑ جاتی ہے، اور اِس بات پر تنبیہ ہو جاتی ہے کہ اللہ کا قانونِ مجازات اپنا کام کرے گا۔ ایسی مبارک اور حقائق افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

**اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۝۱ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۝۲ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝۳**

جب آسمان پھٹ پڑے ● اور جب تارے جھڑ گئے ● اور جب سارے دریا بہا دیے گئے ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَ اِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝۴

اور جب قبریں اُکھیڑ دی گئیں●

**(جب آسمان پھٹ پڑے● اور جب تارے جھڑ گئے)۔**

'تبیان' میں ہے کہ تارے قندیلوں کی طرح طاقِ فلک کے سامنے سے نور کی زنجیروں میں لٹکتے ہیں، اور وہ زنجیریں فرشتوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ جب اہلِ آسمان مر جائیں گے تو زنجیریں اُن کے ہاتھوں سے گر پڑیں گی اور تارے زمین پر آ پڑیں گے، اور اِس طرح نظامِ سماوی درہم برہم ہو جائے گا۔

**(اور جب سب سارے دریا بہا دیے گئے)**، یعنی اُن کے حدود توڑ کر سب کو ایک کر دیا گیا اور دو دریاؤں کے درمیان جو برزخ ہے اُس کو ختم کر دیا گیا۔ **(اور جب قبریں اُکھیڑ دی گئیں)**، یعنی تلے اوپر کر دی گئیں۔ جس سے قبروں کا بھی یہ عالم ہو جائے گا کہ نیچے کی مٹی اوپر اور اوپر کی مٹی نیچے جائے گی اور اِس طرح نظامِ اَرضی بھی ٹوٹ جائے گا۔

۔۔الختصر۔۔ عالَمِ آخرت کی بنیاد چار انقلاب پر ہے۔ اُن میں دو آسمان کے انقلاب ہیں: ﴿۱﴾۔۔آسمان کا پھٹ جانا، ﴿۲﴾۔۔ستاروں کا ٹوٹ کر زمین پر گر پڑنا۔۔۔ اور دو زمین کے انقلاب ہیں: ﴿۱﴾۔۔سمندروں کا حدود توڑ کر بہنا اور ایک ہو جانا، ﴿۲﴾۔۔زمین کا تہ و بالا ہو جانا جس سے قبروں کا بھی یہ عالَم ہو جائے گا کہ نیچے کی مٹی اوپر اور اوپر کی مٹی نیچے آ جائے گی۔ اِنہیں چاروں انقلاب سے جسمِ انسانی کی جدید تکوین ہوگی اور روحِ انسانی میں وہ پاور آ جائے گا جو عالَمِ آخرت کی زندگی کے لیے ناگزیر ہے۔

۔۔الحاصل۔۔ آسمان کے پھٹ جانے اور ستاروں کے گر پڑنے سے ایسا ہوگا کہ یہاں کی روحیں یہاں سے نکل کر انسانی روحوں سے تعلق جوڑیں گے، اِس سے انسانی روحوں میں بڑی قوت آ جائے گی، حتیٰ کہ اُن کا اشراق اِتنا بڑھ جائے گا کہ دُنیا میں جتنے کام کیے تھے اُن کا بھی علم ہو جائے گا اور جو کام چھوڑ دیے تھے اُن کا بھی۔۔۔

---

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ اَخَّرَتْ ۝۵

تو جان لیا ہر ایک نے جو آگے بھیجا، اور جو پیچھے کیا●

**(تو جان لیا ہر ایک نے جو آگے بھیجا اور جو پیچھے کیا)** یعنی جو پیچھے چھوڑا عمل ۔۔یا۔۔ توبہ کا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ترک کرنا۔

اور بعضوں نے کہا کہ جانے گا ہر شخص کہ اُس نے اوّل عمر میں کیا کیا اور آخر میں کیا کیا --قصہ مختصر-- تمام سمندروں کے ایک ہو کر جوش وطغیانی سے بہنے پر ایسا ہوگا کہ اُن کا کچھ پانی آتشی مادہ بن کر جہنم کو بھڑکائے گا، اور کچھ پانی زمین میں جذب ہو جائے گا جس سے زمین میں رطوبت اور نرمی پیدا ہو جائے گی کہ انسانی جسم بننے کی صلاحیت آجائے-- چنانچہ --اُس سے ہر شخص کا جسم بن کر تیار ہو جائے گا پھر اسرافیل علیہ السلام کے صور پھونکنے سے ہر روح اپنے جسم کے اندر آجائے گی، اس طرح 'نشأۃ ثانیہ' اور جدید تکوین ہو جائے گی، جس کا مقصد اچھے بُرے اعمال اور اُن کے نتائج کا انسان کے سامنے آجانا ہے۔ پھر اچھے لوگوں کے لیے جنت اور بُروں کے لیے جہنم ہے۔ یہی حقیقت ہے جس کی بنا پر آسمان اور زمین کے اِن چاروں انقلابات کے بعد اعمالِ انسانی کے انکشاف اور اُن کے نتائج کو بیان فرمایا گیا ہے-- تو--

---

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾

اَے انسان! کس چیز نے دھوکہ دیا تجھے؟ اپنے کرم والے رب سے●

(اَے) دھوکہ میں پڑے ہوئے (انسان! کس چیز نے دھوکہ دیا تجھے اپنے کرم والے رب سے) کہ تُو کافر ہو گیا؟

آدمی گناہ میں کیوں منہمک ہے؟ اور معاصی میں بے باکی اور بے خوفی کیوں ہے؟ اُس کے اصلی اسباب دو ہی ہیں یا تو قیامت اور اس کے محاسبہ اور مواخذہ کا کوئی تصور ہی نہیں --یا-- انسان نے اللہ کی شانِ کریمی کو بہت ہی غلط طور پر سمجھا ہے اور اس دھوکہ میں پڑا ہے کہ ربِّ کریم مواخذہ کے موقع پر بھی نوازش ہی فرمائے گا، حالانکہ یہ تصور عدلِ خداوندی کا اِنکار ہے اور روزمرہ کے مشاہدہ کی تکذیب ہے۔

کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اللہ کی پکڑ بہت سخت ہے۔ ظالم اور جرم شعار قومیں کیوں تباہ ہوئیں؟ اور آج بھی اُس تباہی کے نظارے نگاہوں کے سامنے کیوں آتے جاتے ہیں؟ بتاؤ یہ تباہیاں اللہ کی پکڑ ہیں --یا-- کرم فرمائی ہے؟ یہی حقیقت ہے جس کو قرآنی ارشاد میں یوں ظاہر کیا گیا ہے کہ اَے انسان! آخر کس چیز نے تجھے اپنے ربِّ کریم کے متعلق

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

دھوکہ میں رکھا ہے۔ یعنی تُو نے یہ کیسے گمان کرلیا ہے کہ وہ مواخذہ کی جگہ پر بھی نوازش ہی فرمائے گا۔

شانِ کرم کا یہ مطلب ہی نہیں کہ کچھ بھی کرو اللہ کرم ہی فرمائے گا، بلکہ شانِ کرم یہ بھی ہے کہ مظلوم کی دادرسی کی جائے اور ظالم کو سزا دی جائے۔ اگر اچھوں کو انعام و اکرام سے نوازنا شانِ کرم ہے تو فاجروں کو اعمالِ بد کی سزا دینا بھی شانِ کرم ہے، تاکہ دُنیا کو عبرت ہو ، برائی نہ پھیلے اور عالَم تباہ و برباد نہ ہو۔ جس طرح دُنیا میں فاجروں کو سزا دینا شانِ کرم کی ایک نمود ہے اُسی طرح آخرت میں سزا دینا بھی شانِ کرم کا ایک ظہور ہے۔ اگر تمہاری معصیت کا پردہ فاش نہیں ہوتا تو دھوکہ نہ کھاؤ کہ آئندہ بھی یہی معاملہ رہے گا۔

۔۔الحاصل۔۔ اللہ کی کریمی کا تقاضہ یہی ہے کہ اطاعت گزاروں کو نوازا جائے، نافرمانوں اور اطاعت گزاروں کو ایک درجہ میں نہ رکھا جائے، مظلوم کی دادرسی کی جائے اور ظالم کو سزا دی جائے۔ جب اللہ کی کریمی کا تقاضہ یہ ہے تو اُس کی کریمی پر کیوں بھولے ہو؟ اُس کی کریمی پر بھولے رہنا بہت بڑی بھول اور بہت بڑا دھوکہ ہے۔ اُس کی کریمی ہم سے یہ چاہتی ہے کہ اُس لطف و کرم پر ہم حمد و شکر کریں اور فرمانبردار بنے رہیں اور نافرمانی سے بچیں۔ یہی ہے انسان سے اللہ کی کریمی کا تقاضہ۔

۔۔الغرض۔۔ یہ سمجھنا کہ ہم کچھ بھی کریں وہ کرم ہی فرمائے گا سمجھ کی بات نہیں ہے، کور فہمی ہے کج عقلی ہے، بدبختی ہے، شقاوت ہے، تباہی ہے، دُنیا اور آخرت کی رُوسیاہی ہے۔ تو لوگو! برائیوں سے بچو اور اللہ سے یہ دُعا مانگو:۔۔۔"یا اللہ! ہم تجھ سے اُن اعمال کی توفیق مانگتے ہیں جن کے کرنے سے تیری رحمت ضرور ہوتی ہے اور تیری مغفرت لازمی ہو جاتی ہے۔ ہم تجھ سے دُعا مانگتے ہیں کہ ہر گناہ سے بچا، ہر طرح کی نیکی کے ثمرات عطا فرما، ہمیں جنت دے کر فائز المرام بنادے، اور جہنم سے نجات دے"۔۔۔اب آگے ربِّ کریم کی شانِ کرم کے چار مظاہر کا ذکر فرمایا جارہا ہے کہ ربِّ کریم وہ ہے۔۔۔

الَّذِىْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝

جس نے پیدا فرمایا تجھے، تو سڈول بنایا تجھ کو، پھر اعتدال پر لایا تجھ کو●

(جس نے پیدا فرمایا تجھے)، اور پیدا کرنے کا نقطۂ آغاز یہ ہے کہ آفرینش کے مادّے عدم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سے وجود میں لائے جائیں اور تشکیل دی جائے، انسان کی تخلیق بھی ایسی ہی ہے۔

اس کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان جس کام کے لیے پیدا کیا گیا ہے اُس کے لیے سراپا عمل بن جائے اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی بندگی ہی کے لیے پیدا کیا ہے تو اس پر لازم ہے کہ بندگی سے باہر قدم نہ رکھے، اور کوئی کام ایسا نہ کرے جو بندگی کے خلاف ہو۔ جب ربِّ کریم ہمارا خالق ہے تو ہمارے وجود کی ہر چیز اُسی کی ہے ۔۔لہٰذا۔۔ سب کو اُسی کی بندگی اور اطاعت میں لگانا چاہیے۔۔ الغرض۔۔ خدا نے تجھے پیدا فرمایا۔۔۔

(تو سڈول بنایا تجھ کو) یعنی جیسا چاہیے ٹھیک ویسا ہی بنایا، یعنی ویسے ہی اعضاء اور ویسے ہی قویٰ دیئے جیسے انسانی کمالات حاصل کرنے کے لیے درکار ہیں، تو اب لازمی ہے کہ انسان اپنے تمام اعضاء اور قویٰ کو صرف انہیں کاموں میں لگائے جن سے انسانی کمالات حاصل ہوں اور انسانیت ترقی کرتی جائے اور تمام بُرے کاموں سے بچے جن سے انسانیت، ایمان اور اخلاق تباہ ہوتے ہیں۔ (پھر اعتدال پر لایا تجھ کو)۔ اعتدال و تناسب کا آئین یہ ہے کہ تمام اعضا اور قویٰ میں ایسا توازن و تناسب رکھا گیا ہے کہ اعتدال کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔

تو اعتدال پر لانے کا معنی یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تیری خلقت میں 'تعدیل' رکھی ہے کہ بہترین حالت 'عدل و اعتدال' پر تیری تخلیق فرمائی ہے۔

اُسی اعتدال کی بنا پر تجھے ایسا بنایا ہے کہ تجھ میں قدرتِ عمل، عقل اور قوتِ فکر کی صلاحیت آگئی ہے اور اُس کے ذریعہ تجھے حیوانات اور نباتات پر غالب اور متصرف بنادیا، اور کمال کے اس درجے پر پہنچادیا کہ عالَمِ عنصری کی کوئی مخلوق اس درجہ پر نہ پہنچ سکی اور نہ پہنچ سکتی ہے۔ اسی کا نام ہے انسانی خلقت میں 'قانونِ تعدیل' اور 'آئین اعتدال و تناسب'۔ اِس کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان ہر کام میں اعتدال روی سے کام لے اور گناہوں میں مبتلا ہوکر اپنی معتدل فطرت کو مسخ نہ کرے۔۔ المختصر۔۔ حق تعالیٰ نے تجھے اعتدال میں لاکر پھر۔۔۔

فِیۡۤ اَیِّ صُوۡرَۃٍ مَّا شَآءَ رَکَّبَکَ ؕ﴿۸﴾

جس صورت میں چاہا تیری ترکیب فرمائی●

(جس صورت میں چاہا تیری ترکیب فرمائی)۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ترکیب حسبِ مشیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کو منظور ہوا کہ انسان کو اپنا خلیفہ بنائے۔ اُس مشیت کی رو سے انسان کے لیے ایسی شکل وصورت کی ضرورت تھی جو تمام انسانی قویٰ، ادراک، شعور، عقل اور ضمیرِ انسانی کے اندرونی تحریکات، انبعاث وجذبات اور انسانی قوتِ عمل کا محل بن سکے، تاکہ انسان خلافتِ الٰہی کے امور کو انجام دے سکے۔ اِس کے لیے مشیتِ حق نے انسان کی موجودہ شکل وصورت تجویز فرمائی اور اُس کے اجزاء، عناصر اور قویٰ کی اِس طرح ترکیب وتشکیل کردی کہ بہترین پیکر میں انسان کی آفرینش ہوگئی۔

انسان کی اِس ترکیب وتشکیل کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان اللہ کا خلیفہ بن کر خلافتِ الٰہی کے فرائض انجام دے اور اچھی طرح سمجھ لے کہ اِسے جو قوتیں بخشی گئی ہیں اُن سے صحیح کام لے اور بار بار اِس کا تصور کرتا رہے کہ جو کچھ وہ کررہا ہے اُس کی جواب دہی اس کے ذمہ ہے۔ کیونکہ وہ مالک نہیں خلیفہ اور نائب ہے، جسے مالک کے سامنے ایک ایک چیز کا حساب دینا ہوگا۔

غور کیجیے کہ قرآن مجید نے اللہ کی شانِ کریمی کے اِن چار پہلوؤں یعنی تخلیق، تسویہ، تعدیل اور حسبِ مشیت ترکیب کو پیش فرما کر انسان کے سامنے کتنے بلند حقائق رکھے ہیں اور انسانیت کی کتنی بلند تعلیم دی ہے۔۔۔ اب آگے یہ ارشاد فرمایا جارہا ہے کہ اِن منکرین جزاء وسزا نے اللہ کی شانِ کریمی کا مفہوم غلط طور پر سمجھ لیا ہے، تو اَے منکرو!۔۔۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ ﴿٩﴾ وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ ﴿١٠﴾ كِرَامًا كَاتِبِينَ ﴿١١﴾

ہرگز نہ ہونا چاہیے تھا، بلکہ تم جھٹلاتے ہو انصاف ہونے کو● اور بے شک تم پر یقیناً نگراں ہیں● معزز لکھنے والے●

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ ﴿١٢﴾

وہ جانتے ہیں جو کرتے ہو●

(ہرگز نہ ہونا چاہیے تھا) کہ تم ایسا سمجھو، اور صرف یہی نہیں (بلکہ تم جھٹلاتے ہو انصاف ہونے کو)، یعنی تم لوگ ازراہِ عناد جزاء وسزا کو جھوٹ سمجھتے ہو۔ (اور) حقیقت یہ ہے کہ (بے شک تم پر یقیناً) فرشتے (نگراں ہیں) جو خدائے بزرگ کے نزدیک (معزز) ہیں اور روزانہ تمہارے اعمالنامے (لکھنے والے) ہیں۔ اور (وہ) بخوبی (جانتے ہیں) تم (جو کرتے ہو) نیک اور بد، تو وہ اپنے علم کی رو سے لکھتے ہیں۔۔تو۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿۱۳﴾ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ ﴿۱۴﴾ يَصْلَوْنَهَا

بے شک ابرار لوگ راحت میں ہیں● اور بدکار لوگ یقیناً جہنم میں ہیں● جائیں گے اُس میں

يَوْمَ الدِّينِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ ﴿۱۶﴾

روز جزا● اور نہیں ہیں وہ اُس سے غائب ہوسکنے والے●

(بے شک ابرار لوگ) یعنی فرمانبردار لوگ (راحت میں) یعنی بہشت میں (ہیں● اور) البتہ (بدکار لوگ) یعنی جھوٹے، حشر کے منکر (یقیناً جہنم میں ہیں)، یعنی (جائیں گے اُس میں روز جزاء● اور نہیں ہیں وہ اُس سے غائب ہوسکنے والے) یعنی ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے کبھی نہ نکلیں گے۔

---

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ ﴿۱۸﴾

اور کیا اٹکل تمہیں، کہ کیا ہے روزِ جزا؟● پھر کیا اٹکل تمہیں، کہ کیا ہے روزِ جزا؟●

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۖ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ ﴿۱۹﴾ ع

جس دن کہ نہ اختیار رکھے گا کوئی ناکس کسی ناکس کا کچھ۔ اور حکم اُس دن اللہ کا ہے●

(اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے روزِ جزاء؟● پھر کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے روزِ جزاء)۔۔۔ یہ مبالغہ وتکرار اُس روز کی شان کی تعظیم کی جہت سے ہے۔ یعنی اُس کی کیفیت اپنے گمان سے کوئی نہیں دریافت کرسکتا۔۔۔ وہ دن ایسا دن ہوگا (جس دن کہ نہ اختیار رکھے گا کوئی ناکس) یعنی جسے اِذنِ شفاعت نہ ملے (کسی ناکس کا) یعنی اُس کا جس کے لیے اِذنِ شفاعت نہ ملے (کچھ)، یعنی کوئی یہ طاقت نہیں رکھے گا کہ اپنی ذاتی قوت۔۔۔یا۔۔۔قدرت سے کسی کو کچھ نفع۔۔۔یا۔۔۔ضرر پہنچا سکے۔ (اور حکم اُس دن اللہ) تعالیٰ (کا ہے)، جسے اور جس کے حق میں چاہے گا مرتبۂ شفاعت عطا کرے گا۔ جسے چاہے گا جنت میں داخل فرمائے گا اور جسے چاہے گا دوزخ میں بھجوائے گا۔

والانفطار ۔۔۔ ۱۴ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳۱ اکتوبر ۲۰۱۲ء

ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ یکم نومبر ۲۰۱۲ء

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آیاتہا ۳۶ ۔۔ رکوعہا ۱

# سُورَةُ المُطَفِّفِين

سورۃ المطففین ۔۔ ۸۳ مکیہ ۸۶

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اس سورہ کی اپنے ماقبل کی سورت سے یہ مناسبت ہے کہ دونوں میں قیامت کا بیان ہے۔ 'انفطار' میں قیامت کے اُن احوال کا بیان ہے جو قیامت کے شروع میں پیش آئیں گے۔ اُس کے بعد کیا ہوگا؟ اُس کا بیان 'سورہ المطففین' میں ہے کہ سب لوگ عدالتِ الٰہی میں کھڑے کیے جائیں گے اور اُن کے اعمال کے نتائج سامنے آئیں گے۔ اِس طرح دونوں سورتیں باہم بہت ہی مربوط ہیں۔

دونوں کا ایک بڑا ارتباط یہ بھی ہے کہ دونوں میں تحریرِ اعمال کی دُو مختلف نوعیّتوں کا بیان ہے ۔۔ چنانچہ ۔۔ 'سورۂ انفطار' میں کراماً کاتبین کی تحریر کا ذکر ہے، اور 'سورۂ تطفیف' میں ابرار و فجار کے الگ الگ دفتروں میں اندراج کا بیان ہے۔ اِس سورہ کے نمایاں مضامین حسبِ ذیل ہیں:

﴿۱﴾ ۔۔ ناپ تول میں بددیانتی کرنے والوں کے لیے وعید۔

﴿۲﴾ ۔۔ اُن کی تجارتی زندگی کے معائب۔

﴿۳﴾ ۔۔ ناپ تول میں بددیانتی کی اصلی بنیاد یہ ہے کہ انہیں قیامت اور اُس کے مواخذہ کا خیال ہی نہیں آتا اور اُس کا تصور ہی نہیں ہوتا کہ اللہ کو منہ دکھانا ہے۔

﴿۴﴾ ۔۔ 'فجار' یعنی حدودِ الٰہی توڑنے والوں کا اندراج سجین کے دفتر میں ہے۔

﴿۵﴾ ۔۔ 'ابرار' یعنی جو لوگ مخلوق کو ایذاء نہیں دیتے ۔۔ مزید برآں ۔۔ اُن کی نیکیوں کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ اُن کا اندراج علیین کے دفتر میں ہے جس کا مشاہدہ مقربینِ الٰہی کو ہوا کرتا ہے۔

﴿۶﴾ ۔۔ منکرینِ یومِ جزا کے لیے ہلاکت ہی ہلاکت ہے۔

﴿۷﴾ ۔۔ قیامت کی تکذیب و اِنکار اُسی وقت ہوتا ہے جب کہ گناہ و معصیت کی کثرت سے دِل و دماغ کی ایمانی فطرت مسخ ہو جاتی ہے اور دِل پر غلط اَفکار اور معاصی کا زنگ چڑھ جاتا ہے کہ ایمانی صداقتیں اُن کے سامنے رکھا کرو

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لیکن اُن کے دِل پر اُن کا عکس جمتا ہی نہیں۔

﴿۸﴾۔۔ایسے لوگ دیدارِ الٰہی سے محروم رہیں گے، کیونکہ جب دِل پر زنگ ہے تو آنکھوں میں نور کہاں؟

﴿۹﴾۔۔اُن کے لیے جہنم ہے کیونکہ ایمانی سچائیوں کے اِنکار وتکذیب کا لازمی نتیجہ یہی ہے۔

﴿۱۰﴾۔۔ابرار لوگ 'جنتِ نعیم' میں رہیں گے۔

﴿۱۱﴾۔۔جنت نعیم میں ابرار کی مسرت بھری زندگی کے کچھ مناظر۔

﴿۱۲﴾۔۔مقربین خاص کا کچھ تذکرہ اور اُن کے شادکامیوں کے کچھ حالات۔

﴿۱۳﴾۔۔اللہ کے باغی اور مجرم، ایمان داروں کا مضحکہ اُڑاتے ہیں کہ یہ کیسے احمق ہیں کہ آج کا عیش وآرام چھوڑ کر کل کے وعدہ پر پھولے ہوئے ہیں۔اور اپنے ایمان کے پیچھے بہت سی منفعتوں کو ناجائز کہہ کر چھوڑ دیا کرتے ہیں۔ یہ مضحکہ آج بھی اُڑایا جاتا ہے کہ سود وغیرہ سے بچنے والوں کو تاریک خیال کہا جاتا ہے، لیکن کل قیامت کے دن نقشہ اِس کے برعکس ہوگا۔

ایسی اصلاحِ معاشرہ کرنے والی اور خوفِ الٰہی کا درس دینے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

روایت ہے کہ اہلِ مدینہ ناپ تول میں بڑی خیانت رکھتے تھے۔جب آنحضرت ﷺ مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ کی طرف متوجہ ہوئے تو اثنائے راہ یہ سورت نازل ہوئی کہ۔۔۔

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِيۡنَ ۝۱ الَّذِيۡنَ اِذَا اكۡتَالُوۡا عَلَى النَّاسِ يَسۡتَوۡفُوۡنَ ۝۲

تباہی ہے کم تولنے والوں کی ● کہ جب ناپ کر لیا اوروں سے، تو پورا لیں ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝۳

اور جب ناپا اُن کے لیے یا تولا اُن کے لیے، تو کمی کریں●

(تباہی ہے کم تولنے والوں کی) بروزِ قیامت۔

روایت ہے کہ مدینہ میں ابوجہینہ نام کا ایک مرد تھا وہ دوصاع رکھتا تھا: ایک بہت بڑا کہ اُس سے مول لیتا تھا، ایک بہت چھوٹا کہ اُس سے بیچتا تھا۔ علاوہ ازیں۔۔وہاں کے تجارت میں خیانت کرنے والے تولتے وقت ڈنڈی مارنے کے خوگر تھے، تو اِس طرح کے لوگ جو دوطرح کا پیمانہ رکھتے تھے اُن کا حال یہ تھا۔۔

(کہ جب ناپ کرلیا اوروں سے) اپنے واسطے (تو پورا لیں) اور اس میں کچھ کمی نہ ہونے دیں، (اور) اِس کے برعکس (جب ناپا اُن کے لیے یا تولا اُن کے لیے تو کمی کریں)، یعنی ان لینے والوں کا حق گھٹادیں اور اُن کو نقصان پہنچائیں۔

---

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝۴ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝۵

کیا نہیں مانتے یہ لوگ، کہ بے شک وہ اُٹھائے جانے والے ہیں● ایک بڑے دن کے لیے●

يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۶

جس دن کہ کھڑے ہوں گے لوگ رب العلمین کے لیے●

(کیا نہیں مانتے) یعنی نہیں جانتے اور یقین نہیں رکھتے (یہ لوگ) جو بہت لیتے اور کم دیتے ہیں، (کہ بے شک وہ اُٹھائے جانے والے ہیں● ایک بڑے دن کے لیے● جس دن کہ کھڑے ہوں گے لوگ رب العالمین کے لیے)، یعنی جب تک حکم نہ پہنچے گا وہ کھڑے ہی رہیں گے۔

اور وہ ہیبت کا مقام ہوگا کہ اہلِ عرصات اُس میں سو برس کھڑے رہیں گے اور کسی کو بات کی مجال نہ ہوگی، یہاں تک کہ حضرت رحمۃ للعالمین ﷺ شفاعت کریں گے اور خلق کو مقامِ ہیبت سے محاسبہ کے موقف میں لائیں گے، اور یہ شفاعتِ کبریٰ ہوگی۔

---

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝۷

کیوں نہیں! بے شک بدکاروں کا نامۂ اعمال یقیناً سجین میں ہے●

(کیوں نہیں) یہ بالکل حق اور صحیح بات ہے کہ (بے شک بدکاروں کا نامۂ اعمال یقیناً سجین

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

میں ہے)۔ وہ ایک پتھر ہے اندر سے خالی دوزخ کے نیچے چھپا ہوا جو کافروں کی جگہ ہے اور کافروں کے نامہءاعمال وہاں ہوں گے۔

کعب الاحبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فاجروں کے اعمالنامے فرشتے آسمان پر لے جائیں گے، آسمان اُس کوقبول کرنے سے اِنکار کردے گا، تو وہاں سے اُسے زمین پر لائیں گے، زمین بھی اُس کوقبول نہ کرے گی، تو پھر اُس کو ساتویں زمین کے نیچے لے جائیں گے اور وہیں رکھ دیں گے اور یہی سجین ہے جو ابلیس اور اُس کے لشکر کی جگہ ہے۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۸ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۹ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۱۰

اور کیا اٹکل تمہیں کہ سجین کیسی ہے؟ ● وہ ایک نوشتہ درج کیا ہوا ● ہلاکی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کی ●

الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۱۱ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۱۲

جو جھٹلائیں روزِ جزا کو ● اور نہیں جھٹلاتا اُسے، مگر ہر سرکش گنہگار ●

(اور کیا اٹکل تمہیں کہ سجین کیسی ہے) جو ہَول اور ہیبت اور کفار وفجار کے نامہءاعمال کی جگہ ہے۔ (وہ ایک نوشتہ درج کیا ہوا) مہر لگا ہوا اور نشان کیا ہوا ہے۔ ایسی نشانی کہ جو کوئی دیکھے گا جان لے گا کہ اس میں نیکی نہیں ہے۔ (ہلاکی ہے) یعنی عذاب، سختی، شدت اور محنت ومشقت ہے (اُس دن جھٹلانے والوں کی)۔ یعنی تکذیب کرنے والوں کے واسطے (جو جھٹلائیں روزِ جزا کو) اور اُسے باور نہ رکھیں (اور نہیں جھٹلاتا اُسے مگر ہر سرکش گنہگار)، حد سے گزرا ہوا ظالم و بے باک۔ اُس کی سرکشی، بے باکی اور گستاخی کا عالَم یہ ہے کہ۔۔۔

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۱۳ كَلَّا بَلْ ٚ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

جب تلاوت کی گئیں اُس پر ہماری آیتیں، بولا کہ "اگلوں کی کہانیاں ہیں" ● ہرگز نہیں بلکہ ○ زنگ چڑھا دیا اُن کے دِلوں پر،

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۱۴ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۱۵ ثُمَّ اِنَّهُمْ

اُس نے جو کرتوت کماتے تھے ● ہرگز نہیں! بلاشبہ وہ لوگ اپنے رب سے اُس دن محجوب رہنے والے ہیں ● پھر بلاشبہ وہ یقیناً

لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۱۶ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۱۷

جہنم میں جانے والے ہیں ● پھر کہا جائے گا کہ "یہ ہے وہ، جسے تم جھٹلاتے تھے" ●

(جب تلاوت کی گئیں اُس پر ہماری آیتیں) تو (بولا کہ) یہ (اگلوں کی کہانیاں ہیں) اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اس طرح اُس نے اپنے جہل اور حق سے انکار کی شدت کا مظاہرہ کیا۔ (ہرگز نہیں) ایسا جو وہ کہتے ہیں (بلکہ o زنگ چڑھا دیا اُن کے دِلوں پر اُس نے جو کرتوت کماتے تھے)، یعنی اُن کی بداعمالیوں نے اُن کے دِلوں کو زنگ آلود کر دیا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جب بندہ گناہ کرتا ہے تو ایک سیاہ نقطہ اُس کے دِل پر پڑتا ہے یہاں تک نوبت پہنچتی ہے کہ اُس کا تمام دِل سیاہ ہو جاتا ہے۔

تو اب اُس کے سوا کوئی حق (ہرگز نہیں) بلکہ حق وصحیح یہی ہے کہ (بلاشبہ وہ لوگ اپنے رب کے دیدار (سے اُس دن محجوب رہنے والے ہیں)۔۔نیز۔۔کرامت ورحمت سے دُور رہنے والے ہیں۔ (پھر بلاشبہ وہ یقیناً جہنم میں جانے والے ہیں • پھر کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ جسے تم جھٹلاتے تھے) یہ بات دوزخ کے فرشتے اُن سے کہیں گے۔

حضرت امام مالک سے **لَمَحْجُوبُونَ** کا معنی پوچھا گیا، آپ نے فرمایا کہ حق تعالیٰ اپنے دشمنوں کو آڑ میں رکھے گا تا کہ اُس کا دیدار نہ کرسکیں اور اپنے دوستوں پر تجلّی فرمائے گا تا کہ وہ دولتِ دیدار سے مالا مال ہوں۔ امام شافعی نے فرمایا ہے کہ **لَمَحْجُوبُونَ** کفار کی شان میں وارد ہونا اِس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مؤمنوں کو دولتِ دیدار حاصل ہوگی اور دوست محجوب نہ ہوں گے۔ اُس وقت دوست اور دشمن کے درمیان فرق ظاہر ہوگا۔

---

**كَلَّآ إِنَّ كِتٰبَ الْأَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿١٨﴾ وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿١٩﴾**

کیوں نہیں! بے شک، نیکوں کے نامہء اعمال یقیناً علّیین میں ہیں • اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے علّیین؟

**كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿٢٠﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢١﴾**

ایک نوشتہ درج کیا ہوا • جس کو دیکھا کرتے ہیں اللہ کے نزدیکی لوگ •

(کیوں نہیں) ایسا تو ہے ہی کہ (بے شک نیکوں کے نامہء اعمال یقیناً علّیین میں ہیں) ساتویں آسمان پر عرش کے نیچے۔۔۔اور بعضے کہتے ہیں کہ وہ عرش کا داہنا پایہ ہے، اور بعضوں نے کہا کہ سدرۃ المنتہیٰ۔۔۔(اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے علّیین)۔ یعنی ایک بلند مقام۔۔یا۔۔مکان ہے۔۔ یا۔۔نیکوں کی کتاب (ایک نوشتہ درج کیا ہوا) اور نشانی کی ہوئی، ایسی نشانی کہ جو کوئی دیکھے وہ جان لے کہ اس میں بالکل نیکیاں ہیں (جس کو دیکھا کرتے ہیں اللہ) تعالیٰ (کے نزدیکی لوگ)، یعنی ملائکہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مقربین جوعلیین میں رہتے ہیں، یعنی اس کے استقبال کو جاتے ہیں اوراس کی حفاظت کرتے ہیں اور قیامت کے روز اُس پر گواہی دیں گے۔۔اوپر کتاب الابرار میں جن نکوکاروں کا ذکر کیا گیا ہے۔۔۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ

بے شک نیکوکار یقیناً راحت میں ہیں ● تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہیں ● پہچان لوگے اُن کے چہروں میں،

نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي

راحت کی شادابی ● پلائے جائیں گے خالص شراب، مہر کی ہوئی ● اُس کی مہر اُس کی مشک ہے۔اور اُسی کے

ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾

بارے میں للچائیں، للچانے والے ● اور اُس کی آمیزش تسنیم سے ہے ●

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾

ایک چشمہ جس سے پیتے ہیں اللہ کے نزدیکی والے ●

(بے شک) وہ (نیکوکار یقیناً راحت میں ہیں) یعنی بہشت میں ہیں۔آراستہ (تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہیں) ایسی چیز کو کہ اُس سے خوش ہوتے ہیں۔۔یا۔۔کافروں کو دوزخ میں دیکھتے ہیں اوران کا عذاب مشاہدہ کرتے ہیں۔(پہچان لوگے) اَے دیکھنے والو! (اُن کے چہروں میں راحت کی شادابی) یعنی بہشت کی نعمتوں کی تازگی اور اُس کی لذتوں کی طراوت۔(پلائے جائیں گے خالص شراب) سفید خوشبودار (مہر کی ہوئی ● اُس کی مہر اُس کی مشک ہے) یعنی مہر اُس کی لاکھ کی جگہ پر مشک ہے۔

اور بعضوں نے کہا کہ اُس کے پینے کا ختم مشک کی خوشبو پر ہے اور مہر اِس جہت سے کریں گے تاکہ کسی کا ہاتھ اُس پر نہ پہنچے اور ابرار لوگ خود اُس کی مہر توڑیں۔

(اور اُسی کے بارے میں للچائیں للچانے والے)، یعنی چاہیے کہ رغبت کریں رغبت کرنے والے، یعنی ایسا عمل کریں کہ اُس کے سبب سے اُس کے پینے کے مستحق ہوجائیں۔(اور اُس کی آمیزش) چشمہء (تسنیم) کے پانی (سے ہے) جو (ایک) ایسا (چشمہ) ہے (جس سے پیتے ہیں اللہ) تعالیٰ (کے نزدیکی والے)، یعنی خالص اُس چشمہ کا پانی بارگاہِ عنایتِ الٰہی کے مقرب لوگ ہی پئیں گے اور ملا ہوا ابرار لوگوں کو دیا جائے گا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ تسنیم اُس پانی کا نام ہے جو عرش کے نیچے سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بہشت میں بہتا ہے اور جنت میں جنتی پینے کی چیزیں ہیں یہ پانی اُن سب میں اشرف اور بہتر ہے۔ یہ پانی بغیر کسی چیز کی ملاوٹ کے صرف مقربین کے لیے مخصوص ہوگا۔اس میں راز یہ ہے کہ چونکہ مقرب لوگ ماسوا کی طرف مشغول نہیں ہوئے، یعنی غیر کی محبت کو خدا کی محبت کے ساتھ نہیں ملایا ہے اس لیے اُن کے پینے کی چیز خالص بے ملاوٹ ہے۔اور وہ جن کی محبت ملی ہوئی ہے اُن کے پینے کی شراب میں بھی دوسری چیز ملی ہوگی۔

کافر و فاجر لوگ اُن مقربین و ابرار کی شانِ عالی کو کیا سمجھیں جو اُن کا تمسخر اُڑاتے ہیں۔۔

چنانچہ۔۔روایت ہے کہ رؤسائے قریش جب حضرت عمار، حضرت صہیب، اور حضرت بلال اور اُن کے مثل رضی اللہ عنہم کو دیکھتے تو اُن سے ہنسی اور مسخراپن کرتے، تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

---

إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ ﴿٢٩﴾

بے شک جنہوں نے جُرم کیا، وہ مسلمانوں سے ہنسا کرتے تھے●

وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ ﴿٣٠﴾

اور جب وہ مسلمان گزرتے اِن کے پاس، تو آنکھ مارتے تھے●

(بے شک جنہوں نے جرم کیا وہ مسلمانوں سے ہنسا کرتے تھے● اور جب وہ مسلمان گزرتے اُن کے پاس تو آنکھ مارتے تھے)، یعنی ہنسی کے واسطے اشارے کرتے تھے۔

کشاف میں ہے کہ ایک دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ایک مسلمان کے ساتھ جاتے تھے، منافقوں کا ایک گروہ ہنسا اور چشم و اَبرو سے اشارہ کرکے ہنسی اور مسخراپن کیا، اور اپنے یاروں کے پاس جاکر بولے کہ ہمارا سردار ہمارا رئیس آج 'اصلع' تھا۔ 'اصلع' کہتے ہیں اُس کو جس کے سر پر سامنے بال نہ ہوں۔اُس سے اُن کی مراد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ذات تھی، اور اس بات پر وہ منافقین خوب ہنسے۔ ہنوز حضرت علی رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں نہ پہنچے تھے کہ آیتیں نازل ہوگئیں کہ یہ منافقین لوگ جب مسلمانوں کے آگے سے گزرتے ہیں تو چشم و اَبرو سے اشارے کرتے ہیں۔

---

وَإِذَا انْقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انْقَلَبُوا فَكِهِينَ ﴿٣١﴾ وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ

اور جب لوٹتے اپنوں کی طرف، تو لوٹتے کھِلکھلاتے● اور جب دیکھتے اِن مسلمانوں کو، تو کہتے کہ "یہ لوگ یقیناً

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾

گمراہ ہیں"● حالانکہ وہ نہیں بھیجے گئے اِن پر نگراں●

(اور جب لوٹتے) ہیں (اپنوں کی طرف، تو لوٹتے) ہیں (کھلکھلاتے) ہوئے خوش وخرم اُس بات پر جوکی ہے۔ (اور) صرف یہی نہیں بلکہ (جب دیکھتے اُن مسلمانوں کو) یہ کافر اور منافق لوگ (تو کہتے) ہیں آپس میں ایک دوسرے سے (کہ یہ لوگ) جو محمد ﷺ کی متابعت کرتے ہیں (یقیناً گمراہ ہیں● حالانکہ وہ نہیں بھیجے گئے ان پر نگراں) کہ مؤمنوں پر نگہبانی کریں اور ان کی ضلالت اور ہدایت پر گواہی دیں۔ دُنیا میں تو منافق اور کافر ہنستے رہے۔۔۔

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

تو آج کے دن مسلمان کافروں سے ہنس رہے ہیں● اپنے تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہیں●

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع ۸

کیوں کچھ بدلہ دیا گیا کافروں کو، جو کچھ وہ کیا کرتے تھے●

(تو آج) قیامت (کے دن مسلمان کافروں سے ہنس رہے ہیں) اور جواہر کے جڑاؤ (اپنے تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہیں) کہ دوزخ میں کس طرح اُن پر عذاب ہو رہا ہے اور زنجیروں طوقوں میں کیونکر جکڑے ہوئے ہیں۔

صحابہ کا قول ہے کہ بہشت کا ایک دروازہ کھول کر دوزخیوں سے کہیں گے کہ جنت میں چلے آؤ۔ وہ جلدی جنت کی طرف دوڑیں گے جب اُس کے دروازے پر پہنچیں گے تو جنت کے دربان دروازہ بند کر دیں گے اور وہ کافر رنجیدہ اور غمگین دوزخ کی طرف پھریں گے۔ مؤمن لوگ اس حال سے ہنسیں گے۔۔۔

(کیوں کچھ بدلہ دیا گیا کافروں کو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے)، یعنی مؤمنوں کے دِلوں کی تسلی کے واسطے ہم نے اُن کے دشمنوں کو جزا دی کہ دُنیا میں کافر جو مؤمنوں پر ہنستے تھے، آج قیامت کے دن مؤمن کافروں کے حال پر ہنستے ہیں۔

اختتام سورہ المطففین ۔۔۔ ﴿ ۱۵ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ یکم نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۱۷ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۲ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز جمعہ

# سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاقِ

سورۃ الانشقاق ۔۔ ۸۴ مکیہ ۸۳ — آیاتہا ۲۵ ۔۔ رکوعہا ۱

'سورہ الانشقاق' اپنے ماقبل کی 'سورہ المطففین' سے بخوبی مربوط ہے اس لیے کہ ان دونوں سورتوں میں قیامت کا ذکر ہے۔ علاوہ ازیں 'سورہ المطففین' میں فجار اور ابرار کے انجام کا زیادہ تذکرہ ہے، اور 'سورہ الانشقاق' میں قیامت کے ہولناک امور کا ذکر ہے، اور نیکوکاروں کے حساب میں آسانی اور بدکاروں کے حساب میں سختی کا ذکر ہے ۔۔ نیز ۔۔ 'سورہ المطففین' میں صحیفہء اعمال لکھنے والے فرشتوں کا ذکر ہے۔ اور 'سورہ الانشقاق' میں صحیفہء اعمال کے پیش کرنے کا ذکر ہے۔ ایسی حقائق پر مشتمل اور بصیرت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾

جب آسمان پھٹ گیا ● اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کی، اور اُسے یہی زیبا ہے ● اور جب زمین بڑھائی گئی ●

وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ؕ﴿۵﴾ یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ

اور ڈال دیا جو کچھ اس میں ہے، اور خالی ہوگئی ● اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کی ہے، اور اِسے یہی چاہیے ● اے انسان!

اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِیْهِ ۚ﴿۶﴾

بے شک تُو بھی جانے والا ہے اپنے رب کی طرف دوڑ کر، پھر ملنے والا ہے اُس سے ●

اُس وقت کا تصور کرو (جب آسمان پھٹ گیا ● اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کی، اور اُسے بھی زیبا ہے) کہ حکم الٰہی کی اطاعت کرے۔ (اور) اُس وقت کا بھی تصور کرو (جب زمین بڑھائی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

گئی)، یعنی اُس کے دریاؤں اور پہاڑوں کو بیچ سے اُٹھالیا گیا (اور ڈال دیا) یعنی باہر نکال دیا زمین نے (جو کچھ اس میں ہے) خزانے اور مُردے وغیرہ (اور) سب سے (خالی ہوگئی ◉ اور اپنے رب کے حکم کی تعمیل کی ہے اور اُسے یہی چاہیے) کہ حکم ربانی سنے۔ تو جب ایسا ہوگا تو اپنا ثواب اور عذاب دیکھنے کے لیے۔۔۔ (اے انسان! بے شک تُو بھی جانے والا ہے اپنے رب کی) جزا کی (طرف دوڑ کر، پھر ملنے والا ہے) اپنے عمل کی (اس) جزاء (سے)۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ ۝۷ فَسَوْفَ یُحَاسَبُ حِسَابًا یَّسِیْرًا ۝۸ وَّیَنْقَلِبُ

تو جسے دیا گیا اُس کا نامۂ اعمال اُس کے داہنے ہاتھ میں ◉ تو جلد حساب کیا جائے گا، برائے نام حساب ◉ اور لوٹے گا

اِلٰۤی اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۹ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۝۱۰

اپنے یگانوں کی طرف خوش ◉ اور رہا وہ، جسے دیا گیا اُس کا نامۂ اعمال اُس کے پیٹھ کے پیچھے سے ◉

فَسَوْفَ یَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝۱۱ وَّ یَصْلٰی سَعِیْرًا ۝۱۲

تو جلد مانگے گا موت کو ◉ اور جائے گا دہکتی آگ میں ◉

(تو جسے دیا گیا اُس کا نامۂ اعمال اُس کے داہنے ہاتھ میں)، یہ وہ لوگ ہوں گے جو ایمان کے سچے اور راست باز ہوں گے، (تو) اُن کا (جلد حساب کیا جائے گا، برائے نام حساب) نہ اُس میں تنگی رہے گی اور نہ ہی کسی طرح کی سختی۔ (اور لوٹے گا اپنے یگانوں) یعنی اپنے جنتی شریکِ زندگی (کی طرف خوش)۔ (اور رہا وہ، جسے دیا گیا اُس کا نامۂ اعمال اُس کے پیٹھ کے پیچھے سے) کیونکہ وہ ہمیشہ ایمان و توحید اور اطاعتِ پیغمبر کو پسِ پشت ڈالتا رہا۔ (تو جلد مانگے گا موت کو) یعنی تمنا کرے گا ہلاکت کی۔۔۔ یا۔۔۔ 'یا ثبورا'! 'یا ثبورا'! کے نعرہ لگائے گا۔ یہ کلمہ بھی طلبِ ہلاکت کا ہے (اور) نتیجہ ہوگا کہ وہ (جائے گا دہکتی آگ میں)۔

اِنَّهٗ كَانَ فِیْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۱۳ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ یَّحُوْرَ ۝۱۴ بَلٰۤی ۚ

بے شک یہ تھا اپنے والوں میں خوش ◉ بے شک اُس نے سمجھا تھا کہ ہرگز واپس نہ ہوگا ◉ کیوں نہیں!

اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِیْرًا ۝۱۵

بے شک اُس کا رب اُس کا نگراں رہتا تھا ◉

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(بے شک یہ) شخص (تھا اپنے والوں میں) اپنے مالِ فانی اور جاہِ ناپائیدار پر (خوش) اور نازاں۔ (بے شک اُس نے سمجھا تھا کہ ہرگز واپس نہ ہوگا) یعنی اُس کا بعث وحشر نہ ہوگا۔ (کیوں نہیں)! ہاں اُس کا بعث وحشر ہوگا کیونکہ (بے شک اُس کا رب اس کا نگراں رہتا تھا) جو اس کے احوال اعمال کو دیکھنے والا ہے۔ پس اُسے نہ چھوڑے گا بلکہ محشر میں لائے گا اور اس کے اعمال کی جزا اور سزا سے پہنچائے گا۔

---

فَلَآ اُقۡسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيۡلِ وَمَا وَسَقَ ﴿۱۷﴾ وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾

نہیں کیا مجھے قسم ہے شام کی روشنی کی ● اور قسم ہے رات کی، اور جو وہ اکٹھا کرے ● اور قسم ہے چاندکی، جب وہ پورا ہو چکا ●

لَتَرۡكَبُنَّ طَبَقًا عَنۡ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾

کہ ضرور چڑھو گے ایک مقام سے دوسرے مقام کو ●

(تو نہیں کیا مجھے قسم ہے شام کی روشنی کی) یعنی شفق کی اور وہ ایک سرخی ہے کہ غروب آفتاب کے بعد مغرب کے کنارے میں دیکھی جاتی ہے۔۔۔

اور اُس کا غائب ہونا امام مالک، امام شافعی، اور صاحبین رضی اللہ عنہم کے مذہب میں وقتِ عشاء کی علامت ہے اور امام اعظم کے نزدیک اُس سرخی کے غائب ہونے کے بعد جو سفیدی دکھائی دیتی ہے وہ شفق ہے۔ پہلی کو 'شفقِ احمر' اور دوسری کو 'شفقِ ابیض' بھی کہتے ہیں۔

(اور قسم ہے رات کی، اور) اُس کی (جو وہ اکٹھا کرے)، یعنی جسے رات اپنی تاریکی میں چھپا لیتی ہے۔ (اور قسم ہے چاند کی جب وہ پورا ہو چکا) یعنی بدرِ کامل کی قسم (کہ ضرور چڑھو گے ایک مقام سے دوسرے مقام کو)، یعنی البتہ پہنچو گے اور ملو گے تم ایک حال کو بعد ایک حال کے اُس کے مطابق شدت میں بہت سخت۔

اِس سے موت اور روزِ قیامت کی شدتیں اور اُس کے ہَولوں کے مقامات مراد ہیں کہ ایک کے بعد ایک دیکھے جائیں گے۔ تفسیرِ زاہدی میں ہے کہ بنی آدم کا ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھرنا مراد ہے، یعنی نطفہ سے تھکے کی طرف پھر لوتھڑا اور ہڈی اور دوسری خلقت اور پیٹ کے اندر کا بچہ اور پیدا ہوا بچہ اور دودھ پیتا بچہ اور پیروں چلتا بچہ اور جوانی کے قریب پہنچا ہوا لڑکا اور جوان، ادھیڑ اور بوڑھا ہو جاتا ہے، آخر احوال تک۔۔ المختصر۔۔ یہ سب شاہدِ عدل ہیں کہ تم کو ایک منزل کے بعد دوسری منزل پر پہنچنا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿٢١﴾

تو کیا ہوا اُنہیں کہ نہیں مانتے؟● اور جب پڑھا جائے اُن پر قرآن، تو سجدہ نہیں کرتے●

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ ﴿٢٢﴾

بلکہ جنہوں نے کفر کیا وہ جھٹلاتے رہتے ہیں●

(تو کیا ہوا انہیں کہ) باوجود اِس حال کے (نہیں مانتے) اور خدا اور رسول اور روز جزا پر ایمان نہیں لاتے، (اور جب پڑھا جائے اُن پر قرآن تو سجدہ نہیں کرتے) اور اللہ کے سامنے سر نہیں جھکاتے۔

قرآنی سجدوں میں یہ تیرھواں سجدہ ہے۔ صاحبِ فتوحات نے اِس سجدہ کو 'سجدہ جمع' کہا ہے کہ قرآن سننے کے بعد ہے اور قرآن جامع ہے تنزیہہ اور تقدیر کی صفتوں کو۔

اِتنا ہی نہیں کہ کفار سجدہ نہیں کرتے (بلکہ جنہوں نے کفر کیا وہ جھٹلاتے رہتے ہیں) قرآن کریم کے بتائے ہوئے عقائد کو۔ یہ جھٹلانا دلیل کی کمی اور انقطاعِ حجت کے سبب سے نہیں ہے بلکہ اِس سبب سے ہے کہ قرآنی آیتوں میں غور و فکر نہیں کرتے۔

---

وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿٢٣﴾ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٤﴾ إِلَّا الَّذِينَ

اور اللہ خوب جانتا ہے جو دِل میں رکھتے ہیں● تو خبر دے دو اُنہیں دکھ والے عذاب کی● مگر جو مان گئے

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿٢٥﴾

اور لیاقت مندی کی، اُنہیں کے لیے بے حد ثواب ہے●

(اور اللہ) تعالیٰ (خوب جانتا ہے جو دِل میں رکھتے ہیں) یعنی کفر اور مؤمنوں کے ساتھ کینہ۔ اِسی کفر و حسد کی وجہ سے ایمان نہیں لا رہے ہیں، (تو) اب یہی بات رہ گئی ہے کہ آپ (خبر دے دو انہیں دکھ والے عذاب کی)۔ (مگر) وہ لوگ اس عذاب سے مستثنیٰ ہیں (جو مان گئے اور لیاقت مندی کی)، یعنی ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ انجام دیتے رہے۔ (انہیں کے لیے بے حد ثواب ہے) نہ گھٹا ہوا، نہ کٹا ہوا اور نہ احسان رکھا ہوا۔

۔۔۔ ۱۶ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۲ نومبر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۱۸ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۳ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ

سورۃ البروج ۔۔۸۵ مکیہ ۲۷

# سورۃ البروج

آیاتہا ۲۲ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے اور اپنے ماقبل کی 'سورہ انشقاق' سے اِس کا ربط یہ ہے کہ دونوں میں افتتاحی کلمات کے بعد جنتیوں اور دوزخیوں کے حالات بیان فرمائے گئے ہیں اور دونوں کے آخر میں اس کا ذکر ہے کہ کفار تکذیب میں مبتلا ہیں ۔۔علاوہ ازیں۔۔ اِس سے پہلے سورت میں یہ بتایا تھا کہ مشرکین کے اپنے سینوں میں نبی ﷺ اور مؤمنین کے خلاف جو بغض اور عناد چھپا ہوا ہے اللہ تعالیٰ کو اُس کا علم ہے اور اِس سورت میں یہ بتایا کہ اِس سے پہلی امتوں کے کافروں کا بھی یہی طریقہ تھا۔ اِس میں مشرکین کے لیے نصیحت ہے اور مؤمنوں کے دِلوں کو مطمئن اور مضبوط رکھنا ہے، تو ایسی ہدایت سے وابستہ اور حقائق سے ہم رشتہ سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الۡبُرُوۡجِ ۙ﴿۱﴾ وَالۡيَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ ۙ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشۡهُوۡدٍ ؕ﴿۳﴾

قسم ہے بُرجوں والے آسمان کی ● اور وعدہ دیے ہوئے دن کی ● اور اُس دن کی، جو گواہی دینے والا اور عام حاضری کا ہے ●

(قسم ہے بُرجوں والے آسمان کی)۔ اِس سے بارہ[۱۲] بُروج مراد ہیں ۔۔یا۔۔ قمر کی منزلیں ۔۔یا۔۔ آسمانوں کے دروازے مراد ہیں۔ (اور) قسم ہے (وعدہ دیئے ہوئے دن کی) یعنی روزِ قیامت کی (اور اُس دِن کی جو گواہی دینے والا اور عام حاضری کا ہے)۔

**شَاهِدٌ و مَشْهُوْد** اِن دونوں الفاظ کی تفسیر میں متعدد اقوال ہیں:

﴿۱﴾۔۔ **شَاهِدٌ** سے مراد 'جمعہ' ہے اور **مَشْهُوْد** سے مراد 'یومِ عرفہ' ہے۔ یہ قول متعدد اکابر کا ہے۔

﴿۲﴾۔۔ **شَاهِدٌ** سے مراد 'یومِ جمعہ' ہے اور **مَشْهُوْد** سے مراد 'روزِ قیامت' ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿٣﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد اللہ ہے اور مَشْهُوْدٍ سے مراد توحید۔۔یا۔۔نبوت۔۔یا۔۔خلائق۔

﴿٤﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد آنحضرت ﷺ اور مَشْهُوْدٍ سے مراد دیگر انبیاءِ کرام علیہم السلام۔

﴿٥﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد انبیاء علیہم السلام ہیں اور مَشْهُوْدٍ سے مراد اُن کی امتیں۔

﴿٦﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد اُمت محمدیہ ہے اور مَشْهُوْدٍ سے مراد دیگر امتیں۔

﴿٧﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد 'یوم عرفہ۔۔یا۔۔یوم نحر' ہے اور مَشْهُوْدٍ سے مراد حجاج۔

﴿٨﴾۔۔ شَاهِدٍ سے مراد ہر ایک دن ہے اور مَشْهُوْدٍ سے مراد ہر ایک دن میں جو مخلوق ہے۔

حقیقت میں یہ اقوال تخصیص نہیں بلکہ تمثیل ہیں، یعنی شَاهِدٍ اور مَشْهُوْدٍ دو الگ الگ مستقل حقائق ہیں جن کے امثال ونظائر بیان ہورہے ہیں۔۔۔یہ حقائق ہیں کیا؟ وہی جو اِن دو الفاظ سے عصرِ نبوی کے مخاطبین کلام بے تکلف سمجھتے تھے، یعنی شَاهِدٍ سے مراد ہے 'حاضر وناظر' اور مَشْهُوْدٍ سے مراد ہے وہ چیز جو نگاہوں کے سامنے ہے۔۔یا۔۔سامنے آئے گی۔ بس یہی معنی ہے جو ان الفاظ کو سنتے ہی اہلِ زبان سمجھتے ہیں کیونکہ ان کے متبادر معانی یہی ہیں۔

یوں تو شَاهِدٍ کے متبادر معنی 'گواہ' اور مَشْهُوْدٍ کے متبادر معنی وہ چیز بھی ہے 'جس کے متعلق گواہی دی جائے' لیکن اِس صورت میں مَشْهُوْدٍ کی بجائے مَشْهُوْدٍ علیه بولتے ہیں۔ اسی لیے یہ لکھا گیا ہے کہ شَاهِدٍ کے متبادر معنی ہیں 'حاضر وناظر' اور مَشْهُوْدٍ کے متبادر معنی ہیں 'وہ چیز جو نگاہوں کے سامنے ہے۔۔یا۔۔سامنے آئے گی'۔

اِس سورہ میں قسم تو ہے مگر جوابِ قسم اکثر مفسرین کے نزدیک محذوف ہے۔ ان بزرگوں نے اپنے اپنے نقطۂ نگاہ سے اُس کو متعین کیا ہے۔ زیادہ تر رجحان اِس طرف ہے کہ جوابِ قسم اُس قسم کا محذوف جملہ ہے "اَنَّهُمْ مَلْعُوْنُوْن، يَعْنِي كُفَّارَ مَكَّةَ كَمَا لُعِنَ اَصْحَابُ الْاُخْدُوْد"، یعنی ظالم قریشیوں پر اللہ کی مار جو بے بس مسلمانوں کو طرح طرح سے ستاتے ہیں، جیسا کہ آگ کی خندق والوں پر اللہ کی مار پڑی ہے۔ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ کا فقرہ جوابِ قسم کے محذوف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔۔ المختصر۔۔ان تمام چیزوں کی قسم ارشاد فرما کر فرمایا۔۔۔

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿٤﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿٥﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ﴿٦﴾

کہ غارت کردیے گئے کھائیوں والے ● ایندھنوں والی آگ والے ● جب کہ وہ لوگ اُس پر بیٹھے ہوئے تھے ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌؕ۝

اور وہ، جو اس کام پر جو کرتے مسلمانوں کے ساتھ، گواہ تھے●

(کہ غارت کردیئے گئے کھائیوں والے)۔

کھائیوں والوں کے تعلق سے مختصر تفصیل یہ ہے کہ یہ بت پرست تھے جوذونواس یمنی کے لوگ تھے۔ ذونواس بادشاہ تھا، اُس کے زمانے میں ایک ساحر تھا کاھن، شعبدہ باز۔ بادشاہ کی سلطنت کا مدار اُسی ساحر پر تھا۔ جب وہ بوڑھا ہوا تو بادشاہ سے عرض کی کہ اب میں بوڑھا ہوا، میرے قویٰ میں بالکل ضعف آ گیا، صلاح اِسی میں ہے کہ ایک جوان اصیل عاقل، تیزفہم میرے سپرد کیجیے کہ جو کچھ میں جانتا ہوں اُسے سکھادوں اور میرے بعد وہ میرا خلیفہ ہو کہ سلطنت کے امور اُس کے سبب سے منتظم رہ سکیں۔ بادشاہ کو یہ بات پسند آئی، اُس کے مقصود کے مطابق ایک لڑکا اُس کے سپرد کیا۔ ساحر بڑے اہتمام کے ساتھ اُس کی تعلیم میں مشغول ہوا۔

ایک دن وہ لڑکا ایک راہب کے عبادت خانے میں گیا، اُس کے احوال سے مطلع ہوکر رہبانیت کا طریقہ پسند کیا اور راہب کے دین پر متدین ہوگیا اور خداپرستی اختیار کی۔ ہر روز بہانہ کرتا کہ میں ساحر کے پاس تعلیم لینے جاتا ہوں اور راہب کے پاس آکر اُس سے صحبت رکھتا، یہاں تک کہ مردعاقل، کامل عامل، مستجاب الدعوات ہوگیا۔ قضائے کار ایک دن راہب کے پاس سے باہر نکلا، اپنے گھر جاتا تھا کہ اژدہے نے سرِراہ آکر لوگوں پر راستہ بند کردیا تھا، خلق ہر طرف سے حیران تھی۔ جب وہ جوان آگے آیا تو 'اسمِ اعظم' پڑھ کر اژدہے کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا اور بولا کہ اَے اژدہے! راہ چھوڑدے اپنے ٹھکانے پھرجا۔ پس اژدہا چلا گیا۔

اُس جوان کی خبر شہر میں مشہور ہوئی۔ پھر ایک اور وقت ایک شیر راہ پر آیا، جوان نے ایک بات اُس کے کان میں کہہ دی، وہ بھی راستے سے دُور چلا گیا۔ اب حاجت مند لوگ اُس جوان کے پاس آنے لگے اور اُس کی دُعا سے سب اپنی مراد پانے لگے، یہاں تک کہ بادشاہ کا دربان جواندھا ہوگیا تھا وہ بھی اُس جوان کے پاس آیا اور دُعا کی استدعا کی۔ جوان نے کہا اگر تُو میری متابعت کر اور میرا بھید چھپا، تو تیری آنکھیں روشن کردوں۔

دربان نے بسروچشم قبول کرلیا اور عہد کیا، جوان نے اُسے کلمۂ شہادت تلقین کیا اور اُس

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کے حق میں دُعا کی اُس کی آنکھیں روشن ہوگئیں۔ دربان روشن چشم بادشاہ کے پاس آیا، ذونواس بادشاہ نے ازراہِ تعجب اُس سے پوچھا کہ تیری آنکھ کیوں کر اچھی ہوگئی؟ وہ بولا کہ خدا نے مجھے صحت بخشی۔ بادشاہ نے کہا کہ تیرا خدا کون ہے؟ دربان نے جواب دیا اَللّٰہُ الَّذِی لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ۔ یعنی میرا خدا اللہ تعالیٰ ہے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔

بادشاہ نے حیلے کی راہ سے کہا کہ تُو نے یہ تعلیم وتلقین کس سے پائی کہ میں بھی اُس کا گرویدہ ہوں۔ دربان کو بادشاہ کے اسلام قبول کرنے پر جو خوشی ہوئی، تو خوشی کے مارے جوان کا سارا قصہ کہہ دیا۔ بادشاہ نے جوان کو بلایا اور اُس کے عقیدے پر مطلع ہوا۔ ہر چند لوگوں نے کوشش کی مگر وہ جوان اپنے عقیدے سے نہ پھرا۔ حکم ہوا کہ اُسے دریا میں ڈبو دو۔ لوگوں کی ایک جماعت اُسے دریا کے کنارے لے گئی اُس نے جو دُعا کی تو یہ سب لوگ ڈوب گئے اور وہ صحیح سلامت دریا کے کنارے سے پھرا۔

بادشاہ کو یہ خبر پہنچی، ایک گروہ کو خاص کیا کہ اُسے پہاڑ پر لے جائے اور نیچے ڈھکیل دیں۔ جب پہاڑ پر پہنچے تو جوان نے دُعا کی ایک ہوا اٹھی اور اُس نے اُن لوگوں کو پہاڑ سے نیچے گرادیا اور وہ جوان صحیح سالم رہا۔ پھر بادشاہ نے حکم دیا اُسے آگ میں ڈال دو۔۔غرضیکہ۔۔ بادشاہ کے لوگ جلے اور اُس جوان پر آنچ نہ آئی۔ پھر اُسے سولی پر لٹکایا اور تیر مارے، کوئی تیر اُس پر کارگر نہ ہوا۔ جوان بولا کہ اَے بادشاہ! خدا پر ایمان لا کہ یہ سب قدرت کے آثار تُو دیکھ چکا۔

بادشاہ نے عداوت اور عناد اختیار کر کے کہا کہ میں تجھ کو قتل ہی کرنا چاہتا ہوں۔ جوان بولا کہ اگر تیری یہی مراد ہے تو ایک تیر کمان پر رکھ اور کہہ کہ اِس غلام کے خدا کے نام کے ساتھ میں یہ تیر مارتا ہوں، یہ کہہ کر مجھ کو تیر مار۔ بادشاہ نے ایسا ہی کیا تیر اُس کے مقتل پر پہنچا، جوان نے شربتِ شہادت پیا۔ جتنے آدمی وہاں حاضر تھے سب کے سب ایک ساتھ بولے کہ ہم اِس غلام کے رب پر ایمان لائے۔

پس بادشاہ غصہ میں آیا اور حکم دیا کہ اُس کے حکم سے زمین میں کئی جگہ گڑھے کھودے اور اُس میں آگ جلائی، اور پہاڑوں کے کناروں پر لوگ بیٹھے اور لوگوں کو گرفتار کرنا شروع کیا۔ جسے لاتے وہ لوگ اُس سے پوچھتے، اگر وہ خدا پر ایمان رکھتا تو اُسے گڑھوں میں ڈال کر جلا دیتے۔ تو خدائے تعالیٰ نے اُن ظالموں کو گڑھوں والا اور پہاڑوں والا فرمایا ہے اور انہیں کو۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(ایندھنوں والی آگ والے) فرمایا گیا (جبکہ وہ لوگ اُس پر بیٹھے ہوئے تھے)، یعنی آگ کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے (اور وہ جو اس کام پر جو کرتے مسلمانوں کے ساتھ، گواہ تھے)، یعنی وہ سب اپنی وہ حرکتیں دیکھ رہے تھے جو مؤمنوں کے ساتھ کیے جارہے تھے۔ تو وہ اپنے اُس ظلم وستم پر خود ہی گواہ تھے۔

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ﴿٨﴾ الَّذِي لَهُ

اور نہیں اُنہیں ناگواری تھی اُن سے، مگر یہ کہ مان گئے تھے عزت والے حمد والے اللہ کو● وہ جس کی

مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿٩﴾

شاہی ہے آسمانوں اور زمین میں۔ اور اللہ ہر ایک کا گواہ ہے●

(اور نہیں انہیں ناگواری تھی اُن) ایمان والوں (سے مگر یہ کہ) یہ ایمان والے (مان گئے تھے عزت والے حمد والے اللہ) تعالیٰ (کو)، یعنی اُس اللہ کو جو غالب ہے، تو اُس کے عذاب سے ڈرنا چاہیے۔ اور وہ تعریف کیا ہوا ہے، تو اُس کی رحمت سے امیدوار ہونا چاہیے۔ اور (وہ) خدا (جس کی شاہی ہے آسمانوں اور زمین میں۔ اور اللہ) تعالیٰ (ہر ایک کا گواہ ہے) خواہ مؤمن ہو۔۔۔یا۔۔کافر، اللہ تعالیٰ ہر ایک کے افعال واقوال کا مشاہدہ فرمانے والا ہے اور اُن پر گواہ ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ

بے شک جنہوں نے دُکھ دیا مسلمان مَردوں اور عورتوں کو، پھر توبہ نہ کی، تو اُن کے لیے

عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ﴿١٠﴾

جہنم کا عذاب ہے، اور اُن کے لیے آگ کا دکھ ہے●

(بے شک جنہوں نے دکھ دیا مسلمان مردوں اور عورتوں کو) یعنی اُن پر آگ کا عذاب کیا، (پھر توبہ نہ کی)، اور خدا کی طرف نہ پھرے، (تو اُن کے لیے) آخرت میں (جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے) حسب مشیت دُنیا میں (آگ کا) بھی (دکھ ہے)۔

۔۔چنانچہ۔۔ایک روایت ہے کہ وہی آگ جو انہوں نے موحدوں کے واسطے گڑھوں میں جلائی تھی وہی بھڑکی اور چالیس گز اونچی ہوگئی اور اُسی نے سب کو گھیر کر جلا دیا۔ اُن کے برعکس۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ

بے شک جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں، اُن کے لیے باغ ہیں، بہتی ہیں جن کے نیچے نہریں۔۔

ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ﴿١١﴾ إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ﴿١٢﴾

یہی بڑی کامیابی ہے● بے شک تمہارے رب کی پکڑ یقیناً سخت ہے●

(بے شک جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں، اُن کے لیے باغ ہیں، بہتی ہیں جن کے) مکانوں اور درختوں کے (نیچے نہریں۔۔یہی بڑی کامیابی ہے) کہ دُنیا و مافیہا اُس کے مقابلے میں کم اور حقیر ہے۔ (بے شک تمہارے رب کی پکڑ یقیناً سخت ہے) اس واسطے کہ کفر کے سبب سے اُس نے جس کو عذاب میں پکڑا اُسے ہرگز نجات نہیں۔

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ﴿١٥﴾

بے شک وہ پہلے پیدا کرے اور وہی دوبارہ کرے● اور وہی مغفرت فرمانے والا بڑا پیار والا● عرشِ مجید والا ہے●

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٦﴾

کرگزرنے والا جو چاہے●

(بے شک وہ پہلے پیدا کرے اور وہی دوبارہ کرے)، یعنی یقیناً وہی پہلی بار بھی یعنی دُنیا میں بھی پکڑتا ہے اور وہی دوسری بار بھی یعنی آخرت میں بھی پکڑے گا اور یہ عدل کی نشانی ہے۔ (اور وہی مغفرت فرمانے والا) ہے اُس کی جو توبہ کرے، اور (بڑا پیار والا) ہے۔ اور دوست رکھنے والا ہے اُسے جو حکم مانے اور یہ فضل کی علامت ہے۔ عدل کے سبب سے چھوڑتا ہے اور نابود کر دیتا ہے اور فضل کے سبب سے نوازتا ہے اور بلند کرتا ہے۔ (عرشِ مجید والا ہے)، یعنی عرش کا خداوند۔۔یا۔۔ملک کا مالک اور اپنی ذات وصفات میں بزرگ، (کرگزرنے والا جو چاہے)۔

یعنی اُس کے کام میں کوئی بھی دخل نہیں دے سکتا۔ وہ اطاعت گزاروں کو پیار کرتا ہے اور پوری طرح پیار کرتا ہے، کون ہے جو اُس میں دخل دے سکے؟ اِسی طرح نافرمانوں کو سزا دیتا ہے اور پوری طرح دیتا ہے، کون ہے جو زبان ہلا سکے؟ اِس کے علاوہ اور بھی کچھ کرنا چاہتا ہے کرتا ہے، کوئی بھی دم نہیں مار سکتا۔۔۔

یہ تصور کہ اللہ جو چاہتا ہے پورا کرتا ہے، اُس کے کام میں کوئی دخل نہیں دے سکتا، قرآنِ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کریم کی بہت اہم تعلیم ہے۔ مشرکانہ تصورات کی جڑیں جو شرک پسند دِلوں میں جم گئی ہیں، ان کو یہ تعلیم اس طرح اکھاڑ پھینکتی ہے کہ اب نہ کوئی دیوی ہے نہ دیوتا، اور نہ ہی اللہ کے سوا کوئی اور معبودِ برحق۔۔۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم۔ پہلے یہ بتایا جاچکا ہے کہ "اللہ کی پکڑ بہت سخت ہے،" اب آگے اُس کے نظائر میں فرعون وثمود کے واقعات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ ارشاد ہے کہ۔۔۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾

کیا آئی تمہارے پاس لشکروں کی بات؟● فرعون وثمود کی● بلکہ کافر لوگ جھٹلانے میں ہیں●

(کیا آئی تمہارے پاس لشکروں کی بات) یعنی (فرعون وثمود کی) باتیں اور اُن کے واقعات۔ اِس سے بتانا یہ ہے کہ اَے محبوب! آپ کے پاس گزشتہ جماعتوں کے واقعات کا بیان آچکا اور فرعون وثمود کے واقعات بھی بیان کیے جاچکے، جن کو سن کر کفار بھی اچھی طرح واقف ہوچکے، لیکن اُس پر بھی یہ ظالم عبرت نہیں پکڑتے۔۔۔

(بلکہ) یہ کفر کا شیوہ اختیار کرنے والے (کافر لوگ جھٹلانے میں) ہی (ہیں)۔

ع ۱ ۲۲ ۱۰

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾

اور اللہ انہیں اُن کے اِدھر اُدھر سے گھیرے میں رکھنے والا ہے● بلکہ وہ قرآن مجید ہے● لوحِ محفوظ میں●

(اور) حال یہ ہے کہ (اللہ) تعالیٰ (اُنہیں اُن کے اِدھر اُدھر سے گھیرے میں رکھنے والا ہے)، یعنی اُن کو ہر طرف سے گھیر رکھا ہے تو انکار وتکذیب کرنے والو! غور سے سنو کہ اللہ کے رسول ﷺ جو وحیِ الٰہی پیش فرماتے ہیں وہ شعر وشاعری نہیں، (بلکہ وہ قرآنِ مجید ہے) یعنی بڑی ہی عظمت والا قرآن ہے، جو (لوحِ محفوظ میں) لکھا ہوا ہے، اور ہر طرح کی تغیر اور تحریف سے محفوظ ہے۔ کفر کا مزاج کچھ ایسا واقع ہوا ہے کہ لاکھ سمجھاؤ مگر ایمان کی بات ماننے کے لیے تیار ہی نہیں، بس وہی اِنکار و تکذیب ہے۔ قرآن جیسی کتاب کا بھی اِنکار ہے، حالانکہ یہ بہت بڑی عظمت والی کتاب ہے جس کا اعتراف ہر منصف مزاج آدمی ہمیشہ کرتا رہا ہے۔ اور یہ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ کی خاص کتاب ہے۔

اختتام سورہ البروج ۔۔۔ ﴿ ۱۷ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۳ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ ﴾ ۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۱۹ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۵ نومبر ۲۰۱۲ء بروز [redacted]

سورۃ الطارق ۸۶ مکیۃ ۳۶ — آیاتہا ۱۷ رکوعہا ۱

# سُوْرَةُ الطَّارِقِ

سورۂ الطارق ۔۔ ۸۶ مکیہ ۳۶ — آیاتہا ۱۷ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلے والی سورت اور اس میں یہ مناسبت ہے کہ دونوں میں آسمان اور تاروں کا ذکر ہے اور دونوں میں 'مبدء و معاد' کا بیان ہے۔ 'سورہ بروج' میں اللہ کی صفت 'محیط' کا تذکرہ ہے اور اس سورت میں اللہ کی صفت 'حفیظ' کا۔ اور اِس میں بھی یک گونہ 'احاطہ' کا مفہوم ہے۔ قدرتِ الٰہی اور حکمتِ خداوندی کو ظاہر کرنے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝۲ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝۳

قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے کی ● اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے، رات کو آنے والا؟ ● ستارہ ہے چمکدار ●

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝۴

کوئی جان نہیں، مگر اُس پر ایک نگہبان ہے ●

(قسم ہے آسمان کی اور رات کو آنے والے کی)، یعنی رات کو ظاہر ہونے والے تارے کی (اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے رات کو آنے والا)، یعنی ہم تمہیں بتا رہے ہیں ہمارے سوا تمہیں کون بتا سکتا ہے کہ رات کو نمودار ہونے والے تارے کی حقیقت کیا ہے؟ تو یہ رات کا آنے والا (ستارہ ہے چمکدار) جو اپنی شعاعوں سے ظلمتوں کو چاک کرتا ہے۔ تو یہ آسمان اور یہ ستارہ اپنی زبانِ حال سے شاہد ہے کہ جس طرح اِن کا کوئی محافظ ہے اُسی طرح (کوئی جان نہیں مگر اُس پر ایک نگہبان ہے)، جو اُس کے قول و عمل پر نگاہ رکھتا ہے اور شمار کرتا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ

تو چاہیے کہ انسان نظر کرے، کہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟● پیدا کیا گیا ہے اچھلتے پانی سے● جو نکلتا ہے

الصُّلْبِ وَ التَّرَآئِبِ ۝۷ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸

پیٹھ سے اور سینوں سے● بے شک وہ اُس کے واپس لانے پر یقیناً قادر ہے●

(تو) اب انجام کار کو سمجھنے کے لیے (چاہیے کہ انسان نظر کرے کہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے)۔خاص کر کے جو کوئی بعث ونشر کا منکر ہوا سے چاہیے کہ اصل ایجاد کو دیکھے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟ وہ (پیدا کیا گیا ہے اچھلتے پانی سے) جو گرایا گیا ہے رحم میں، اور (جو نکلتا ہے) مَردوں کی (پیٹھ) کے درمیان (سے اور) عورتوں کے (سینوں) کی ہڈی (سے)۔اور حق تعالیٰ کی شانِ قدرت یہ ہے کہ (بے شک وہ اُس کے واپس لانے پر یقیناً قادر ہے)۔یعنی جس نے انسان کو ایک قطرۂ آب سے پیدا کیا یقیناً وہ اس کو دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے۔اُس دن کا تصور کرو۔۔۔

---

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّ لَا نَاصِرٍ ۝۱۰ وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱

جس دن کہ جانچے جائیں گے سارے چھپے ڈھکے● تو نہیں اُسے کوئی زور اور نہ مددگار● قسم ہے بارش والے آسمان کی●

وَ الْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳ وَّ مَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴

اور پھٹنے والی زمین کی● بے شک یقیناً یہ قول فیصل ہے● اور نہیں ہے ہنسی کی بات●

(جس دن کہ جانچے جائیں گے سارے چھپے ڈھکے)،یعنی سب چھپی ہوئی حقیقتیں کھل جائیں گی، (تو) اُس وقت (نہیں اُسے کوئی زور) اپنی ذات پر کہ اپنے سے عذاب کو روک سکے۔(اور نہ ہی کوئی (مددگار) کہ اُس کی مددگاری سے بلا رفع دفع ہو جائے۔(قسم ہے بارش والے آسمان کی●اور پھٹنے والی) یعنی نباتات والی (زمین کی) کہ (بے شک) انسان کا دوبارہ زندہ ہونا (یقیناً یہ قولِ فیصل) اور قولِ برحق (ہے●اور نہیں ہے ہنسی کی بات) اور کوئی باطل بات۔

---

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝۱۵ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ

بے شک وہ داؤں کرتے ہیں خوب● اور میں جواب دیتا ہوں داؤں کا● تو ڈھیل دے دو ابھی کافروں کو،

اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۱۷

اور مہلت دے دو تھوڑی سی●

ع ۱ ۱۷ ۱۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(بے شک وہ) یعنی کفارِ مکہ اسلام اور مسلمانوں کو مٹانے کے لیے (داؤں کرتے ہیں خوب) اور بڑی بڑی تدبیریں کر رہے ہیں، (اور میں جواب دیتا ہوں داؤں کا) یعنی اسلام کے تحفظ کا بڑا انتظام کر رہا ہوں، (تو) اَے محبوب! (ڈھیل دے دوا بھی کافروں کو اور مہلت دے دو تھوڑی سی)۔ یعنی اُنہیں کچھ دنوں یوں ہی رہنے دیجیے اور اُن کے لیے دُعائے ہلاکت کرنے میں جلدی نہ کیجیے، وہ خود ہی عنقریب ہلاک ہو جائیں گے۔

اختتام سورہ الطارق --- ۱۹ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ --- مطابق --- ۵ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ

---

--- ۱۹ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ --- مطابق --- ۵ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ

# سُوْرَةُ الْاَعْلٰى

سورۃ الاعلیٰ --- ۸۷ مکیہ ۸ — آیا تہا ۱۹ --- رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ سابق سورہ سے اُس کی مناسبت یہ ہے کہ 'سورہ طارق' میں اِس طرف توجہ دلائی گئی تھی کہ انسان اپنے مادۂ تخلیق پر نظر ڈالے، اور اُس راہ سے سبق دیا گیا تھا کہ دیکھو اللہ بڑا قدیر ہے کہ ایک قطرۂ آب سے تم کو پیدا کیا اور اُس ایک معمولی قطرہ میں تمہارے تمام اعضاء اور خصائص ظاہری و باطنی اس طرح رکھ دیئے کہ اپنے اپنے زمانہ میں سب ظہور میں آتے گئے۔ کیا ایسا قادرِ مطلق اس پر قادر نہیں کہ تم کو دوبارہ پیدا کر دے؟

اور اب 'سورۂ اعلیٰ' میں اللہ کے قدیر مطلق ہونے کے اور حقائق پیش کیے جارہے ہیں۔ یہ حقائق خَلق، تسویہ، تقدیر، اور ہدایت ہیں۔ آنحضرت ﷺ کو یہ سورت بہت محبوب تھی، اِسی لیے آپ وتر نماز میں اکثر سورۂ اعلیٰ، سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص پڑھا کرتے، اور عیدین و جمعہ میں 'سورۂ اعلیٰ' اور 'سورۂ غاشیہ' کی تلاوت فرماتے۔

اگر اتفاق سے ایک ہی دن عید اور جمعہ دونوں پڑ گئے، تو اُن دونوں میں اِن سورتوں کو پڑھتے۔ حضور ﷺ کا یہ معمول تھا کہ جب سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى پڑھتے، تو اُس کے بعد سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ضرور پڑھ لیتے۔ اور حضرت علی نے بھی ایسا کیا ہے اور دیگر صحابہ سے بھی ایسا ثابت ہے۔ ایسی محبوب اور عزیز و جمیل سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

میں ۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ﴿۲﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ﴿۳﴾

پاکی بولو اپنے بلند و بالا رب کے نام کی ● جس نے پیدا فرمایا تو درست فرمایا ● اور جس نے اندازہ پر رکھا، پھر راہ دی ●

(پاکی بولو اپنے بلند و بالا رب کے نام کی)، یعنی اپنے رب کے نام کی تسبیح و تقدیس کرو جو نہایت بلند و برتر ہے، تو انہیں صفات سے اُس کی تعریف کرو جو اُس کی شایانِ شان ہیں۔

جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسولِ مقبول ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنے سجدوں میں یہی کہا کرو۔

وہ رب اعلیٰ (جس نے پیدا فرمایا) سب کو (تو درست فرمایا)، یعنی جیسا چاہیے ٹھیک ویسا ہی بنایا۔ (اور) وہی ہے (جس نے اندازہ پر رکھا)، یعنی ہر شے کی ساخت میں اُس کی تمام چیزوں کو مقدار وتناسب سے رکھا۔ (پھر) سب کے لیے مقصدِ تخلیق پورا کرنے کی (راہ) بھی کھول (دی) اور رہنمائی فرمائی۔۔۔

وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ﴿۴﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۙ﴿۵﴾

اور جس نے نکالا چارا ● پھر کر دیا اُسے خشک کالا ●

(اور) وہی ہے (جس نے) سبزے اُگائے اور (نکالا چارا) کہ چار پائے چریں، (پھر کر دیا) اُس کے سبز ہونے کے بعد (اُسے خشک کالا) پژمردہ میلا۔

بعض محققین نے اِس آیت کے مضمون سے یہ سمجھا ہے کہ فائدہ لینے والوں کی چراگاہ دُنیا ہے، اگر چہ پہلے تو تازہ اور ہری اور اچھی معلوم ہوتی ہے مگر تھوڑی مدت میں حادثوں کی بادِ خزاں چلنے سے اندھیرا اور بے طراوت ہو جاتی ہے۔ اِس سورہ مبارکہ میں اولاً اللہ کی تسبیح وتقدیس کا حکم دیا گیا تھا اور اللہ کے کچھ صفات بیان فرمائے گئے تھے، اب یہ ارشاد ہوتا ہے کہ اے محبوب! مصائب کے ہجوم میں اور کثرتِ مشاغل میں حفظِ قرآن کی فکر نہ کیجیے،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کیونکہ۔۔۔

## سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسَىٰ ۝٦ إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَىٰ ۝٧

اب پڑھایا کریں گے ہم، تو نہ بھولو گے ● 'الا ماشاء اللہ'۔ بے شک وہ جانتا ہے ہر ظاہر کو، اور جو چھپے اُس کو ●

**(اب پڑھایا کریں گے ہم)** خود ہی، **(تو)** تم کچھ بھی **(نہ بھولو گے ● الا ماشاءاللہ)**، یعنی بس اُتنی ہی دیر جتنی اللہ کو منظور ہو۔ تو حضرت جبرائیل حکمِ الٰہی سے قرآنِ کریم کا دَور کراتے رہیں گے ۔۔۔آپ کا کام ہے تسبیح کرنا، اور قرآن مجید اور تمام علوم پڑھا دینا ہمارا کام ہے ہم پڑھا دیں گے، تو آپ کچھ بھی نہ بھولیں گے الا ماشاءاللہ۔۔۔ لٰہذا آپ تبلیغ رسالت کیجیے اور لوگوں کو وعظ و نصیحت کرتے رہیے۔ **(بے شک وہ)** یعنی اللہ تعالیٰ **(جانتا ہے ہر ظاہر کو)**، یعنی آپ کے ظاہری احوال کو **(اور جو چھپے اُس کو)**، یعنی جو آپ کے پوشیدہ اطوار ہیں اُن کو بھی جانتا ہے۔

ظاہر سے مراد ہے نبی کریم ﷺ حضرت جبرائیل کے ساتھ جو قرآن مجید پڑھتے تھے، اور پوشیدہ سے مراد نبی ﷺ تنہائی میں جو اپنے طور پر قرآن مجید پڑھتے رہتے تھے۔ اس آیت کا دوسرا محمل یہ ہے کہ۔۔۔

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی مصلحتوں سے واقف ہے، جس حکم پر عمل کرنا اُس کے لیے دشوار ہوگا وہ اُس حکم کو منسوخ کر دے گا، اور اُس آیت کی قرأت آپ سے بھلا دے گا کیونکہ وہ ظاہر و باطن کا جاننے والا ہے۔

## وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَىٰ ۝٨

اور آسان کر دیں گے ہم تم پر اس آسانی کو ●

**(اور آسان کر دیں گے ہم تم پر اس آسانی کو)**، یعنی ہم آپ کو قرآن مجید کے حفظ کرنے کے آسان اور سہل طریقے کی توفیق دیں گے۔

۔۔یا۔۔

ہم آپ کو ایسے اعمال کی توفیق دیں گے جس سے آپ کے لیے جنت کا راستہ آسان اور سہل ہو جائے۔

۔۔یا۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہم آپ پر نزولِ وحی کو آسان کردیں گے تاکہ آپ سہولت سے وحی کو حفظ کرسکیں، جان سکیں، اور اُس پر عمل کرسکیں۔

---یا---

ہم آپ پر ایسے شرعی احکام نازل کریں گے جن پر عمل کرنا آسان ہوگا، اور لوگوں کے لیے شرعی احکام پر عمل کرنا مشکل اور دشوار نہیں ہوگا۔

اِس سے پہلی آیت میں یہ بتایا تھا کہ ہم نے آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے دین آسان کردیا ہے۔ اب اُس پر یہ متفرع کیا ہے کہ جب دین آسان ہے۔۔۔

فَذَكِّرْ إِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿٩﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿١٠﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿١١﴾

تو نصیحت کرتے رہو اگر نفع دے نصیحت ● عنقریب نصیحت حاصل کرے گا جو ڈرتا ہے ● اور بھاگے گا اِس سے بڑا بدبخت ●

الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿١٢﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿١٣﴾

جو جائے گا بڑی آگ میں ● پھر نہ مرے گا اُس میں اور نہ جیے گا ●

**(تو نصیحت کرتے رہو اگر نفع دے نصیحت)** یعنی اگر نصیحت مفید ہورہی ہو تو اُس کا سلسلہ جاری رکھو کیونکہ **(عنقریب نصیحت حاصل کرے گا)** وہ **(جو ڈرتا ہے)** اللہ تعالیٰ سے۔ اور جو اُس سے کترائے گا **(اور بھاگے گا اُس سے بڑا بدبخت)** وہ شخص **(جو جائے گا بڑی)** خطرناک **(آگ میں ● پھر نہ مرے گا اُس میں اور نہ)** ہی جینے کی طرح **(جیے گا)**۔

بڑی آگ سے مراد اُس درکہ جہنم کی آگ ہے جو بہت تیز اور بڑی جلانے والی ہے۔ یہ دُنیا میں تمہاری جو آگ ہے وہ اُس کے ستر حصوں کا ایک حصہ ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ 'نارِ کبریٰ' جہنم کے نیچے والے طبقہ میں ہے، جو جگہ ہے آلِ فرعون اور منافقین کی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر جو مائدہ اُترا تھا اُس کے منکروں کی۔ اور 'نارِ صغریٰ' اوپر والے طبقہ میں ہے جو امتِ محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے گنہگاروں کی جگہ ہے۔۔ الختصر۔۔۔ وہ بدبخت نہ مرے گا اُس بڑی آگ میں کہ آسائش پاجائے، اور نہ زندہ رہے گا ایسی زندگی جس سے راحت پائے۔

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿١٤﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿١٥﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

بے شک کامیاب ہوا جو پاکیزہ ہوا ● اور یاد کیا اپنے رب کے نام کو، پھر نماز پڑھی ● بلکہ اختیار کرتے ہو تم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

## الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾

دُنیاوی زندگی کو● حالانکہ آخرت بہتر اور ہمیشہ رہنے والی ہے●

(بے شک کامیاب ہوا جو پاکیزہ ہوا) اور کفر و معصیت سے بچا رہا۔(اور یاد کیا اپنے رب کے نام کو) دل اور زبان سے،(پھر نماز پڑھی) جو اسلام کی علامت ہے۔۔یا۔۔کامیاب ہوا وہ شخص جس نے طہارت کی اور احرام کی تکبیر کہی اور پانچوں وقت کی نماز اَدا کی۔۔یا۔۔صدقہ ءفطر دیا اور تکبیرِ عید کہی اور نمازِ عید پڑھی۔مگر اَے منکرو! اور بدبختو! تمہارا تو یہ حال ہے کہ آخرت کی بھلائی کا خیال نہیں کرتے (بلکہ اختیار کرتے ہو تم دُنیاوی زندگی) کی راحت (کو● حالانکہ) دُنیاوی زندگی اور اُس کی راحتوں سے (آخرت) کی بھلائی (بہتر اور ہمیشہ رہنے والی ہے) جس کو زوال نہیں۔

## اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾ صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾ ع ۱۴

بے شک یہ یقیناً اگلے صحیفوں میں ہے● ابراہیم و موسیٰ کے صحیفوں میں●

(بے شک یہ) بات (یقیناً اگلے صحیفوں میں ہے)، یعنی حضرت (ابراہیم و موسیٰ) علیہما السلام (کے صحیفوں میں)۔۔الحاصل۔۔یہ وہ حقیقت ہے جس کا ذکر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں میں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تختیوں میں ہے۔

اختتام سورۂ اعلیٰ ۔۔۔ ۱۹؍ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۵؍نومبر ۲۰۱۲ء

۲۰؍ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۶؍نومبر ۲۰۱۲ء، بروز

# سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ

سورۃ الغاشیہ ۔۔ ۸۸ مکیہ ۶۸ ۔۔ آیاتہا ۲۶ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔اِس سورہ کا اپنی سابق سورہ سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ربط یہ ہے کہ 'سورہ اعلیٰ' کا اختتام اِس مضمون پر ہوا کہ دُنیاوی زندگی کو ترجیح دینا بُرا ہے اور آخرت بہرصورت بہتر ہے۔ اور 'سورۂ غاشیہ' میں اُن لوگوں کے حالات کی تفصیل ہے جو دُنیا کی لذتوں میں منہمک ہیں اور آخرت کو بھول بیٹھے ہیں۔ اور اُن لوگوں کے حالات کی بھی تفصیل ہے جو آخرت کی زندگی بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔ اس طرح دونوں سورتیں ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔

اِس کے سوا اور وجوہ ربط بھی ہیں۔۔ مثلاً: دونوں سورتوں میں 'تذکیر' کا حکم ہے۔ 'سورۂ اعلیٰ' میں ہے **فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ**۔ اِس سورہ میں ہے **فَذَكِّرْ ۖ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ**۔ دونوں میں بدنصیبوں کا انجام بتایا گیا ہے اور اسلوب ایک ہے 'سورۂ اعلیٰ' میں ہے **يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ**، یعنی یہ شخص بہت بڑی سوزش والی آگ میں جلے گا۔ اور اِس سورہ میں ہے **تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً**، یہ لوگ نہایت شدید حرارت والی آگ میں جلیں گے۔

اِس سورہ کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ 'منکرینِ قیامت' اور 'منکرین جنت وجہنم' اُن حقائق کا بیان سن کر کہا کرتے تھے یہ سب عجیب وغریب باتیں ہیں، بھلا ایسا ہوگا؟ آنحضرت ﷺ انہیں سمجھاتے اور غیر متعصب روحیں اثر لیتیں۔ قرآن مجید شروع ہی سے ان باتوں کو سمجھاتا ہے، یہ سورۂ پاک بھی اُسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

اِس کا نزول اس لیے ہوا ہے کہ قیامت اور جنت وجہنم کے حالات بیان کیے جائیں ۔۔ نیز۔۔ جو لوگ اُن حقائق کے متعلق کہہ دیا کرتے تھے کہ یہ عجیب وغریب باتیں ہیں، بھلا ایسا ہوگا؟ اُن کے سامنے یہ حقیقت کھول دی جائے کہ خود اپنے گردوپیش کی چیزوں پر نظر ڈالو جنہیں تم رات دن دیکھا کرتے ہو، اُنہیں کو اپنی نگاہوں میں رکھ لو۔ یہ تمہارے اونٹ، یہ آسمان، یہ پہاڑ، یہ زمین، بتاؤ کہ اِن میں سے کون سی چیز عجیب وغریب نہیں؟ کیا اِن کے وجود کا اِنکار کر سکتے ہو؟ پھر قیامت اور جنت وجہنم عجیب وغریب ہیں، تو اِنکار کی کیا وجہ ہے؟

ایسی چشم کشا اور بصیرت افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

**بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ**

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

**(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین**

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝۱ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝۲ عَامِلَةٌ

کیا آئی تمہارے پاس چھاجانے والی آفت کی بات؟ ● کتنے چہرے اُس دن سرنگوں ہیں ● جھیلنے والے

نَّاصِبَةٌ ۝۳ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵

مشقت میں پڑے ● جائیں گے وہ جلتی آگ میں ● پلائے جائیں گے کھولتے چشمہ سے ●

(کیا آئی تمہارے پاس چھاجانے والی آفت)، یعنی قیامت (کی بات) جس کی ہیبت سب کو گھیرے گی؟ (کتنے چہرے اُس دن سرنگوں ہیں)، ذلت ورسوائی کے سبب بے وقار وبے مقدار ہوں گے (جھیلنے والے مشقت میں پڑے)، یعنی دوزخی وہ کام کریں گے جن سے اُن کو رنج اور محنت پہنچے گی، جیسے آگ کی زنجیریں کھینچنا، عذابِ دوزخ میں اوپر آنا نیچے جانا، یعنی غوطے کھانا۔۔الغرض۔۔ (جائیں گے وہ جلتی آگ میں) جو گرمی کے نہایت درجہ پر پہنچی ہے۔ جب اُن پر پیاس غالب ہوگی تو وہ (پلائے جائیں گے کھولتے چشمہ سے) جس کا پانی نہایت گرم ہے۔۔۔ جس کی گرمی کا عالم بعض لوگوں کے قول کے مطابق یہ ہے کہ جس دن سے آگ پیدا کی ہے اُس پانی کو جوش دے رہے ہیں۔

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝۷

نہیں ہے اُن کی کوئی غذا، مگر ضریع نام کا کانٹا ● جو نہ فربہی دے، اور نہ کام آئے بھوک کے ●

(نہیں ہے اُن کی کوئی غذا مگر ضریع نام کا کانٹا) جو ایک خاردار گھاس ہے۔ جب تک تر رہتی ہے، عرب اُس کو شِبْرَق کہتے ہیں اور چارپائے اُسے چرتے ہیں۔ اور جب خشک ہوجاتی ہے تو اس کو 'ضریع' کہتے ہیں اور چرنے والا جانور بھی اُس کے سامنے نہیں پھٹکتا۔ آخرت میں اُس کی صورت آگ کا درخت ہوگا۔

ابوجہل نے جب یہ آیت سنی تو بولا کہ کیا ضَرِيْع ہم کو فربہ کردے گی جس طرح ہمارے اونٹوں کو فربہ کردیتی ہے تو یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

(جو نہ فربہی دے اور نہ کام آئے بھوک کے)، یعنی دوزخ کی ضریع کسی کو فربہ نہیں کرتی اور نہ ہی کسی کی بھوک دفع کرتی ہے۔ کھانے کے یہی دو مقاصد ہوتے ہیں کہ کھانے والا فربہ ہو۔۔۔یا اُس کی بھوک مٹ جائے، مگر دوزخ کی ضریع سے اِن دونوں میں سے کوئی بات حاصل نہ ہوگی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

مذکورہ بالا چہروں کے برعکس۔۔۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝١٠

کتنے چہرے اُس دن راحت والے ● اپنی کوشش سے خوش ● اونچے باغ میں ہیں ●

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝١١

کہ نہ سنیں گے اُس میں کوئی بے ہودہ بات ●

(کتنے چہرے ہیں اُس دن راحت والے)، وہ تروتازہ ہوں گے اور نعمت کا اثر ان سے ظاہر ہوگا۔ وہ (اپنی کوشش سے خوش) ہوں گے، یعنی جو کام اُنہوں نے کیا ہے اُسے پسند کریں گے اور چونکہ اُس کا ثواب دیکھیں گے تو اُس سے راضی ہوں گے۔ وہ دیکھیں گے کہ وہ (اونچے باغ میں ہیں) جو بہت بلند قدر ہیں، (کہ نہ سنیں گے) وہ بلند مرتبہ چہرے والے (اُس میں کوئی بے ہودہ بات)۔۔یا۔۔اَے مخاطب تُو نہ سنے گا اُس بہشتِ عالی میں بیہودہ بات، اس لیے کہ جنتیوں کا کلام سب ذکر اور حکمت ہوگا۔ جنت کا کیا کہنا۔۔۔

فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝١٢ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۝١٣ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۝١٤

اُس میں بہتی نہر ہے۔۔●۔۔ اُس میں اونچے اونچے تخت ہیں ● اور باقاعدہ رکھے ہوئے کوزے ●

وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۝١٥ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۝١٦

اور لگے ہوئے گدّے ● اور بچھائی ہوئی چاندنیاں ●

(اُس میں بہتی نہر ہے) کہ اُس کا پانی منقطع نہ ہوگا، اور (اُس میں اونچے اونچے تخت ہیں)، اُن کی اصل سونے کی زمرد یاقوت موتی سے جڑاؤ۔

معالم میں ہے کہ وہ تخت ہوا میں بلند ہوں گے۔ جب صاحبِ تخت چاہے گا کہ اُس پر بیٹھے تو وہ تخت زمین پر اُتر آئیں گے۔ اور جب اُس پر بیٹھے گا تو وہ تخت پھر بلند ہو کر اپنی جگہ چلے جائیں گے۔

(اور) اُس جنت میں ہوں گے (باقاعدہ رکھے ہوئے کوزے) جنتیوں کے سامنے۔ (اور لگے ہوئے گدّے) تکیے برابر رکھے ہوئے، (اور بچھائی ہوئی چاندنیاں)۔ یہ سب قدرتِ خداوندی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اور مشیتِ الٰہی کی نشانیاں ہیں، یہ تعجب و حیرت کا محل نہیں۔ اور یہ بھی قابلِ غور بات ہے کہ صرف
چیز کے حیرتناک اور تعجب خیز ہونے کی وجہ سے اُس کے وجود کا اِنکار کر دینا دانشمندی نہیں۔

## اَفَلَا یَنۡظُرُوۡنَ اِلَی الۡاِبِلِ کَیۡفَ خُلِقَتۡ ﴿۱۷﴾

تو کیا نہیں دیکھتے یہ لوگ اونٹ کی طرف، کہ کس طرح پیدا کیا گیا ہے۔۔●۔۔

(تو کیا نہیں دیکھتے یہ لوگ اونٹ کی طرف کہ کس طرح پیدا کیا گیا ہے)۔ یعنی باوصف اِتنے اونچے اور اِتنے بڑے ہونے کے، ایک ڈورے سے لڑکے کا مسخر اور تابع ہو جاتا ہے کہ لڑکا اُس پر چڑھتا ہے اور اُترتا ہے، پھر جنت میں تخت اگر جنتی کا مسخر اور مطیع ہو تو اُس سے یہ کافر کیوں تعجب کرتے ہیں۔

اہلِ نظر کے نزدیک اونٹ کی خلقت خالقِ کائنات کے کمالِ قدرت اور حسنِ تدبیر اور علم و حکمت پر دلالت کرتی ہے، اس واسطے کہ بڑا ہے، بھاری بوجھ اُٹھاتا ہے، مطیع ہے، سب کا حکم بجالاتا ہے، قانع ہے سب گھاس پات چرتا ہے، متحمل ہے پیاس کی حالت میں بے صبری نہیں کرتا، اِسی جہت سے بے پانی کا میدان طے کر جاتا ہے۔ اور جو کچھ حیوان سے چاہیے۔ مثلاً: نسل، بوجھ اُٹھانا، دودھ، گوشت، سواری یہ سب اُس سے حاصل ہے۔ تبیان میں ہے کہ مخاطب عرب ہیں، اُن میں اکثر بدو جنگلی ہوتے ہیں اور اُن کا مال اونٹ ہے، اور جدھر دیکھتے ہیں آسمان زمین پہاڑ کے سوا کچھ نہیں دیکھتے، تو اونٹ کے ذکر بعد فرماتا ہے کہ۔۔۔

## وَاِلَی السَّمَآءِ کَیۡفَ رُفِعَتۡ ﴿۱۸﴾ وَاِلَی الۡجِبَالِ کَیۡفَ نُصِبَتۡ ﴿۱۹﴾

اور آسمان کی طرف، کہ کیسا بلند کیا گیا۔۔●۔۔ اور پہاڑوں کی طرف، کہ کیسے گاڑ دیے گئے۔۔●۔۔

## وَاِلَی الۡاَرۡضِ کَیۡفَ سُطِحَتۡ ﴿۲۰﴾

اور زمین کی طرف، کہ کیسی بچھادی گئی ہے۔۔●۔۔

(اور) کیا نہیں دیکھتے (آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا) ہے بے ستون۔ (اور پہاڑوں کی طرف کہ کیسے گاڑ دیئے گئے) زمین پر مستحکم۔ (اور زمین کی طرف کہ کیسی بچھادی گئی ہے) چوڑی تاکہ خلق کے آرام کی جگہ ہو۔ تو کیا یہ سب تعجب خیز باتیں نہیں ہیں؟

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَذَكِّرْ إِنَّمَآ أَنتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ

تو نصیحت سنایا کرو کہ تم بس نصیحت سنانے کے ذمہ دار ہو● ابھی نہیں ہو تم اِن پر جواب دہ، داروغہ● مگر جس نے بے رخی کی

وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ إِلَيْنَآ إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾

اور کفر کیا● تو دے گا اُسے اللہ بڑا عذاب● بے شک ہمارے طرف اُن کی واپسی ہے●

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ﴿٢٦﴾

پھر بے شک ہمیں پر اُن کا حساب لینا ہے●

(تو) اَے محبوب! تم انہیں (نصیحت سنایا کرو) اور سمجھاتے رہو کیوں (کہ تم بس نصیحت سنانے کے ذمہ دار ہو)۔ تمہارا کام یہی سمجھانا ہے۔ (ابھی نہیں ہو تم ان پر جواب دہ داروغہ)، یعنی تم انہیں مجبور کرنے کے لیے نہیں ہو (مگر) یہ ضرور ہے کہ (جس نے بے رخی کی اور کفر کیا● تو دے گا اُسے اللہ) تعالیٰ (بڑا عذاب) جس سے وہ بچ نہیں سکتا۔۔ چنانچہ۔۔ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ بالآخر۔۔۔ (بے شک ہمارے طرف اُن کی واپسی ہے● پھر بے شک ہمیں پر اُن کا حساب لینا ہے) محشر میں۔

۔۔۔ ﴿ ۲۰ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۶ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾

---

۔۔ ﴿ ۲۱ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۷ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

## سُوْرَةُ الْفَجْرِ

سورۃ الفجر ۸۹ مکیۃ ۱۰ — آیاتہا ۳۰ رکوعہا ۱

سورۃ الفجر۔۔ ۸۹ مکیہ ۱۰ — آیاتہا ۳۰۔۔ رکوعہا ۱

اِس کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اپنے سے سابق سورہ سے اِس کا ربط یہ ہے کہ دونوں میں جنت اور دوزخ کا بیان ہے مگر ہر ایک کا اُسلوب اپنی اپنی جگہ الگ ہے اور بے حد دلکش اور موثر ہے۔ اِس کے علاوہ اور بھی وجوہ ربط ہیں۔۔ مثلاً: سورۂ غاشیہ میں 'اربابِ مجاہدہ' کے متعلق ارشاد ہے کہ یہ لوگ آخرت میں اپنی کوشش عمل کی وجہ سے خوش وخرم رہیں گے۔ اور اِس سورہ میں اُن کے متعلق نَفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ فرما کر رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فرمایا، یعنی یہ لوگ اللہ کے پاس اِس طرح لوٹ کر آئیں گے کہ یہ اللہ سے راضی، اللہ اُن

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سے راضی 'سورہ غاشیہ' میں کافروں کے متعلق ارشاد ہے کہ اللہ اُن کو سب سے بڑا عذاب دے گا اور اِس سورہ میں اُس کی کچھ اور تفصیل فرمادی ہے۔۔ چنانچہ۔۔ ارشاد ہے کہ قیامت کے روز اللہ اتنی سخت سزا دے گا نہ کسی نے ایسی سزا دی ہے نہ کوئی دے سکتا ہے، اور اس طرح جہنم میں مقید کر دے گا کہ نہ کسی نے اِس طور پر مقید کیا ہے نہ کر سکتا ہے۔ اِس سورہ کے مرکزی مضامین میں یہ پانچ حقائق ہیں۔

﴿۱﴾۔۔ زندگی کے لیل ونہار شاہد ہیں کہ ظالمو! تم پر اللہ کا عذاب آ کے رہے گا، اب اُس کے وقت کا انتظار کرو۔ یہ حقیقت خاص خاص لیل ونہار کی قسم وشہادت سے پیش فرمائی گئی ہے۔ آیت ۱، آیت ۴۔

﴿۲﴾۔۔ علم الٰہی کی نگاہ ہر انسان کی ایک ایک حرکت وسکون کو دیکھ رہی ہے اور اُس کی پکڑ اور مفسدوں کی تاک میں ہے۔ یہ حقیقت آیت ۱۴ میں بیان ہوئی ہے۔

﴿۳﴾۔۔ اللہ کی پکڑ دُنیا میں بھی ہے آخرت میں بھی۔ بعض گناہ، مثلاً: ظلم وتعدی اور فتنہ و فساد کی سزا دُنیا میں بھی دی جاتی ہے اور آخرت میں بھی۔ دُنیا میں سزا کے نمونے عاد، ثمود اور فرعون وغیرہ کے واقعات ہیں۔ یہ حقیقت سلسلہ وار سات آیتوں میں مذکور ہے۔ آیات ۶۔ تا۔ ۱۳۔

﴿۴﴾۔۔ پوری سزا کی جگہ آخرت ہے۔ وہاں کی سزا کا اجمالی بیان آیت ۲۵ اور آیت ۲۶ میں ہے۔

﴿۵﴾۔۔ جن نفوس کو یادِ الٰہی سے سکون ملا کرتا ہے وہ بندگانِ خاص میں ہیں اور مقامِ رضوان پر فائز ہیں۔ اُن کا خاص مقام قربِ الٰہی اور فردوسِ اعلیٰ ہے جسے اللہ نے اپنی جنت فرمایا ہے۔ آیات ۲۷۔ تا۔ ۳۰۔

مذکورہ بالا ایسے عظیم حقائق پر مشتمل اِس سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَالْفَجْرِ ۙ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ﴿۴﴾

قسم ہے وقت فجر کی ● اور دسوں رات کی ● اور جفت وطاق کی ● اور رات کی جب وہ چلے ●

(قسم ہے وقتِ فجر کی) جو دوستوں کی مناجات کا وقت اور ساعت ہے۔

یہاں **الْفَجْرِ** سے مراد کے تعلق سے دوسرے بھی اقوال ہیں، مثلاً: قسم ہے نمازِ فجر کی جس کے سبب سے سعادتمندوں کی جان کو آرام اور راحت ہے۔ اور ایک قول کے موافق فجر سے محرم کا روز مراد ہے کہ سال اُس سے شروع ہوتا ہے۔۔یا۔۔ ذی الحجہ کا پہلا روز مراد ہے کہ لیالی عشر اُس سے ملی ہوئی ہیں۔۔یا۔۔ جمعہ کی فجر مراد ہے۔۔یا۔۔ روزِ عرفہ کی صبح مراد ہے کہ اُس میں حاجیوں کی دُعا قبول ہوتی ہے۔۔یا۔۔ عیدِ اضحیٰ کی فجر جو کہ قربانی کا روز ہے مراد ہے، وغیرہ وغیرہ۔

(اور) قسم ہے ذی الحج کے پہلے عشرہ کی (دسوں رات کی) کہ عرفہ اُسی میں ہے۔۔یا۔۔ محرم کے پہلے عشرہ کی کہ اُس میں عاشورہ ہے۔۔یا۔۔ رمضان کے اخیر عشرہ کی کہ اُس میں شبِ قدر ہے۔۔یا۔۔ شعبان کے درمیانی عشرہ کہ اُس میں شبِ قدر ہے۔ (اور) قسم ہے (جفت وطاق کی)، یعنی یوم نحر اور یوم عرفہ کی۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ جفت سے وہ تضاد اور مخالفت مراد ہے جو مخلوق کے اوصاف میں ہوتی ہے، جیسے عزت و ذلت، قدرت و عاجزی، علم و جہل، قوت و ضعف، اور موت و زندگی۔ اور **وَتْر** سے صفاتِ الٰہی کا انفراد مقصود ہے، عزت بے ذلت، قدرت بے عجز، علم بے جہل، قوت بے ضعف، اور حیات بے موت۔۔یا۔۔ **شَفْع** خلق ہے کہ **مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ**۔ اور **فَرْد** سے خالق مراد ہے کہ **قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ**۔۔یا۔۔ **شَفْع** نمازِ فجر ہے اور **وَتْر** نمازِ مغرب۔۔یا۔۔ **شَفْع** مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی دو مسجدیں ہیں اور **وَتْر** مسجدِ اقصیٰ ہے۔۔یا۔۔ **شَفْع** صفا اور مروہ دو پہاڑ ہیں اور **وَتْر** بیت الحرام ہے۔

(اور) قسم ہے (رات کی جب وہ چلے)، یعنی قسم ہے پچھلی رات کی جب مسافر راستہ چلتا ہے، یعنی یہ لیل و نہار شاہد حق ہیں کہ جیسے اُن کا تمہیں انتظار رہا کرتا ہے اور اپنے وقت پر یہ ضرور آتے ہیں اسی طرح تمہارے ظلم وستم کا نتیجہ بھی اپنے وقت پر ضرور ظہور میں آئے گا، اس کا بھی انتظار کرو تمہیں اس کی سزا مل کے رہے گی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

هَلۡ فِیۡ ذٰلِکَ قَسَمٌ لِّذِیۡ حِجۡرٍ ؕ﴿۵﴾ اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ ۪ۙ﴿۶﴾

کیا اس میں مناسب قسم ہوگئی عقل والوں کے لیے؟● کیا تم دیکھ نہیں چکے، کہ کیسا کیا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ؟●

اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ ۪ۙ﴿۷﴾ الَّتِیۡ لَمۡ یُخۡلَقۡ مِثۡلُہَا فِی الۡبِلَادِ ۪ۙ﴿۸﴾

ارم نام والے ستون جیسے لمبے قد کے● کہ نہیں پیدا کیا گیا اس طرح کوئی شہروں میں●

وَ ثَمُوۡدَ الَّذِیۡنَ جَابُوا الصَّخۡرَ بِالۡوَادِ ۪ۙ﴿۹﴾

اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے کاٹا چٹانوں کو وادی میں●

(کیا اس میں مناسب قسم ہوگئی عقل والوں کے لیے) جن کی سمجھ بُرائی سے روکتی اور بچاتی ہے تاکہ وہ عبرت حاصل کریں اور جانیں کہ قسم ہے تحقیق اور تاکید کی ہوئی۔ اور قسم کا جواب یہ ہے کہ ہم تکذیب کرنے والوں کو عذاب کریں گے۔ اَے نبی! (کیا تم دیکھ نہیں چکے) اور جان نہیں چکے (کہ کیسا کیا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ) جو (ارم نام والے ستون جیسے لمبے قد کے) تھے۔ (کہ نہیں پیدا کیا گیا اس طرح کوئی) عرب کے (شہروں میں ● اور ثمود کے ساتھ) کیا معاملہ کیا؟ (جنہوں نے کاٹا چٹانوں کو) پہاڑوں کی (وادی میں) اور اُسے کاٹ کر پہاڑوں کے دامن میں سنگین مکانات بنائے۔

---

وَ فِرۡعَوۡنَ ذِی الۡاَوۡتَادِ ﴿۱۰﴾ الَّذِیۡنَ طَغَوۡا فِی الۡبِلَادِ ﴿۱۱﴾ فَاَکۡثَرُوۡا فِیۡہَا

اور فرعون کے ساتھ، چومیخا کرنے والا● جنہوں نے سرکشی کی تھی شہروں میں● تو بہت زیادہ فساد مچایا

الۡفَسَادَ ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَیۡہِمۡ رَبُّکَ سَوۡطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾

اُن میں● تو نازل کیا اُن پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا●

(اور) یوں ہی (فرعون کے ساتھ) کیا معاملہ کیا؟ جو قوی بادشاہی اور بہت لاؤ لشکر والا اور (چومیخا کرنے والا) تھا، یعنی لوگوں کو چومیخا کر کے سزا دیتا تھا۔ (جنہوں نے سرکشی کی تھی) اُن (شہروں میں) جہاں کے وہ حاکم تھے۔ یہ لوگ جہالت اور شرارت میں بندگی کی حد سے گزر گئے تھے، (تو بہت فساد مچایا اُن میں) اور حق کی مخالفت اور خَلق پر ظلم کرتے رہے، (تو نازل کیا اُن پر تمہارے رب نے عذاب کا کوڑا)، یعنی سخت عذاب۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

چونکہ عرب کوڑے کی مار کو سب عذابوں میں سخت جانتے تھے، تو ہر طرح کے عذاب کو **سَوْطَ** یعنی کوڑا کہتے تھے۔ حق تعالیٰ نے اُن کے اسلوبِ کلام کی رعایت فرماتے ہوئے اپنے عذاب کو **سَوْطَ** فرمایا۔ اور بعضوں نے کہا کہ اِس کلمہ میں اُس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان کو دُنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے بہ نسبت کوڑے کی ضرب کی طرح ہے تلوار کی ضرب کے بہ نسبت، اِس واسطے کہ آخرت کا عذاب بہت سخت اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔

---

**اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ**

بے شک تمہارا رب یقیناً اُن کی نگرانی کرتا رہتا ہے● لیکن انسان، تو جب آزمائش کی اُس کی اُس کے رب نے

**فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّآ**

کہ عزت دی اُسے اور نعمت سے نوازا اُسے۔ تو کہتا ہے کہ "میرے رب نے مجھے باعزت کیا"● لیکن جب

**اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ۚ**

آزمائش میں ڈالا کہ تنگ کردی اُس پر اُس کی روزی کو۔ تو کہتا ہے کہ "میرے رب نے مجھے ذلت دی"●

(**بے شک تمہارا رب یقیناً اُن کی نگرانی کرتا رہتا ہے**)، یعنی جو شخص گزرگاہ میں گھات لگا کر بیٹھتا ہے اور راہ چلتوں کی گھات میں رہتا ہے۔ جس طرح اُس سے راہ چلنے والے نہیں بچتے وہ سب کو دیکھتا ہے، بلاتمثیل صرف تقریبِ فہم کے لیے اُسی طرح حق تعالیٰ بھی سب بندوں کو دیکھتا ہے اور سب کے کلام سنتا ہے، اور اس پر کچھ پوشیدہ نہیں۔

فریب خوردہ اور کم ظرف انسان دولت اور جاہ وعزت پا کر اِترانے لگتا ہے اور سمجھتا ہے کہ قدرت نے ہمیں معزز ہی بنایا ہے۔ اور اگر تنگ دستی آگئی تو قسمت کا رونا روتا ہے، حالانکہ دولت اور جاہ ومنزلت میں اترانا کم ظرفی ہے اور تنگ دستی میں قسمت کا رونا کم ہمتی اور کج روی ہے۔

یہ ہو۔۔۔یا۔۔۔وہ، دونوں حالتوں میں انسان کے ظرف کا امتحان ہے کہ آدمی دولت اور جاہ و منزلت میں اِتراتا ہے۔۔۔یا۔۔۔اللہ کا شکر اور مخلوق کی مدد کرتا ہے، اور تنگدستی میں قسمت کا شکوہ کرتا ہے یا صبر سے کام لے کر تسلیم ورضا کے اوپر چلتا ہے۔

(**لیکن**) ابی ابن خلف جیسا (**انسان**) عجیب خصلت کا مظاہرہ کرتا ہے، (**تو جب آزمائش کی**

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس کی اُس کے رب نے کہ عزت دی اُسے اور نعمت سے نوازا اُسے) اور معیشت اُس پر کشادہ کردیا اور اُس کا کام آسانی سے بنادیا، (تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے باعزت کیا) اور مجھ پر عنایتیں اور کرامتیں فرمائیں، (لیکن جب آزمائش میں ڈالا کہ تنگ کردی اُس پر اُس کی روزی کو) اور اُس کو مفلسی میں مبتلا کردیا، (تو کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلت دی)۔۔ایسا۔۔

---

**كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿١٧﴾**

ہرگز نہیں! بلکہ تم لوگ خود ہی نہیں عزت کرتے یتیم کی●

(ہرگز نہیں) ہے جیسا کہ کافروں نے گمان کیا ہے۔ حق یہ ہے کہ عزت وخوشی طاعت ہے اور ذلت وخواری معصیت سے ہے۔ اور تم جان لو کہ حق تعالیٰ تم کو فقیری اور تنگدستی کے سبب سے ذلیل وخوار نہیں کرتا، (بلکہ) تمہاری ذلت اور اہانت اِس سبب سے ہے کہ (تم لوگ خود ہی نہیں عزت کرتے یتیم کی) اور اُس کی حرمت کا خیال نہیں کرتے اور اُسے خرچ نہیں دیتے۔

---

**وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿١٨﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾**

اور نہ شوق دلاؤ مسکین کو کھلانے کا● اور نگل جاتے ہو ترکوں کو ہڑپ کر●

**وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾**

اور محبت کرتے ہو مال کی، بے حد محبت●

(اور نہ) ہی (شوق دلاؤ) اور نہ جذبہ پیدا کرو ایک دوسرے کو (مسکین کو کھلانے کا● اور نگل جاتے ہو ترکوں کو ہڑپ کر)، یعنی عورتوں اور لڑکوں کو میراث نہیں دیتے اور اُن کے حصے خود کھا جاتے ہو۔ (اور محبت کرتے ہو مال کی بے حد محبت)۔ کمزوروں اور غریبوں کی خبر نہ لینا، لوگوں کا حق مارنا، اور مال سے بہت زیادہ محبت کرنا، بس یہی باتیں ہیں جو انسانی معاشرہ کی تمام بُرائیوں کا سرچشمہ ہیں۔ اِن مفاسد کا علاج یہ ہے کہ قیامت کا موثر تصور کیا جائے اور اللہ کے محاسبہ اور مواخذہ کے موثر تصور میں رہا جائے۔

---

**كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾**

کیوں نہیں! جب کردی جائے گی زمین ریزہ ریزہ● اور آگیا تمہارے رب کا حکم، اور فرشتے صف بہ صف●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَجِایْٓءَ یَوْمَىٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ۬ یَوْمَىٕذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَ اَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾

اور لائی گئی اُس دن جہنم۔ اُس دن سمجھے گا انسان، اور اب کہاں کا سمجھنا●

(کیوں نہیں) بے شک (جب) پاش پاش کر کے (کردی جائے گی زمین ریزہ ریزہ● اور آ گیا تمہارے رب کا حکم اور فرشتے صف بہ صف)، یعنی تمہارے رب کی قدرت اور ہیبت کی نشانیاں ظاہر ہوگئیں، اور آئیں گے فرشتے میدانِ حشر میں صف صف اپنی منزلت اور مرتبے کے موافق ایک کے پیچھے ایک۔۔۔ایک قول یہ ہے کہ ہر آسمان کے فرشتوں کی صف علیحدہ ہوگی۔۔۔(اور لائی گئی اُس دن جہنم) کہ ستر ہزار لگام میں جہنم پر چڑھی ہوں گی اور ستر ستر ہزار فرشتے ہر لگام کو پکڑے ہوئے کھینچتے ہوں گے۔

اور دوزخ کافروں پر غصہ میں جوش خروش کرتی ہوگی، یہاں تک کہ میدانِ حشر میں لائیں گے اور عرش کے بائیں پر رکھیں گے۔ اور اُس وقت سب کہیں گے 'یا رب! نفسی نفسی'، اور ہمارے رسول ﷺ عرض کرتے ہوں گے 'یا رب! امتی امتی'۔ اور جہنم کہے گی "مَالِي وَمَالَكَ يَامحمد" ﷺ 'یعنی آپ کو مجھ سے اور مجھ کو آپ سے کیا کام، اس واسطے کہ حق تعالیٰ نے مجھے آپ پر حرام کر دیا ہے۔

(اُس دن) یاد کرے گا اور (سمجھے گا انسان) اپنے گناہ۔۔یا۔ نصیحت پکڑے گا اور اپنے اعمال کی قباحت اور خرابی سے آگاہ ہو جائے گا۔ (اور اب کہاں کا سمجھنا)، یعنی اب یاد کرنے اور نصیحت پکڑنے کا فائدہ اُسے کہاں ملنے والا ہے۔ اس لیے کہ یاد کرنے کا محل دُنیا ہے، نہ کہ عقبیٰ۔ جب بندہ دیکھے گا کہ اب نصیحت ماننا کچھ فائدہ نہیں دیتا تو حسرت کی رُو سے۔۔۔

یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَیَاتِیْ ﴿۲۴﴾ فَیَوْمَىٕذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۲۵﴾

کہے گا کہ "اے کاش! میں نے بھیج دیا ہوتا کچھ اپنی اِس زندگی کے لیے● تو اِس دن نہ عذاب دے سکتا اِس کی طرح سے کوئی●

وَّ لَا یُوْثِقُ وَثَاقَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾

اور نہ جکڑ سکتا اِس کی طرح کوئی"●

(کہے گا کہ اَے کاش! میں نے بھیج دیا ہوتا کچھ اپنی اِس زندگی کے لیے)، یعنی آگے بھیجتا میں نیک کام اپنی زندگی کے واسطے اِس عالَم میں، (تو اِس دن نہ عذاب دے سکتا اِس کی طرح سے کوئی) لوگوں میں سے۔ (اور نہ جکڑ سکتا اِس کی طرح کوئی)۔۔الغرض۔۔نہ اس کی طرح کوئی عذاب

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

دے سکتا ہے اور نہ ہی اِس کی طرح کوئی قید میں جکڑ سکتا ہے۔۔ہاں۔۔حق تعالیٰ کی رحمتِ خاصہ اُ وقت بھی مؤمنین کے سروں پر سایہ گستر رہے گی۔۔چنانچہ۔۔حق تعالیٰ موت کے قریب مؤمن فرمائے گا۔۔۔

يَٰٓأَيَّتُهَا ٱلنَّفْسُ ٱلْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾ ٱرْجِعِىٓ إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾

اَے اطمینان والی جان! ● واپس جا اپنے رب کی طرف، خوش پسندیدہ ●

فَٱدْخُلِى فِى عِبَٰدِى ﴿٢٩﴾ وَٱدْخُلِى جَنَّتِى ﴿٣٠﴾ ع ۱۴

تو داخل ہو جا میرے بندوں میں ● اور چلی جا جنت میں ●

(اَے اطمینان والی جان) جو میرے ذکر سے سکون حاصل کرتی تھی اور میری نعمت میں شاکر تھی اور محنت میں صابر تھی، (واپس جا اپنے رب) کی وعدہ گاہ (کی طرف) اِس حال میں کہ تُو (خوش ہوا اپنے رب کی عطا سے اور اُن نعمتوں سے جسے تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے (پسندیدہ قرار دیا گیا ہے۔۔تو جب قیامت کا دن ہوگا تو حق تعالیٰ فرمائے گا کہ۔۔اَے **نَفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ** تیرے سر پر میری خاص نوازشات کا سایہ ہے، (تو داخل ہو جا میرے) نیک (بندوں میں ● اور چلی جا) میری (جنت میں)، یعنی جنتوں میں میرے مقرب اور خاص لوگوں کے ساتھ داخل ہو۔

اِس مقام پر یہ بات فائدہ سے خالی نہیں کہ نفسِ انسانی کی تین حالتیں ہیں: ﴿۱﴾۔۔یا تو بُرائی کی تحریک کرتا ہے، ایسی حالت میں اس کا نام 'نفسِ امّارہ' ہے۔ ﴿۲﴾۔۔اتنا بُرا تو نہیں بلکہ بُرائی ہو جانے پر نادم ہوتا ہے، ایسی صورت میں اُس کو 'نفسِ لوامہ' کہتے ہیں۔ ﴿۳﴾۔۔ یا اتنا پاکیزہ ہے کہ اللہ ہی سے لگن ہے اور اللہ ہی کی یاد سے اُس کو سکون ملتا ہے۔ ایسی صورت میں اُسے 'نفسِ مطمئنہ' کہا جاتا ہے۔

تمت سورہ الفجر۔۔۔ ﴿ ۲۱ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۷ رنومبر ۲۰۱۲ء بروز چہارشنبہ

﴿ ۲۱ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۷ رنومبر ۲۰۱۲ء بروز چہارشنبہ

سُوْرَةُ الْبَلَدِ

سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ ۹۰ | آياتها ۲۰ رکوعها ۱

سورۃ البلد۔۔ ۹۰ مکیہ ۳۵ | آیاتہا ۲۰۔۔رکوعہا ۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اپنی سابقہ سورہ سے اِس کا ربط یہ ہے کہ 'سورہ الفجر' میں بتایا گیا ہے کہ انسان کو خوش حالی اور زبوں حالی پیش آتی ہے۔ اگر دولت ملی تو غافل انسان مگن ہے کہ بڑی عزت ملی، اور اگر ناداری سے دوچار ہوا تو سمجھا کہ کیسی ذلت کی زندگی ہے؟ غرض خدا فراموش انسان کی نگاہ میں جو کچھ ہے دولت ہے، انسانیت کے مکارم وفضائل کی اہمیت نگاہ میں نہیں۔ اِس کی بنا پر اُس میں اتنی بے رحمی اور سنگ دِلی آجاتی ہے کہ یتیم اور مسکین کے فقر و فاقہ پر بھی ترس نہیں آتا بلکہ مال و دولت کی اتنی محبت ہے کہ وارثوں کا حق بھی ہتھیا لیتا ہے۔

اور اِس سورہ میں تعلیم دی گئی ہے کہ انسانیت کے کوہِ رفعت وعظمت کی چڑھائی کے راستے کو وہی مردِ مؤمن طے کرے گا اور اوپر پہنچے گا جو مال و دولت کو اچھے راستہ میں خرچ کرے، اور اُس سے اللہ کے بندوں کو وہ فائدہ پہنچائے جس سے اُن کی پریشانی، زبوں حالی اور مصیبت دُور ہو جائے، گردنیں آزاد ہو جائیں، یتیموں اور مسکینوں کو فاقہ کی نوبت نہ آئے۔ اِس میں اپنے عزیز وقریب کا بھی لحاظ رکھا جائے اور دوسروں کا بھی۔ اِن خوبیوں کے ساتھ یہ مردِ مؤمن ایمان کے اور تقاضوں پر بھی عمل کرتا ہے۔۔۔ چنانچہ۔۔۔ اہلِ ایمان کے زمرہ میں رہتا ہے جو صبر اور ضبطِ نفس اور رحم دِلی کی تاکید کرتے رہتے ہیں۔ یہ سورہَ پاک حسبِ ذیل مقاصد پر مشتمل ہے۔

﴿۱﴾۔۔مشقت جھیلنا انسان کی فطرت ہے۔۔۔لہٰذا۔۔۔مشقت تو جھیلنی ہی پڑے گی۔ اگر راہِ حق میں صعوبتیں پیش آئیں، تو اُن کو خندہ پیشانی سے جھیلو۔

﴿۲﴾۔۔فریب خوردہ انسان اپنی قوت اور دولت پر ناز کرتا ہے۔ یہ عرفانِ الٰہی سے محرومی کا ہی نتیجہ ہے۔

﴿۳﴾۔۔اللہ نے انسان کو دو آنکھیں دیں، ایک زبان اور دو لب عطا کیے، حق وباطل کی تمیز بخشی، انسان سوچے کہ اِن نعمتوں کا تقاضہ کیا ہے؟

﴿۴﴾۔۔اعلیٰ انسانیت کا راستہ محتاجوں کی خبر گیری ہے۔ لیکن اُس کے ساتھ ایمان ضروری ہے۔ اور ایمان میں ثابت قدمی اور نفس پر کنٹرول کی تاکید کرنا اور رحم وشفقت کی تاکید کرنا بھی ضروری ہے۔

﴿۵﴾۔۔انہیں کاموں کے کرنے کا نام فلاح وسعادت ہے، جو اِن کو عمل میں لائے وہی خوش نصیب ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۶﴾۔۔تعلیماتِ الٰہی اور آیاتِ ربانی کو نہ ماننا کفر اور بدنصیبی ہے، اور ایسا ہی شخص کافر اور بدنصیب ہے۔ یہ آج کفر کے گھیرے میں بند ہے کل جہنم کی آگ میں بند رہے گا۔

ایسے عظیم مقاصد پر مشتمل ہونے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

لَاۤ اُقۡسِمُ بِهٰذَا الۡبَلَدِ ۙ﴿۱﴾ وَ اَنۡتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الۡبَلَدِ ۙ﴿۲﴾

نہیں کیا مجھے قسم ہے اُس شہر کی ● کہ تم چلنے پھرنے والے ہو اُس شہر میں ●

(نہیں کیا مجھے قسم ہے اس شہر) مکہ (کی) کیوں (کہ تم چلنے پھرنے والے ہو اس شہر میں)

باوصف اس کے کہ مکہ معظمہ امن کی جگہ، خلق کے ثواب حاصل کرنے کا مقام، حج کا محل اور بیت الحرام کا مکان ہے، لیکن میں جو اِس کی قسم یاد فرماتا ہوں اُس کی وجہ ہے کہ تم اس میں چلتے پھرتے ہو۔۔۔ قسم کو آپ ﷺ کے نزول کے ساتھ مقید کیا تاکہ معلوم ہو جائے کہ [redacted]

۔۔۔یا۔۔۔

قسم ہے اس شہرِ مکہ کی جبکہ اس شہر میں آپ جیسے شخص کو مار ڈالنا حلال ٹھہرالیا گیا ہے اور اس بلدِ حرام کی حرمت کو پامال کرنے کی اسکیم بنالی گئی ہے۔

۔۔۔یا۔۔۔

قسم ہے اِس شہرِ مکہ کی کہ مستقبل میں بعض لوگوں کا اس میں قتل کر دینا آپ کے لیے حلال قرار دے دیا گیا ہے، اور مکہ معظمہ کے فتح ہونے اور اس میں بعض کے قتل کر دینے کا آپ سے وعدہ فرمالیا گیا ہے۔۔۔اور یہ فعل کے پہلے حکم کا نازل ہونا ہے۔۔۔

---

وَ وَالِدٍ وَّ مَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡ کَبَدٍ ؕ﴿۴﴾

اور قسم ہے باپ کی اور اُس کی اولاد کی ● یقیناً بلاشبہ پیدا فرمایا ہم نے انسان کو مشقت میں رہنے کو ●

Marfat.com
https://t.me/nabwilibrary

(اور قسم ہے باپ کی اور اُس کی اولاد کی)۔۔۔باپ سے مراد حضرت آدم۔۔یا۔۔حضرت ابراہیم علیہما السلام ہیں، اور اولاد سے اُن کی ذریت مراد ہے۔۔یا۔۔باپ سے آنحضرت ﷺ مراد ہیں، اولاد سے آپ کی امت مراد ہے۔۔۔تو حق تعالیٰ اپنے حبیب اور اُن کی امت کی قسم ارشاد فرما کر فرماتا ہے کہ۔۔۔(یقیناً بلاشبہ پیدا فرمایا ہم نے انسان کو مشقت میں رہنے کو)، تو کوئی انسان ایسا نہ ہوا اور نہ ہوگا جس نے کسی نہ کسی نوع کی مشقت نہ جھیلی ہو۔۔الغرض۔۔مشقت جھیلنا انسان کی فطرت ہے۔

رکوع اللازم

اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّنۡ یَّقۡدِرَ عَلَیۡہِ اَحَدٌ ۞ یَقُوۡلُ اَہۡلَکۡتُ مَالًا لُّبَدًا ۞۶

کیا وہ سمجھتا ہے کہ نہ قدرت رکھے گا اس پر کوئی۔۔●۔۔کہتا ہے کہ میں نے خرچ کر ڈالا مال ڈھیر کا ڈھیر●

اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّمۡ یَرَہٗۤ اَحَدٌ ۞۷

کیا وہ سمجھتا ہے کہ نہیں دیکھا اُسے کسی نے●

(کیا وہ) یعنی ظالم انسان یہ (سمجھتا ہے کہ نہ قدرت رکھے گا اُس پر کوئی)، یعنی اُسے کوئی زیر نہ کر سکے گا، اور اُس سے ہمارے پیغمبر کا بدلہ نہ لے سکے گا۔۔چنانچہ۔۔(کہتا ہے کہ میں نے خرچ کر ڈالا مال ڈھیر کا ڈھیر) پیغمبر کی عداوت میں، اس واسطے کہ لوگوں کو رشوت دیتا کہ پیغمبر ﷺ کو ایذا دیں۔(کیا وہ سمجھتا ہے کہ نہیں دیکھا اُسے کسی نے) خرچ کرتے وقت، تاکہ اُس سے سوال کرے کہ کیوں ایسا کرتا ہے؟ اُسے بخوبی سمجھ لینا چاہیے کہ خدا نے اُسے دیکھا اور اُس بے جا خرچ کرنے پر اُسے بدلہ دے گا۔

مذکورہ بالا آیات میں بہت سخت 'انذار' ہے اور اُس کا اعلان ہے کہ اللہ تعالیٰ قادرِ مطلق ہے اور ظالموں کی حرکتوں کو دیکھ رہا ہے اور اُن کو ضرور سزا دے گا۔ آگے حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ان ناشکروں اور ظالموں نے غور نہیں کیا کہ ہم نے کیسی کیسی نعمتوں سے اپنے فضل وکرم سے انہیں نوازا ہے۔۔۔

اَلَمۡ نَجۡعَلۡ لَّہٗ عَیۡنَیۡنِ ۞۸ وَ لِسَانًا وَّ شَفَتَیۡنِ ۞۹ وَ ہَدَیۡنٰہُ النَّجۡدَیۡنِ ۞۱۰

کیا نہیں بنایا ہم نے اُس کی دو آنکھیں● اور زبان، اور دو ہونٹ● اور بتا دی ہم نے اُسے دو اُبھری اُبھری راہیں●

فَلَا اقۡتَحَمَ الۡعَقَبَۃَ ۞۱۱

تو نہ کود پڑا اُس گھاٹی میں●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(کیا نہیں بنایا ہم نے اُس کی دو آنکھیں) کہ اُن سے دیکھتا ہے، (اور زبان) کہ اُس سے بات کہتا ہے، (اور دو ہونٹ) کہ اُس کے دہن کو چھپاتے ہیں اور کھانے پینے پر اُس کی معاونت اور مدد کرتے ہیں۔ (اور بتادی ہم نے اُسے دو اُبھری راہیں) حق و باطل اور خیر و شر کی کتابیں نازل کر کے اور پیغمبروں کو مبعوث فرما کے۔ (تو نہ کود پڑا اُس گھاٹی میں) یعنی اُس نے جو مال پیغمبر ﷺ کی عداوت میں صرف کیا، وہ یہ گھاٹی طے کرنے میں کیوں نہ صرف کیا؟ اور نفس اور خواہش کی مخالفت میں اُس نے رنج کیوں نہ کھینچا؟

عقبہ یعنی گھاٹی ایک مثال ہے جو شخص نفس اور شیطان کے ساتھ جہاد کرتا ہے اُسے اس شخص کے چلنے سے مثال دیتے ہیں جو رنج و تکلیف کے ساتھ گھاٹی کے اوپر چڑھتا ہے۔

وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا الۡعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ اَوۡ اِطۡعٰمٌ فِىۡ يَوۡمٍ ذِىۡ مَسۡغَبَةٍ ﴿۱۴﴾

اور تمہیں کیا اٹکل کہ گھاٹی کیا ہے؟ ● گردن کو آزاد کرانا ● اور کھانا کھلانا فاقہ والے دن میں ●

يَّتِيۡمًا ذَا مَقۡرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ اَوۡ مِسۡكِيۡنًا ذَا مَتۡرَبَةٍ ﴿۱۶﴾

کسی یتیم رشتہ دار کو ● یا مسکین خاک نشین کو ●

(اور تمہیں کیا اٹکل کہ گھاٹی کیا ہے)، یعنی اُس پر گزر جانے کا سبب کیا ہے۔ تو اُس کے اسباب یہ ہیں (گردن کو آزاد کرانا) بندگی کی قید سے، یعنی مکاتب کے ثمن میں مدد کرنا، (اور کھانا کھلانا فاقہ والے دن میں)، اُس دن میں جو کہ بھوک کا ہو، یعنی جن دنوں میں خدا کے بندے دشواری کے ساتھ کھانا پاتے ہوں، تو وہ کھلائے (کسی یتیم رشتہ دار کو) جو اُس سے قرابت رکھتا ہو (یا مسکین خاک نشین کو)، یعنی فقیری اور مفلسی کے سبب سے خاک پر لیٹا ہو۔

اور یہ محتاجی اور تنگدستی اور عاجزی سے کنایہ ہے۔ اور ایسا آدمی صاحبِ عیال ہے۔۔۔یا۔۔ قرضدار۔۔یا۔۔بیمار۔۔یا۔۔مفلس۔۔یا۔۔مسافر ہے۔۔الحاصل۔۔"مسکین خاک نشین" سے اُن تمام کی طرف اشارہ ہے۔

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡمَرۡحَمَةِ ﴿۱۷﴾

پھر وہ ہو اُن میں سے، جو ایمان لائے اور وصیت کرتے رہے صبر کی، اور وصیت کرتے رہے رحم کھانے کی ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(پھروہ) یعنی یہ آزاد کرنے والا۔۔یا۔۔کھانا کھلانے والا (ہواُن میں سے جوایمان لائے)،
اس لیے کہ سب خیرات اورنیکیاں قبول ہونے میں ایمان شرط ہے۔(اوروصیت کرتے رہے صبرکی)
یعنی نصیحت کی انہوں نے ایک دوسرے کوصبر کی طاعت پر۔۔یا۔۔معصیت سے۔۔یا۔۔دینِ الٰہی کی
نصرت میں انواع واقسام کی مشقت پر۔(اوروصیت کرتے رہے رحم کھانے کی)،یعنی نصیحت کی
اُنہوں نے باہم مرحمت اورمہربانی کرنے کی خدا کے بندوں پر۔

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿١٨﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿١٩﴾

وہی ہیں داہنے والے ● اور جنہوں نے اِنکار کردیا ہماری آیتوں کا، وہ بائیں والے ہیں ●

ع ۱ / ۱۵ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾

اُن پرآگ ہے بند کی ہوئی ●

(وہی ہیں داہنے والے) جوعرش کی داہنی طرف سے جنت میں جائیں گے۔۔یا۔۔برکت
والےلوگ ہیں۔(اور جنہوں نے اِنکار کردیا ہماری آیتوں کا)،یعنی حق پر جونشانیاں ہم نے قائم کی ہیں
کتاب اوردلیلیں، اُس پر جولوگ ایمان نہ لائے (وہ بائیں والے ہیں) کہ اُن کوعرش کی بائیں جانب
سے دوزخ میں لے جائیں گے۔۔یا۔۔وہ لوگ شامت والے ہیں۔(اُن پرآگ ہے بند کی ہوئی)،
یعنی جس درکہ میں اُن پرعذاب ہوگا اُس کا سرپوش سے بند کرکے مضبوط کردیں گے۔حاصلِ کلام
یہ ہے اُن پرجہنم کی آگ ہرطرف سے محیط ہوگی اوریہ اُس میں موند دیئے جائیں گے۔

اختتام سورہ البلد ۔۔۔ ﴿ ۲۱رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۷رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ﴾ ۔۔۔

﴿ ۲۲رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۸رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔۔

سُوْرَةُ الشَّمْسِ ۹۱ مَكِّيَّةٌ ۲۶ | سُوْرَةُ الشَّمْسِ | اٰيَاتُهَا ۱۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ الشمس۔۔۹۱ مکیہ ۲۶ | | آیاتہا ۱۵۔۔رکوعہا ۱

اِس سورۂ مبارکہ کواپنے ماقبل کی سورہ سے یہ مناسبت ہے کہ اُس کے ماقبل کی 'سورہ
البلد' میں 'اصحابِ یمین' اور 'اصحابِ شمال' کا ذکر ہے، اور اِس سورہ میں اُس کے مصداق کی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

طرف واضح رہنمائی ہے، کہ 'اصحابِ یمین' وہ فلاح یافتہ ہیں جنہوں نے اپنے نفس کا تزکیہ کرلیا ہے، اور 'اصحابِ شمال' وہ ہیں جنہوں نے اپنے نفس کو گناہوں میں دبادیا ہے۔ اِس سورہ کے نمایاں مضامین حسبِ ذیل ہیں:

﴿١﴾۔۔شروع میں نفس کی سعادت وشقاوت کے حقائق جن کا بیان قَسم کے اسلوب میں ہوا ہے۔

﴿٢﴾۔۔تکذیبِ نبوت اور طغیان وعصیان کا نتیجہ ہلاکت وبربادی ہے۔ مثال کے لیے قومِ ثمود اور اُس کی تکذیب وطغیان کی مختصر سرگذشت اور اُس کا انجام بیان فرمادیا۔

اِس بیان کا حاصل یہ ہے کہ نفس کی تطہیر وتکمیل میں لگ جاؤ کہ فلاح وسعادت کا راستہ یہی ہے، اور اُن کاموں سے بچو جن سے نفس میں دنائت اور خدا فراموشی پیدا ہوتی ہے، اور کمال کی بالیدگی مرجاتی ہے۔ ایسے بُرے کاموں سے شقاوت اور حرماں نصیبی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ حقائق سمجھو اچھے کام کرو، دُنیا سنوارو آخرت بناوٴ، یہی ہے 'سورہ والشمس' کی قَسموں کا حاصل۔

ایسی حکیمانہ طرزِ اسلوب پر مشتمل سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالشَّمۡسِ وَضُحٰهَا ۝١ وَالۡقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝٢ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝٣

قسم ہے سورج کی اور اُس کی روشنی کی ● اور چاند کی جب پیچھے نکلے اُس کے ● اور دن کی جب نمایاں کردے اُس کو

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰهَا ۝٤ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝٥ وَالۡاَرۡضِ وَمَا طَحٰهَا ۝٦

اور رات کی جب ڈھانپ لے اُس کو ● اور آسمان کی، اور اُس کی جس نے بنایا اُسے ● اور زمین کی، اور اُس کی جس نے اُسے پھیلادیا

(قسم ہے سورج کی اور اُس کی روشنی کی) جب وہ بلند ہوتا ہے اور چاشت کے مقام پر ہے۔ (اور چاند کی جب پیچھے نکلے اُس کے)، یعنی چاندرات کو جب آفتاب کے پیچھے ماہتاب غروب کرتا ہے۔۔یا۔۔جس رات کو چاند پورا ہوتا ہے، تو اُس کا طلوع سورج کے غروب سے ملا ہوا ہوتا ہے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور دن کی، جب نمایاں کردے اُس کو) اور روشن کردے اُسے۔ (اور رات کی، جب ڈھانپ لے اُس کو)، یعنی آفتاب کی روشنی کو۔ (اور آسمان کی اور اُس کی جس نے بنایا اُسے ● اور زمین کی، اور اُس کی جس نے اُسے پھیلا دیا)، یعنی بچھا دیا۔

**وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ**

اور جان کی، اور جس نے اُسے درست فرمایا ● تو جی میں ڈال دی اِس کی بدکاری اور پرہیزگاری کو ● کہ بے شک کامیابی

**مَنْ زَكّٰىهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝۱۰**

حاصل کرلی جس نے اِس کو پاک کرلیا ● اور بے شک ناکام رہا جس نے گناہوں میں دبا دیا اِسے ●

(اور جان کی، اور جس نے اُسے درست فرمایا)، یعنی اس کے اعضاء درست کیے۔ (تو جی میں ڈال دی اُس کی بدکاری اور پرہیزگاری کو)، یعنی جھوٹ، ناپاکی اور بے باکی اور۔۔یوں ہی۔۔ پرہیزگاری، نکوکاری اور فرمانبرداری، اِن تمام باتوں کو اُس پر واضح کردیا اور اُسے تعلیم کردی۔۔۔حق تعالیٰ یہ قسمیں ارشاد فرما کر فرماتا ہے۔۔۔(کہ بے شک کامیابی حاصل کرلی جس نے اس کو پاک کرلیا) بُرائیوں کے میلوں سے۔۔یا۔۔اُس کو نشو ونما دی بزرگیوں کے انواع واقسام کے ساتھ۔ (اور بے شک ناکام رہا) اور بے بہرہ رہا (جس نے گناہوں میں دبا دیا اُسے) فسق وجہالت کے سبب سے۔۔یا۔۔اُس کی قدر ومنزلت گم کی معصیت اور ضلالت کے سبب سے۔

محققین کا کہنا ہے کہ نفس کو پاک کرنا دِل صاف ہونے کا سبب ہے۔ جس وقت نفس خواہش کے شائبوں سے پاک ہوجاتا ہے، تو دِل بھی تعلق ماسویٰ کے لوث سے صاف ہوجاتا ہے، اور اس طرح کی سرکشی سے محفوظ و مامون ہوجاتا ہے جس کا مظاہرہ قوم ثمود جیسوں نے کیا۔۔ چنانچہ۔۔

**كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ**

جھٹلایا تھا ثمود نے اپنی سرکشی سے ● جب کہ اُٹھ پڑا تھا اُن کا نہایت بدبخت ● تو بتایا انہیں اللہ کے رسول نے

**نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝۱۳**

کہ "خیال رکھو اللہ کی اونٹنی اور اس کے پینے کی باری کو" ●

(جھٹلایا تھا) قوم (ثمود نے اپنی سرکشی سے) اپنے نبی حضرت صالح علیہ السلام کو (جبکہ اُٹھ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پڑا تھا اُن) کے قبیلے (کا) ایک (نہایت بدبخت) قدار بن سالف ایک گروہ کے ساتھ اونٹنی کی کونچیں کاٹنے اور اُسے ہلاک کرنے کو، (تو بتایا انہیں اللہ) تعالیٰ (کے رسول) حضرت صالح علیہ السلام (نے، کہ خیال رکھو اللہ) تعالیٰ (کی اونٹنی اور اُس کے پینے کی باری کو)، یعنی اپنی باری کے دن جو وہ پانی پیتی ہے اُس کے پاس نہ جاؤ تا کہ تم پر عذاب نازل نہ ہو۔۔تو۔۔

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا ۖ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم

جھٹلایا تھا اُن سب نے اُنہیں، چنانچہ کوچیں کاٹ ڈالیں اُس کی۔۔تو بربادی ڈال دی اُن پر اُن کے رب نے

بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا ﴿۱۵﴾ ع ۱ ۱۵ ۱۶

اُن کے گناہوں کے سبب، تو زمین برابر کردیا اُسے ● اور نہیں خوف اُسے اُس کے پیچھا کرنے کا ●

(جھٹلایا تھا اُن سب نے انہیں) عذاب نازل ہونے کے باب میں۔ (چنانچہ کوچیں کاٹ ڈالیں اُس کی۔۔تو بربادی ڈال دی اُن پر اُن کے رب نے) یعنی یکبارگی ہلاکت بھیج دی اُن پر اُن کے رب نے (اُن کے گناہوں کے سبب تو زمین برابر کردیا اُسے)، یعنی پھر یکساں کردیا اُس عذاب کو سب پر کہ اُن کے چھوٹے بڑے سب مرگئے۔ (اور نہیں خوف اُسے اُس کے پیچھا کرنے کا)، یعنی حق تعالیٰ نے سب کو غارت کرکے برباد کردیا اور اُسے اُن کے انجام کی کوئی پرواہ نہیں، کیونکہ کسی کو اُس پر قابو نہیں اور بدانجاموں کی اُس تک رسائی نہیں۔

اختتام سورہ الشمس ۔۔۔ ﴿ ۲۲رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۸رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز [illegible]

۔۔ ﴿ ۲۲رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۸رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

## سُورَةُ الَّيْلِ

سورۃ اللیل ۹۲ مکیۃ ۹ — آیاتہا ۲۱ رکوعہا ۱

سورۃ اللیل۔۔۹۲ مکیہ۔۹ — آیاتہا ۲۱۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس کو اپنی سابق 'سورہ والشمس' سے بڑی گہری مناسبت ہے۔۔چنانچہ۔۔ دونوں کی ابتداء قسم سے ہوئی ہے۔ 'سورہ والشمس' میں متقابل چیزوں کی قسم ہے اور اِس سورہ میں متضاد اشیاء کی۔ 'سورہ والشمس' میں بتایا گیا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہے کہ فلاح وسعادت کی دولت کیسے ملتی ہے؟ اور ناکامی وشقاوت کیسے ہاتھ آتی ہے۔ اور اِس سورہ میں فلاح وسعادت کی بنیادِ کار کو بتایا گیا ہے کہ یہ نیکی کی توفیق ہے۔ اور بدبختی اور شقاوت کی بنیاد کو بھی بتایا گیا ہے کہ یہ بُرائی کی سہل کاری ہے۔ پھر اُس کی وضاحت کی گئی ہے کہ یہ توفیق اور یہ سہل کاری کن افعال سے نصیب ہوتی ہے؟

دونوں سورتوں میں ایک بڑی مناسبت یہ بھی ہے کہ 'سورہ والشمس' میں ثمود کے سب سے بڑے بدنصیب کا ذکر، اُس کی بدنصیبی کی روداد، اور دُنیا میں اُس کے بدترین انجام کا بیان تھا، اور اِس سورت میں وضاحت کی گئی ہے کہ سب سے بڑے بدنصیب کی علامت کیا ہے؟ اور آخرت میں اُس کا کیا انجام ہوگا؟ اِس سورہ کے نمایاں مضامین حسب ذیل ہیں:

﴿۱﴾۔۔اِس حقیقت کا بیان کہ کوششیں مختلف اور متضاد ہیں۔ اور اُن کے نتائج بھی باہم مختلف اور متضاد ہیں۔ اِس کی وضاحت کے لیے چار متضاد چیزوں کی قسم ارشاد فرمائی گئی ہے، یعنی یہ چاروں متضاد چیزیں شاہد حق ہیں کہ تمہاری کوششیں مختلف نوع کی ہیں۔

﴿۲﴾۔۔اُن میں کچھ کوششیں ایسی ہیں جن کا نفس وضمیر پر ایسا اثر پڑتا ہے کہ نیکی طبیعتِ ثانیہ بن جاتی ہے، پھر اچھے کام بآسانی ہونے لگتے ہیں۔ اُن کے متوازی وہ کوششیں ہیں جو ضمیر ونفس پر ایسا اثر ڈالتی ہیں کہ بدی طبیعتِ ثانیہ بن جاتی ہے، پھر تو ایسا ہوجاتا ہے کہ جن بُرے کاموں کا کرنا آسان نہیں انسان انہیں بھی آسان سمجھ لیتا ہے اور کر بیٹھتا ہے۔

﴿۳﴾۔۔فلاح وسعادت کی راہ کھولنا اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے۔

﴿۴﴾۔۔دُنیا اور آخرت دونوں کا مالک اللہ تعالیٰ ہے۔

﴿۵﴾۔۔اللہ تعالیٰ اُس آگ سے متنبہ کرچکا ہے جو بہت پاور سے بھڑک رہی ہے۔

﴿۶﴾۔۔اُس میں وہی بدبخت جائے گا جس نے دعوتِ حق کو صحیح نہیں مانا اور سرتابی کی۔

﴿۷﴾۔۔وہ شخص اُس سے دُور ہی رکھا جائے گا جو تزکیۂ نفس کے لیے اپنا مال راہِ حق میں صرف کرتا ہے، اور مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی ہے۔

ایسے اعلیٰ وارفع مضامین پر مشتمل اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالَّیۡلِ اِذَا یَغۡشٰی ۙ﴿۱﴾ وَالنَّہَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالۡاُنۡثٰۤی ۙ﴿۳﴾

قسم ہے رات کی جب کہ ڈھانپ لے • اور دن کی جب روشن ہو • اور اُس کی جس نے پیدا فرمایا نر و مادہ کو •

اِنَّ سَعۡیَکُمۡ لَشَتّٰی ؕ﴿۴﴾

کہ بلاشبہ تم لوگوں کی کوشش مختلف ہے •

(قسم ہے رات کی جب کہ ڈھانپ لے)، یعنی اُس کی تاریکی زمین کی چیزوں کو چھپالے، (اور دن کی، جب روشن ہو) سورج کی درخشانی سے، (اور اُس کی جس نے پیدا فرمایا نر و مادہ کو)، یعنی حضرت آدم اور حضرت حوا علیہما السلام کو۔۔یا۔۔سب حیوانوں میں سے نر اور مادہ کو، (کہ بلاشبہ تم لوگوں کی کوشش مختلف ہے) آثار میں بھی اور نتائج میں بھی۔۔چنانچہ۔۔کام کے مناسب بعض کو ثواب اور کرامت ہے اور بعض کو عذاب اور ملامت ہے۔۔۔پھر مختلف کاموں اور اُس کی مختلف جزاؤں کو بیان فرماتا ہے۔۔۔

فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰی وَاتَّقٰی ۙ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰی ۙ﴿۶﴾ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلۡیُسۡرٰی ؕ﴿۷﴾

تو جس نے بخشش کی اور اللہ سے ڈرتا رہا • اور تصدیق کردی بڑی اچھی تعلیم کی • تو جلد ہم سامان کردیں گے اُس کی آسانی کا •

(تو جس نے بخشش کی)، اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں دیا (اور اللہ) تعالیٰ (سے ڈرتا رہا)، یعنی شرک اور کبیرہ گناہوں سے اپنے کو بچاتا رہا اور اُن سے پرہیز کرتا رہا، (اور تصدیق کردی بڑی اچھی تعلیم کی)، یعنی کلمہ حق لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ کو دِل سے سچ مانتا رہا (تو جلد ہم سامان کردیں گے اُس کی آسانی کا)، یعنی اُس کے لیے اچھا طریقہ ضرور آسان کردیں گے۔

اکثر مفسرین کا کہنا ہے کہ اِس سورۂ مبارکہ کا کچھ حصہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خصلت کی شان میں ہے اور کچھ حصہ امیہ بن خلف۔۔یا۔۔ابوجہل کی کیفیت میں۔ کشف الاسرار میں ہے کہ دُو آدمیوں کے باب میں یہ سورت نازل فرمائی گئی: ایک اَلۡاَتۡقٰی یعنی بڑا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

متقی کہ صدیقوں کا امام ہے اِس امت میں، یعنی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں اور ایک **اَشْقٰی** یعنی بڑا شقی کہ زندیقوں کا پیشوا ہے اہلِ ضلالت میں، یعنی ابو جہل۔

اور سورت کے شروع میں جو رات دن کی قسم ارشاد فرمائی، یہ ایک کی ظلمت اور دوسرے کی نورانیت کی طرف اشارہ ہے، یعنی شبِ ضلالت میں کسی کو وہ گمراہی نہ تھی جو ابو جہل کذاب شقی کو تھی، اور روزِ دعوت میں کسی کو وہ نورِ ہدایت ظاہر نہ ہوا جو ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ہوا۔

روایت ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ امیہ بن خلف کے غلام تھے وہ کافر ان کو طرح طرح کی تکلیفیں دیتا تا کہ دینِ اسلام سے پھر جائیں۔ اور اُن کے دِل میں ہر وقت محبتِ الٰہی کی آگ اور زیادہ بھڑکتی تھی۔ ایک دن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اُمیہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو جلتی ہوئی ریگ پر ڈال دیا ہے اور تپتے ہوئے پتھر اُن کے سینے پر رکھے ہیں، اور وہ اس حال میں اَحَد اَحَد کہہ رہے ہیں۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا دِل اُن پر جلا، فرمایا اَے امیہ! وائے تجھ پر، اِس خدا کے دوست پر تُو کتنا عذاب کرتا ہے۔ اُمیہ بولا کہ اَے ابو بکر! اگر تیرا دِل اِس پر جلتا ہے تو اِسے مجھ سے مول لے لے۔ پوچھا کہ کتنے کو بیچتا ہے؟ بولا کہ اُسے نسطاس رومی سے بدلتا ہوں۔

اور نسطاس رومی حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا غلام تھا اُس سے ہزار دینار قیمت مل سکتی تھی، اور حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ نے اُس سے کہہ دیا تھا کہ اگر تُو ایمان لائے تو جو مال تیرے پاس ہے اور جو تجارت کرتا ہے سب تجھ کو بخش دوں۔ نسطاس ایمان نہ لایا اور حضرت صدیقِ اکبر کا دِل اُس سے رنجیدہ تھا۔ جب اُمیہ سے یہ بات سُنی تو غنیمت جان کر نسطاس کو تمام استعداد اور مقدرت سمیت اُمیہ کے حوالے کیا۔ اور حضرت بلال کو لے لیا، اور اُسی وقت ثوابِ آخرت حاصل کرنے کی امید پر حضرت بلال کو آزاد کر دیا۔

حق تعالیٰ نے یہ سورت بھیجی اور حضرت صدیق کی سیرت سے خبر دی اور فرمایا کہ جس نے اپنا مال خرچ کیا اور اُس کا بدلا اور ثواب ملنے کی تصدیق کی، تو قریب ہے کہ آسانی دیں ہم اُس کو نیک طریقے کے واسطے کہ آسانی اور راحت کا سبب ہو، یعنی اُس کام میں جو اُسے جنت میں پہنچا دے کہ آسانی اور راحت وہیں ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿۸﴾ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿۹﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿۱۰﴾

اور رہے وہ جنہوں نے کنجوسی کی، اور بے پرواہی برتی ● اور جھٹلایا نہایت اچھی تعلیم کو ● تو ہم سامان کردیں گے اُس کی دشواری کا ●

وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾

اور نہ کام آئے گا اُس کے اُس کا مال جب ہلاکت میں پڑ چکا ●

(اور رہے وہ، جنہوں نے کنجوسی کی اور بے پرواہی برتی) اپنے مال میں ۔۔یا۔۔کلمۂ توحید کہنے میں اور اپنے کو ثوابِ الٰہی سے بے نیاز دیکھا، اور اس سبب سے جو کام ثواب حاصل کرنے کے موجب ہیں اُن کی طرف رغبت نہ کی، (اور جھٹلایا نہایت اچھی تعلیم کو) اور دینِ اسلام کے ساتھ متدین نہ ہوا۔۔یا۔۔حق تعالیٰ کے وعدہ کو باور نہ رکھا، (تو ہم سامان کردیں گے اُس کی دشواری کا)۔ یعنی ہم مہیا کردیں گے اُس کو اس صفت کے واسطے جو اُسے دشواری اور محنت میں ڈال دے، یعنی وہ کام جو اُسے دوزخ میں لے جائے۔

(اور نہ کام آئے گا اُس کے اُس کا مال جب ہلاکت میں پڑ چکا)، یعنی دفع نہ کرے گا اُس عذاب کو اُس کا مال جس میں اُس نے بخل کیا ہے جب کہ وہ مر جائے گا۔۔یا۔۔جب سر کے بل آئے گا یعنی قبر میں گرے گا۔۔یا۔۔دوزخ کے گڑھے میں۔۔الختصر۔۔جب یہ شخص برباد ہوگا اور تباہی کے غار میں گر جائے گا تو اُس کا مال کچھ کام نہ آئے گا۔

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ﴿۱۲﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ﴿۱۴﴾

بے شک ہم پر یقیناً ہے ہدایت فرمانا ● اور بے شک ہماری ہی یقیناً ہے آخرت اور دُنیا ● تو میں ڈرا چکا تمہیں اُس آگ سے

لَا يَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿۱۵﴾ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۶﴾

جو بھڑک چکی ● نہ رہے گا اُس میں مگر نہایت بدبخت ● جس نے جھٹلایا اور پیٹھ پھیری ●

(بے شک ہم پر یقیناً ہے ہدایت فرمانا)، یعنی حق و باطل اور وعدہ اور وعید کو بیان فرما دینا، (اور بے شک ہماری ہی یقیناً ہے آخرت اور دُنیا)، یعنی دونوں جہان کے مالک ہم ہی ہیں تو ہم جو کچھ چاہیں جس کو چاہیں اور جتنا چاہیں عطا کریں۔ (تو میں) اَے اہلِ مکہ (ڈرا چکا تمہیں اُس آگ سے جو بھڑک چکی) اور شعلے مارتی ہے۔ (نہ رہے گا اُس میں مگر نہایت بدبخت) اُمیہ اور ابوجہل جیسا، (جس نے جھٹلایا) پیغمبر کو (اور پیٹھ پھیری) ایمان اور طاعت سے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿١٧﴾ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكّٰى ﴿١٨﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهُ
اور جلد ہی دور رکھا جائے گا اُس سے سب سے بڑا التقویٰ والا ● جو دیتا ہے اپنا مال کہ خود پاکیزہ ہو جائے ● اور نہیں ہے کسی کا
مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰى ﴿١٩﴾ اِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿٢٠﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿٢١﴾ ع ۱۷
اس کے پاس کوئی احسان، کہ بدلہ دیا جائے ● مگر اپنے بلند و بالا رب کی مرضی کو چاہنا ● اور یقیناً عنقریب وہ خوش ہو جائے گا ●

**(اور جلد ہی دُور رکھا جائے گا اُس سے سب سے بڑا التقویٰ والا)**، یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ **(جو دیتا ہے اپنا مال)** اِس نیت سے **(کہ خود پاکیزہ ہو جائے ● اور نہیں ہے کسی کا اُس کے پاس کوئی احسان کہ بدلہ دیا جائے)**۔ یعنی وہ جو کسی کے ساتھ کوئی کارِ خیر کرتا ہے وہ اُس پر اُس کے کسی احسان کا بدلہ نہیں ہے، بلکہ اُس کا عملِ خیر خالصاً لوجہ اللہ ہے۔

۔۔الختصر۔۔وہ جس کے ساتھ حسنِ سلوک کرتا ہے اُس سے کچھ نہیں چاہتا۔ ہاں **(مگر اپنے بلند و بالا رب کی مرضی کو چاہنا)** ہے، اور خدا کی رضا سے بڑھ کر اور اُس سے برتر و بالا کوئی چیز نہیں۔ **(اور یقیناً عنقریب وہ خوش ہو جائے گا)**۔ اس لیے کہ اُس سے جس ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے وہ اُسے حاصل ہو جائے گا۔

اختتام سورہ الیل ۔۔۔ ۲۲ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۸ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ۔۔

---

آغاز ۔۔ ۲۷ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۳ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ۔۔

# سُوْرَةُ الضُّحٰى

سُورَةُ الضُّحٰی ۹۳ مَکِّیَّۃٌ ۱۱ — آیاتہا ۱۱ رکوعہا ۱

سورۂ الضحیٰ ۔۔ ۹۳ مکیہ ۱۱ آیاتہا ۱۱ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورۂ مبارکہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس سورت اور اِس سے پہلی والی سورت میں بڑی گہری مناسبت ہے۔ چنانچہ دونوں کی ابتداء قسم سے ہوئی، 'سورہ والیل' میں بھی دن رات کی قسم و شہادت ارشاد فرمائی گئی ہے، اور 'سورہ والضحیٰ' میں بھی دن رات کی قسم و شہادت ہے، بس ذرا سی نوعیت بدلی ہوئی ہے۔ 'سورہ والیل' میں وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى کا بیان ہے اور 'سورہ والضحیٰ' میں وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى کا۔

دونوں بیان باہم عجیب مناسبت رکھتے ہیں، پہلے میں اللہ کی شانِ یکتائی ہے اور دوسرے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

میں حضور ﷺ کی شانِ مصطفائی ہے۔ دونوں سورتوں میں رضوانِ الٰہی کا ذکر ہے۔ سورہ 'واللیل' میں اُس مقامِ رضوان کا بیان ہے جو امت کو ملتا ہے اور بتایا گیا کہ اُس کا حصول تین باتوں کی بدولت ہوتا ہے۔

﴿۱﴾۔۔اللہ سے ڈرنا۔

﴿۲﴾۔۔گناہوں سے بچنا۔

﴿۳﴾۔۔اللہ کی راہ میں مال صَرف کرنا اور صرف اللہ کی طلب ہونا۔

اور 'سورہ الضحیٰ' میں آنحضرت ﷺ کے مقامِ رضوان کا بیان ہے جس کا حصول کسی فعل پر موقوف نہیں، محض فضلِ الٰہی ہے۔

ایسی سورۂ مبارکہ کو جو اوّل سے لے کر آخر تک نعتِ مصطفیٰ ﷺ کا ایک گلدستہ ہے، شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

وَالضُّحٰى ① وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ② مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ③

قسم ہے اُس چمکیلے کی ● اور اُس سیاہی والی کی جب ڈھانپ لے ● کہ نہ چھوڑا تمہیں تمہارے رب نے، اور نہ ناپسند فرمایا ●

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ④

اور یقیناً پچھلی بہتر ہے تمہارے لیے پہلی سے ●

روایت ہے کہ جب حضرت جبرائیل کئی روز حضرت رسولِ اکرم ﷺ کے پاس نہیں آئے اور وحی نازل نہ ہوئی تو کافروں نے طعن کرنا شروع کیا کہ 'محمد ﷺ' کے خدا نے اُنہیں چھوڑ دیا اور دشمن کرلیا، تو حق تعالیٰ نے اُن کا قول رَد کرنے کو یہ سورت بھیجی اور ارشاد فرمایا کہ۔۔۔

(قسم ہے اُس چمکیلے کی ● اور اُس سیاہی والی کی جب ڈھانپ لے)۔۔۔

یہاں چمکیلے سے محبوبِ خدا ﷺ کے چہرۂ انور کی طرف اشارہ ہے، اور سیاہی والی سے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آپ کے موئے مبارک کی سیاہی سے کنایہ ہے جب وہ بکھر جائے، یعنی زلفیں سنور جائیں تو چہرۂ محبوب کی قسم اور بکھر جائیں تو زلفوں کی قسم۔ اِس قسم میں دشمنوں کو یہ جواب بھی ملتا ہے کہ ایسے چہرے والے اور ایسی زلفوں والے کو اس لیے نہیں بنایا گیا ہے کہ اُن کو چھوڑ دیا جائے اور اُن سے دشمنی کی جائے۔

والضحیٰ کی تفسیر کے تعلق سے دوسرے اقوال بھی ہیں: ﴿۱﴾۔۔ قَسم ہے چاشت کے وقت کی کہ آفتاب اُس وقت بلند ہوتا ہے اور روشنی زیادہ ہوتی ہے۔ اور بعضے کہتے ہیں **ضُحٰی** وہ وقت تھا جس وقت حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا اور فرعون کے ساحروں نے اُسی وقت خدا کا سجدہ کیا۔ اور بعض کے قول پر **ضُحٰی** سے رَبِّ ضُحیٰ یعنی وقت چاشت کے رب۔۔یا۔۔نمازِ چاشت مراد ہے۔

ایسے ہی **وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی** کا معنی یہ کیا گیا ہے کہ قَسم ہے رات کی جس وقت وہ تاریک ہو اور تاریکی چیزوں کو چھپالے۔ امام قشیری فرماتے ہیں کہ شبِ معراج کی قسم ہے۔ صاحبِ کشف الاسرار نے فرمایا کہ دن رات سے کشف اور حجاب مراد ہے، کہ لطف اور قہر کی نشانی ہے۔۔یا۔۔انوارِ جمال اور آثارِ جلال کی علامت ہے۔۔ المختصر۔ حق اُن کی قسمیں یاد فرما کر فرماتا ہے۔۔۔

**(کہ نہ چھوڑا تمھیں تمہارے رب نے اور نہ ناپسند فرمایا)۔**

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشخبری دی اُس فتح کی جو آپ کی امت کو دُنیا میں ہوگی اور اکثر شہر اُن کی حکومت میں آئیں گے اور مسخر ہو جائیں گے تو یہ آیت نازل ہوئی کہ۔۔۔

**(اور یقیناً پچھلی بہتر ہے تمہارے لیے پہلی سے)**، یعنی تمہاری ہر آنے والی گھڑی پچھلی گھڑی سے بہتر ہے اس لیے کہ آپ دمبدم بلندی کے درجے پر بلند ہونے والے ہیں اور رتبہء کمال پر ترقی کرنے والے ہیں۔

۔۔یا۔۔

آپ کی آخرت جہاں آپ کو مقامِ محمود عطا ہوگا اور آپ شفاعتِ کبریٰ کے درجے پر فائز ہوں گے، اُس وقت ساری مخلوق، اپنے پرائے، دوست دشمن، سب کے سب آپ کی تعریف و توصیف کریں گے۔ کوئی آپ کے مقامِ محبوبیت کا منکر نہ ہوگا اور سبھی آپ کا وسیلہ چاہیں گے ۔۔ الغرض۔۔وہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بہتر ہے آپ کے لیے دُنیا سے۔ کچھ لوگ آپ کی شانِ اقدس میں گستاخیاں کرتے ہیں آپ سے حرب وضرب کے لیے آمادہ ہوتے ہیں۔ رہ گیا آخرت کا معاملہ تو وہاں تو صرف آپ کی محبوبیت کی شان دکھائی جائے گی۔۔۔

## وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿٥﴾

اور یقیناً عنقریب دے گا تمہیں تمہارا رب، کہ تم راضی ہو جاؤ گے●

(اور یقیناً عنقریب دے گا تمہیں تمہارا رب، کہ تم راضی ہو جاؤ گے)، یعنی قریب ہے کہ عطا فرمائے تم کو تمہارا رب گناہ گاروں کے باب میں شفاعت کا مرتبہ، اور اس قدر عطا فرمائے گا کہ تم کہو کہ بس میں راضی ہو گیا۔۔۔اور یہ اُس وقت فرمائیں گے جب ہر اُس امتی کو بخشوا لیں گے جس کے دِل میں ایمان کا کچھ بھی حصہ ہے۔۔۔

امام محمد باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اَے اہلِ عراق تم کہتے ہو کہ قرآن کی سب آیتوں میں بڑی امید کی آیت یہ ہے کہ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ اور ہم اہلِ بیت اِس بات پر ہیں کہ آیہ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ میں اس کی بہ نسبت امید بہت زیادہ ہے اس واسطے کہ جب تک آپ کی امت میں سے ایک شخص بھی دوزخ میں رہے گا ہرگز آپ راضی نہ ہوں گے۔

حق تعالیٰ یہ واضح کرنے کے بعد کہ آپ پر آخرت میں یہ انعاماتِ خداوندی ہوں گے، دراصل ان انعامات کا سلسلہ انہیں نعمتوں سے جڑا ہوا ہے جو آپ پر ابتداء ہی سے ہوتی رہیں ہیں۔ اَے محبوب! سوچو کہ۔۔۔

## أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ ﴿٦﴾ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ ﴿٧﴾

کیا نہیں پایا تمہیں دُرِ یتیم، تو خود ٹھکانہ دیا؟● اور پایا تمہیں متوالا، تو اپنی راہ دے دی●

(کیا نہیں پایا تمہیں دُرِّ یتیم تو خود ٹھکانہ دیا)، یعنی ختمِ نبوت کی صدف میں تم کو جگہ دی۔ یہاں "دُرِّ یتیم" کا ترجمہ بحرالحقائق سے منقول ہے۔ اِس آیت کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ کیا یہ بات نہیں؟ کہ اللہ نے آپ کو یتیم پایا تو اپنے فضل وکرم سے حفظ و پناہ کی جگہ میں رکھا اور تا حیات دشمنوں کے قاتلانہ حملوں سے محفوظ رکھا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور) اَے محبوب! اپنے رب کا یہ بھی کرم دیکھو کہ (پایا تمہیں) اپنی محبت اور تلاش میں (متوالا، تو اپنی راہ دے دی) 'ضال' کے مفہوم میں مفسرین نے جو لکھا ہے اُن میں اہم معانی یہ ہے:

﴿۱﴾۔۔تلاش کرنے والا: اِس بنا پر ترجمہ یہ ہوگا کہ ہم نے آپ کو حق کا متلاشی پایا، تو اُس کا راستہ کھول دیا۔

﴿۲﴾۔۔محبّ ۔۔یا۔۔محبت میں وارفتہ: اب ترجمہ ہوگا آپ کو محبّ خدا پایا۔۔یا۔۔محبتِ الٰہی میں خودرفتہ پایا، تو خصوصی راہ کھول دی۔

﴿۳﴾۔۔متحیر: اِس بنا پر آیت کا ترجمہ ہوگا کہ آپ کو اُس باب میں متحیر پایا کہ لوگوں کو کیسے راہِ راست پر لایا جائے؟ تو اس کا راستہ بتادیا۔۔یا۔۔بقولِ سیدنا جنید بغدادی قدس سرہ آپ کو متحیر پایا کہ مفہومِ قرآنی کی تشریح کیسے کی جائے؟ تو اللہ نے اُس کی رہنمائی کردی۔

﴿۴﴾۔۔ناواقف: یعنی اللہ کو اَزل سے آپ کی جو محبت ہے آپ اُس سے ناواقف تھے، اللہ نے اُس کی اطلاع اور واقفیت بخشی۔۔یا۔۔آپ کو اپنی شان و منزلت کی واقفیت نہ تھی، تو اللہ نے اُس کی واقفیت کا راستہ کھول دیا۔

﴿۵﴾۔۔عربی میں 'ضال' اور 'ضالۃ' اُس درخت کو بھی کہتے ہیں جو دشت و بیابان میں محض ایک ہی ہے اور راہ رو اُس کو نشانِ راہ بنا کر بھٹکنے سے محفوظ رہتا ہے: اِس بنا پر ترجمہ یہ ہوگا کہ "اللہ نے آپ کو ہدایت میں یکتا اور نشانِ ہدایت پایا، تو آپ کے ذریعہ لوگوں کو ہدایت بخشی۔

﴿۶﴾۔۔ضال کھوئی ہوئی چیز کو بھی کہتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بچپن میں آنحضرت ﷺ کھو گئے تھے، ابو جہل کہیں سے لوٹ کا مال لیے آرہا تھا اُس نے آپ کو دیکھ لیا اور اپنے ساتھ لے کر حضرت عبدالمطلب کے پاس آیا۔ کہا گیا ہے کہ اِس آیت میں اُس واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ اِس بنا پر آیت کا ترجمہ یہ ہوگا "ہم نے آپ کو کھویا ہوا پایا کہ بچپن میں کھو گئے تھے، تو گھر پہنچانے کا انتظام کردیا"۔۔۔

بعض روایتوں میں ہے کہ حضرت حلیمہ آپ کو لے کر مکہ آرہی تھیں اُس وقت آپ بہت کمسن تھے، راہ میں ایک جگہ بیٹھا کر اپنی ضرورت سے گئیں، واپس آئیں تو آپ کو نہیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پایا۔ بہت پریشان ہوئیں بڑی تلاش کے بعد ملے۔ کہا گیا ہے کہ آیت میں اُس واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔ اِس بنا پر آیت کا ترجمہ یہ ہوگا "ہم نے آپ کو کھویا ہوا پایا کہ بچپن میں کھو گئے تھے، تو لوگوں کو راہ دکھادی کہ فلاں جگہ ہیں۔۔۔

## وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ﴿٨﴾

اور پایا تمہیں عیال والا، پھر غنی کر دیا●

(اور پایا تمہیں عیال والا) یعنی حاجت مند، (پھر غنی کر دیا) تم کو خدیجہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کے مال کی وجہ سے کہ تم نے تجارت کی۔۔یا۔۔غنیمتوں کے سبب سے جو کافروں سے تم نے حاصل کیں۔

بعض عارفین نے یہ فرمایا ہے کہ۔۔۔

"اَے ہمارے حبیب! تُو فقیر تھا خلق کے مشاہدہ کی وجہ سے، تو تم کو غنی کر دیا اپنے انوارِ جمال کے مکاشفہ سے۔

۔۔یا یہ کہ۔۔

اَے محبوب! آپ فقر و فاقہ اور حاجت مندی کی حالت میں تھے، تو آپ کو مستغنی بنا دیا۔

اِسی لیے آپ فقر و فاقہ میں بھی سب سے بے نیاز رہے ہیں، اور غنا کی اصل حقیقت یہی ہے۔ کیونکہ غناء دُنیا کے بکثرت ساز و سامان سے نہیں ہوتا۔ البتہ غناءِ دِل کا غنا ہے۔

ایک صورت یہ بھی ہے کہ یَتِيْمًا، ضَآلًّا اور عَآئِلًا کو اپنے بعد والے افعال کا مفعول مقدم قرار دے دیا جائے، اور اُن کی تقدیم کو رعایۂ سجع پر محمول کیا جائے، تو پھر اِن تینوں آیتوں کے معنی یہ ہوں گے کہ۔۔۔

اَے محبوب! کیا نہیں پایا ہم نے تمہیں، تو تمہارے ذریعہ یتیموں کو ٹھکانہ دے دیا۔ اور پایا ہم نے تمہیں، تو تمہارے ذریعہ گمراہوں کو ہدایت دے دی۔ اور پایا ہم نے تم کو، تو تمہارے ذریعہ محتاجوں کو غنی کر دیا۔

اِس مقام پر یہ نکتہ بھی ذہن نشین رہے کہ عموماً صحابہ اور تابعین۔۔یا۔۔دیگر مفسرین سے جو تفسیریں مروی و منقول ہوتی ہیں اُن کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ بس یہی مراد ہے، وہ تو ایک کلی حقیقت کی کوئی تمثیل ہوتی ہے تخصیص نہیں۔۔چنانچہ۔۔مفسرین کہیں کہیں تصریح کر دیتے ہیں کہ "یہ تمثیل ہے تخصیص نہیں" یہ نکتہ علم تفسیر کا بہت قیمتی نکتہ ہے۔ اِس کو ملحوظ رکھنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سے بہت سی گتھیاں سلجھ جاتی ہیں۔اور جہاں ایک آیت کی مختلف تفسیریں ملتی ہیں وہاں اُس کی روشنی میں بات اچھی طرح سمجھ میں آجاتی ہے کہ یہ سب اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں کہ سب ایک حقیقتِ کلیہ کے مختلف جزئیات ہیں۔

اِس زیرِ تفسیر سورۂ مبارکہ کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اِس میں کل گیارہ۱۱ آیتیں ہیں دو۲ تو قسم ہیں، باقی نو۹ آیات میں، تین۳ دعویٰ ہے اور تین۳ دلیل ہے اور تین۳ اُس کے مناسب نصیحت۔

پہلا دعویٰ یہ تھا کہ تمہارے رب نے تم کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی تمہیں ناپسند فرمایا، اِس کی دلیل ہے کہ اُس نے تمہاری ہر حال میں حفاظت فرمائی، اور آپ جیسے دُرِّ یتیم کو خود ٹھکانہ دیا۔دوسرا دعویٰ یہ تھا کہ یقیناً پچھلی بہتر ہے تمہارے لیے پہلی سے، اُس کی دلیل یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کو اپنی محبت میں متوالا پایا تو اپنے قرب کی راہ دے دی۔اور ظاہر ہے کہ قرب سے پہلے والی گھڑی سے قرب کی گھڑی بہتر ہی ہے۔۔اور۔۔تیسرا دعویٰ یہ تھا کہ عنقریب تمہیں تمہارا رب اِتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے، اُس کی دلیل یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے پایا تمہیں عیال والا حاجت مند، تو غنی کر دیا۔

مذکورہ بالا تینوں دعووں کو تین۳ دلیلوں سے ثابت فرما کر اُس کی مناسبت سے رب تین۳ نصیحتیں ارشاد فرما رہا ہے۔۔۔

اَے محبوب اوپر کے ارشاد میں تم پر حق تعالیٰ کی تین۳ نوازشوں کا ذکر ہے۔۔۔

---

**فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾ وَاَمَّا السَّآىِٕلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾**

تو یتیم پر تو دباؤ نہ ڈالو● اور رہے بھکاری، تو اُنہیں جھڑکو نہیں●

(تو) پہلی نوازش کا تقاضہ یہ ہے کہ (یتیم پر تو دباؤ نہ ڈالو) اور کسی حال میں بھی اُن پر سختی نہ کرو۔کیا یہ بات نہیں کہ اللہ نے آپ کو یتیم پایا تو اپنے فضل و کرم سے حفظ و پناہ کی جگہ میں رکھا۔۔۔ حضور ﷺ نے اِس تقاضے کو جس طرح پورا کیا تاریخ انسانیت میں اُس کی نظیر نہیں۔۔۔(اور) دوسری نوازش کا تقاضہ یہ ہے کہ جو (رہے بھکاری، تو اُنہیں جھڑکو نہیں) اور اپنے اوپر حق تعالیٰ کی اُس نوازش کو یاد رکھو کہ اُس نے تمہیں عیال والا پایا تو مستغنی کر دیا۔

حضور ﷺ نے اِس تقاضے کو بھی جس طرح ادا کیا اُس کی بھی نظیر نہیں، یہاں تک کہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آپ نے تمام عمر کسی کے سوال پر 'نہیں' کا لفظ فرمایا ہی نہیں۔ دُنیا کا سائل ہو۔۔یا۔۔آخرت کا سائل ہو۔ ہدایت کا سائل ہو۔۔یا۔۔مغفرت کا سائل ہو۔ دُنیا کی نعمتوں کا سائل ہو۔۔یا۔۔آخرت کی نجات کا سائل ہو۔۔المختصر۔۔آپ نے کسی سائل کو اپنے در سے محروم نہیں پلٹایا۔

وَاَمَّا بِنِعۡمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾ ع ۱۱ ۱۸

اور رہی اپنے رب کی نعمت، تو اُس کا خوب چرچا کرو●

**(اور)** اَے محبوب! اب **(رہی اپنے رب کی نعمت)** والی نوازش، **(تو اُس کا خوب چرچا کرو)**۔یعنی آپ کو اللہ تعالیٰ نے نبوت ورسالت کی جو دولت بخشی ہے اُس کا خوب چرچا کرو اور اُس کی دعوت دیتے رہو۔ یہ تحدیثِ نعمت شکرِ الٰہی کا ایک نمونہ ہے۔ مگر اس میں نام ونمود اور نخوت وخود پسندی نہ ہو۔

اور ظاہر ہے کہ نبی سے اِن ناپسندیدہ اُمور کا اِمکان نہیں، لیکن غیر نبی کو چوکنا اور محتاط رہنا چاہیے اور نعمتِ الٰہی کے ذکر واظہار میں فخر ونمود اور ریاکاری سے اپنے کو بچا کے رکھنا چاہیے اور اگر اِس کا اندیشہ ہو تو بہتر یہی ہے کہ خاموش رہے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ نعمت کے ذکر و بیان کے ساتھ نعمت دینے والے کا استحضار رکھا جائے، اس لیے کہ یہ یاد رکھنا ذکر بھی ہے اور شکر بھی۔ مبارک ہیں وہ ہستیاں جو نعمت پاکر فخر ورعونت کے بجائے اللہ تعالیٰ کو یاد کرتی ہیں کہ کیسا بندہ نواز اور چارہ ساز ہے ہمارا رب جس نے ہم پر کرم فرمایا اور یہ نعمتیں بخشیں۔ کتنے بلند پایہ ہیں وہ حضرات جو نعمت کے پردہ میں نعمت دینے والے کا مشاہدہ کرتے ہیں اور اُس کی نعمت پر اُس کی نوازش کے ذکر و بیان میں رطب اللسان رہتے ہیں۔

اختتام سورہ الضحیٰ ۔۔ ﴿ ۲۷ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۳ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾

۔۔ ﴿ ۲۸ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۴ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ﴾

## سُوۡرَةُ اَلَمۡ نَشۡرَحۡ

سورۃ الم نشرح ۔۔ ۹۴ مکیہ ۱۲

آیاتہا ۸ ۔۔ رکوعہا ۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس سورۂ مبارکہ کے تین۳ نام ہیں: ﴿۱﴾۔۔سورہ الم نشرح۔ ﴿۲﴾۔۔سورہ الشراح۔ ﴿۳﴾۔۔سورہ شرح۔اور یہ تینوں نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہیں۔اِس کی اِس کے ماقبل 'سورہ والضحیٰ' سے مناسبت یہ ہے کہ دونوں سورتوں میں اللہ کی اُن نعمتوں کا بیان ہے جو آنحضرت ﷺ کو عطا ہوئیں۔'سورہ والضحیٰ' میں اُن نعمتوں کا تذکرہ ہے جو سب کی نگاہوں کے سامنے ہیں اور 'سورہ الم نشرح' میں اُن نعمتوں کا بیان ہے جو عام نگاہوں سے پوشیدہ ہیں، کیوں کہ وہ آپ کی خصوصیاتِ باطنی ہیں۔۔مثلاً: 'شرح صدر' اور اُس کے بعد کی مذکور نعمتیں۔'شرحِ صدر' کے لیے 'شقِ صدر' کا واقعہ متعدد بار ہوا ہے۔

محدثین کا بیان ہے کہ ایک تو 'عہدِ طفلی' کا واقعہ ہے جب آپ چار۴ سال کے تھے۔دوسرا واقعہ جب عمر شریف دس۱۰ سال کی تھی، تیسرا واقعہ جب آپ بیس۲۰ سال کے ہوئے۔چوتھا واقعہ جب کہ آپ پر پہلی وحی نازل ہوئی۔پانچواں واقعہ جبکہ معراج ہوتی ہے۔لیکن محققین کے نزدیک ۲۰ سال کا واقعہ قطعاً غیر ثابت ہے۔

امام سہیلی صرف دو۲ مواقع کی روایت کو صحیح سمجھتے ہیں: ایک صغرسنی میں، دوسرے معراج کے موقع پر۔صغرسنی میں اس لیے شقِ صدر ہوا ہے کہ بچپن ہی سے قبولِ وسوسہ کا مادّہ جو عموماً چار۴ برس میں کسی قابل ہوتا ہے قلبِ اقدس سے نکال دیا جائے۔۔چنانچہ۔۔چار۴ سال کی عمرِ شریف میں جو شقِ صدر ہوا ہے اُس میں حضرت جبرائیل نے قلبِ اطہر سے جمے ہوئے خون کی ایک پھٹکی نکال کر الگ کر دی اور کہا "هٰذَا حِظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ اِس جملہ کا ماحصل یہ ہے کہ اگر یہ رہ جاتا تو شیطان کو آپ کے اندر دَر اندازی کی ہمت ہوتی۔

اور معراج کے موقع پر اس لیے شقِ صدر ہوا ہے کہ اب 'مشاہدۂ حق' کے ساتھ 'مکالمہ ربانی' بھی ہے، اور 'مکالمہءِ ربانی' کے ساتھ 'مشاہدۂ حق' بھی۔یہاں انوار و تجلیات کی وہ فراوانی اور صدائے سرمدی کی وہ ہوش ربائی ہے کہ عالمِ ملکوت کی بڑی سی بڑی روحانیت بھی اُس کی ابتدائی نمود کا تحمل نہیں کرسکتی۔اُس کے برداشت کرنے کی قوت صرف ایک قلبِ منور میں رکھی گئی ہے، وہ ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا قلبِ انور۔یہ مقدس قوت ابتداء ہی سے قلبِ اطہر میں ودیعت تھی، شبِ معراج میں اُس کے اندر اضافہ کیا گیا۔اُس نورانی رات میں حضور کا جو شقِ صدر ہوا ہے وہ خاص اِسی مقصد کے لیے ہوا ہے۔

انبیاء علیہم السلام اور خصوصاً حضور سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے شرحِ صدر کی حقیقت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کا عرفان وادراک تو یقیناً دائرۂ امکان سے باہر ہے، لیکن خاصانِ امت کو فیضان محمدی کے توسل سے جو شرح صدر ہوتا ہے اُس کی حقیقت یہ ہے کہ اُن کے ایمان میں بے حد توانائی آجاتی ہے۔ دینی معاملہ میں اُن کی عزیمت واستقامت کا یہ عالَم ہوتا ہے کہ خطروں اور ہولناکیوں کے بڑے سے بڑے طوفان بھی اُن کو اپنی جگہ سے ہٹا نہیں سکتے۔ اُن کی بصیرتوں کا یہ عالَم ہے کہ فریب کدہ ہستی کی پوری حقیقت اُن پر آئینہ ہے، اِسی لیے وہ اِسے فریب کدہ ہی سمجھتے ہیں اور اس پر مفتوں نہیں ہوتے، اور اپنے قلب وروح کو عالَمِ فانی سے ہٹا کر عالَمِ جاودانی کی طرف پھیر لیتے ہیں۔۔الغرض۔۔اُن کی سیرت میں بڑی بلندی آجاتی ہے۔

اوپر جو مذکور ہوا یہ تو شرح صدر کی علامات ہیں اور اُس کے اسباب بکثرت، جن میں چند بنیادی اور عمودی ہیں جو حسبِ ذیل ہیں:

﴿۱﴾۔۔شرح صدر کا سب سے بڑا اسبب توحید اور ایمان ہے۔ اُن میں جس قدر کمال، قوت اور فراوانی ہوتی ہے اُسی قدر شرح صدر میں کمال، زیادتی اور توانائی ہوا کرتی ہے، حتیٰ کہ سینہ نور سے لبریز ہو جاتا ہے۔

﴿۲﴾۔۔شرح صدر کا اہم ترین سبب نورِ حق ہے۔۔چنانچہ۔۔سینہ جب اُس سے منور ہو جاتا ہے تو سینہ میں انشراح اور قبولِ حق کے لیے بڑی وسعت پیدا ہو جاتی ہے، جس کی علامت یہ ہے کہ دِل فریب کدۂ دُنیا سے برگشتہ ہو جاتا ہے اور حیاتِ ابدی کے گھر کی طرف توجہ رہا کرتی ہے اور موت کے آنے سے پہلے موت کی تیاری کی جاتی ہے۔

﴿۳﴾۔۔شرح صدر کا ایک سبب علم نبوت کا حصول بھی ہے۔ اِس سے دِل میں بڑا انشراح اور وسعت پیدا ہو جاتی ہے۔۔چنانچہ۔۔اُس علم کے حاملین کے اندر اتنی فراخ دلی اور وسعتِ اخلاق ہوتی ہے جتنی کسی اور میں ہوتی ہی نہیں۔ یہی ہے وہ علم جس سے انابت اور محبتِ حق پیدا ہوتی ہے۔ اور محبتِ حق جتنی پُر زور ہوتی ہے اُسی قدر شرح صدر میں قوت اور کمال ہوتا ہے۔ یہی ہے وہ محبتِ الٰہی جو دُنیا کی تمام اُلجھنوں اور پریشانیوں کو جلا کر خاکستر کر دیتی ہے۔ اِسی میں ہے نشاطِ روح، سرورِ قلب اور ابدی شادمانی، کہ اِس عالَم میں جو غم واندوہ ہوتا ہے اُس میں بھی حلاوت آجاتی ہے، اور دُنیا کا تلخابہ آبِ شیریں بن جاتا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

﴿۴﴾۔۔شرح صدر کا ایک سبب دوامِ ذکر ہے کہ دِل ہمہ وقت اللہ کی یاد میں رہے، اُس کے اثر سے فضول اَفکار کا ہجوم رہتا ہی نہیں۔ یہ ایک عام حقیقت ہے کہ دِل میں جب فکرِ دُنیا چھائی رہتی ہے تو دِل میں ایمان وانسانیت کی جگہ رہتی ہی نہیں، یہی دِل کی تنگی ہے جو صرف ذکرِ الٰہی سے دُور ہوتی ہے اور اُس کے دُور ہوتے ہی دِل میں وسعت پیدا ہوجاتی ہے۔ پھر ایمان وانسانیت کی ایک ایک بات کے لیے سینہ کشادہ ہوتا جاتا ہے۔ اتنا کشادہ کہ ایک ایک ایمانی واخلاقی جوہر کے لیے خود بخود جگہ نکلتی آتی ہے۔

﴿۵﴾۔۔شرح صدر کا ایک سبب مخلوقات کے ساتھ حتی الامکان اچھا سلوک کرنا ہے کہ اپنے مال ودولت سے بھی اور اپنی جاہ ومنزلت سے بھی لوگوں کی امداد کرتے رہو۔

﴿۶﴾۔۔شرح صدر کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ دینی امور میں اِس عزم وعزیمت اور ہمت و شجاعت سے کام لو کہ کسی معاملہ میں سستی، کاہلی، عافیت پسندی اور بزدلی راہ نہ پائے۔

﴿۷﴾۔۔اُس کا ایک سبب دِل کی تطہیر اور اخلاق کا تزکیہ بھی ہے کہ قلب وضمیر کو بُرے جذبات وخیالات سے، نفس کو بُری خواہشات سے، اور سیرت وکردار کو بُرے افعال سے پاک ومطہر بنایا جائے۔ انسان میں جب یہ خوبیاں پیدا ہوجاتی ہیں تو اُس کی زندگی معیاری اور انسانیت کا شہکار بن جاتی ہے۔

یہ سب ہیں شرح صدر کے اسباب، ان سے اندازہ لگایئے کہ شرح صدر کا حامل کیسی اعلیٰ سیرت وکردار اور کیسی پاکیزہ زندگی کا انسان ہوتا ہے۔ تو ایسی سورتِ مبارکہ کو جس کا آغاز سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب فرما کر آپ کے شرح صدر کے بیان سے فرمایا گیا ہے، شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ اَے محبوب!۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِیْۤ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾

کیانہیں کھول دیا ہم نے تمہارے لیے تمہارا سینہ؟● اور اُتار رکھا تم سے تمہارا بوجھ● جس نے توڑ رکھی تھی تمہاری پشت کو●

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾

اور بلند فرمادیا ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو●

(کیانہیں کھول دیا ہم نے تمہارے لیے تمہارا سینہ) تاکہ حق کی مناجات اور خلق کی دعوت اور امت کا غم اُس میں سمائے۔

--یا-- یہ معنی ہیں کہ--- کیا تیرے دل کو ہم نے گنجائش نہیں دی کہ وحی کے اسرار جو تجھ پر وارد ہوں اُنہیں قبول کرسکے۔

اور بعض نے کہا کہ سینہ کا کشادہ کردینا اُس طرف اشارہ ہے جو حدیثوں میں آپ کا سینہ چاک ہونا آیا ہے جس کا ذکر مختصراً کیا جاچکا ہے۔ اِس مقام پر معراج کی رات والے شق صدر کے تعلق سے ایک مختصر سی وضاحت مطلوب ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ معراج کی رات جبرائیل علیہ السلام نے مجھ کو تکیہ لگادیا اور میرے سینے کے اوپر سے ناف تک چاک کردیا۔ اور میکائیل علیہ السلام ایک طشت میں آبِ زمزم لائے میرے سینے کا اندر اور میری رگیں اور میرا حلق اُس پانی سے دھویا۔ اور جبرائیل علیہ السلام نے میرا دِل نکال کر چاک کیا، آخر کو ایک سونے کا طشت حکمت اور ایمان سے بھرا ہوا لائے، اور میرے دِل کو اُس سے بھرا، پھر اپنی جگہ پر اُسے رکھ دیا۔ منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میرے دل پر نور کی ایک انگوٹھی سے مہر کردی-- چنانچہ-- اُس کی راحت اور لذت کا اثر اب تک اپنی رگوں اور جوڑوں میں میں پاتا ہوں-- قصہ مختصر-- حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اَے محبوب! میں نے تمہارا شرح صدر کیا---

(اور اُتار رکھا تم سے تمہارا بوجھ)۔ وہ بارِ گراں (جس نے توڑ رکھی تھی تمہاری پشت کو)۔ وہ کافروں کا غم تھا اور کفر پر اُن کا اصرار اور آنحضرت ﷺ کا تعرض۔

اور بعضوں نے کہا کہ امت کے گناہ کا غم ہے کہ---

اَے ہمارے حبیب! تُو اُس سے گرانبار تھا، وہ بوجھ تجھ پر سے ہم نے اُٹھالیا اور تیری شفاعت اُن کے باب میں ہم نے قبول فرمائی۔ (اور بلند فرمادیا ہم نے تمہارے لیے)، تمہاری قدر و منزلت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کو ظاہر کرنے کے لیے (تمہارے ذکر کو) نبوت، رسالت اور خاتم ہونے کے ساتھ۔

---یا۔۔اِس طور پر کہ۔۔۔

اذان، اقامت، تشہد، خطبہ میں تیرا نام اپنے نام سے ہم نے ملا رکھا تا کہ بندے جب مجھ کو یاد کریں تو تجھ کو بھی یاد کریں۔

---یا---

خود میں نے تجھ پر سلام بھیجا اور اوروں کو بھی تجھ پر درود بھیجنے کا حکم دیا۔

حضرت ذوالنون مصری قدس سرہ نے فرمایا کہ 'رفعت ذکر' اس طرف اشارہ ہے کہ سب انبیاء علیہم السلام عرش کے گرد پھرتے تھے اور آپ کی ہمتِ عالی عرش کے اوپر تھی۔

---

**فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ**

تو بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے● بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے● تو جب نماز سے فراغت پالی تم نے،

ع ۱ ۸ ۱۹ **فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸**

تو دُعا کے لیے محنت کرو● اور اپنے رب ہی کی طرف توجہ رکھو●

(تو) اَے محبوب! صبر کر۔ (بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے)، یعنی اگر دُنیا میں دشواری ہے تو آخرت میں آسانی ہے۔ (بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے)، یعنی اُس دشواری کے ساتھ جو مکہ میں تجھ پر ہے مدینہ میں تیرے واسطے آسانی ہے۔ اور جو سختی اور کلفت مدینہ میں تجھ پر ہوتی ہے، اُس کے بعد آسانی اور راحت جنت میں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے یہ بات کہ "مشکل کے ساتھ آسانی ہے" اِس لیے مکرر فرمائی ہے تا کہ وعدہ کو موکد اور امید کو قوی تر بنا دیا جائے۔ اُس ارشاد میں **اَلْعُسْرِ** جو معرفہ ہے اور **یُسْرًا** جو نکرہ ہے، دونوں مکرر آئے ہیں۔ تو یہاں مفسرینِ کرام یہ بھی لکھتے ہیں کہ مشکل تو ایک ہے کہ کفار دعوتِ اسلامی کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں، لیکن آسانی دُو طرح کی ملے گی: ایک تو دُنیا میں فتح و کامرانی ہے اور دوسری عاقبت میں فلاح و شادمانی ہے۔۔۔

(تو جب نماز سے فراغت پالی تم نے تو دُعا کے لیے محنت کرو)، یعنی دُعا میں کوشش کرو۔

---یا---

جب تم فارغ ہو چکے تبلیغِ احکام سے تو مشقت اُٹھا عبادت میں۔

---یا---

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جب پہنچا چکا تُو احکام، تو امت کے گناہوں کی مغفرت چاہنے میں مشغول ہو۔

--یا--

بقولِ حضرت شیخ ابو مدین مغربی قدس سرہ:

جب تُو فارغ ہوا مشاہدۂ اکوان سے تو اپنا دِل جما مشاہدۂ جمالِ رحمٰن کے واسطے۔(اور) اَے محبوب! (اپنے رب ہی کی طرف توجہ رکھو) اور اپنے رب کو ہر وقت پکارنے میں رغبت رکھو، اور جو کچھ تُو چاہتا ہے اُسی سے چاہ، اِس واسطے کہ حقیقی حاجت روا اور مراد پوری فرمانے والا وہی ہے۔ اور اَے محبوب! تیری بات درگاہِ قرب میں مقبول ہے اور تیری پاکیزہ دُعائیں محلِ قبول میں ہیں۔

اختتام سورہ الم نشرح -- ۲۸ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۴ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار...

---

۲۸ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ --مطابق-- ۱۴ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ

# سُوْرَةُ التِّیْن

سورۃ التین --۹۵ مکیہ ۲۸ — آیاتہا ۸ --رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ سابق 'سورہ الم نشرح' سے اِس کا ربط یہ ہے کہ 'سورہ الم نشرح' میں کارِ خیر کی مسلسل جدو جہد کا حکم دیا گیا ہے، اور یہ بھی فرمایا گیا ہے کہ اپنے رب ہی سے رغبت کی لَو لگاؤ۔ انسان سے یہ مطالبہ کیوں ہے؟ اِس کے لیے 'سورہ والتین' پڑھو، جس میں بتایا گیا ہے کہ انسان کی تخلیق اَحْسَنِ تَقْوِیْم پر ہوئی ہے، یعنی بہترین حالتِ عدل و اعتدال پر، کہ اُس میں جسمانی ساخت یعنی مخصوص شکل و صورت اور نقشہ، اور معنوی ساخت یعنی قلب و ذہن کی قوتوں اور بہترین صفات کی تعدیل آ گئی ہے جس سے انسان میں وہ تمام باتیں اکٹھا ہو گئی ہیں جو خلافتِ الٰہی کے لیے ناگزیر ہیں۔ اِس طرح اس منصبِ عظیم کے لائق یہی ہے۔ انسان کی ایسی تخلیق کا نام ہے احسن تقویم جو 'سورہ والتین' کا موضوع ہے۔

اِس بیان سے ظاہر ہے کہ 'سورۂ الم نشرح' میں جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے 'سورہ التین' بتا رہی ہے کہ انسان کی ساخت ایسی ہوئی ہے کہ وہی اِن کاموں کو انجام دے سکتا ہے۔ اس مقام سے دیکھو تو اِن دونوں سورتوں میں کتنا حکیمانہ ارتباط ہے۔ سُنن ترمذی میں حضرت

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ابوہریرہ سے ایک حدیث مروی ہے کہ جب کوئی شخص سُورۃ وَالتِّیۡنِ وَالزَّیۡتُوۡنِ پڑھے اور اَلَیۡسَ اللّٰہُ بِاَحۡکَمِ الۡحٰکِمِیۡنَ پڑھے، تو یہ کہے بلٰی، یعنی یہ کہے کہ اَے رب! بے شک تُو اَحۡکَمُ الۡحٰکِمِیۡنَ ہے۔۔ایسی حقائق افروز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالتِّیۡنِ وَالزَّیۡتُوۡنِ ﴿۱﴾ وَطُوۡرِ سِیۡنِیۡنَ ﴿۲﴾ وَہٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِیۡنِ ﴿۳﴾

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی ● اور مقام سینا کے طور کی ● اور اُس امان والے شہر کی ●

(قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی)۔

اِن دونوں میووں کی تخصیص اِس جہت سے ہے کہ انجیر پاک میوہ ہے اور بے فُضلہ، لطیف غذا، جلد ہضم ہوجانے والی ہے، اور شریف دوا بہت فائدہ والی، طبیعت کو نرم کرتی ہے بلغم کو تحلیل، گردوں کو پاک، ریگِ مثانہ کو دُور کر دیتی ہے۔ جگر اور تلی کے مدوں کو کھول دیتی ہے۔ گردہ کو اور تمام بدن کو فربہ کرتی ہے۔ حدیث میں ہے کہ انجیر بواسیر کو قطع کرتا ہے اور نقرس کو فائدہ دیتا ہے۔ اور زیتون میوہ بھی ہے اور روٹی کے ساتھ کھانے کی چیز بھی اور دوا بھی۔ اِس میں روغن ہوتا ہے بہت فائدہ والا۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ انجیر اور زیتون سے اُن کے اُگنے کی جگہ مراد ہے، اور زمینِ مقدس میں وہ دُو پہاڑ ہیں: ایک 'طورِ زیتا' دوسرا 'طورتینا'، کہ ہر ایک اُن میں سے انبیاء علیہم السلام میں سے ایک ایک کی عبادت گاہ تھی۔۔۔یا۔۔ دُو مسجدیں مراد ہیں: ایک دمشق کی، ایک بیت المقدس کی۔ معالم میں فرمایا ہے کہ 'تین' اصحاب کہف کی مسجد ہے، اور 'زیتون' مسجدِ ایلیا ہے۔ تبیان میں ہے کہ جبل جودی اور جبلِ بیت المقدس ہے۔

(اور) قسم ہے (مقام سینا کے طور کی)، یعنی اُس زمین کی جو حضرت کلیم اللہ کی مناجات کا مقام ہے۔ (اور) قسم ہے (اُس امان والے شہر کی)، یعنی مکہ معظمہ کی کہ حضرت سید عالم ﷺ کا مولدِ مبارک ہے، یعنی آپ وہاں پیدا ہوئے ہیں۔ اور قسم کا جواب یہ ہے۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْۤ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ﴿۴﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ﴿۵﴾

کہ یقیناً بے شک پیدا فرمایا ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچے میں ● پھر پھیر دیا ہم نے اُسے نیچے سے زیادہ نیچے حال میں

اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۶﴾

مگر جو ایمان لائے، اور نیکیاں کیں، تو اُن کے لیے بے حد ثواب ہے ●

(کہ یقیناً بے شک پیدا فرمایا ہم نے انسان کو بہت خوبصورت سانچے میں)، یعنی اچھی تصویر اور ترکیب میں، یعنی حیوانات میں سے قد مناسب، صورت اچھی، مزاج معتدل، خواصِ مخلوقات کو جمع کر لینے کے ساتھ اُسے ہم نے مخصوص کیا۔۔یا۔۔پیدا کیا ہم نے اُسے مظہرِ اتم واکمل، تجلی گاہِ اعم واشمل، تاکہ حاملِ امانتِ الٰہی اور منبعِ فیضِ نامتناہی ہو سکے۔ (پھر پھیر دیا ہم نے اُسے نیچے سے زیادہ نیچے حال میں)۔

بعضوں نے کہا کہ آیت کا معنی یہ ہیں کہ ہم نے آدمی کو بہت اچھی صورت پر پیدا کیا، پھر لے گئے ہم اس کو بڑھاپے کی وجہ سے 'فاسد العقل' ہو جانے والی سن پر کہ ارذل عمر ہے۔ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ سے اُسی طرف اشارہ ہے اور ظاہر ہے کہ وہ اُس وقت کچھ کام نہیں کر سکتے اور کسی کو اُس میں کچھ اُجر نہیں ہوتا۔

(مگر) وہ لوگ (جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں، تو اُن کے لیے بے حد ثواب ہے) جو غیر منقطع ہوگا اور کبھی نہ کم کیا جائے گا۔ یعنی جس طرح جوانی اور تندرستی میں اُن کی عبادت کا اجر لکھتے تھے، بڑھاپے اور ضعیفی میں بھی باوصف اِس کے کہ وہ عمل نہیں کرتے ہیں اُسی طرح اُن کا اجر ثابت ہے۔

فَمَا یُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ﴿۷﴾ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِیْنَ ﴿۸﴾ ع۲۰

تو اب کیا چیز اُبھارتی ہے تجھے جھٹلانے پر دین کو ● کیا نہیں ہے اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم؟ ●

(تو) اَے بعث وحشر کے منکر! (اب کیا چیز اُبھارتی ہے تجھے جھٹلانے پر دین کو)، یعنی جب دلیلیں ظاہر ہو گئیں تو تُو روزِ جزا اور روزِ حساب کا مقر کیوں نہیں ہوتا؟ تو (کیا نہیں ہے اللہ) تعالیٰ (سب حاکموں سے بڑا حاکم؟) اِس کا جواب یہی ہے کہ کہا جائے کہ "بَلٰی! وَاَنَا عَلٰی ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِیْنَ"۔ کیوں نہیں! ہم اس پر گواہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ اَحْكَمُ الْحٰكِمِیْنَ ہے۔

اختتام سورۃ التین ۔۔ ۲۸ ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۱۴ نومبر ۲۰۱۲ء

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۲۹ر ذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۵ر نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنج شنبہ

# سُوْرَةُ الْعَلَقِ

سورۃ العلق۔۔۹۶ مکیہ ۱ آیاتہا ۱۹۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام 'العلق' ہے، کیونکہ اِس سورت کی دوسری آیت میں 'العلق' کا لفظ ہے۔ اِس کو سُوْرَةُ اِقْرَاْ بھی کہتے ہیں جو اِسی سورت کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ یہ سب سے پہلی سورت ہے جو سیدنا محمد ﷺ پر نازل ہوئی۔ حضرت ابن عباس ﷺ بیان کرتے ہیں قرآن کریم کی سب سے پہلی آیت جو مکہ میں نازل ہوئی اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ہے۔ اِس سے پہلی صورت میں انسان کی تخلیق کی صورت بیان کی گئی تھی کہ اُس کو سب سے عمدہ ساخت میں پیدا فرمایا۔ اور اِس سورت میں انسان کی تخلیق کا مادہ بتایا ہے کہ اُس کو جمے ہوئے خون سے پیدا فرمایا۔ جمہور علماء اِس بات پر ہیں کہ قرآن میں پہلے جو خبر نازل ہوئی وہ اِس سورت کے ابتداء کی پانچ آیتیں ہیں۔ تو قرآنِ کریم کی سب سے ابتدائی آیات سے جس سورۂ مبارکہ کا آغاز ہوا اُس کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سب بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ﴿۱﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ﴿۲﴾ اِقْرَاْ

پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا فرمایا● اُس نے پیدا کیا انسان کو لوتھڑے سے● پڑھو،

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ﴿۳﴾ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿۴﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ﴿۵﴾

اور تمہارا رب بڑا کریم ہے● جس نے تعلیم دی قلم سے● سکھایا اُس انسان کو جو کچھ وہ نہیں جانتا تھا●

مذکورہ بالا آیات کے نزول کے حال کا بیان مجملاً یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ غارِ حرا میں ٹیک لگائے ہوئے تھے۔۔یا۔۔ پہاڑ پر کھڑے ہوئے تھے کہ ناگاہ حضرت جبرائیل امین

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آپ پر ظاہر ہوئے اور کہا کہ اِقْرَاْ یعنی پڑھیے، آپ نے فرمایا مَآ اَنَا بِقَارِئٍ یعنی میں پڑھنے والا نہیں ہوں۔ پس حضرت جبرائیل نے آپ سے لپٹ کر زور سے معانقہ کیا اور پوری طاقت سے دبایا پھر آپ کو چھوڑ دیا، اور کہا کہ پڑھیے۔ آپ نے وہی جواب دیا پھر حضرت جبرائیل آپ سے ملے اور زور کیا اور چھوڑ دیا اور کہا: اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۔۔۔ کہ اگر آپ پڑھے ہوئے نہیں ہیں تو کیا ہوا؟ وحی الٰہی کا پڑھنا آپ کے لیے آسان ہو جائے گا، ذرا اپنے رب کا نام تو ساتھ لے کر پڑھیے۔ جب حضور نے رب کا نام ساتھ لے کر پڑھا تو اسم 'رب' کی محبت و استحضار سے یہ عالم ہو گیا کہ وحی الٰہی پڑھنے کی تمام سہولتیں پیدا ہو گئیں۔ حتیٰ کہ یہ بات بھی میسر ہو گئی کہ آپ وحی الٰہی کے یاد کرنے کا بھی اہتمام نہ کیجیے اللہ سب کچھ کر دے گا۔ ارشادِ الٰہی ہے کہ "قرآن کو جلدی لینے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دو، حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن کا تمہارے سینہ میں جمع کر دینا اور اُس کو مُدوَّن کرنا سب ہمارے ذمہء کرم میں ہے۔"

ایک قول یہ ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے اپنے پر کے نیچے سے ایک نامہء حریر بہشت میں لکھا ہوا کہ اُس میں یاقوت اور موتی لگے ہوئے تھے نکالا، اور حضرت سرورِ عالم ﷺ کے سامنے رکھ دیا اور کہا کہ پڑھیے، آپ نے فرمایا میں پڑھنے والا نہیں ہوں۔ پس حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ کو اپنے سے ملایا اور زور کیا۔ یہاں تک کہ دبانے میں اپنی پوری طاقت صرف کر دی پھر آپ کو چھوڑ دیا، اور یہ قرآن کی آیتیں پڑھیں کہ۔۔۔

**(پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا فرمایا)** سب چیزیں کو۔۔۔یا۔۔۔ آدم علیہ السلام' کو خاک سے پیدا کیا۔ اور **(اُس نے پیدا کیا انسان کو لوتھڑے سے)**، یعنی جمے ہوئے خون سے۔ **(پڑھو)**۔۔۔ تکرار مبالغہ کے واسطے ہے۔۔۔ **(اور تمہارا رب بڑا کریم ہے)**، یعنی سب بزرگوں سے بزرگ ہے اور اُس کا کرم سب کریموں کے کرم سے بڑھ کر ہے **(جس نے تعلیم دی قلم سے)** بھی۔ یعنی جس نے قلم کے ذریعہ لکھنا سکھایا تاکہ علم کو خط میں مقید کر لیں اور دُور رہنے والوں کو خط کے ذریعہ آگاہی دیں۔

تبیان میں ہے کہ حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو لکھنا تعلیم فرمایا اور بہت مشہور یہ بات ہے کہ پہلے جس نے لکھا وہ ادریس علیہ السلام تھے۔

اور حق تعالیٰ نے **(سکھایا اُس انسان کو جو کچھ وہ نہیں جانتا تھا)**۔ یعنی خدا نے علم دیا آدمی کو جو وہ نہ جانتا تھا۔۔۔یا۔۔۔ محمد ﷺ کو احکامِ شریعت تعلیم فرمائے جو آپ نہ جانتے تھے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

كَلَّآ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَيَطۡغٰٓىۙ۝۶ اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰىؕ۝۷ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجۡعٰىؕ۝۸

کیوں نہیں بے شک،انسان یقیناً سرکشی کرتا ہے● اس پر کہ سمجھ لیا اپنے کو کہ سرمایہ دار ہوگیا ہے●
بے شک تمہارے رب ہی کی طرف واپسی ہے●

(کیوں نہیں بے شک) ابوجہل اور اُس خصلت کا (انسان یقیناً سرکشی کرتا ہے● اِس پر کہ سمجھ لیا اپنے کو کہ سرمایہ دار ہوگیا ہے) اور دوسروں سے بے نیاز ہوگیا ہے۔۔۔مال اور تونگری کے سبب سے کیوں کوئی حد سے بڑھے اور حق تعالیٰ کی عبادت میں سرکشی کرے،اس لیے کہ۔۔۔(بے شک تمہارے رب ہی کی طرف واپسی ہے) سب کی آخرت میں۔اور وہاں اعمال کام آئیں گے اموال نہیں۔

روایت ہے کہ ابوجہل نے یہ بات کہی کہ اگر میں محمدﷺ کو سجدہ میں دیکھوں گا تو اُن کی گردن پر لات ماروں گا۔ایک دن آنحضرتﷺ نماز پڑھتے تھے،اُس کو خبر کی۔جلدی سے حضرتﷺ کی طرف چلا۔آپ تک نہ گیا،بیچ سے پھرا،چہرے کا رنگ اُڑا ہوا،اعضاء پر لرزہ چڑھا ہوا،لوگوں نے پوچھا تجھ کو کیا ہوا؟ بولا کہ میں نے اپنے اور محمدﷺ کے درمیان آگ کی ایک خندق دیکھی اور ایک اژدہا منہ پھیلائے ہوئے اور پرند جانور پرسے پر ملائے ہوئے۔یہ خبر حضرتﷺ کو پہنچی،فرمایا کہ اگر وہ میرے پاس آتا تو فرشتے اُس کا ایک ایک عضو اُڑا لے جاتے اور یہ آیت نازل ہوئی۔۔۔

اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يَنۡهٰىۙ۝۹ عَبۡدًا اِذَا صَلّٰىؕ۝۱۰ اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَانَ عَلَى الۡهُدٰٓىۙ۝۱۱

ذرا بتانا تو،کہ جو روکتا ہے● بندہ کو جب اُس نے نماز ادا کی● ذرا بتانا،کہ اگر وہ ہوتا ہدایت پر●

اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰىؕ۝۱۲

یا حکم دیتا پرہیزگاری کا●

(ذرا بتانا تو کہ جو روکتا ہے● بندہ کو) یعنی بندۂ کامل محمدﷺ کو باز رکھنا چاہتا ہے نماز سے۔(جب اُس نے نماز اَدا کی) تو وہ سرکش انسان اُس بندۂ کامل کے ساتھ جبکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو خفیف الحرکاتی کا مظاہرہ کرنا چاہتا ہے۔(ذرا بتانا کہ اگر وہ) سرکش انسان (ہوتا ہدایت پر) اور خدا ترسی کی تاکید کرتا،(یا حکم دیتا پرہیزگاری کا) تو کیا اچھی بات ہوتی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**اَرَءَیْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۳﴾ اَلَمْ یَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰى ﴿۱۴﴾**

ذرا بتانا، کہ اگر جھٹلایا اور رُو گردانی کی ● تو کیا نہیں جانا اُس نے کہ بلا شبہ اللہ دیکھ رہا ہے ●

(ذرا بتانا کہ اگر جھٹلایا) مطلقاً حق بات کو (اور رُو گردانی کی) ایمان اور اطاعتِ پیغمبر سے، تو وہ کس قسم کے عذاب کا مستحق ہوگا۔ (تو کیا نہیں جانا اُس نے)، یعنی کیا ابو جہل کو خبر نہیں (کہ بلا شبہ اللہ) تعالیٰ (دیکھ رہا ہے) تو وہ نبی کی شان کے خلاف جو کچھ سوچ رہا ہے ہرگز ہرگز اُس کی جرأت نہ کرے۔

---

**كَلَّا لَئِنْ لَّمْ یَنْتَهِ ۙ۬ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ ﴿۱۵﴾ نَاصِیَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾**

کیوں نہیں! یقیناً، اگر وہ نہ رکا، یقیناً کھینچیں گے ہم پیشانی کا بال پکڑ کر ● جھوٹی خطا کار پیشانی ●

**فَلْیَدْعُ نَادِیَهٗ ﴿۱۷﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِیَةَ ﴿۱۸﴾**

تو مچائے دُہائی اپنی جمعیت کی ● ہم بھی جلد طلب کرتے ہیں اپنے پیاروں کو ●

(کیوں نہیں یقیناً، اگر وہ نہ رکا) اور اِس سے باز نہ رہا۔ تو۔۔ (یقیناً کھینچیں گے ہم پیشانی کا بال پکڑ کر ● جھوٹی خطا کار پیشانی) والے ابو جہل کو اور اُسے گھسیٹ کر دوزخ میں ڈال دیں گے۔ (تو مچائے دُہائی اپنی جمعیت کی)، یعنی ابو جہل اپنے ہم نشینوں کو بُلائے کہ وہ اگر آکر بچا سکیں تو بچائیں۔ (ہم بھی جلد طلب کرتے ہیں اپنے پیاروں کو)، یعنی دوزخ کے سخت گیر فرشتوں کو کہ آکے اُس کو دوزخ میں لے جائیں۔ اَے محبوب! وہ سرکش لوگ آپ سے جو یہ کہتے ہیں۔۔۔

---

**كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾**

کہ ہرگز ہرگز، نہ کہا سنو اُن کا، اور سجدہ کرو اور نزدیکی ہو جاؤ ●

(کہ) نماز نہ پڑھو، تو (ہرگز ہرگز نہ کہا سنو اُن کا، اور سجدہ کرو) ہمیشہ خدا کو (اور) حضرتِ احدیت کے (نزدیکی ہو جاؤ)، کیونکہ بندہ جس وقت سجدہ میں ہوتا ہے اُس وقت خدا سے بہت قریب ہوتا ہے۔ یہ قرآنی سجدوں میں چودھواں[۱۴] سجدہ ہے جس کو فتوحات میں 'طلبِ قربت' کا سجدہ کہا ہے۔

اختتام سورۂ العلق ۔۔ ﴿ ۲۹ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۱۵ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنج شنبہ ﴾ ۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

۲۹ رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۵رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنج شنبہ

سورۃ القدر ۹۷ مکیۃ ۲۵ — آیاتہا ۵ رکوعہا ۱

# سُوْرَةُ الْقَدْرِ

سورۃ القدر ۔۔۹۷ مکیہ ۲۵ — آیاتہا ۵ ۔۔رکوعہا ۱

اِس کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ 'سورۂ اقرا' اور 'سورۃ قدر' کا ربط بہت نمایاں ہے کہ اقرا آغازِ نزول ہے اور 'سورۂ قدر' میں اس کا بیان ہے کہ نزولِ قرآن شبِ قدر میں ہوا۔ اور یہ سورت مکی ہی ہے۔ کسی خاص حکمت اور مصلحت کے پیشِ نظر مدینہ منورہ میں حضرت جبرائیل علیہ السلام خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے، اور اِس سورہ کو تلاوت کیا۔ اسی دوبارہ تلاوتِ جبرائیل کو کہیں کہیں دوبارہ نزول کے لفظ سے تعبیر کر دیا گیا ہے، اِس سے یہ سورت مدنی نہیں ہو جاتی بلکہ مکی ہی رہتی ہے۔ بعض محققین اِسی کے قائل ہیں کہ کسی سورہ کے مکرر نازل ہونے کا مطلب ہے کہ پہلی بار تو نزول ہوا اور اُس کے بعد صرف تلاوتِ جبرائیلی کا کسی مصلحت کے پیشِ نظر ظہور ہوا۔ اِس سورہ کی ایک شانِ نزول یہ بیان کی گئی ہے کہ حضور ﷺ نے صحابہ کو خبر دی کہ بنی اسرائیل میں سے ایک شخص ہزار مہینے تک ہتھیار باندھے رہا اور خدا کی راہ میں جہاد کیا۔ اصحاب متعجب ہو کر بولے کہ ہم ایسی چھوٹی عمر میں اِتنی بڑی دولت کیونکر حاصل کر سکتے ہیں، تو یہ سورت نازل فرمائی گئی اور اس میں بتایا گیا کہ امتِ محمدی کے لیے سال میں ایک شب ایسی ہے جو ہزار مہینہ سے بہتر ہے۔

۔۔۔ایسی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ①

بے شک نازل فرمایا ہم نے اِس قرآن کو شبِ قدر میں ●

(بے شک نازل فرمایا ہم نے اِس قرآن کو شبِ قدر میں)، یعنی اُس کے اُترنے کی ابتداء

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس شب میں تھی۔۔یا۔۔تمام قرآن لوحِ محفوظ سے آسمانِ دُنیا پر اُسی شب میں اُترا، اور حضرت جبرائیل علیہ السلام تیئس [۲۳] برس میں آیت آیت اور سورت سورت وقت کی مصلحت کے موافق دُنیا میں لائے۔

آیتِ کریمہ میں صراحتاً قرآن کا ذکر نہیں ہے، اِس سے قرآنِ کریم کی عظمت، قدر اور شہرت پر دلالت ہوتی ہے کہ وہ اپنی بزرگی اور شرف کے سبب سے اپنی تصریح سے مستغنی ہے۔اور مزید برآں اِس کی عظمت و بزرگی کو ظاہر کرنے کے لیے حق تعالیٰ نے اُسے اُتارنے کی نسبت اپنی طرف کی اور فرمایا کہ اُسے ہم نے اُتارا متبرک وقت میں۔۔۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝۲ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝۳

اور کیا اٹکل تمہیں، کہ کیا ہے شب قدر؟ ● شبِ قدر۔۔بہتر ہے، ہزار مہینہ سے۔۔●۔۔

(اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے شبِ قدر؟)۔یہ بات تو تمہیں ہم ہی بتا سکتے ہیں۔تو سنو! (شبِ قدر۔۔بہتر ہے ہزار مہینے سے)، یعنی یہ ایسی عزت اور شرافت والی رات ہے کہ اِس میں جو عبادت کرتا ہے، وہ معزز و مشرف ہو جاتا ہے۔۔یا۔۔اِس رات کو جو نیک کام وقوع میں آتا ہے وہ خدا کے نزدیک قدر والا ہے۔

اور بعضوں نے کہا کہ **قَدْرِ** حکم کے معنی میں ہے، یعنی اِس رات میں ہر ایک کام کو تقسیم کرتے ہیں حکمت کے ساتھ کہ اس میں نقص راہ نہیں پاتا۔۔یا۔۔**قَدْرِ** تنگی کے معنی میں ہے، اس واسطے کہ اُس رات فرشتے اِس کثرت سے اُترتے ہیں کہ اُن پر زمین تنگ ہو جاتی ہے۔یہ اُن کی کثرت کی طرف اشارہ ہے، تو یہ شب اس شخص کے لیے بہتر ہے جو اس شب کو پائے اور عبادت میں فجر کر دے۔۔۔حضرت امام اعظم کے قول پر شبِ قدر تمام سال میں دورہ کرتی رہتی ہے۔اور حضرت شیخ قدس سرہ نے فتوحات میں فرمایا کہ میں نے اس رات کو شعبان اور ربیع الاوّل میں دیکھا ہے، اور اکثر رمضان میں پایا ہے۔

اور اکثر علماء اِس بات پر ہیں کہ شبِ قدر ماہِ رمضان میں ہے، اخیر عشرہ میں غالباً طاق شبوں میں۔اصحابِ شافعی اکیسویں [۲۱] اور تیئیسویں [۲۳] شب کو اختیار کرتے ہیں، اور حنفی ستائیسویں [۲۷] شب کو۔شب قدر کو پوشیدہ رکھنے میں حکمت یہ ہے کہ سب شبوں کی تعظیم کی جائے اور اُن میں بندے عبادت کرتے رہیں۔

آنحضرت ﷺ کو خواب میں دکھایا گیا تھا کہ شبِ قدر فلاں رات ہے، آپ نے خوشخبری

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

کے طور پر اصحاب کو سنانا بھی چاہا، مگر اُسی وقت مسجد کے دروازے پر دو آدمی آپس میں سخت کلامی کر رہے تھے، آپ اُن کو سمجھانے میں لگ گئے تو شبِ قدر آپ کے ذہن سے نکل گئی۔ تو آپ نے صرف یہ ہدایت فرمادی کہ شبِ قدر کو رمضان شریف کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

کچھ دنوں کے بعد آپ ﷺ کو اِس کا علم عطا فرمادیا گیا لیکن امت سے پوشیدہ رکھنے ہی میں آپ کو امت کے حق میں بہتری نظر آئی، اور یہ کوئی ایسی چیز بھی نہیں تھی کہ جس کا بتانا فریضہءِ نبوت میں داخل ہو۔ شب قدر کی پہلی خوبی تو یہ ہے کہ وہ ہزار مہینوں سے بہتر ہے، اور دوسری عظیم القدری یہ ہے کہ۔۔۔

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۛ ﴿۴﴾

اُترا کرتے ہیں فرشتے اور روح الامین اِس میں، اپنے رب کے حکم سے۔ ہر کام کے لیے●

**(اُترا کرتے ہیں فرشتے اور روح الامین) سیدنا جبرائیل (اس میں)۔**

اِس آیتِ کریمہ کو ایک سوال مقدر کا جواب قرار دے کر اُس کو مستقل ایک کلام قرار دیا جاسکتا ہے۔ سوال یہ ہوگا کہ شبِ قدر ہزار راتوں سے بہتر کیوں ہے؟ جواب یہ ہوگا کہ اس میں فرشتوں اور روح الامین کا نزول ہوتا ہے۔۔۔ چنانچہ۔۔ بصائر میں فرمایا ہے کہ جبرائیل علیہ السلام اُن فرشتوں کے ساتھ زمین پر آتے ہیں جن کو اہلِ زمین کے ساتھ علاقہ اور آشنائی ہے اور مؤمنوں کے گھر میں جاتے ہیں، اور جبرائیل امین مؤمنوں سے مصافحہ کرتے ہیں۔ اور اُن کے مصافحہ کی علامت یہ ہے کہ جھجک اُٹھنا، بدن پر روئیں کھڑے ہو جانا، قلب کی رقت آنکھوں سے آنسو۔

اور اس رات کے شرف کے واسطے ہے کہ ملائکہ روح الامین سمیت زمین پر آتے ہیں (اپنے رب کے حکم سے) ایسے (ہر) بڑے (کام کے لیے) جس کا خدا نے حکم فرمایا تھا۔۔یا۔۔ ہر کام کے لیے جو خیر و برکت والے ہیں۔

سَلٰمٌ ۛ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾ ع

سلامتی ہے۔۔ یہ صبح نکلنے تک●

(سلامتی ہے) سب آفتوں سے شب قدر کو۔ (یہ صبح نکلنے تک) یعنی سپیدہ صبح نمودار ہونے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تک۔۔۔الختصر۔۔یہ رات سلامتی ورحمت کی رات ہے طلوعِ فجر تک۔انوار وتجلیات کی بارش، ملائکہ کا نزول، اُن کا مؤمنین کو سلام کرنا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلامتی اور رحمتوں اور برکتوں کا نزول، اِن تمام باتوں کا سلسلہ طلوعِ فجر تک جاری رہتا ہے۔

اختتامِ سورہ القدر ۔۔۔ ۲۹رذی الحجہ ۱۴۳۳ھ ۔۔۔مطابق۔۔۔ ۱۵رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز...

۔۔۔ یکم محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔۔مطابق۔۔۔ ۱۶رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز جمعہ

# سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ

سورۃ البینہ۔۔۔۹۸ مدنیہ ۱۰۰ — آیاتہا ۸۔۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کو 'سورہ البینہ' کے ساتھ ساتھ 'سورہ لم یکن' اور 'سورہ منفکین' بھی کہتے ہیں۔ تینوں نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہیں۔اِس میں اور اِس سے سابق 'سورہ القدر' میں علت ومعلول کا رابطہ ہے۔۔۔چنانچہ۔۔۔'سورہ القدر' میں نزولِ قرآن کا ذکر ہے اور 'سورت البینہ' میں ضرورتِ نزول کا، کیونکہ اس میں بتایا گیا ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو 'بینہ' اور 'سراپا معجزہ' بن کر آنے اور لوگوں کو قرآنِ مجید سنانے کی ضرورت یہ ہوئی کہ منکرینِ حق، خواہ اہل کتاب ہوں۔۔۔یا۔۔۔دیگر مشرک اقوام، سب کے سب اپنی باطل روش میں اتنے اٹل ہو چکے تھے کہ راہِ ہدایت پر آ ہی نہیں سکتے تھے۔۔۔

۔۔۔لہٰذا۔۔۔اُن کی ہدایت کے لیے آپ سراپا معجزہ بن کر تشریف لائے اور قرآنی ہدایتیں عطا فرمائیں جس کی بدولت انہیں لوگوں میں سے ایک جماعت بہترین جماعت بن گئی جن کو دیکھ کر ہمیشہ یہی کہا گیا جو قرآنِ حمید نے فرمایا کہ "یہ لوگ بہترین خلائق ہیں۔" ورنہ منکرینِ حق تو اپنی ذہنیت اور کردار کے لحاظ سے بدترین انسان ہیں، انہیں کو قرآن نے کہا کہ "یہ لوگ بدترین خلائق ہیں۔"

دُنیا میں بہتر مخلوق کون ہے؟ اور بدتر مخلوق کون ہے؟ اُن کا تعارف کرانے والی اور آخرت میں اُن دونوں کے انجام کو واضح فرما دینے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنْفَكِّينَ حَتّٰى

نہ تھے اہلِ کتاب کافر لوگ اور بت پرست باز آنے والے اپنے دین سے، یہاں تک کہ

تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝١ رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝٢

آجائے اُن کے پاس روشن دلیل • اللہ کا رسول، تلاوت کرے پاکیزہ صحیفے •

فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝٣

جس میں لکھی ہیں سیدھی باتیں •

(نہ تھے اہلِ کتاب کافر لوگ اور بت پرست باز آنے والے اپنے دین سے)، یعنی اپنی باطل روش سے ہٹنے والے نہ تھے، (یہاں تک کہ آجائے اُن کے پاس روشن دلیل) یعنی (اللہ) تعالیٰ (کا) عظیم (رسول) محمد ﷺ جو (تلاوت کرے) اپنی امت پر (پاکیزہ صحیفے) جو جھوٹ اور بہتان سے پاک ہوں۔۔۔ صحیفے سے مراد قرآن ہے اور اُسے تعظیم کے واسطے صحیفے جمع کے صیغہ کے ساتھ فرمایا اِس لیے کہ سب صحیفوں کے اسرار اِس میں جمع ہیں۔۔۔ (جس میں لکھی ہیں سیدھی باتیں) یعنی صحیح اور درست احکام اور نصیحتیں۔ جو ہر طرح کی کجی سے پاک ہیں۔

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝٤

اور نہ پھوٹے یہ اہلِ کتاب، مگر بعد اس کے آگئی ان کے پاس وہ روشن دلیل •

(اور نہ پھوٹے یہ اہلِ کتاب مگر بعد اِس کے) کہ (آگئی اُن کے پاس وہ روشن دلیل)، یعنی اہلِ کتاب نے اِس سچائی کو نہ مان کر جو تفرقہ پیدا کیا ہے، وہ الْبَيِّنَةُ کے آنے کے بعد ہی کیا ہے۔ یعنی آپ کے مبعوث ہونے کے قبل سب آپ کی تصدیق میں متفق تھے، جب آپ مبعوث ہو گئے تو مختلف ہو گئے۔۔۔ چنانچہ۔۔۔ بعضے ایمان لائے اور بعضے اپنے کفر ہی پر رہے حالانکہ وہ نہیں ہدایت دیے گئے۔۔۔

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۙ حُنَفَاءَ

اور نہیں حکم دیے گئے مگر اس کا، کہ "پوجیں اللہ کو مخلصانہ عقیدہ کے ساتھ۔۔۔ یکسو ہو کر،

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

وَ يُقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝

اور پابندی کریں نماز کی، اور دیتے رہیں زکوۃ کو، اور یہ ہے سیدھا دستور"●

(اور نہیں حکم دیئے گئے مگر اِس کا کہ پوجیں اللہ) تعالیٰ (کو مخلصانہ عقیدہ کے ساتھ) جو شک سے پاک ہو اور اُن کی اپنی خود ساختہ ایجاد نہ ہو، یعنی دین کو ملاوٹ سے خالص رکھتے ہوئے (یکسو ہوکر)، یعنی باطل سے کنارہ کش ہوکر۔ (اور پابندی کریں نماز کی) یعنی فرض نمازیں اُن کے اوقات میں کما حقہ ادا کرتے رہیں۔ (اور دیتے رہیں) واجب (زکوۃ کو) اُس کے محل پر۔ (اور یہ ہے سیدھا دستور) جس پر وہ مامور ہیں۔ یہی دین وملت صحیح اور درست ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

بے شک کفار، اہلِ کتاب، و بت پرست لوگ، جہنم کی آگ میں ہیں، ہمیشہ رہنے والے

فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

اُس میں۔ وہی بدتر مخلوق ہیں● بے شک جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝۷

وہی بہتر مخلوق ہیں●

(بے شک کفار، اہلِ کتاب، و بت پرست لوگ) قیامت کے دن (جہنم کی آگ میں) جانے والے (ہیں، ہمیشہ رہنے والے اُس میں، وہی بدتر مخلوق ہیں)۔ اُن کے برعکس (بے شک جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں)، یعنی اچھے اور پاک کام کیے (وہی بہتر مخلوق ہیں) سب مخلوقات میں۔

جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

ان کا ثواب اُن کے رب کے پاس، بسے رہنے والے باغ ہیں، کہ بہتی ہیں اُن کے نیچے نہریں، ہمیشہ ہمیشہ

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸ ع ۲۲

رہنے والے اُس میں۔ راضی ہوا اللہ اُن سے، اور وہ راضی اُس سے۔ یہ اُس کے لیے جو ڈرا اپنے رب کو●

(اُن کا ثواب اُن کے رب کے پاس بسے رہنے والے باغ ہیں، کہ بہتی ہیں اُن) کے مکانوں اور درختوں (کے نیچے نہریں) جن سے باغ کی شان وشوکت اور دلکشی میں اضافہ ہوتا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے اُس میں)۔ اور سب سے بڑی دولت تو یہ ہے کہ (راضی ہوا اللہ) تعالیٰ (اُن سے) اور اُن کے نیک اعمال سے، (اور وہ راضی) ہوئے (اُس سے) یعنی خدا سے بے حساب ثواب پانے کے سبب سے، اور 'منتہائے مرادات' اور 'غایت غایات' یعنی 'دولتِ دیدار' کہ 'مطلبِ اعلیٰ' اور 'مقصدِ اقصیٰ' ہے، وہ اُن کو عطا فرمائیں گے۔

(یہ) جو ابھی مذکور ہوا، یعنی بہشت اور خدا کی رضامندی، (اُس کے لیے) ہے (جو ڈرا اپنے رب کو'. حتیٰ خدا کے غضب اور عذاب سے ڈرا اور جو کام ثواب کے موجب ہیں اُس میں مشغول رہا۔

اِتمام سورۃ البیّنہ -- ﴿ یکم محرم الحرام ۱۴۳۴ھ -- مطابق -- ۱۶ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز جمعہ مبارکہ ﴾ --

---

﴿ یکم محرم الحرام ۱۴۳۴ھ -- مطابق -- ۱۶ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز جمعہ ﴾ --

# سُورَةُ الزِّلْزَالِ

سورۃ الزلزال -- ۹۹ مدنیہ ۹۳ | آیاتہا ۸ -- رکوعہا ۱

'سورہ البیّنہ' میں منکرینِ حق کی سزا اور اہلِ ایمان کی جزا بیان کی گئی تھی، اور اِس سورہ میں قانونِ مجازات یعنی جزا اور سزا کے قانون کا جامع اصول بیان فرمایا گیا ہے، کہ نیکی اور بدی ذرہ برابر بھی ہو جب بھی نظر انداز نہ کی جائے گی اور انسان کی آنکھوں کے سامنے لائی جائے گی -- لہٰذا -- یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ کھجور کی خیرات ایسی چیز نہیں جس پر ثواب ملے، اور معمولی خطا کوئی ایسی بات نہیں جس پر باز پرس ہو۔ چونکہ اِس خیال کے بُرے نتائج بہت دُور رس ہیں لہٰذا اصلاح ضروری تھی۔ بعض مسلمانوں کو مذکورہ بالا خیال ہوا تھا، اُسی کی اصلاح کے لیے اِس سورۂ پاک کا نزول ہوا۔

تو اِس دہلا دینے والی اور چوکنا کر دینے والی سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں -- -

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ وَ اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۙ﴿۲﴾

جب زلزلہ ڈال دیا گیا زمین میں، سخت زلزلہ● اور نکال دیا زمین نے اپنے گراں خزانوں کو●

وَ قَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۚ﴿۳﴾

اور کہنے لگا انسان کہ "کیا ہوا اُسے"●

(جب زلزلہ ڈال دیا گیا زمین میں، سخت زلزلہ) اور یہ نفخہءاولیٰ۔۔یا۔نفخہءثانیہ کے قریب ہونے والا ہے کہ اُس کے سبب سے زمین ٹوٹ پھوٹ جائے گی اور زبردست ہچکولے کھائے گی۔تو جب زلزلہ آ گیا (اور نکال دیا زمین نے اپنے گراں خزانوں کو)، یعنی زمین نے دفینوں اور خزانوں کو اپنے اندر سے نکال کر باہر ڈال دیا۔ (اور) یہ منظر دیکھ کر (کہنے لگا انسان، کہ کیا ہوا اُسے؟) کہ اس میں جو کچھ پوشیدہ ہے اُسے باہر کیے دیتی ہے۔اِس منظر کو دیکھنے والا ہر انسان یہی کہے گا۔

---

یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۙ﴿۴﴾ بِاَنَّ رَبَّکَ اَوۡحٰی لَهَا ؕ﴿۵﴾ یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ

اُس دن بتادے گی وہ اپنی خبریں● کیونکہ تمہارے رب نے حکم بھیجا اُسے● اُس دن واپس ہوں گے لوگ

اَشۡتَاتًا ۬ۙ لِّیُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ؕ﴿۶﴾

الگ الگ طرح سے۔۔تاکہ دکھا دیے جائیں اپنے اپنے کیے کو●

(اُس دن بتادے گی وہ اپنی خبریں● کیونکہ تمہارے رب نے حکم بھیجا اُسے)۔۔الختصر۔۔ اللہ تعالیٰ زمین کو گویائی عطا فرمائے گا اور وہ خبریں بیان کرے گی، اپنا ہلنا اور مدفون چیزوں کا باہر پھینک دینا۔۔یا۔۔جو عمل اُس پر بندگانِ خدا نے کیے ہیں وہ بیان کردے گی۔ (اُس دن واپس ہوں گے لوگ الگ الگ طرح سے)، یعنی اُس دن انسانی افراد حسبِ اعمال مختلف حالتوں میں محشر میں آئیں گے، اور حساب کے بعد وہاں سے واپس ہوں گے۔ یہ اس لیے ہوگا (تاکہ دکھا دیے جائیں اپنے اپنے کیے کو)۔

---

فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ خَیۡرًا یَّرَهٗ ؕ﴿۷﴾ وَ مَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ

تو جو کرے ذرّہ بھر بھلائی، تو دیکھے گا اُسے● اور جو کرے ذرّہ بھر بُرائی،

شَرًّا یَّرَهٗ ٪﴿۸﴾ ع ۸ ۲۴

تو دیکھے گا اُس کو●

Marfat.com
https://t.me/nabwilibrary

(تو) اب خوب سمجھ لو کہ (جو کرے ذرّہ بھر بھلائی، تو) قیامت میں (دیکھے گا اُسے ● اور جو کرے ذرّہ بھر بُرائی تو دیکھے گا اُس کو)۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ کوئی مؤمن اور کافر نہیں جو دُنیا میں کچھ نیکی۔۔یا۔۔بدی کرتا ہے مگر حق تعالیٰ اُس کا عمل قیامت کے دن اُسے دکھائے گا، مگر مؤمن کے بُرے کام بخش دے گا اور اُس کے نیک کاموں کی جزا عطا فرمائے گا۔ اور کافر کی صورتاً نیکیاں رَدکردے گا اور بدیوں پر اُس کو عذاب میں مبتلا کرے گا۔

اربابِ بصیرت اور صاحبانِ فراست جب اِس ارشاد کو بہ نظر غائر دیکھیں گے، تو پکار اُٹھیں گے کہ بس سب کی ہدایت کے لیے یہی کافی ہے، کیونکہ جب کسی نے یہ بات جان لی کہ اُس میدانِ عظیم الشان میں ذرّہ ذرّہ پوچھیں گے، اور پوچھنے کو کسی طرح کچھ نہ چھوڑیں گے، تو وہ ضرور آج ہی سے اپنے حساب میں مشغول ہو جائے گا۔ اور "اپنا حساب خود ہی کرلو اِس سے پہلے کہ تمہارا حساب کیا جائے" کا نکتہ ہر وقت پیشِ نظر رکھے گا۔

سورۃ الزلزال ۔۔ ﴿ یکم محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۶ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز جمعہ مبارکہ ﴾ ۔۔

---

۔۔ ﴿ ۲ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۷ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ

سورۃ العادیات ۔۔ ۱۰۰ مکیہ ۱۴ — آیاتہا ۱۱ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اسی سورت کی آیت اِ سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی سورت یعنی سورۂ زلزلہ میں نیکی و بدی کی جزا سے متنبہ فرمایا گیا تھا، اور اِس سورہ میں یہ شعور بیدار کیا جا رہا ہے کہ ایک ایسا دن بھی آئے گا جب ہر مردہ زندہ کیا جائے گا اور سینے کی چھپی بات بھی کھل جائے گی۔ اِس سورۂ مبارکہ کی شانِ نزول کے تعلق سے مروی ہے کہ بنوکنانہ کے لوگوں کی طرف لشکر بھیجا، اُس پر امیر لشکر منذر بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ کو مقرر فرمایا، اور یہ نقباء میں سے تھے۔ اُن کی ایک ماہ تک کوئی خبر نہ آئی۔

منافقین نے خبر اُڑادی کہ وہ سب کے سب مارے گئے۔ اُن کے رَد میں یہ سورت نازل ہوئی جس میں حضور سرورِ عالم ﷺ کو خبر دی گئی کہ وہ بہ سلامت زندہ ہیں اور بشارت ہے کہ اُنہوں نے کفار سے کافی مالِ غنیمت پایا ہے اور حد سے تجاوز کرنے والے منافقین پر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تعریض ہے کہ یہ ناشکرے ہیں۔۔۔ فتح ونصرت کی خوشخبری دینے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کے گناہوں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَالۡعٰدِیٰتِ ضَبۡحًا ﴿۱﴾ فَالۡمُوۡرِیٰتِ قَدۡحًا ﴿۲﴾ فَالۡمُغِیۡرٰتِ صُبۡحًا ﴿۳﴾

قسم ہے دوڑنے والوں کی ہانپتے ● پھر پتھر سے آگ نکالنے والے ٹاپ مار کر ● پھر تاراج کرنے والے صبح کو ●

فَاَثَرۡنَ بِہٖ نَقۡعًا ﴿۴﴾ فَوَسَطۡنَ بِہٖ جَمۡعًا ﴿۵﴾ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوۡدٌ ﴿۶﴾

پھر اُڑایا وہاں غبار کو ● پھر گھس پڑے وسط لشکر میں ● کہ بلاشبہ انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے ●

(قسم ہے دوڑنے والوں کی ہانپتے)، یعنی قسم ہے مجاہدین کے اُن گھوڑوں کی جو اپنے مالک کی اطاعت میں دوڑ رہے ہیں اور دوڑتے دوڑتے ہانپ جاتے ہیں۔ (پھر پتھر سے آگ نکالنے والے ٹاپ مار کر)، یعنی پھر ایسا بھی ہے کہ ٹاپ مار کر چنگاریاں بھی نکال رہے ہیں۔ (پھر تاراج کرنے والے صبح کو)، یعنی پھر یہ بات بھی ہے کہ صبح کو دشمنوں پر دھاوا بھی کر رہے ہیں۔ (پھر اُڑایا وہاں غبار کو) یعنی پھر اُس وقت گرد وغبار بھی اُڑا رہے ہیں۔ (پھر گھس پڑے وسط لشکر میں)، یعنی پھر اِس گرد وغبار کے ساتھ ساتھ دشمنوں کے غول کے اندر گھس بھی جاتے ہیں۔ ایسے فرمانبردار اور اطاعت شعار گھوڑوں کی قسم ہے، یعنی مجاہدین کے گھوڑوں کی اطاعت شعاری اور خدمت گزاری کی صورتِ حال اشارہ کرتی ہے کہ انسان اپنے مالک کا ناشکرا ہے۔ یعنی اُن کی دلالتِ حال شہادت دیتی ہے (کہ بلاشبہ انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے) اور بڑا ہی احسان فراموش ہے کہ اُس کی بات نہیں مانتا۔

وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ ﴿۷﴾ وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ ﴿۸﴾ اَفَلَا یَعۡلَمُ

اور بے شک وہ اُس پر یقیناً خود ہی گواہ ہے ● اور بے شک وہ مال کی محبت میں اکھڑ ہے ● تو کیا نہیں جانتا،

اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِی الۡقُبُوۡرِ ﴿۹﴾

کہ جب اُٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیں ●

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(اور بے شک وہ اُس پر یقیناً خود ہی گواہ ہے)، یعنی اُس پر تو خود اُس کی ذات بھی گواہ ہے اس لیے کہ ناشکرے ہونے کا اثر اُس سے ظاہر ہے۔ (اور) یہ بھی حقیقت ہے کہ (بے شک وہ مال کی محبت میں اکھڑ ہے)، یعنی انتہائی درجہ کا بخیل ہے۔ (تو کیا نہیں جانتا) اُس وقت کو (کہ جب اُٹھائے جائیں گے) وہ (جو قبروں میں ہیں) یعنی جو مدفون ہیں اُن کو اُٹھا کر قبروں سے باہر کر دیا جائے گا۔

ع ۱۱/۲۵

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ﴿١٠﴾ إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ﴿١١﴾

اور ظاہر کر دی جائے گی سینوں کی چیز ● تو بے شک اُن کا رب اُنہیں اُس دن یقیناً بتا دینے والا ہے ●

(اور ظاہر کر دی جائے گی سینوں کی) مخفی (چیز)، یعنی سینوں کی مخفی چیزوں کو بھی برآمد کیا جائے گا۔ ظاہری اعمال کے پیچھے جو نیتیں اور اغراض و مقاصد چھپے ہیں وہ سب کھول دیے جائیں گے، اور اچھے اور بُرے کو الگ الگ کر کے جانچا جائے گا۔ الغرض۔ اُس روز پوشیدہ اسرار کی جانچ ہوگی کہ یہ کیسے ہیں؟ اور کیسے اعمال کے محرک ہیں؟ (تو بے شک اُن کا رب انہیں اُس دن یقیناً بتا دینے والا ہے) اور اُن کے اقوال و افعال کی جزا دینے والا ہے۔

اختتام الحدیث --- ﴿ ۲ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ --- مطابق --- ۱۷ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ ﴾ ---

آغاز ﴿ ۲ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ --- مطابق --- ۱۷ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ ﴾ ---

## سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ ۱۰۱ مکیۃ ۳۰ | اٰیاتہا ۱۱ رکوعہا ۱

سورۃ القارعہ۔۔۔۱۰۱ مکیہ ۳۰ — آیاتہا ۱۱۔۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ سورہ اور اِس سے پہلی سورہ دونوں میں بہت گہرا ارتباط ہے کہ دونوں آخرت کا ڈر پیدا کرتی ہیں۔ دونوں کی ترتیب مضامین کی ترتیب کے عین موافق ہے، کہ 'سورۂ عادیات' میں قیامت کا ایک عالم یہ بتایا گیا ہے کہ سینوں میں جو جو باتیں چھپائی گئی ہیں، وہ سب اُس روز الگ الگ کر کے آشکارا کر دی جائیں گی۔ اب اُس کے بعد کیا ہوگا؟ اعمال وزن کیے جائیں گے۔ اِس حقیقت کو اُس کے بعد والی سورہ یعنی 'قارعہ' میں بیان فرمایا گیا ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس میں قیامت کے دِل دہلانے والے بیان کے ضمن میں یہ تصور بھی ہے کہ یہ حادثہ ء 'اجرامِ سماوی' اور 'اجرامِ ارضی' کے عظیم ترین ٹکراؤ کا حادثہ ہے جس سے آسمان کے تارے ٹکرا کے زمین پر گر پڑیں گے اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ ہو کر دُھن جائیں گے کہ فضا میں دُھنی ہوئی اُون کی طرح اُڑیں گے۔ اُس ٹکراؤ کی وہ ہولناک آواز ہوگی جس کے سنتے ہی تمام مخلوق چیخ مار کر مر جائے گی۔ دہشت اور ہولناکی کا وہ عالم ہوگا کہ الامان الحفیظ۔

جس کی نیکیوں کا پلہ بھاری ہے اُسی کو آخر میں دِل پسند عیش و راحت نصیب ہوگی، اور جس کی نیکیوں کا پلہ ہلکا ہے اُس کے لیے جہنم کا 'غارِ عمیق' ہے جو نیچے سے اوپر تک آگ ہی آگے ہے، حد درجہ گرم آگ۔۔۔ خوفِ آخرت پیدا کرنے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

اَلۡقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الۡقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا الۡقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾ يَوۡمَ يَكُوۡنُ النَّاسُ

دِہلا دینے والی ● کیا ہے دِہلا دینے والی؟ ● اور کیا اٹکل تمہیں، کہ کیا ہے دِہلا دینے والی؟ ● جس دن ہوں گے لوگ،

كَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ ؕ﴿۵﴾

جیسے پریشان پتنگے ● اور ہوں گے پہاڑ، جیسے دُھنی ہوئی اُون ●

(دِہلا دینے والی ● کیا ہے دِہلا دینے والی؟ ● اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے دہلا دینے والی؟)، یعنی ہمارے سوا کون بتائے گا کہ یہ حادثہ کیا ہے؟ یہ حادثہ اُس روز ہوگا (جس دن ہوں گے لوگ) سراسیمہ (جیسے پریشان پتنگے)۔۔۔یا۔۔ٹڈیوں کی طرح جو اکٹھا نکلتی ہیں اور پامال اور پریشاں حال ہو جاتی ہیں۔ (اور ہوں گے پہاڑ، جیسے دھنی ہوئی اون)، یعنی اُس دن کے ہَول سے پہاڑ اجزا سے متفرق ہو کر ہَوا پر اُڑ جانے میں رنگین دھنی ہوئی اوُن کے مثل ہوں گے، اس واسطے کہ رنگنے سے اوُن نرم اور سست ہو جاتی ہے اور پھر دُھنکنے سے جلد متفرق اور منتشر ہو جاتی ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ ﴿۶﴾ فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ

تواب جس کی بھاری ہوئیں تولیں● تو وہ اپنے پسند کے عیش میں ہے● اور رہے وہ، جن کی ہلکی

مَوَازِیْنُهٗ ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِیَةٌ ﴿۹﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا هِیَهْ ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِیَةٌ ﴿۱۱﴾ ع ١١ / ٢٦

ہوئیں تولیں● تو اُس کی گود ہاویہ ہے● اور کیا اٹکل تمہیں، کہ وہ کیا ہے● آگ ہے، نہایت تیز گرم●

(تواب جس کی بھاری ہوئیں تولیں) یعنی اُس کی نیکیوں کا پلہ جھک گیا، (تو وہ اپنے پسند کے عیش میں) رہنے والا (ہے● اور) اُن کے برعکس (رہے وہ، جن کی ہلکی ہوئی تولیں)، خواہ اِس وجہ سے کہ وہ نیکیاں رکھتا ہی نہ ہو۔۔یا۔۔اُس کی برائیاں اُس کی نیکیوں پر غالب ہوں، (تو اُس کی گود) یعنی رہنے کی جگہ (ہاویہ ہے) جو دوزخ کے سب درکوں کے نیچے والا درکہ ہے۔ (اور کیا اٹکل تمہیں کہ وہ کیا ہے؟) اُس کو میرے سوا تم کو کون بتائے گا؟ تو وہ (آگ ہے نہایت تیز گرم) یعنی سوزش میں انتہا ہے۔

القارعہ --- ۲رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ---مطابق--- ۱۷رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ

الحرام ۱۴۳۴ھ ---مطابق--- ۱۷رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ

| آیاتہا ۸ — رکوعہا ۱ | سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ | سورۃ التکاثر ۱۰۲ — مکیہ ۱۶ |
|---|---|---|

آیاتہا ۸۔۔رکوعہا ۱ — سورۃ التکاثر۔۔۱۰۲ مکیہ ۱۶

اِس سورت کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ بھی اپنے ماقبل کی 'سورۂ قارعہ' سے مربوط ہے اس حیثیت سے کہ دونوں میں امورِ آخرت یاد دِلائے گئے ہیں۔۔نیز۔۔ 'سورۂ قارعہ' میں جو فرمایا گیا ہے کہ جس کی نیکیوں کا پلہ ہلکا ہے وہ **هَاوِيَةٌ** میں جائے گا، جو نیچے سے اوپر تک آگ ہی آگ ہے اور انتہا درجہ کی حرارت والی ہے۔ اُس کو پڑھ کر ایمان پکارتا ہے کہ اُس سے بچنے کی سبیل کیا ہے؟ اِس کا جواب ہے 'سورہ تکاثر' کہ اللہ سے غافل نہ بنو اور ضرورت سے زیادہ کی طلب اور ہوس میں نہ پڑو کہ ایسی طلب حجاب ہے اور حجاب کے پیچھے عذاب ہے۔

یہی حرص وہوس ہے جس سے آدمی برائیوں میں سَن جاتا ہے اور اُس کی نیکیوں کا پلہ ہلکا ہوجاتا ہے۔ یہ ایسی مبارک سورت ہے کہ جو اِس کو توجہ سے پڑھے اُسے ہزار آیتوں کی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تلاوت کا ثواب ملتا ہے۔ خطیب بغدادی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے حدیث روایت کی ہے کہ 'سورۂ تکاثر' ہزار آیتوں کے برابر ہے۔۔۔ایسی باعظمت سورہ کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

اَلۡهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۝١ حَتّٰى زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ۝٢

غافل کر دیا تم کو مال بڑھانے کے حرص وفخر نے ● یہاں تک کہ تم نے اپنی اپنی قبر دیکھی ●

(غافل کر دیا تم کو مال بڑھانے کے حرص وفخر نے) اور بہتات کی طلب نے اللہ اور اُس کی اطاعت سے (یہاں تک کہ تم نے اپنی اپنی قبر دیکھی)، یعنی تم مال اور اولاد کی زیادتی میں غافل اور مشغول ہوئے اور اُمورِ معیشت میں مستغرق ہوئے یہاں تک کہ مر کر قبرستان میں آئے۔اور قبروں میں آنا بھی ہمیشہ کے لیے نہیں بلکہ کچھ وقت کے لیے جیسے کوئی زیارت کے لیے کہیں جاتا پھر اُس جگہ کو چھوڑ کر واپس ہو جاتا ہے، تو تمہیں بھی آخرت کے لیے قبر سے نکلنا ہوگا۔۔۔اس سے مر کر اُٹھنے کے عقیدے کی طرف بھی اشارہ ہوگیا۔الحاصل۔۔ایسا نہ چاہیے کہ عاقل کی ہمت دُنیا میں مصروف ہو اور آخرت کو بھول جائے، کہ ناگاہ اجل آپہنچے اور پھر ندامت سے کچھ فائدہ نہ ہو۔اس میں۔۔۔

كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۝٣ ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۝٤ كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ عِلۡمَ الۡيَقِيۡنِ ۝٥

شک ہرگز نہیں، جلد ہی جان لوگے ● پھر نہیں کیا، جلد ہی جان لوگے ● نہیں کیا، کاش جانتے تم لوگ، یقین کا جاننا ●

لَتَرَوُنَّ الۡجَحِيۡمَ ۝٦ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيۡنَ الۡيَقِيۡنِ ۝٧

یقیناً تم لوگ دیکھو گے جہنم کو ● پھر یقیناً تم لوگ دیکھو گے اُسے، یقین کا دیکھنا ●

(شک ہرگز نہیں) کہ یقیناً (جلد ہی جان لوگے) کہ اس تفاخر و تکاثر کا انجام کیسا ہے۔(پھر) سن لو! (نہیں کیا) یقیناً (جلد ہی جان لوگے)، یعنی تمہیں جلد معلوم ہو جائے گا کہ اُس کا انجام کیسا ہے۔ پہلے تو مرتے وقت ہی انجام کا پتا چل جائے گا، اور دوسری بار قبروں سے اُٹھ کر منتشر ہوتے وقت اپنے انجام سے باخبری ہو جائے گی۔ (نہیں کیا) حقیقت تو یہ ہے کہ (کاش جانتے تم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لوگ یقین کا جاننا)، یعنی مرنے کے بعد کے حالات کو علم الیقین کے درجے پر جانتے تو تم سے غفلت نہ ہوتی۔

**عِلْمَ الْيَقِيْنِ** وہ علم ہے جو صحیح دلیل سے حاصل ہو اور یقین ہو جائے۔۔نیز۔۔کسی چیز کے علم الیقین ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اُسے اِس طرح جان لیا جائے جیسے اپنی یقینی باتوں کو جانا جاتا ہے۔

۔۔الحاصل۔۔علم الیقین جاننا یقین کا کہ کچھ شک وشبہ نہ رہے تو البتہ مفاخرت اور مکاثرت سے تم کو باز رکھے، تو (**یقیناً تم لوگ دیکھو گے جہنم کو**) اوّل دُور سے جس وقت اُسے میدانِ حشر میں لائیں گے، (**پھر یقیناً تم لوگ دیکھو گے اُسے یقین کا دیکھنا**) یعنی یقین کی آنکھ سے دیکھنا جب کہ اُس میں دوزخیوں کو داخل کیا جائے گا۔

ع ۱ ۸ ۲۷

## ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَىِٕذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۸

پھر یقیناً پوچھے جاؤ گے اُس دن نعمتوں کے بارے میں●

(**پھر یقیناً پوچھے جاؤ گے اُس دن نعمتوں کے بارے میں**) جن میں مشغول ہو کر عبادتوں سے باز رہے۔

اِس صورت میں یہ خطاب خاص اُس دُنیادار کی طرف ہے جس کو دُنیا نے دین سے باز رکھا۔ بعضوں نے کہا کہ کافر مخاطب ہیں۔اور بہت صحیح بات یہ ہے کہ عام رکھیں، اس واسطے کہ جسے جو نعمت حاصل ہے اُس سے اُس کے شکر کا سوال ہوگا۔اور بعض نے نعمت کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ خاص کیا ہے اور تر خرمے۔۔یا۔۔ٹھنڈے سایے۔۔یا۔۔نیند کے مزے۔۔یا۔۔اعتدالِ خلق۔۔یا۔۔اسلام۔۔یا۔۔تخفیفِ شرائع۔۔یا۔۔قرآن کے ساتھ۔اور بہت مشہور بات یہ ہے کہ وہ نعمت، صحت اور فراغت ہے۔'عین المعانی' میں ہے کہ نعمت 'محمد ﷺ' ہیں، اور سب سے اُن کی ملت اور اتباعِ سنت کا سوال کیا جائے گا۔

۔۔التکاثر۔۔ ﴿ ۲ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۷ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز شنبہ ﴾ ۔۔

﴿ ۳ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۸ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز یکشنبہ ﴾

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سورۃ العصر — ۱۰۳ — مکیہ ۳ | آیاتہا ۳ — رکوعہا ۱

# سُوْرَةُ الْعَصْرِ

اِس سورت کا نام اِسی سورہ کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی 'سورہ التکاثر' میں یہ بیان فرمایا تھا کہ دُنیاوی امور میں زیادہ مشغول ہونا مذموم ہے، اور اِس سورت میں یہ بیان فرمایا ہے کہ مؤمنین کو اعمالِ صالحہ اور ایک دوسرے کی خیرخواہی میں مشغول رہنا چاہیے۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اگر سوائے اِس 'سورہ العصر' کے اور قرآن نازل نہ ہوتا، تب بھی یہ سورت کافی تھی۔

ایک دوسرے بزرگ نے فرمایا 'سورہ والعصر' قرآن کے جمیع علوم پر مشتمل ہے۔ اِس قول کا مقصد بھی یہی ہے جو امام شافعی نے فرمایا۔ اس سورت کی ظاہری اور باطنی خوبیوں کا عالَم یہ ہے کہ صحابہ میں دُو شخص ایسے بھی تھے کہ جب اُن کی ملاقات ہوتی تو ایک صاحب دوسرے کو 'سورہ العصر' ضرور سناتے، اُس کے بغیر یہ جدا ہی نہ ہوتے، کبھی یہ سناتے کبھی وہ ۔۔۔ ایسی جامع پیغامِ الٰہی والی سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

وَالْعَصْرِ ۝١

قسم ہے اِس عصر و زمانہ کی ●

(قسم ہے اِس عصر و زمانہ کی) اَے محبوب! جو تمہارا عصر و زمانہ ہے، یعنی تمہاری نبوت، تمہارے ظہور، اور تمہارے فیض کا زمانہ ہے۔

۔۔۔یا۔۔۔ ایسا زمانہ ہے جو بہت عجیب وغریب چیزوں پر مشتمل ہے اِس میں خوشی اور غم، صحت اور بیماری، خوشحالی اور تنگدستی کا ظہور ہوتا ہے۔ زمانہ سال، مہینہ، ہفتہ، دن، اور گھنٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔۔۔ نیز۔۔۔ کم اور زیادہ ہوتا ہے تو اُسے معدوم بھی نہیں کہہ سکتے۔ اور زمانہ۔۔۔یا۔۔۔ ماضی ہے۔۔۔یا۔۔۔ مستقبل۔ ماضی گزر چکا ہے وہ موجود نہیں، اور مستقبل

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ابھی آیا نہیں تو وہ بھی موجود نہیں۔

اور رہا حال، تو وہ نا قابلِ تقسیم ہے تو اُس کو موجود کہنے کی کوئی صاف اور واضح صورت نظر نہیں آتی۔ زمانہ گزر گیا، ظاہر ہے کہ جو گزر ا وہ ضرور آیا، لیکن یہ آنا اور گزرنا ایسا لمعاتی ہے کہ اس کو کم زیادہ۔۔یا۔۔چھوٹا بڑا کہنے میں مفروضات کا سہارا لینا ہی پڑتا ہے۔۔الحتصر۔۔ زمانہ عجائبِ قدرت کا ایک عجوبہ ہے۔ حضرت مترجم قدس سرہ نے **وَالْعَصْرِ** کی جس توجیہہ کو راجح قرار دیا ہے وہ یہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی۔ **وَالْعَصْرِ** کی تفسیر میں دوسرے اقوال بھی ہیں: ﴿۱﴾۔۔اس سے مراد ربِّ عصر کی قسم۔ ﴿۲﴾۔۔اس سے مراد دن اور رات ہے۔ ﴿۳﴾۔۔اِس سے مراد زوالِ شمس سے لے کر غروبِ شمس تک کا وقت ہے۔ ﴿۴﴾۔۔اس سے مراد دن کی ساعات میں سے آخری ساعت ہے۔ ﴿۵﴾۔۔اِس سے مراد عصر کی نماز ہے جو 'صلوٰۃ وسطی' ہے۔۔الحاصل۔۔حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ۔۔۔

قسم ہے عصر و زمانہ کی، گردشِ لیل و نہار شاہد ہے کہ۔۔۔

---

**اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ**

بے شک انسان یقیناً گھاٹے میں ہیں● مگر جو ایمان لائے، اور نیکیاں کیں،

ع ۳ | ۲۸ **وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳**

اور باہم وصیت کی حق کی۔۔اور باہم وصیت کی صبر کی●

**(بے شک انسان یقیناً گھاٹے میں ہیں● مگر جو ایمان لائے اور نیکیاں کیں اور باہم وصیت کی حق کی)** یعنی حق پر قائم رہنے کی۔۔یا۔۔قرآن پر ثابت قدم رہنے کی۔ **(اور باہم وصیت کی صبر کی)**، یعنی طاعت پر صبر کرنے کی۔۔یا۔۔معصیت سے اجتناب پر ثابت رہنے کی۔

بعض کافروں نے جو یہ سمجھ رکھا تھا کہ مسلمانوں نے جو اپنے اجداد کا دین چھوڑ دیا ہے اور بتوں کی عبادت سے ہاتھ کھینچ لیا ہے یہ انہوں نے اپنے لیے بہت نقصان کیا ہے۔۔ چنانچہ۔۔ایک کافر نے صدیقِ اکبر سے یہی بات کہی تو آپ نے اُس کو جواب دیا کہ وہ زیاں کار نہیں جو خدا اور رسول کی بات سنے اور نیک کام کرے بلکہ بڑا زیاں کار وہ ہے جو بت پوجے اور شیطان کی متابعت کرے، تو حق تعالیٰ نے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے جواب باصواب کے موافق یہ سورت بھیجی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جس کا حاصل یہ ہے کہ ایسی بکواس کرنے والے شرک وکفر میں ملوث لوگ سب کے سب عمر ضائع کرنے والے زیاں کار ہیں، مگر وہ لوگ جو ایمان لائے، نیک عمل انجام دیے اور حق وصبر کی وصیت کرتے رہے۔ بعض مفسر کہتے ہیں کہ **لَفِیۡ خُسۡرٍ** ابوجہل کے حال سے کنایہ ہے، اور **اٰمَنُوۡا** حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کی صفت کی طرف ایماء ہے، اور **عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ** حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کے فعل کی طرف اشارہ، اور **وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ** حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی بات سے خبر دینا ہے، اور **تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ** حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی عادت سے حکایت کرنا ہے۔

اِس مقام پر یہ نکتہ بھی قابلِ لحاظ ہے کہ آج ہم جو انسانوں کو ترقی یافتہ اور کامیاب سمجھ رہے ہیں یہ ایک بہت بڑا دھوکا اور فریب ہے، اس لیے کہ یہ جو ترقی ہے انسانیت کی ترقی نہیں بلکہ حیوانیت کی ترقی ہے۔ اِس کو یوں سمجھا جائے کہ حق تعالیٰ نے انسانوں کو دو۲ صفتیں عطا فرمائی ہیں: ایک ہے حیوانیت اور دوسری ہے انسانیت۔ کچھ حیوانیت کے تقاضے ہیں اور کچھ انسانیت کے۔

حیوانیت کے تقاضے وہی ہیں جو دوسرے حیوانوں میں بھی ہیں؛ چلنا، پھرنا، کھانا، پینا، تیرنا، اُڑنا، سونا، جاگنا، رہنا، سہنا، لڑنا، بھڑنا، وغیرہ وغیرہ۔ تو جہاں تک حیوان اور اُس کے حیوانی تقاضوں کی بات ہے اُس میں حیوانوں نے بڑی ترقی کی۔ حیوان فضاؤں میں اُڑ رہا ہے، دریاؤں کا کلیجہ چیر رہا ہے، اپنے دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کے لیے نت نئی ایجادات کر رہا ہے، کھانے پینے، رہنے سہنے کا معیار بہت بلند کرلیا ہے، چاند پر دستک دے رہا ہے، مریخ پر کمندیں ڈال رہا ہے، سورج کی شعاعوں کی تسخیر کر رہا ہے، وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب حیوانی تقاضے ہیں جس میں انسان کے اندر کا حیوان دوسرے حیوانوں سے آگے بڑھ گیا ہے۔ لیکن انسانیت کراہ رہی ہے۔ ظلم وستم کا دَور دَورہ ہے لُوٹ کھسوٹ کا عالم ہے، عدل وانصاف، شرم وحیا، عفو ودرگزر، شرافت ومروت، یہ سب عنقاء ہیں۔

انسانیت وحیوانیت کا فرق ایک مثال سے سمجھا جاسکتا ہے کہ کسی کی منہ کی بوٹی اور ہاتھ کی روٹی کو جبراً چھین کر کھانا یہ حیوانیت ہے، اور کسی بھوکے کو اپنے آگے کی روٹی کھلا دینا اور بھوکا رہ جانا یہ انسانیت ہے۔ حیوانیت کے نمونے تو بہت مل رہے ہیں، کہیں ایسی انسانیت کی مثال بھی نظر آرہی ہے؟ اسی لیے قرآن یہ نہیں کہتا کہ 'حیوان' گھاٹے میں ہے، بلکہ وہ یہ فرماتا ہے کہ 'انسان' گھاٹے میں ہے۔ حیوان تو ترقی کر رہا ہے مگر انسانیت سسک رہی ہے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آج لوگوں نے انسانوں کی ترقی کے لیے جو مفروضہ راستے نکال رکھے ہیں وہ حیوانیت کی ترقی کی راہیں ہیں۔ انسان کی کامیابی تو صرف ایمان وعملِ صالح ہی سے ہوسکتی ہے۔ یہی اسلام کا پیغام ہے اور یہی قرآنِ کریم کی ہدایت ہے۔ اور مؤمنین پر باہم اِسی حق کی وصیت کرنے کی ذمہ داری ہے۔

سورۃ العصر --- ﴿ ۳ر محرم الحرام ۱۴۳۴ھ --- مطابق --- ۱۸ر نومبر ۲۰۱۲ء، بروز یکشنبہ ﴾ ---

﴿ ۴ر محرم الحرام ۱۴۳۴ھ --- مطابق --- ۱۹ر نومبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ ﴾ ---

# سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ

سورۃ الھمزہ --- ۱۰۴ مکیہ ۳۲ | آیاتہا ۹ --- رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ یہ سورہ 'سورہ القیامۃ' کے بعد نازل ہوئی۔ 'سورۂ عصر' میں فرمایا گیا تھا کہ انسان خسارہ میں گھرا ہوا ہے، اب اِس سورۂ مبارک میں شدید خسارہ والوں کے چار اوصاف بیان کیے جارہے ہیں: ۱۔ غیبت کرنا، ۲۔ نیک لوگوں پر طعن وتعریض کرنا، ۳۔ مال کی شدید محبت جس سے بخل وحرص پیدا ہوگئی کہ بس مال جمع کرنے کی دُھن ہے اور ذخیرہ اندوزی سے کام ہے، ۴۔ طولِ اَمَل کا جنجال، کہ حصولِ دُنیا کے لیے خوب خوب منصوبے بن رہے ہیں اور سمجھا جارہا ہے کہ مال ہی ہر آفت سے بچائے گا۔ اس لیے ایمانی اور اخلاقی خوبیوں کے حاصل کرنے کی بجائے تمام تر کوشش حصولِ زر کی ہے --- یہ بڑی بدبختی اور بہت بڑا خسارہ ہے۔

اِس سورۂ پاک میں ایسے ہی خسارہ کا اور اس خسارہ میں مبتلا لوگوں کا حال اور انجام بتایا گیا ہے کہ ایسا شخص جہنم کی آگ میں پھینک دیا جائے گا جو حد درجہ مہلک ہے کہ جوڑ جوڑ اور ہڈی ہڈی کو توڑ دے گی مگر پھر بھی موت نہ آئے گی، کہ جہنم میں موت نہیں۔ پھر اُس کو آگ کے لمبے لمبے شعلوں کے بیچ میں رکھ کر جکڑ دیا جائے گا --- ایسی کردار ساز، چشم کشا اور درسِ عبرت دینے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ---

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۙ﴿۱﴾ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهُ ۙ﴿۲﴾

ہلاکی ہے ہر غیبت کرنے والے، طعنہ دینے والے کی● جس نے جمع کیا مال، اور گنتار ہا اُسے●

(ہلاکی ہے) اخنس بن شریق اور ولید بن مغیرہ جیسے (ہر غیبت کرنے والے طعنہ دینے والے کی) جو بطورِ طعن ہاتھ اور آنکھ سے اشارہ کرنے والا ہے۔ اور کسی کے جسم کی قدرتی ساخت کی نقل اُتارتا ہے، اور آواز کی ایسی محاکات کرتا ہے کہ لوگ ہنس پڑیں۔۔۔ الغرض۔۔ پیٹھ پیچھے بدگوئی اور غیبت کرتا ہے اور منہ پر طعنہ زنی اور تذلیل کرتا ہے۔ (جس نے) نیکیوں کو جمع کرنے کی بجائے (جمع کیا مال) جسے سینت کر رکھا ہے (اور گنتار ہا اُسے)، اور ہمیشہ اُس کے شمار کو نگاہ میں رکھا اور گاہے بگاہے شمار کرتا رہا۔۔۔

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ﴿۳﴾ كَلَّا ۖ لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ﴿۴﴾

سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ رکھ لے گا اُسے● ہرگز نہیں! یقیناً وہ جھونکا جائے گا حطمہ میں●

(سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ رکھ لے گا اُسے) یعنی ہمیشہ اُس کو زندہ رکھے گا دُنیا میں۔ یہ (ہرگز نہیں) ہوگا بلکہ یہ بھی مرے گا اور یہ اتنا بُرا ہے کہ (یقیناً وہ جھونکا جائے گا حطمہ میں) جو جوڑ جوڑ اور ہڈی ہڈی کو توڑ دینے والی آگ ہے۔ اُس میں جو کچھ پڑتا ہے فوراً شکست اور سوخت ہو جاتا ہے۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ﴿۶﴾ الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ ﴿۷﴾

اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے حطمہ؟● اللہ کی بھڑکائی آگ ہے● جو چڑھ جائے گی دِلوں پر●

(اور کیا اٹکل تمہیں کہ کیا ہے حطمہ؟) اِس کا علم تو میرے ہی بتانے سے تم کو ہوگا۔ تو سنو! حُطَمَةُ (اللہ) تعالیٰ (کی بھڑکائی آگ ہے) اور خدا جس کو اپنی قدرت سے جَلائے اُسے کوئی بجھانے والا نہیں۔ یہ آگ وہ ہے (جو چڑھ جائے گی دِلوں پر) یعنی جسم کو جَلاتے ہوئے دِلوں پر غالب ہو جائے گی اور دِلوں کے اندر سما جائے گی۔ اور کافروں کے دِل کے ساتھ اُس آگ کا خاص ہونا اِس جہت سے ہے کہ کافروں کے دِل عقائدِ نابائستہ اور اخلاقِ ناشائستہ کی جگہ ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع ۱ ۹ ۲۹

اِنَّهَا عَلَيۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ ﴿۸﴾ فِیۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾

بلاشبہ وہ اُن پر بند کردی گئی ہے● لمبے لمبے کھمبوں میں●

(بلاشبہ وہ اُن پر بند کردی گئی ہے ● لمبے لمبے کھمبوں میں )۔یعنی اُس آگ کا مکان کافروں پر بند کیا گیا ہے لمبے ستونوں سے،یعنی اُس درکہ کا دروازہ بند کیا ہے اور ستون اَڑا کر مضبوط کردیا ہے کہ ہر ایک نہ کھول سکے۔اور یہ اشارہ ہے آگ میں اُن کے ہمیشہ رہنے کا۔۔الختصر۔۔یہ لوگ آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں رکھ کر جکڑ دیئے جائیں گے۔

۔۔الحاصل۔۔اِس سورۂ مبارکہ نے واضح فرمادیا کہ غیبت،طعن وتعریض،حرص اور بخل، اجتماعی زندگی کے چاؔر مہلک امراض ہیں اور اجتماعی زندگی کی حلاوت دُوؔ باتوں میں ہے:

﴿۱﴾۔۔آپس میں خلوص ومحبت ہو،بغض وعداوت نہ ہو۔

﴿۲﴾۔۔ضرورت کے وقت ایک دوسرے کا تعاون کیا جائے۔

اگر خلوص ومحبت کے بجائے غیبت اور طعن وتعریض ہونے لگتی ہے تو بغض وعداوت کا بیج پڑجاتا ہے۔اگر باہمی تعاون کے بجائے مطلب پرستی اور خودغرضی آجاتی ہے جس کی سب سے بڑی وجہ حرص اور بخل ہے،تو آدمی سماج کی نظر سے گرجاتا ہے،لوگ نفرت کرنے لگتے ہیں اور معاشرہ میں بدنام ہوجاتا ہے۔اچھے بُرے سب اُس کو بُرا سمجھنے لگتے ہیں کہ بڑا خودغرض اور مطلبی ہے۔اس طرح غیبت اور طعن وتعریض کرنے والوں کی اجتماعی زندگی کانٹوں سے بھری ہے اور نفرتوں اور عداوتوں سے گھری ہے اور یہ لوگ اجتماعی زندگی کی حلاوتوں سے محروم ہیں۔

اختتام سورۃ الھمزۃ ۔۔۔ ﴿۴رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۹رنومبر ۲۰۱۲ء،بروز دوشنبہ﴾ ۔۔

---

۴رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۱۹رنومبر ۲۰۱۲ء،بروز دوشنبہ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ الْفِیْلِ

سورۃ الفیل ۱۰۵ ۔۔مکیۃ ۱۹ — آیاتہا ۵ ۔۔رکوعہا ۱

سورۂ الفیل۔۔۱۰۵ مکیہ ۱۹ — آیاتہا ۵۔۔رکوعہا ۱

جولوگ غیبت اور طعنہ زنی کی راہ سے آنحضرت ﷺ کے خلاف سازش کرتے تھے 'سورۂ ہمزہ' میں بتایا کہ اُن کا انجام بہت ہی بڑی خرابی اور جہنم ہے۔اور 'سورۂ فیل' میں ہاتھی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

والوں کی سازش کا انجام بتایا جارہا ہے۔ اس میں یہ تعلیم ہے کہ جب آپ کی نبوت کے شرف وعظمت کے اہتمام میں ہاتھی والوں کی سازش اتنی ناکام ہوئی، تو آپ کے خلاف کرنے والوں کی سازش کتنی ناکام ہوگی؟ ان کا کیا حشر ہوگا؟ فکر ونظر کے اس مقام سے دیکھو تو اُن دونوں سورتوں میں عجیب عرفان آفریں ربط ہے جس سے بڑی بصیرت ملتی ہے۔

اس سورہ مبارکہ میں رَبُّكَ آپ کا رب بڑا اہم پرزہ ہے اس میں اشارہ ہے کہ اللہ نے ہاتھی والوں کے ساتھ جو کچھ کیا ہے وہ آپ کی ربوبیت کے سلسلے میں کیا ہے۔ یہ عظیم حادثہ آپ کی نبوت کا ارہاص ہے یعنی ایک علامت ہے کہ یہ سب آپ کی نبوت کے شرف وعظمت کے اہتمام کے لیے ہے کیونکہ اسی سال آپ عالم قدس سے عالم شہود میں جلوہ افروز ہوئے ہیں گویا یہ سب آپ کی ولادت پاک کی برکت ہی سے ہوا ہے۔ حادثہ فیل حضور انور ﷺ کا ارہاص بھی ہے اور اس میں بیت اللہ شریف کی حرمت وشرف کا بھی اظہار ہے۔

اصحابِ فیل کا مختصر اُقصہ یہ ہے کہ ابرھہ جو نجاشی کی طرف سے یمن کا والی تھا اُس نے حج کے موسم میں دیکھا کہ لوگ اطراف وجوانب سے مکہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور معلوم کیا کہ اُن کا مقصد خانہ کعبہ کی زیارت ہے۔ نخوت اور تکبر کی ہَوا اُس کے دماغ میں سمائی، داعیہ کیا کہ خانۂ خدا کے مقابلہ میں ایک گھر بنائے اور حاجیوں کو اُس کی طرف متوجہ کرے۔

صنعا میں سنگِ مرمر سے ایک کلیسا منقش بنایا اور 'قلیس' نام رکھا، اور اُس کے دَرودیوار زَر وجواہر سے مرصع اور مزین کیے اور ملک یمن میں لوگوں کے گروہ کو اُس کے طواف کی تکلیف دی۔ یہ صورت اگرچہ قریش کو شاق تھی مگر صبر کے سوا اُن کو چارہ نہ تھا۔ بنی کنانہ میں سے ایک شخص اُس گھر کی خدمت میں مشغول ہوکر وہاں کا مجاور بنا اور ایک شب موقع پاکر اُس نئے بنائے ہوئے گھر کو غلاظت سے آلودہ کرکے بھاگا۔ یہ خبر شہرہ آفاق ہوئی اور لوگوں کی طبیعت اُس گھر کے طواف سے متنفر ہوئی۔

ابرھہ یہ حال سن کر بہت غصے میں آیا اور لشکر بڑے بڑے قوی اور مہیب ہاتھیوں سمیت جمع کیا اور حرم محترم کو خراب کرنے کے قصد سے مکہ معظمہ کی طرف چلا۔ اُس کے لشکر میں ایک ہاتھی اتنا بڑا تھا جیسے پہاڑ کی چٹان جس کو 'محمود' کہتے تھے۔ اُس ہاتھی کو ابرھہ نے اپنے ساتھ لیا اور اپنا رعب جمانے اور اپنی دہشت پھیلانے کی غرض سے مکہ معظمہ کے گرداگرد قریش کے مواشی لوٹ لیے۔

مکہ معظمہ کے بڑے آدمی اور بزرگ لوگوں نے پہاڑوں پر آڑ پکڑی۔ ابرھہ نے صبح

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سویرے سے لشکر مہیا کیا اور ہاتھیوں کو اُبھارا اور سب کو لے کر مکہ معظمہ کی طرف چلا۔ پس محمود ہاتھی نے شہر مکہ کے دیوار کی طرف سے منہ پھیرا اور لشکر گاہ کی طرف منہ کیا۔ یہ ہاتھی بڑا خوش نصیب تھا کہ جب اصحابِ فیل کعبہ ڈھانے کے لیے حدودِ حرم میں داخل ہوئے، تو یہ ہاتھی اڑ گیا اور کسی طرح قدم نہ اُٹھایا۔ کسی اور طرف لے جاتے تو چلنے لگتا، حدودِ حرم میں لے جانا چاہتے تو زمین تھام لیتا۔ فیلبان نے مار مار کر زخمی بھی کیا مگر اُس نے قدم تک نہ اٹھایا۔

اس میں اللہ کی طرف سے بصیرت دی جا رہی تھی کہ جانور بھی کعبہ کا ادب واحترام کر رہا ہے، پھر انسان ہو کر کعبہ ڈھانے کو چلے تو کتنی بڑی بدبختی ہے؟ لیکن اُن بدبختوں نے کوئی سبق نہیں لیا اور اُس ہاتھی کو چھوڑ کر اپنے ملعون ارادے سے حدود حرم میں داخل ہوئے اور فوراً عذابِ الٰہی برسنے لگا۔

اُس کی تفصیل یہ ہے کہ اُن بدنصیبوں نے مکہ معظمہ کے قریب پہنچ کر پڑاؤ ڈالا۔ ابرھہ نے قریش کے پاس خباطہ نامی ایک شخص کو بھیجا کہ قریش کے سردار کو لیتے آؤ اور سنادو کہ ہمارے بادشاہ کا مقصد کعبہ ڈھانا ہے، اہلِ مکہ سے لڑنا نہیں ہے۔ اگر تم لوگوں نے مداخلت نہ کی تو تمہاری جان ومال کو امان ہے۔ اگر مداخلت کی تو نتیجہ دیکھو گے۔

خباطہ قریش کے پاس گیا، معلوم ہوا کہ سردارِ قریش عبدالمطلب ہیں، اُس نے حضرت عبدالمطلب کو ابرھہ کا پیغام سنایا اور ساتھ چلنے کو کہا۔ حضرت عبدالمطلب بے کھٹک ساتھ ہو لیے۔ ابرھہ کے پاس پہنچے تو آپ کے بلند وبالا قد وقامت اور چہرہ کی وجاہت کا اُس پر بڑا اثر پڑا۔۔ چنانچہ۔۔ آپ کو اپنے برابر بیٹھایا، عزت کی اور کہا آپ کو کچھ کہنا ہو تو کہیے۔

حضرت عبدالمطلب نے فرمایا کہ "بادشاہ کی فوج نے میرے سَو اونٹ پکڑ لیے ہیں وہ مجھے واپس دیئے جائیں۔" ابرھہ نے کہا کہ تعجب ہے آپ کو اپنے اونٹوں کی فکر ہے لیکن اپنے کعبہ کی فکر نہیں۔ آپ نے فرمایا میں اپنے اونٹوں کا مالک ہوں اور کعبہ کا جو مالک ہے وہ خود اُس کی حفاظت کرے گا۔ ابرھہ نے اونٹ آپ کے حوالے کر دیے۔

آپ نے واپس آ کر قریش سے فرمایا کہ تم لوگوں کو اُس فوج سے مقابلہ کی طاقت نہیں، بہتر ہے کہ بال بچوں کو لے کر پہاڑ پر چڑھ جاؤ۔ کعبہ کا مالک کعبہ کی خود حفاظت کرے گا۔ یہ فرما کر کعبہ شریف کے دروازے پر آئے اور اُس کا حلقہ تھام کر کچھ دُعائیں کیں۔ ایک دُعا یہ ہے کہ "الٰہی تیرے بندے اپنے اہل وعیال کو اغیار سے بچاتے ہیں تو اپنے حرم کے مکینوں کی حفاظت فرما۔ صلیب والوں کی صلیب اور اُن کی چالبازی جو ظلم وعدوان ہے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

تیری تدبیر پر غالب ہو ہی نہیں سکتی۔" قریش بال بچوں کو لے کر حرا پہاڑ پر چڑھ گئے اور وہاں سے دیکھنے لگے کہ ابرھہ کی فوج کیا کرتی ہے؟ اور کیا ہوتا ہے؟

ہوا یہ کہ جوں ہی فوج آگے بڑھنے لگی آناً فاناً فضا میں چڑیوں کے غول جھنڈ کے جھنڈ نظر آنے لگے۔ چڑیاں کبوتر سے کچھ چھوٹی تھیں۔ سب کے دونوں پنجوں میں اور چونچ میں چنے کے برابر ایک ایک پتھری تھی۔ یہ غول ابرھہ کی فوج پر اُمڈ پڑا اور پنجوں اور چونچ سے فوجیوں پر کنکریاں گرانی شروع کر دیں، جس پر ایک کنکری پڑی بدن توڑ کر باہر ہوگئی۔

بھگدڑ مچ گئی، بظاہر تو یہ چھوٹی چھوٹی پتھریاں تھیں لیکن حقیقت میں عذابِ الٰہی کی مشین گن کی گولیاں تھیں جو فضا سے برس رہی تھیں، اور قدرتِ خداوندی چڑیوں کے پنجوں سے اور چونچ سے برسا رہی تھی، پوری فوج آناً فاناً غارت ہوگئی اور سب تہس نہس ہوگئے۔ صرف وہی لوگ بچے جو محمود ہاتھی کے اَڑ جانے سے سہم گئے اور فوج سے کنارہ کش ہوگئے تھے۔ لیکن چونکہ اپنے ساتھیوں کو سمجھایا نہیں اس لیے اُن کی زندگی مجسم عبرت بن گئی تھی۔ اندھے لنگڑے، لولے ہوگئے تھے۔

اور ابرھہ کا ایک روایت کے مطابق یہ حشر ہوا کہ کنکریوں کے عذاب سے جو بھگدڑ ہوئی اور کعبۂ الٰہی کے دشمن بھگدڑ کی بدحواسی میں پہاڑوں کی چٹانوں سے ٹکرا ٹکرا کر گرنے لگے اور غاروں میں بھی گر گر پڑے، تو ابرھہ جان بچانے کے لیے بھاگ نکلا اور یمن کی راہ لی۔ یمن پہنچتے پہنچتے سارا بدن مسموم ہو چکا تھا، سڑ کر مر گیا اور تمام یمن والوں کے لیے عبرتِ عظیم بن گیا۔

اور دوسری روایت کے مطابق ابرھہ شکست کھا کے تنہا بھاگا اور نجاشی کے سامنے جا کر گر پڑا۔ چونکہ چڑیوں کی کنکریوں پر ایک ایک کا نام تھا جنہوں نے کعبہ شریف کو خراب کرنے کا ارادہ کیا تھا، تو ابرھہ کو ہلاک کرنے والی اُس کے نام کی کنکری جس چڑیا کے پاس تھی وہ اُسے مارنے کو مکہ سے حبشہ تک اُس کے ساتھ تھی اور نجاشی کے دربار میں ابرھہ کے سر پر وہ چڑیا اُڑتی تھی۔

جب ابرھہ نے کیفیت بیان کی اور نجاشی نے تعجب کی راہ سے پوچھا کہ کیسی چڑیاں تھیں جنہوں نے اِتنے لڑنے والوں کو ہلاک کر ڈالا؟ اُس حال میں ابرھہ کی نظر اُس چڑیا پر پڑی بولا کہ اَے بادشاہ! اُن میں سے ایک چڑیا یہ ہے پس اُسی دم اُس چڑیا نے اُس کے نام کی کنکری اُس کے سر پر چھوڑ دی جو اُس کے بدن کے آر پار ہوگئی۔ اور نجاشی کے دیکھتے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہی دیکھتے ابرھہ ہلاک ہوگیا اور یہ حال دیکھ کر نجاشی کے دل میں عبرت جم گئی۔ اسی واقعہ کی طرف اِس سورۂ مبارکہ میں اشارہ ہے۔

ایسی حضور اکرم ﷺ کی نبوت کے شرف وعظمت کے اہتمام میں ہاتھی والوں کی سازش کی ناکامی کو بیان کرنے والی سورہ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِيۡلِؕ ﴿۱﴾ اَلَمۡ يَجۡعَلۡ كَيۡدَهُمۡ

کیا تم نے نہیں دیکھا، کہ کیسا کیا تمہارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ ● کیا نہیں کر دیا اُن کے

فِىۡ تَضۡلِيۡلٍۙ ﴿۲﴾ وَّاَرۡسَلَ عَلَيۡهِمۡ طَيۡرًا اَبَابِيۡلَۙ ﴿۳﴾ تَرۡمِيۡهِمۡ بِحِجَارَةٍ

داؤں کو بے اثر ● اور چھوڑ دیا اُن پر پرندوں کی ٹکڑیاں ● جو پھینکتی تھیں اُن پر

مِّنۡ سِجِّيۡلٍۙ ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمۡ كَعَصۡفٍ مَّاۡكُوۡلٍ ﴿۵﴾

کنکر کی کنکریاں ● تو کر دیا اُنہیں، جیسے کھایا ہوا بھوسہ ●

ع ۱ ۵ ۳۰

اَے محبوب! (کیا تم نے) اپنی نگاہِ علم وخبر سے (نہیں دیکھا کہ کیسا کیا تمہارے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ)، یعنی ابرھہ اور اُس کے لشکر کے ساتھ۔ (کیا نہیں کر دیا اُن کے داؤں کو بے اثر)، تو اُن کی سوچ باطل اور کوشش برباد ہوگئی (اور چھوڑ دیا اُن پر پرندوں کی ٹکڑیاں ● جو پھینکتی تھیں اُن پر کنکر کی کنکریاں ● تو کر دیا اُنہیں جیسے کھایا ہوا بھوسہ)۔

اختتام سورہ الفیل ۔۔۔ ۴ر محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق ۔۔ ۱۹ر نومبر ۲۰۱۲ء، بروز دوشنبہ ۔۔

---

۵ر محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق ۔۔ ۲۰ر نومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ۔۔

## سُوۡرَةُ قُرَيۡش

سورۂ قریش ۔۔ ۱۰۶ مکیہ ۲۹

آیا تہا ۴ ۔۔ رکوعہا ۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ 'سورۂ قریش' اور 'سورۂ فیل' دونوں سورتوں میں اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ کو اپنی نعمتیں یاد دلائی ہیں۔ سورہ فیل میں بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے اُس دشمن کو ہلاک کردیا جو بیت اللہ کو گرانے کے لیے آیا تھا جس کی وجہ سے پوری عرب دُنیا میں اُن کی عزت اور اُن کا وقار تھا۔ اور اِس سورت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی ایک اور نعمت یاد دلائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن میں تجارت کرنے کی رغبت پیدا کی اور موسم سرما اور موسم گرما دونوں میں اُن کو دوسرے شہروں میں تجارت کے لیے سفر کرنے پر تیار کیا جس کی وجہ سے وہ خوشحال ہوگئے۔ گرمیوں میں وہ شام کی طرف سفر کرتے تھے اور سردیوں میں وہ یمن کی طرف سفر کرتے تھے۔

اِس سورت کا 'سورہ الفیل' کے ساتھ شدید اتصال ہے۔ **لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ** سے پہلے ایک جملہ ہے، جس سے یہ متعلق ہے۔ پوری عبارت کی یہ شکل بنتی ہے کہ: "اَهْلَكَ اللّٰهُ اَصْحَابَ الْفِيْلِ لِاِيْلَافِ قُرَيْشٍ" اللہ تعالیٰ نے قریش کو رغبت دلانے کے لیے اصحاب فیل کو ہلاک کردیا۔

یہ مکمل سورت اللہ تعالیٰ کی متعدد نعمتوں کے بیان میں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قریش پر نعمت عظمیٰ یہ تھی کہ قریش جو پہلے بکھرے ہوئے تھے اور منتشر تھے اُن کو مجتمع اور متحد کردیا اور اُن میں باہم محبت پیدا کردی، اور ان کو گرمیوں میں شام کی طرف تجارتی سفر پر تیار کیا اور سردیوں میں یمن کی طرف تجارتی سفر پر آمادہ کیا، جس کی وجہ سے اُن کی ضرورتیں پوری ہوگئیں اور وہ خوش حال ہوگئے۔ اور اُن کے شہر کو اللہ تعالیٰ نے امن کا گہوارہ بنادیا۔

تو خدا کی نعمتوں کو یاد دلا کر خدا کی عبادت کی طرف مائل کرنے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ---

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

**لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝۱ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝۲ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ**

قریش کے دِل کے جھکاؤ کے لیے ● اُن میں خواہش ہوجانے کے لیے جاڑے اور گرمی کے سفر کا ● اُنہیں چاہیے کہ پوجیں

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع-۱
۲۱

هٰذَا الْبَيْتِ ﴿۳﴾ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾

اِس بیت کعبہ کے رب کو● جس نے کھانا دیا اُنہیں بھوک میں۔۔اور امن دیا اُنہیں خوف سے●

(قریش کے دِل کے جھکاؤ کے لیے● اُن میں خواہش ہو جانے کے لیے جاڑے اور گرمی کے سفر کا)، یعنی حق تعالیٰ نے قریش کو رغبت دلائی انہیں تجارت کے لیے اور جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کیا، تو (اُنہیں چاہیے کہ) وہ شکر اَدا کریں اور (پوجیں اُس بیت کعبہ کے رب کو● جس نے کھانا دیا انہیں بھوک میں) تجارت کے لیے دُوسفروں کی بدولت اور بھوک سے بچایا۔(اور امن دیا انہیں خوف سے)، یعنی اُس حرم محترم کی بدولت اُن کے خوف سے جو مکہ معظّمہ کے گرد ہیں اور ایک دوسرے کو لوٹتے مارتے ہیں۔

سورۂ قریش ۔۔۔ ﴿۵ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۰ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ﴾ ۔۔

---

۵ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۰ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَۃُ الْمَاعُوْن

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ ۱۰۷ مَکِّیَّۃٌ ۱۷ — اٰیَاتُهَا ۷ رُکُوْعُهَا ۱

سورۃ الماعون۔۔۔ ۱۰۷ مکیہ ۱۷ — آیا تہا ۷ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی آیت ۷ سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی سورت ’قریش‘ میں اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کی مذمت کی تھی جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر اَدا نہیں کرتے تھے اور اِس میں اُن لوگوں کی مذمت فرمائی ہے جو مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ’سورہ القریش‘ میں اللہ تعالیٰ کا حکم تھا اُس بیت اللہ کے رب کی عبادت کریں، اور اِس سورت میں اُن لوگوں کی مذمت ہے جو سستی اور کاہلی سے نماز پڑھتے ہیں۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قریش کو دی ہوئی نعمتیں بتائیں اور وہ اُس کے باوجود مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھنے سے اِنکار کرتے تھے اور آخرت میں جزا اور سزا کا انکار کرتے تھے، اور اِس سورت میں اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کو اپنے عذاب سے ڈرایا ہے۔ اِس سورت میں نصف اوّل کافروں سے متعلق ہے اور نصف اخیر منافقوں کے باب میں ہے۔

تو اِس سبق آموز اور نفاق سوز سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مومنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝۱ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝۲

ذرا بتاؤ تو، کہ جو جھٹلاتا ہے دین کو● پھر وہ ایسا ہے، کہ دھکے دے یتیم کو●

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝۳

اور نہ اُبھارے مسکین کے کھانا کھلانے پر●

(ذرا بتاؤ تو کہ جو جھٹلاتا ہے دین کو) یعنی روزِ جزا کو۔

یہ ابو جہل تھا جو اپنے قول و فعل سے آخرت کو بڑی شد و مد کے ساتھ جھٹلاتا تھا اور جب کسی یتیم کا وصی ہوتا اور یتیم اپنے مال میں سے کھانا کپڑا مانگتا، تو یہ ظالم اُس یتیم کو مار کر نکال دیتا اور ہمیشہ لوگوں کو خرچ کرنے سے باز رکھتا۔

(پھر وہ) جھٹلانے والا یعنی ابو جہل (ایسا ہے کہ دھکے دے یتیم کو)، یعنی ظلم و جبر کے ساتھ دفع کرے یتیم کو، اور اُس کو ڈانٹ کر بھگا دے (اور نہ اُبھارے) یعنی اپنے لوگوں میں سے کسی کو رغبت نہ دے (مسکین کے کھانا کھلانے پر)۔ یعنی نہ تو خود دیتا ہے اور نہ ہی کسی کو دینے کے لیے کہتا ہے۔ بلکہ نیک کام کرنے کو منع کرتا ہے۔۔۔ یہاں تک تو کھلے کافروں کا ذکر تھا اور اب منافقوں کے تعلق سے ارشاد فرما رہا ہے۔۔۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝۴ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝۵

تو ہلاکی ہے اُن نمازیوں کی● جو اپنی نمازوں کو بھول جانے والے ہیں●

(تو) ارشاد ہے کہ (ہلاکی ہے اُن نمازیوں کی) یعنی ابن ابی اور اُس کے یاروں کی (جو اپنی نمازوں کو بھول جانے والے ہیں)، یعنی جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں اور غفلت کرنے والے ہیں، یعنی نماز کو شمار میں نہیں لاتے، اور فقط لوگوں کے سامنے ہی نماز ادا کرتے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ منافق لوگ تنہائی میں نماز کی پرواہ نہیں کرتے، اور جب مسلمانوں کی صحبت میں پہنچتے ہیں تو تمام شرائط و آداب کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ع ۱/۷ ۲۲

الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝۶ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝۷

جو دکھاوا کرتے رہتے ہیں ● اور مانگنے پر نہیں دیتے، برتنے کی چیز ●

(جو دکھاوا کرتے رہتے ہیں) یعنی وہ لوگ ریا کرتے ہیں اپنے کام میں لوگوں کی تعریف کی امید پر (اور مانگنے پر نہیں دیتے برتنے کی چیز) یعنی زکوٰۃ مستحقین کو نہیں دیتے۔

بعض نے کہا مَاعُوْن گھر کا اسباب ہے کہ لوگ باہم اُس سے ایک دوسرے کا کام نکالتے ہیں جیسے دیگ، کاسہ، کلہاڑی، بیلچہ اور ڈول، وغیرہ۔ ایک قول یہ ہے کہ مَاعُوْن تین چیزیں ہیں کہ انہیں روک رکھنا نہ چاہیے: آگ[۱]، پانی[۲] اور نمک[۳]۔

اختتام سورہ الماعون --- ۵ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ -- مطابق -- ۲۰ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ --

--- ۵ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ -- مطابق -- ۲۰ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ --

# سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ

سورۃ الکوثر -- ۱۰۸ مکیہ ۱۵ | آیاتہا ۳ -- رکوعہا ۱

جو کفار حضور کے شدید دشمن تھے وہ اِس کے منتظر رہا کرتے تھے کہ کسی طرح آپ کا نام و نشان مٹے۔ مکہ معظّمہ میں جب آپ کے صاحبزادے حضرت قاسم علی ابیہ وعلیہ الصلوٰۃ السلام کے وصال کے بعد دوسرے صاحبزادے حضرت عبداللہ علی ابیہ وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا انتقال ہوا، تو اُن دشمنوں کو بڑی خوشی ہوئی۔۔ چنانچہ۔۔ عاص بن وائل خوشیاں منا منا کر کہنے لگا محمد ﷺ 'اَبْتَر' ہو گئے، جہاں آنکھیں بند ہوئیں کوئی نام لینے والا بھی نہ ہوگا۔ یہ حالات تھے کہ 'سورۂ کوثر' کا نزول ہوا اور فرمایا گیا کہ اَے محبوب! جو آپ کا دشمن ہے وہی اَبْتَر ہے، اُس کا نام ونشان مٹ جائے گا۔

اِس تفصیل سے ظاہر ہے کہ اِس سورۂ پاک کا نزول مکہ معظّمہ میں ہوا ہے۔ بعض اربابِ تحقیق کا بیان ہے کہ اِس کا نزول مکہ میں بھی ہوا ہے اور مدینہ میں بھی۔ مکہ کی شانِ نزول اوپر مذکور ہوئی۔ مدینہ کی شانِ نزول یہ ہے آپ کے فرزندِ اصغر حضرت ابراہیم علی ابیہ وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا وصال ہوا تو آپ کے کسی دشمن نے کہا کہ اب تو اِن کی کوئی نرینہ اولاد نہ رہی بس یہ اَبْتَر ہو گئے، جہاں آنکھ بند ہوئی نام ونشان مٹا۔ اُس کی تردید میں سورۂ کوثر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

نازل ہوئی۔ اِس کے نزول کی تفصیل یہ ہے: حضرت انس کی روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ ہم لوگوں کے درمیان تھے کہ آپ پر غنودگی طاری ہوگئی، پھر آپ نے مسکراتے ہوئے سر اُٹھایا اور فرمایا ابھی مجھ پر ایک سورہ نازل ہوئی، پھر آپ نے 'سورۂ کوثر' تلاوت فرمائی۔ اُس کے بعد فرمایا جانتے ہو کوثر کیا ہے؟ راوی کہتے ہیں کہ ہم لوگوں نے کہا اللہ اور رسول بہتر جانتے ہیں۔ فرمایا یہ ایک 'نہر' ہے اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ یہ مجھے عطا فرمائے گا، اُس میں خیرِ کثیر ہے۔

یہ ایک حوض بھی ہے، یہاں قیامت کے روز میری امت میرے پاس وارد ہوگی، اُس کے ظروف آسمان کے تاروں کی تعداد میں ہوں گے۔ یہاں آنے والوں میں وہ بندے بھی ہوں گے جن کو گھسیٹ کر دُور کر دیا جائے گا۔ میں کہوں گا "میرے رب یہ میرے امتی ہیں۔" اللہ فرمائے گا "آپ کو پتا نہیں کہ آپ کے بعد اِنہوں نے کیا حرکت کی ہے؟"

یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ خدا تو اُن کا حال پہلے ہی سے جانتا تھا، تو اُس کو حوض کے قریب آنے ہی کیوں دیا۔ اِس سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ اُن کو حوض کے پاس پہنچا کر حاضرین لوگوں میں رسوا اور ذلیل کرنا ہے۔ پہلے آنے دینا پھر گھسیٹ کر کے باہر کر دینے میں رسوائی زیادہ ہے، تو یہ لوگ اپنے عقیدہ وعمل کے لحاظ سے ایسے ہی ہوں گے جو اس سلوک کے مستحق ہوں گے۔ اور نبی کریم کا اُن کو امتی کہنا خود اُن پر اُن کی حقیقت کھول کر اُنہیں دکھ پہنچانے کے لیے ہوگا کہ اچھا یہی تھے جن کو دعویٰ تھا کہ وہ میرے امتی ہیں۔

یاد رکھنا چاہیے کہ جو نبی کریم کے سچے امتی ہیں! اُن کے اعضاءِ وضو تو ویسے ہی چمک رہے ہوں گے اور اللہ کے رسول اپنوں کو اُسی چمک دمک سے بخوبی پہچان لیں گے، تو پھر کسی سیاہ رُو کو اپنا امتی سمجھنے کا سوال ہی کہاں رہ جاتا ہے؟

مذکورہ بالا شانِ نزول کے پیشِ نظر اِس سورہ کو مدنی بھی کہا گیا ہے مگر جمہور اُس کو مکی ہی قرار دیتے ہیں۔ اب اِس کے تعلق سے صاف بات یہی کہی جاسکتی ہے کہ یہ سورہ مکی ہے، اور مدینہ منورہ میں اِس کا نزول جو روایت بالا میں مذکور ہے، وہ عالمِ رویا کا نزول ہے، جس کی تصریح خود اُس روایت کے ابتدائی جملوں میں ہے۔ اِس سورہ میں حضورِ اکرم ﷺ کی محبوبیتِ عظمیٰ کا بیان ہے کہ اللہ نے آپ کو کوثر عطا فرمایا ہے۔ کوثر جو 'خیرِ کثیر' ہے، جس میں نہرِ کوثر، حوضِ کوثر، بکثرت ذریتِ طاہرہ، نبوتِ عظمیٰ، وحیِ قرآن وحکمت اور تمام فضائل ہیں۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

'سورۂ ماعون' اور 'سورۂ کوثر' میں یہ ربط ہے کہ 'سورۂ ماعون' میں ابوجہل اور عاص بن وائل جیسے لوگوں کی اخلاقی گراوٹوں پر تنبیہ اور سرزنش کی گئی ہے، اور 'سورۂ کوثر' میں عاص بن وائل جیسے لوگوں کی دریدہ دہنی پر خداوندی سزا کا اعلان کیا گیا ہے کہ دشمنِ رسول جو رسولِ پاک کو **اَبْتَر** کہتا ہے وہ خود **اَبْتَر** ہوجائے گا۔ اُس کا کوئی نام لیوا اور ذکرِ خیر کرنے والا نہ رہ جائے گا۔۔اور۔۔نہ ہی کوئی اچھی یادگار رہے گی۔ غرض 'سورۂ ماعون' میں اُن گستاخوں اور شریروں کے کردار پر سرزنش ہے، اور 'سورۂ کوثر' میں اُن کی گفتار پر سزا ہے۔

اِن دونوں سورتوں میں ایک بڑا علمی ربط یہ بھی ہے کہ 'سورۂ ماعون' میں چار اخلاقی ذمائم کی خرابی بیان کی گئی ہے جو اپنی جگہ بنیادی ہیں اور یہ منکرینِ جزا اور منافقین کے اوصاف ہیں، اور 'سورۂ کوثر' میں اُن کے مقابل چار اخلاقی محاسن اور فضائلِ اعلیٰ کا ذکر ہے جو اپنی جگہ بنیادی ہیں، اور اُن کے سرچشمہ سیدنا محمد ﷺ ہیں۔۔۔تو اُن محاسن وفضائل پر مشتمل سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

**(نام سے اللہ)** تعالیٰ **(کے)** جو **(بڑا)** ہی **(مہربان)** ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا **(بخشنے والا)** ہے۔

إِنَّآ أَعۡطَيۡنَٰكَ ٱلۡكَوۡثَرَ ۝١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَٱنۡحَرۡ ۝٢ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ ٱلۡأَبۡتَرُ ۝٣ ع ۲۲

بے شک دے چکا میں تم کو کوثر ● تو نماز پڑھو اپنے رب کی، اور قربانی کرو ● بے شک تمہارا گستاخ ہی ابتر ہے ●

اَے محبوب! **(بے شک دے چکا)** اور عطا فرما چکا **(میں تم کو کوثر)** ہر ہر کمال کا، خواہ وہ کوثرِ علم وعمل ہو۔۔یا۔۔کوثرِ حسن وجمال ہو۔۔یا۔۔کوثرِ فضل وکمال ہو۔۔یا۔۔کوثرِ جاہ وجلال ہو۔۔یا۔۔کوثرِ جود ونوال ہو، وغیرہ وغیرہ۔ اور جو نعمت آپ کو بعد میں ملنے والی ہے اُس کا ملنا اِتنا ہی قطعی اور یقینی ہے گویا کہ وہ مل چکی اور میں اُسے عطا فرما چکا، جیسے نہرِ کوثر اور حوضِ کوثر اور جنت کی نعمتیں وغیرہ۔۔۔

**(تو)** اَے محبوب! اِن نعمتوں کے پانے پر تم خدا کا شکر اَدا کرو اور شکرانے کی **(نماز پڑھو اپنے رب کی)**، خاص اُس کی رضامندی کے واسطے **(اور)** خطۂ عرب کے بہترین مال یعنی اونٹ کی **(قربانی کرو)** خدا ہی کی رضا کے لیے۔۔۔الختصر۔۔حقوق اللہ اور حقوق العباد اَدا کرتے رہو اور جان لو کہ۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

(بے شک تمہارا گستاخ ہی ابتر ہے) یعنی خیر سے منقطع اور بے نسلی اور بے ذریت ہے۔
فی الحال یہ اپنے جن بیٹوں پر ناز کرتا ہے یعنی عمرو بن عاص اور ہشام بن عاص رضی اللہ عنہ یہ دونوں بیٹے اَے محبوب! تیری غلامی اختیار کرلیں گے، اور تیرے ہی دین کی سربلندی کے لیے جدوجہد کرتے رہیں گے۔ اُس کے برعکس تمہاری ذریت کثیر ہوگی اور شہرت و بزرگی کے اعلیٰ مقام پر ہوگی۔ اُس کی بزرگی کے آثارِ بے شمار، قیامت تک باقی رہیں گے۔

اختتام سورہ الکوثر ۔۔۔ ﴿ ۵ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۰ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز سہ شنبہ ﴾

۔۔ ﴿ ۶ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾

## سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ ۱۰۹ مَكِّيَّةٌ ۱۸ — اٰيَاتُهَا ۶ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ الکافرون ۔۔ ۱۰۹ مکیہ ۱۸ — آیاتہا ۶ ۔۔ رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔ اِس کی شانِ نزول یہ ہے کہ قریش کے ایک گروہ جیسے ابوجہل، عاص، ولید، اُمیہ، اسود بن عبد یغوث، اور اسد بن عبد المطلب، نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی زبانی رسولِ مقبول ﷺ کی خدمت میں پیغام بھیجا کہ آپ ایک سال ہمارے خداؤں کی پرستش کیجیے، تو ہم بھی ایک برس آپ کے خدا کی عبادت کریں۔ جیسے ہی آنحضرت ﷺ کے پاس یہ پیغام پہنچا اُس کے ساتھ ہی حضرت جبرائیل نازل ہوئے اور یہ سورت لائے۔ تو ایسی قولِ فیصل پیش کرنے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں ۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ① لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ② وَلَاۤ اَنْتُمْ

کہہ دو کہ "اَے کافرو! ● نہ پوجوں میں جس کو تم پوجو ● اور نہ تم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَاۤ اَنْتُمْ

پوجنے والے اُس کے، جس کو میں پوجوں ● اور نہ میں پوجنے والا اُس کا، جس کو تم نے پوجا ● اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝۵ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝۶

پوجنے والے اُس کے، جس کو میں پوجوں ● تمہارے لیے تمہارا اپنا بنایا دستور ہے، اور میرے لیے الٰہی دستور ●

تو اَے محبوب! (کہہ دو کہ اَے کافرو!)، یعنی اُن منکرینِ حق کو کافر کہہ کر خطاب کرو۔

اور یہ خطاب بطورِ سب وشتم نہیں ہے بلکہ اظہارِ امرِ واقعی کے طور پر ہے۔ اور اِس خاص خطاب کے مخاطب صرف وہی لوگ ہیں جنہوں نے حضرت عباس کو اپنا قاصد بنایا تھا اور جن کے تعلق سے اللہ تعالیٰ جانتا تھا کہ یہ لوگ کبھی ایمان نہ لائیں گے۔۔۔

تو اَے کافرو جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ (نہ پوجوں میں جس کو تم پوجو ● اور نہ تم پوجنے والے اُس کے جس کو میں پوجوں ● اور) مستقبل میں بھی یہی ہوگا کہ (نہ میں پوجنے والا اُس کا جس کو تم نے پوجا ● اور نہ تم پوجنے والے اُس کے جس کو میں پوجوں)۔۔ الختصر۔۔ ہم دونوں ایک دوسرے کے معبود کو پوجنے والے نہیں اس لیے کہ میں معبودِ برحق کا پرستار ہوں، اور تم باطل معبودوں کے پجاری ہو۔ یہ اس لیے ہے کہ ہمارا تمہارا راستہ الگ الگ ہے کیونکہ۔۔۔

(تمہارے لیے تمہارا اپنا بنایا دستور ہے، اور میرے لیے الٰہی دستور)۔ جب تم کفر وشرک کا خودساختہ دستور جو ہلاکت آفریں بھی ہے کو چھوڑنے کو تیار نہیں، تو میں خدائی دستور سے کیسے رُوگردانی کر سکتا ہوں، اور وہ بھی ایسا پاکیزہ دستورِ دین ودُنیا کی صلاح وفلاح اور نجات وفیروز بختی جس سے وابستہ ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ قرآن میں اِس سورت سے زیادہ سخت شیطان پر کوئی سورت نہیں، اس واسطے کہ یہ سورت توحیدِ محض ہے اور اس سورت کے پڑھنے کا ثواب چوتھائی قرآن پڑھنے کے ثواب کے برابر ہوتا ہے۔ اِس سے پہلے کی سورہ یعنی 'الکوثر' نے یہ واضح کر دیا تھا کہ آپ کا دشمن اَبْتَر ہے۔ جس کا نام ونشان مٹ جائے گا اور اُس کی طاقت پاش پاش ہو جائے گی، تو اِس کا تقاضہ ہی یہی ہے کہ آپ ایسوں کی پرواہ نہ کریں اور اگر کوئی غلط مصالحت پیش کرے تو اُس کو ٹھکرا دیں۔

-- ﴿ تَمَّتْ بِالْخَیْر ﴾ الکافرون --- ﴿ ۶ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ --- مطابق --- ۲۱ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہارشنبہ ﴾ --

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

[redacted] ۶ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز [redacted]

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَةُ النَّصْرِ ۱۱۰ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۴ | # سُوْرَةُ النَّصْرِ | اٰيَاتُهَا ۳ رُكُوْعُهَا ۱ |
| سورۂ النصر۔۔۱۱۰ مدنیہ ۱۱۴ | | آیاتہا ۳۔۔رکوعہا ۱ |

اِس سورہ کا نام اِسی کی آیت ۱ سے ماخوذ ہے۔ اِس سے پہلی سورت میں یہ بتایا گیا تھا کہ دینِ اسلام کفار کے دین کے خلاف ہے، اور اِس سورت میں یہ بشارت دی ہے کہ کفار کا دین عنقریب مٹ جائے گا اور نبی کریم ﷺ کو عنقریب بہت بڑی فتح اور بہت بڑی نصرت حاصل ہوگی۔ مکہ مکرمہ فتح ہوجائے گا اور اردگرد کے قبائل فوج درفوج اسلام میں داخل ہوں گے اور اِس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ سیدنا محمد ﷺ کا مشن پورا ہورہا ہے اور عنقریب آپ کی وفات ہوجائے گی۔

چونکہ یہ سورت ہجرت کے بعد نازل ہوئی اس لیے اِس سورت کو مدنی سورتوں میں شمار کیا جاتا ہے، تو یہ سورت بالا جماع مدنی ہے اور اس میں فتح مکہ اور مشرکین کے خلاف نبی ﷺ کی نصرت کی طرف اشارہ ہے۔۔۔ تو فتح ونصرت کا مژدہ سنانے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ① وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ

جب آگئی اللہ کی مدد اور فتح ● اور دیکھا تم نے لوگوں کو کہ داخل ہو رہے ہیں اللہ کے دین میں

اَفْوَاجًا ② فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ③ ع ۱ / ۲۵

فوج فوج ● تو پاکی بولو اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور بخشش چاہو اُس کی۔۔۔ بے شک، وہ توبہ کا بہت قبول فرمانے والا ہے ●

(جب آگئی اللہ) تعالیٰ (کی مدد اور فتح) اور قبائلِ عرب کے دِلوں میں آنحضرت ﷺ کے تابع ہونے کا جوش عالمِ شباب کو پہنچ گیا۔۔۔ چنانچہ۔۔۔ ہر قبیلے کے لوگ اطراف واکناف سے آکر اور

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر مشرف باسلام ہونے لگے۔۔۔(اور) اَے محبوب!(دیکھا تم نے لوگوں کو کہ داخل ہورہے ہیں اللہ) تعالیٰ (کے دین میں فوج فوج) یعنی گروہ گروہ،(تو) خدائے کریم کا شکر ادا کرو اور (پاکی بولو اپنے رب کی حمد کے ساتھ)، یعنی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہو۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ یہ سورت نازل ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ کو جب نماز پڑھتے دیکھا تو آپ یہ بھی کہتے تھے "سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی"

(اور) ساتھ ہی ساتھ کسرِ نفسی کا مظاہرہ کرو، اور کما حقہٗ، تنزیہہ و تسبیح اور تحمید و تہلیل نہ کرسکنے پر (بخشش) اور مغفرت (چاہو اُس کی)۔۔یا۔۔مغفرت طلب کرو امت کے گناہوں کی۔(بےشک وہ توبہ کا بہت قبول فرمانے والا ہے) صدقِ دل سے مغفرت چاہنے والوں کی۔

سورۃ النصر ۔۔۔ ﴿ ۶ رمحرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

---

محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱ رنومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَةُ اللَّهَب

سُوْرَةُ اللَّهَب ۱۱۱ مکیۃ ۶ — آیاتہا ۵ رکوعہا ۱

سورۃ اللھب۔۔ ۱۱۱ مکیہ ۶     آیاتہا ۵۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی سورہ کی آیت ا سے ماخوذ ہے۔ 'سورۂ نصر' میں اسلام کے عہد فتح و کامرانی کا ذکر ہے اور 'سورۂ لہب' میں بے بسی کے زمانہ کا بیان ہے، اِس طرح 'سورۂ نصر' کے بعد 'سورۂ لہب' کی ترتیب عہدِ فتح و کامرانی میں عہدِ بے کسی کی یاد دلاتی ہے، اور یہ چیز شکرِ الٰہی اور یادِ الٰہی کی بڑی زبردست محرک ہے۔ اور ہونا بھی یہی چاہیے کہ عہدِ عروج میں اپنی بے بسی کا زمانہ یاد کرے۔

یہ تصور بہت سے انسانی اور اخلاقی محاسن کا سرچشمہ ہے اور انسان کو فتح و کامرانی کے گھمنڈ سے بچاتا ہے۔ یہ فوائد امت کے لیے ہیں۔ رسول کی شانِ اقدس اِن باتوں سے بالاتر ہے کیونکہ وہ معصوم ہیں، تمام ایمانی و اخلاقی محاسن کا مجموعہ ہیں، اور ہر کبر و غرور سے اُن کی ذات منزہ ہے، یہاں کسی انسانی کمزوری کا امکان ہی نہیں۔

اِس سورۂ مبارکہ کی شانِ نزول یہ ہے کہ جب حکمِ خداوندی ہوا کہ اَے محبوب! اپنے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

قریبی رشتہ داروں کو شرک و کفر کے انجام سے متنبہ کرو، تو آنحضرت ﷺ نے صفا پہاڑی پر چڑھ کر اُن قبائلِ قریش کو پکارا جو آپ کے قریبی رشتہ دار تھے۔ لوگ آ گئے تو فرمایا، اگر میں یہ کہوں کہ پہاڑ کے دامن میں سواروں کا ایک دستہ ہے جو تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو کیا تم اِسے مان لو گے؟ لوگوں نے کہا ہاں! کیونکہ ہمارا تجربہ یہی ہے کہ آپ ہمیشہ سچ بولے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں کہتا ہوں کہ سامنے بڑا ہی سخت عذاب ہے۔ اِتنا سننا تھا کہ ابولہب بگڑ گیا اور دونوں ہاتھ جھٹکار کر بولا "تیرا ستیاناس ہو کیا اِسی لیے ہمیں جمع کیا۔" اُس کی اِس دریدہ دہنی اور گستاخی پر یہ سورۂ پاک نازل ہوئی جس میں اُس کے بُرے انجام کی خبر دی گئی اور اس کی بیوی کی ایذاء دہی کا انجام بھی بیان فرمایا گیا۔

تو نبی کریم کے گستاخوں کے انجام سے باخبر کرنے والی اِس سورۂ مبارکہ کو میں شروع کرتا ہوں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

تَبَّتۡ یَدَاۤ اَبِیۡ لَہَبٍ وَّ تَبَّ ؕ﴿۱﴾ مَاۤ اَغۡنٰی عَنۡہُ مَالُہٗ وَ مَا کَسَبَ ؕ﴿۲﴾

برباد ہوں ابولہب کے دونوں ہاتھ، اور وہ برباد ہو چکا● نہ کام آیا اُس کے اُس کا مال، اور جو کچھ کمایا●

سَیَصۡلٰی نَارًا ذَاتَ لَہَبٍ ۚ﴿۳﴾ وَّ امۡرَاَتُہٗ ؕ حَمَّالَۃَ الۡحَطَبِ ۚ﴿۴﴾

جلد ہی جائے گا شعلہ والی آگ میں● اور اُس کی عورت۔ لکڑیوں کا بوجھ اُٹھائے●

فِیۡ جِیۡدِہَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ﴿۵﴾ ع ۱

اُس کی گردن میں رسّی ہے، کھجور کے چھال کی●

(برباد ہوں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ برباد ہو چکا)، یعنی اُس کی دُنیا و آخرت دونوں ناچیز ہو گئی۔ اِس دُعائے ہلاکت کی تاثیر کو زائل کرنے میں (نہ کام آیا اُس کے اُس کا مال اور جو کچھ کمایا)۔۔۔ اِس سے تجارت اور معاملات کے منافع مراد ہیں۔۔۔ یعنی جو کچھ اُس کے پاس ہے اور جو دیگر تجارتی منافع اُسے حاصل ہونے والے ہیں اور اُس کی اولاد اور اُس کا جاہ و منصب کوئی بھی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اُس کو ہلاکت سے بچا نہ سکا۔ یہ تو دُنیا کا معاملہ رہا، عنقریب آخرت میں (جلد ہی جائے گا شعلہ والی آگ میں) وہ بھی (اور اُس کی عورت) بھی، جس کا حال یہ ہے کہ وہ (لکڑیوں کا بوجھ اُٹھائے ہے، اور (اُس کی گردن میں رسّی ہے کھجور کے چھال کی)۔

ابولہب کی بیوی کا نام ام جمیل تھا جو حرب کی بیٹی تھی۔ اُس کے تعلق سے مختصر قصہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ اُس کا گھر رسول اللہ ﷺ کے پڑوس میں تھا۔ وہ دن بھر کانٹے دار لکڑیوں کے بوجھ جمع کرتی اور رات کو لاتی اور رسولِ کریم ﷺ کی راہ میں ڈال دیتی تاکہ دامنِ مبارک میں کانٹا اٹکے۔۔یا۔۔آپ کے پائے نازک میں گڑے۔ اور حضرت نماز کے لیے باہر تشریف لاتے، تو اُن کانٹوں اور تنکوں کو اُٹھاتے اور نرمی کے ساتھ فرماتے کہ یہ کس قسم کی ہمسائیگی ہے، جس کا حق تم میرے ساتھ یہ اَدا کرتے ہو۔

اور بعضوں نے کہا کہ لکڑیاں چننا سخن چینی سے عبارت ہے کہ دو آدمیوں میں خصومت اور عداوت کی آگ لگا دیتی ہے، اور ام جمیل سخن چینی کی عادت رکھتی تھی۔۔یا۔۔جہنم کا ایندھن اُٹھانے والی تھی، اس واسطے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی عداوت کے سبب سے بارِ گناہ اُٹھاتی تھی۔۔اور۔۔بعضوں نے کہا ہے کہ حقیقت میں اپنے واسطے لکڑیاں ڈھوتی تھی جیسا کہ عرب کی عورتوں کا معمول ہے۔ ایک دن لکڑی کا گٹھا پیٹھ پر رکھے تھی تھک گئی، لکڑیوں کی رسی اُس کی گردن میں پڑی تھی، گٹھا کو ایک پتھر پر رکھ دیا کہ ستائے۔ ایک فرشتے کو حکم ہوا اور اُس نے آ کر اُس گٹھے کو پیٹھ کے پیچھے سے پتھر کے نیچے گرادیا۔ رسّی اُس کے گلے میں رہی اور پھانسی ہوگئی اور وہ کم بخت جہنم کو چل دی۔ اور حق تعالیٰ نے خبر دی کہ اُس کی گردن میں رسّی ہے کھجور کے پوست کی کہ اُس میں لکڑیاں باندھے تھی۔۔۔بعضوں نے کہا کہ دوزخ میں زنجیر مراد ہے کہ قیامت کے دن اُس کی گردن میں باندھ کر کھینچیں گے۔

اختتام سورۃ اللھب ۔۔۔ ﴿ ۶ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۱ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز چہار شنبہ ﴾ ۔۔

﴿ ۷ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۲ نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

# سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ

سورۃ الاخلاص ۔۔۱۱۲ مکیہ ۲۲ — آیاتہا ۴ ۔۔رکوعہا ۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس سورہ کے متعدد نام ہیں۔ تفسیر کبیر میں ۲۰ نام مذکور ہیں۔ اُن میں یہ چار نام بہت مشہور ہیں: ﴿۱﴾۔۔سورۃ الاخلاص۔ ﴿۲﴾۔۔سورۂ قل ھواللہ احد۔ ﴿۳﴾۔۔سورۃ الصمد۔ ﴿۴﴾۔۔سورۃ التوحید۔ اِن میں سے پہلا اور دوسرا نسبتاً زیادہ مشہور ہے۔ 'سورہ لہب' سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ابولہب کا وہ روگ جس کی وجہ سے اس نے نبی کریم کی توہین کی تھی وہ اُس کا شرک ہی تھا، تو 'سورۂ لہب' میں شرک کی مہلک بیماری کا انجام دکھایا گیا ہے، اور 'سورۂ اخلاص' میں شرک کا مکمل علاج ہے اور اِسی لیے اِس کا نام سورۂ اخلاص ہے۔

اخلاص کے معنی ہیں توحید کو خالص بنانا اور ہر طرح کی آمیزش سے بچانا۔ حقیقت میں اِس سورہ پاک سے شرک کی بیماری یک لخت فنا ہو جاتی ہے۔ اِس کی شانِ نزول یہ ہے کہ قریش کے ایک گروہ نے کہا کہ اَے محمد! "صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم" اُس خدا کی صفت بیان کرو جس کی عبادت کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو۔ اور معالم میں ہے کہ یہود کے ایک گروہ نے کہا کہ اَے ابوالقاسم! خدا کا وصف بیان کرو تا کہ تم پر ایمان لائیں، اس واسطے کہ ہم نے توریت میں اُس کی صفت لکھی دیکھی ہے اور ہم جانتے ہیں۔ تو ہمیں دیکھنا ہے کہ تمہارا بیان توریت کے مطابق ہے کہ نہیں، تو کہو کہ خدا کیا کھاتا ہے؟ کیا پیتا ہے؟ کس کی میراث اُس نے لی ہے؟ اُس کی میراث کون لے گا؟ تو یہ سورت نازل ہوئی۔

ایسی صفاتِ الٰہی اور اوصافِ خداوندی کو واضح انداز میں پیش کرنے والی سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ یَلِدۡ ۬ۙ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَ

تم کہتے رہو کہ "وہی اللہ ہی یکتا ہے● اللہ ہی بے نیاز ہے● نہ بچہ جنا۔۔ اور نہ خود جنا گیا● اور

لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

نہ اُس کا کوئی کفو ہے"●

رکوع ۲۳

تو اَے محبوب! (تم کہتے رہو کہ وہی اللہ) تعالیٰ (ہی یکتا ہے) اپنی ذات میں اور منفرد ہے

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

پنی صفات میں۔اور (اللہ) تعالیٰ (ہی بے نیاز ہے) سب سے اور وہ نیاز مندوں کی پناہ ہے۔نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے۔باقی ہے، کہ ہرگز فنا اور نیست نہ ہوگا۔

ماوردی نے کہا کہ **صَمَد** وہ ہے کہ جو کچھ چاہے کرے۔عین المعانی میں حضرت امام علی بن موسیٰ رضی اللہ عنہ سے نقل ہے کہ **صَمَد** وہ ہے جس کی کیفیت پر اطلاع پانے سے عقلیں ناامید ہوں۔

**(نہ بچہ جنا)** یعنی نہ پیدا کیا اُس نے کسی کو۔۔۔یہ یہود کا رَد ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ عزیر علیہ السلام اُس کے بیٹے ہیں۔۔نیز۔۔یہ نصاریٰ کا رَد ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ عیسیٰ ابن مریم خدا کے بیٹے ہیں۔۔۔**(اور نہ خود جنا گیا)**۔۔الختصر۔۔وہ نہ والد ہے نہ مولود اور ممکنات کی صفات سے مجرد اور منزہ ہے۔**(اور نہ)** ہی **(اُس کا کوئی کفو ہے)** جو اُس کا ہمسر ہو، کیونکہ کوئی شخص اُسی کو بیوی بناتا ہے جو اُس کی کفو ہو اور اُس کی ہم پلہ ہو۔اِس کائنات میں کوئی بھی خدا کا ہم پلہ نہیں تو وہ کسی کو بیوی کیسے بنائے گا۔۔۔اس سے اُن مشرکین کا رَد ہو گیا جو بتوں کو اللہ تعالیٰ کا ہمسر مانتے ہیں۔

۔۔الحاصل۔۔'سورۂ اخلاص' انسان کو ہر طرح کے شرک، بت پرستی، تثلیث، نظریہ اہرمن، اور فلاسفہ کے مشرکانہ خرافات، سے نکال کر توحید کو کس بلندی پر پہنچاتی ہے اور کیسا خالص موحد اور حقیقی خدا پرست بناتی ہے، اِسی لیے اِس کا نام 'سورۂ اخلاص' اور 'سورۂ توحید' بھی ہے۔اِس کی تعلیم وہدایت نے تمام دُنیا پر بہت ہی بڑا احسان کیا کہ مشرکانہ خرافات اور توہم پرستیاں جو خدا شناسی اور خود شناسی کی راہ میں خلیج اعظم ہیں، اُن کی جتنی بھی صورتیں ہیں سب کا استیصال فرما کر انسان کو خدا شناس اور خود شناس بنا دیا۔

**سورۃ الاخلاص** ۔۔۔ ﴿ ۷؍محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۲؍نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

---

﴿ ۷؍محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔مطابق۔۔ ۲۲؍نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

# سُورَةُ الفَلَق

سُورَةُ الفَلَقِ ۱۱۳ مدنیۃ ۲۰ | آیاتہا ۵ رکوعہا ۱

سورۂ الفلق ۔۔۱۱۳ مدنیہ ۲۰ | آیاتہا ۵ ۔۔رکوعہا ۱

اِس سورہ کا نام اِسی کی پہلی آیت سے ماخوذ ہے۔روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک یہودی تھا لبید ابن اعصم، اُس نے اور اُس کی لڑکیوں نے مل کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا تھا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

جادو خطرناک تھا مگر حضور کا بال بیکا نہ ہو سکا، صرف اتنی بات ہوئی کہ آپ بیمار سے ہو گئے، جس پر 'سورہ الفلق' اور 'سورہ الناس' کا ایک ساتھ نزول ہوا۔

اللہ نے آپ کو اطلاع دی کہ لبید اور اُس کی لڑکیوں نے آپ پر جادو کیا ہے، اور یہ عمل آپ کی داڑھی کے بالوں اور کنگھی کے دندانوں پر کیا ہے، اور یہ سب چیزیں کھجور کے گابھے کے بنے ہوئے ڈھکن میں رکھ کر بنی زریق کے کنویں میں ڈال دی گئی ہیں۔ مسند عبد بن حمید میں یہ تفصیل ہے کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیج کر یہ چیزیں منگوائیں۔ اُن میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں۔ حضور نے فرمایا کہ اِن سورتوں کی ایک ایک آیت پڑھتے جاؤ اور گرہ کھولتے جاؤ۔ دونوں سورتوں میں مجموعی آیتیں گیارہ ہیں۔ حضرت علی نے تعمیل کی اور جادو کا اثر بالکل ختم ہو گیا۔

بعض روایتوں میں یہ تفصیل بھی ہے کہ اُن سامانوں میں ایک تانت بھی تھی جس میں گیارہ گرہیں لگی ہوئی تھیں اور اُن میں سوئیاں چبھوئی گئی تھیں۔ اِس مقام پر یہ ذہن نشین رہے کہ حضور پر جادو کا اثر ایسا نہیں پڑا تھا کہ ہوش و حواس متاثر ہو جاتے، محض اتنا اثر پڑا تھا کہ آپ بیمار سے ہو گئے تھے۔ اُس سے فریضہء نبوت کی ادائیگی میں کسی طرح کا کوئی خلل نہیں پڑا تھا۔ کفار ازراہِ طنز جو رسولِ کریم کو مسحور کہتے تھے، اُس سے مراد ایسا سحر زدہ ہے جو سحر کے اثر سے عقل و ہوش کھودے اور مجنون ہو جائے، اور اِس طرح کے سحر کا اثر نبی کریم پر کبھی نہیں ہو سکتا۔

اوپر نبی کریم پر جس سحر کا ذکر ہے اُس کا اثر نبی کی ذات پر اُس نوعیت کا نہیں پڑا جس سے نبی اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھیں۔ اب جو لوگ اِس بات کے قائل ہیں کہ نبی پر جادو کا اثر ہو ہی نہیں سکتا، اُن کی مراد اگر یہ ہے کہ ایسا اثر جو نبی کو مجنون بنا دے تو بات بالکل صحیح ہے۔ اور اس کو مان لینے کی صورت میں بھی اِس بات کو ماننے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ نبی پر بھی جادو کا ہلکا اثر ہو سکتا ہے، ایسا اثر جو نبی کو مجنون و مفتور العقل نہ بنا دے۔

سابق سورہ یعنی 'سورۃ اخلاص' سے اِس کا ربط یہ ہے کہ 'سورہ اخلاص' میں جو حقائق مضمر ہیں اُن میں سے ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کسی سے رشتہ ناتہ نہیں، کیونکہ نہ کوئی اُس کی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ جب اللہ کا کسی سے رشتہ نہیں تو ہم کو اُس سے کس قسم کا تعلق ہے؟ اِس کا جواب 'سورہ فلق' اور 'سورۂ ناس' میں ہے جو ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں، کہ یہ تعلق ربوبیت اور چارہ سازی کا ہے۔ وہی سب کا رب ہے، اور وہی سب کا

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

چارہ ساز ہے۔اور ظاہر ہے کہ ربوبیت کا تعلق خون کے رشتے سے کہیں زیادہ محکم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ربوبیت ہر ہر لحہ ہماری پرورش کررہی ہے، اور اِس طرح کہ ہر حالت کی رعایت ہے اور ہر ضرورت کا لحاظ ہے۔کیا خون کے رشتے میں ایسی پرورش کا تصور بھی کیا جاسکتا ہے؟

اللہ تعالیٰ کی چارہ سازی اور بیکس نوازی کو ظاہر فرمانے والی اِس سورۂ مبارکہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

---

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِۙ ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَۙ ﴿۲﴾

دُعا کرو کہ" پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی ● اُس کی مخلوق کے شر سے ●

وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَۙ ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِۙ ﴿۴﴾

اور اندھیرا کرنے والے کے شر سے، جب چھپ گیا ● اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے ●

وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع ۱ ۵ ۲۸

اور حسد کرنے والے کے شر سے، جب اُس نے حسد کیا" ●

تو اَے محبوب! (دُعا کرو کہ پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی ● اُس کی مخلوق کے شر سے)، یعنی میں صبح کے پیدا کرنے والے کی پناہ لیتا ہوں، کیونکہ جو ذات رات کے اُس شدید اندھیرے کو اِس جہاں سے زائل کرنے پر قادر ہے۔وہ ذات پناہ طلب کرنے والے سے اُس چیز کو زائل کرنے پر قادر ہے جس سے وہ ڈر رہا ہے اور خوفزدہ ہے۔

ویسے بھی صبح کا وقت بہت سعادت اور استجابت کا وقت ہے۔اُس وقت رات اور دن کے فرشتے جمع ہوتے ہیں اس لیے اُس وقت پناہ طلب کرنے والے کی قبولیت زیادہ متوقع ہے۔۔۔نیز۔۔۔یہ اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دُعا کرنے اور استغفار کرنے کا وقت ہے اور اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرنے کے بہت مناسب ہے۔آخر کس چیز سے پناہ؟ اُس کی بنائی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ہوئی ہر چیز کے شر سے جیسے موذی آدمی، جن، درندے، وحشی جانور اور سانپ بچھو وغیرہ کے شر سے۔۔۔

**(اور اندھیرا کرنے والے کے شر سے جب چھپ گیا)** یعنی آفتاب کے شر سے جب وہ غروب کرے جب کہ اندھیری رات اپنی تاریکیوں کے ساتھ آجاتی ہے۔ **(اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے)** یعنی اُن عورتوں کے شر سے جو جادو کے کلمے کہتی ہیں اور پھونکتی ہیں گرہوں میں۔۔۔

اِس سے لبید بن اعصم یہودی کی بیٹیاں مراد ہیں۔ گو آیت کا نزول اُنہیں کے تعلق سے ہوا تھا لیکن عمومِ لفظ کے لحاظ سے ہر ایسی ذات مراد ہے جو جادو کرتی ہو اور اس کے لیے پھونک مارتی ہو، وہ عورت ہو۔۔یا۔۔مرد۔ چونکہ عورتیں اِس کام میں زیادہ حصہ لیتی ہیں خواہ خود جادو کریں۔۔یا۔۔کسی سے کرائیں۔ عہدِ رسالت میں لبید کی لڑکیوں ہی نے یہ حرکت کی تھی۔۔الغرض۔۔حق تعالیٰ ہم کو اُن سب کے شر سے بچائے۔۔۔

**(اور)** خاص طور پر **(حسد کرنے والے کے شر سے)** محفوظ رکھے **(جب)** کہ **(اُس نے حسد کیا)**، یعنی اُس کے موافق عمل کیا اس واسطے کہ اگر چھپائے تو وہ خود اپنے حسد کے ضرر کا شکار ہو جائے۔

اِس سے یہود مراد ہیں جو آنحضرت ﷺ پر حسد رکھتے تھے۔ حق تعالیٰ نے اِس سورت میں جن جن بُرائیوں کا ذکر فرمایا ہے، اُس میں 'حسد' کے ذکر پر اِس سورت کو تمام فرمایا ہے، کیونکہ یہ ذکر کردہ صفات میں سب سے بُری صفت ہے۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ اگر 'حسد' کی بُرائی سے زیادہ بُری چیز عالَم میں ہوتی تو یہ سورت اُس پر ختم ہوتی۔ پہلی خطا جو آسمان پر ابلیس سے ہوئی، وہ حضرت آدم علیہ السلام پر ابلیس کا حسد تھا۔ اور پہلا گناہ جو زمین پر صادر ہوا وہ ہابیل پر قابیل کا حسد تھا۔

[redacted] ۲۲ نومبر ۲۰۱۲ء۔۔۔ مطابق ۔۔۔ ۷ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔۔ اختتام سورۃ الفلق

۷ محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔۔ مطابق ۔۔۔ ۲۲ نومبر ۲۰۱۲ء بروز [redacted]

## سُوْرَۃُ النَّاسِ

سورۃ النّاس ۔۔۔ ۱۱۴ مدنیۃ ۲۱

آیاتہا ۶ ۔۔۔ رکوعہا ۱

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

اِس سورۂ مبارکہ میں پانچ مرتبہ **النَّاس** کا لفظ ہے اور ہر جگہ **النَّاس** سے مراد الگ الگ ہے جیسا کہ انشاء المولیٰ تعالیٰ اِس کا ذکر آگے آئے گا۔ اِس کی شانِ نزول وہی ہے جو سورۃ فلق کی ہے۔ اپنی سابق سورہ سے اِس کا ربط بالکل ظاہر ہے کہ دونوں میں اللہ سے پناہ مانگنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔ اِسی لیے دونوں کو مُعَوِّذَتَین کہتے ہیں۔ خیال رہے کہ مُعَوِّذَتَین میں واؤ کو کسرہ ہے فتحہ نہیں، یعنی زیر ہے زبر نہیں۔ دونوں سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئیں۔ اِس سورۂ پاک میں تعلیم دی گئی ہے کہ:

﴿۱﴾۔۔شیطانی وسوسے کے شر سے اور بُرے خیالات سے اللہ کی پناہ مانگو۔

﴿۲﴾۔۔انسان کے دِل میں جو شیطانی وسوسے آتے ہیں اُن کے محرک جناتی اور انسانی دونوں قسم کے شیطان ہیں۔

﴿۳﴾۔۔شیطانی وسوسہ سے اللہ کی پناہ لینے کے لیے اللہ کو ان تین ناموں سے یاد کرو۔ پہلا **رَبِّ النَّاس** یعنی تمام انسانوں کا رب۔ دوسرا **مَلِكِ النَّاس**، یعنی تمام انسانوں کا بادشاہ، تیسرا **اِلٰهِ النَّاس**، یعنی تمام انسانوں کا معبود۔

'سورۂ فلق' میں تمام مخلوقات کے شر سے بچنے کا طریقہ بتایا گیا ہے، اس لیے یہ سورتِ پاک تمام دینی اور دُنیوی مضرتوں سے بچنے کے لیے جامع استعاذہ ہے۔ اور 'سورہ الناس' میں سینہ کو شیطانی وسوسہ اور بُرے خیالات سے بچانے کے لیے اللہ کی پناہ میں آنے کا طریقہ بتایا گیا ہے، اس لیے یہ سورۂ پاک تمام دینی اور دُنیوی مضرتوں سے بچنے کے لیے مرکزی استعاذہ ہے، کہ جب بُرے خیالات ہی دینی اور دُنیوی مفاسد کے محرک اور ہر بُرائی کا سرچشمہ اور مرکز ہیں تو اُس سے بچنے کے لیے جو استعاذہ ہے وہ مرکزی اور بنیادی ہے۔

تمام ہدایات مِل جانے کے بعد آخری بات یہی ہے کہ دِل اور سینہ کی حفاظت کرو۔ سینہ پاک ہے تو زندگی میں نکھار ہے نہیں تو زندگی میں پاکیزگی آہی نہیں سکتی۔ سینہ کیسے پاک ہو؟ خیالات کو پاکیزہ بناؤ، سب کچھ کرنے کے بعد اِس راہ میں آخری کام یہی ہے کہ اللہ سے دُعا مانگو کہ الٰہی، ہمارے سینہ کو شیطانی وسوسہ اور بُرے خیالات سے پاک کردے۔

حیاتِ بشری کا جو بہترین نظام ہوسکتا ہے اُس کا آخری باب یہی ہے۔ اسی لیے 'سورہ الناس' جو اس قسم کی بہترین دُعا ہے قرآن مجید کی آخری سورہ ہے، اور اسی پر قرآن مجید کا اختتام ہوا ہے۔۔۔ اِس مرکزی اور بنیادی استعاذہ کو شروع کرتا ہوں میں۔۔۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا

(نام سے اللہ) تعالیٰ (کے) جو (بڑا) ہی (مہربان) ہے اپنے سارے بندوں پر اور مؤمنین کی خطاؤں کا (بخشنے والا) ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳

دُعا کرو کہ "پناہ لی میں نے سب لوگوں کے رب ● سب کے بادشاہ ● ہر ایک کے معبود کی ●

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۥ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ

وسوسہ ڈالنے والے۔۔دبک جانے والے کے شر سے ● جو وسوسہ ڈالتا ہے

صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

لوگوں کے سینوں میں ● جن وانسان سے" ●

(دُعا کرو کہ پناہ لی میں نے سب لوگوں کے رب)، بالخصوص بچوں کے رب۔۔ربوبیت کے معنی یعنی پرورش اُس پر دلالت کرتی ہے۔۔(سب کے بادشاہ)، بالخصوص جوانوں کے بادشاہ۔۔۔ اُس کی طرف لفظ مَلِك اشارہ کرتا ہے کہ قہر اور سیاست کی دلیل ہے اور یہ جوانوں پر ہوتی ہے۔۔۔ (ہر ایک کے معبود کی) بالخصوص بوڑھوں کے، اور اِلٰہ کا اسم کہ آگاہ کرنے والا ہے طاعت اور عبادت سے اس کے مناسب ہے کہ بوڑھاپا عبادت کرنے کا وقت ہے۔۔الحاصل۔۔میں نے پناہ لی اللہ تعالیٰ کی (وسوسہ ڈالنے والے) جس وقت بندہ یادِ الٰہی سے غافل ہو، اور (دبک جانے والے) جب بندہ ذکرِ الٰہی کرنے لگے، (کے شر سے ● جو وسوسہ ڈالتا ہے) نیک (لوگوں کے سینوں میں ● جن) ا(و) ر مفسد (انسان سے)۔

یہ اللہ کا بہت بڑا کرم ہے کہ دِل میں وسوسہ ڈالنے والا پیچھے ہٹنے پر مجبور بھی ہوتا ہے، اِسی لیے قرآن وسوسہ ڈالنے والے کو اَلْخَنَّاس کہتا ہے جس کے معنی ہیں، "پیچھے ہٹنے کا خوگر۔" یہ کس طرح پیچھے ہٹتا ہے؟ اللہ کو یاد کرو اور اُس کے ذکر میں لگ جاؤ، اِتنا کرو تو وہ پیچھے ہٹ جائے گا۔

حدیث پاک میں ہے کہ "جیسے چڑھیا بیٹھتی ہے اُسی طرح شیطان آدمی کے دِل پر

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

بیٹھتا ہے۔ آدمی جب اللہ کا ذکر کرتا ہے تو شیطان ہٹ جاتا ہے، اور غافل رہتا ہے تو وسوسہ پیدا کرتا ہے"۔۔۔

یہ تو سب جانتے ہیں کہ دِل میں بُرا خیال ڈالنا شیطان کا کام ہے، لیکن یہ شیطان ہے کون؟ قرآن مجید فرماتا ہے کہ یہ جناتی شیطان بھی ہے اور بشری شیطان بھی۔ بشری شیطان اپنی گفتگو اور تحریر وغیرہ سے دِلوں میں ناپاک خیالات پیدا کیا کرتے ہیں۔ اس کے بہت سے شعبے ہیں۔۔ مثلاً: ملحدانہ لٹریچر، فحش مضامین، عریاں تصاویر، کردار واخلاق کو بگاڑنے والے ناول، افسانے اور رسالے، عقائد سے برگشتہ کرنے والی جادو کلامی، پیٹ اور روٹی وغیرہ کا مسئلہ رکھ کر ایمان سے محروم کر دینے والی سحر بیانی، زنا، شراب، اور رقص و سرود وغیرہ کی ترغیبات، اور نفسانی ہیجان پیدا کرنے والے ٹیلی ویژن، فوٹو وغیرہ وغیرہ۔

اختتام سورہ الناس ۔۔۔ ﴿ ۷/محرم الحرام ۱۴۳۴ھ ۔۔ مطابق ۔۔ ۲۲/نومبر ۲۰۱۲ء، بروز پنجشنبہ ﴾ ۔۔

---

مولیٰ تعالیٰ سارے مؤمنین و مؤمنات اور مسلمین و مسلمات کو ہر طرح کے شیاطین کے شر سے محفوظ رکھے۔

آمین یَامُجِیْبَ السَّائِلِیْنَ بِحَقِّ طٰهٰ وَ یٰسٓ، بِحَقِّ نٓ وصٓ، بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حَامِداً وَمُصَلِّیاً وَمُبَسمِلاً

# تهدية

﴿۱﴾۔۔والدِ محترم، مخدوم الملت ابوالمحامد سید محمد اشرفی جیلانی محدث اعظم ہند قدس سرہ العزیز۔۔ کے نام۔

﴿۲﴾۔۔والدۂ محترمہ، سیدہ فاطمہ خاتون بنت سلطان العرفاء، فرزندِ اکبر شبیہ غوث الثقلین، مولانا سید احمد اشرف علیہم الرحمۃ والرضوان۔۔ کے نام۔۔ جن کی جاندار تعلیم وتربیت نے اِس خدمت کے لائق بنایا۔

﴿۳﴾۔۔پیرومرشد، پروردۂ چہار محبوباں، ابوالمسعود سید مختار اشرف اشرفی جیلانی، سجادہ نشین سرکارِ کلاں قدس سرہ العزیز۔۔ کے نام۔۔ جن کی نیک دُعاؤں اور روحانی تصرفات کا یہ ثمرہ ہے۔

﴿۴﴾۔۔اپنی اہلیہ مرحومہ سیدہ شمیمہ خاتون۔۔ کے نام۔۔ تفسیرِ اشرفی کی تکمیل اُن کے دل کی ایسی تمنا تھی کہ اپنے انتقال سے ۲ دوروز پہلے میرے پاس پیغام بھیجا کہ "مولانا سے کہہ دو کہ میری فکر نہ کریں اور ذہن کی یکسوئی کے ساتھ تفسیرِ اشرفی کی تکمیل کی کوشش میں لگے رہیں، انشاء اللہ تعالیٰ میں تو اچھی ہو ہی جاؤں گی" ۲ دوروز کے بعد مجھ پر ظاہر ہوا کہ اُس اچھے ہونے کا مطلب کیا تھا۔

بارگاہِ خداوند کریم میں دُعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ اِس تفسیر کو سب کے لیے فیض بخش بنائے، اور اِس خاکسار کے لیے توشہ آخرت قرار دے۔ اور اُن سب کے لیے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے اور اُن کے سارے اصول وفروع، آباء واجداد، اولاد و بنات، خواہران وبرادران، اساتذہ ومشائخ اور اعزہ واقارب کے لیے صدقہ جاریہ بنادے۔

فقط

۔۔ طالبِ دُعا ۔۔ محمد مدنی اشرفی جیلانی غفرلہ

فقیر اشرفی، گدائے جیلانی ابوالحمزہ **محمد مدنی** اشرفی جیلانی غفرلہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

حامداً ومصلیاً و مبسملاً

# اِظہارِ تشکر

ربِ تعالیٰ کا احسان ہے کہ قرآنِ مجید وفرقانِ حمید کی تفسیر بنام 'سید التفاسیر المعروف بہ تفسیرِ اشرفی' جس کا آغاز ﴿۸/رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ۔۔مطابق۔۔۱۳/اکتوبر ۲۰۰۵ء﴾ کو دوسرے پارے سے کیا گیا تھا، پارہ پارہ کرکے آج توفیقِ الٰہی سے اختتام کو پہنچی۔ الحمد للہ! والدِ بزرگوار مخدوم الملت حضور محدثِ اعظم قدس سرہ کے تفسیر شدہ پہلے پارے کے ساتھ، تین تین پارے فی جلد کرکے اب تک نو۹ جلدیں شائع بھی ہوچکی ہیں اور اب انشاءاللہ دسویں جلد طباعت کے لیے تیار ہے۔ تفسیر قلمبند ہونے کے ساتھ ساتھ بغیر کسی رکاوٹ کے نہایت ہی احسن طریقے سے اشاعتی مراحل سے بھی گزرتی رہی، یہ توفیق الٰہی اور اُن بزرگانِ دین واحباب، جنہوں نے مجھے اپنی دُعاؤں میں یاد رکھا، کی دُعاؤں کا ثمرہ ہے، جس کے لیے ربِ تبارک وتعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے کہ اُس نے اپنے نبی محترم ورسولِ مکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے وسیلہء جلیلہ کے طفیل مجھ فقیرِ اشرفی وگدائے جیلانی کو اپنی کتاب، قرآنِ کریم کی خدمت کی یہ عظیم سعادت بخشی۔ تفسیرِ ھٰذا کی اشاعت وطباعت کے سلسلے میں جن احباب واصحابِ علم وفن کی خدمات بہ استقامت شاملِ حال رہیں اُن کو بھی ہدیہ تشکر پیش کرنا ضروری ہے۔

دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق متنِ تفسیر کی کمپوزنگ، صفحات میں بذریعہء کمپیوٹر عربی اردو عبارت کو خوبصورتی سے رکھنا اور سرِ ورق کی تزئین وغیرہ کے لیے منصور احمد اشرفی سلمہ (نیویارک، امریکہ) کی انتھک محنت قابلِ صد ستائش ہے کہ امریکہ میں پیدائش اور اردو زبان سے ناواقفیت کے باوجود اِس اہم کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ ۱۴ سال کی عمر میں پہلے پارے کی تفسیر اور پھر ۱۸ سال کی عمر میں دوسرے پارے سے لے کر اختتام تک یہ محنت امریکہ میں اپنی تعلیم وغیرہ کے ساتھ ساتھ جاری رکھنا، قرآن، صاحبِ قرآن اور اپنے شیخِ طریقت سے محبت کا بھرپور ثبوت ہے۔ اللہ تعالیٰ منصور احمد اشرفی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سلمہ کو جزائے خیر اور دین و دُنیا کی کامیابی و کامرانی عطا فرمائے اور دینِ متین کی بیش از بیش خدمت کی توفیقِ رفیق مرحمت فرمائے۔

کسی بھی کتاب کی کتابت اور خاص طور پر دورِ حاضر میں ہونے والی کمپوزنگ کو جب تک عمیق نظروں سے نہ گزارا جائے وافر مقدار میں اغلاط کا پایا جانا کوئی تعجب کی بات نہیں۔ عام طور پر تقریباً ہر کتاب میں اور خاص طور پر کتب تفاسیر میں یہ مرحلہ نہایت نازک اور غور طلب ہوتا ہے۔ علامہ مفتی محمد ایوب صاحب اشرفی (بولٹن، برطانیہ) نے اپنی مسجد و مدرسہ کی مصروفیات سے اپنا قیمتی وقت نکال کر جب کئی مرتبہ کے پروف شدہ متنِ تفسیر کا عالمانہ و محققانہ انداز میں بالاستیعاب جائزہ لیا تو تفسیر کی کمپوزنگ کو اغلاط سے حتی الامکان پاک صاف فرما دیا۔ مولانا محمد ایوب صاحب اشرفی کی محنت کو تفسیرِ اشرفی سے کبھی جدا نہیں کیا جا سکتا۔ آپ دل کی گہرائیوں سے شکریہ کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم و فضل میں ترقی عطا فرمائے۔

کتاب کو تمام تر مراحل سے گزار کر طباعت کے مرحلے کے لیے تیار کر دینے کے باوجود اگر اس آخری مرحلے میں ذرا سی بھی فروگزاشت روا رکھی جائے تو ایک خوبصورت کتاب قاری کے ہاتھ میں نہیں پہنچ پاتی۔ امریکہ سے تفسیری جلد پر کام مکمل ہو کر سی ڈی کی صورت میں جب سید شوکت علی صاحب اشرفی (کرجن، گجرات) کو موصول ہوتا تھا تو آپ اپنی بالغ نظری، کفایت شعاری، کاغذ کے چناؤ، پرنٹرز کی دیکھ بھال سے اور اپنے معاونین، مولانا ساجد اشرفی، مولانا عبدالرزاق اشرفی، جناب خالد اشرفی اور دوسرے احباب کو اُن کی صلاحیتوں کے مطابق کام بانٹ کر چند ہی دنوں میں ایک خوبصورت مجلد کتاب سامنے لاتے رہے۔ تفسیر اشرفی کی طباعت وغیرہ کے تعلق سے ہندوستان میں آپ کی اور آپ کے معاونین کی خدمات قابلِ تحسین اور شکریہ کے لائق ہیں جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام مذکورہ و غیر مذکورہ معاونین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔

رہ گئے برادرِ طریقت محمد مسعود احمد سہروردی اشرفی سلمہ، تو انہیں تفسیرِ ھٰذا کی خدمت کے کس ایک مرحلے میں رکھا جائے، اِس کا فیصلہ کرنا مشکل ہے۔ لہٰذا مجموعی طور پر یوں کہیے کہ اِس تفسیرِ قرآن کے محرک وہی ہیں۔ کس کام کو کس انداز میں کرنا ہے اور کس سے کیا کام لینا ہے، یہ فن انہی کا حصہ ہے۔ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ کام لینا اور کرنا اُن کی طبیعتِ ثانیہ اور دین کے کام کاج کے دوران

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

آرام سے نہ بیٹھنا اُن کی عادت ہے۔ تفسیرِ قرآن کے تعلق سے ہمارا کام تو پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا مگر اُن کا کام ابھی جاری ہے کیونکہ وہ معارف القرآن اور تفسیرِ اشرفی کو انگریزی زبان میں لانے کے خواہشمند ہیں۔ اللہ رب العزت اُن کی صحت اور عمر میں برکت عطا فرمائے۔ اِس محنت کو اُن کے لیے، اُن کے اہل خانہ اور اہلِ خاندان کے لیے توشۂ آخرت بنائے۔

جب اِظہارِ تشکر کی بات آتی ہے تو تمامی احباب جنہوں نے کسی بھی انداز میں تفسیرِ ھٰذا کی خدمت انجام دی، چاہے وہ تکمیلِ تفسیر اور میری صحت کے لیے دُعا ہی ہو، کا ذکرِ خیر ضروری ہے۔ لہٰذا اِسی جلد میں "عرضِ ناشر" کے تحت جن احباب واصحاب کو فرداً فرداً یاد کر کے اُن کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے میں اُن سب کا نا صرف شکر گزار ہوں بلکہ اُن جمیع معاونین کے لیے صمیمِ قلب سے بدستِ دُعا ہوں کہ مولیٰ کریم اُن سب کو صحت وعافیت سے رکھے اور آخرت میں اجرِ عظیم سے سرفراز فرمائے۔ آمین!

فقط

-- طالبِ دُعا --

فقیر اشرفی، گدائے جیلانی ابوالحمزہ **محمد مدنی** اشرفی جیلانی غفرلہ

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

# تشریحِ لغات

--- ﴿۱﴾ ---

**اِتباع:** پیروی۔

**اَثنائے راہ:** راستے میں جاتے ہوئے، منزل کی جانب۔۔ سفر کے دوران۔

**اِجتناب:** کنارہ کشی۔۔علیحدگی۔۔پرہیز۔

**اَجداد(جدکی جمع):** باپ دادا۔۔پرکھے۔

**اَجرام(جرم کی جمع):** ستاروں اور جواہرات کے جسم۔

**اَجل:** موت۔۔مرگ۔۔قضا۔

**اِجمالی:** مختصر۔۔سرسری۔

**اَحبار و رہبان:** یہودیوں اور نصرانیوں کے علماء۔

**اِحتراز:** پرہیز۔۔کنارہ کشی۔۔علیحدگی۔

**اِخفاء:** پوشیدہ کرنا۔۔چھپانا۔

**اِدراک:** عقل۔۔فہم۔۔رسائی۔

**اِذن:** اجازت۔

**اِرتباط:** ربط۔۔تعلق۔

**اِرتکاب(کوئی غلط یا ناجائز):** کام کرنا۔

**اِزدیادِ نعمت:** نعمت کی زیادتی اور کثرت۔

**اِستجابت:** التجا کو سننا اور قبول کرنا۔

**اِستحضار:** یاد۔۔یادداشت۔

**اِستحقاق:** مستحق ہونا۔۔سزاوار ہونا۔

**اِستدعا:** خواہش۔۔درخواست۔۔التجا۔

**اِستعاذہ:** پناہ چاہنا۔۔پناہ حاصل کرنا۔

**اِستعارہ:** علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم جس میں کسی لفظ کے مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے اور بغیر حروفِ تشبیہ کے، حقیقی معنی کو مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔۔مثلاً: نرگس کہہ کر آنکھ مراد لینا۔

**اِستعداد:** لیاقت۔۔قابلیت۔۔فطری صلاحیت۔

**اِستفادہ:** فائدہ حاصل کرنا۔۔نفع اٹھانا۔

**اِستقرارِ حمل:** بچے کا ماں کے پیٹ میں پڑ جانا، قائم ہونا۔

**اِستکبار:** گھمنڈ۔۔غرور۔۔فخر۔۔شیخی۔۔زعم۔

**اِستنباط:** نکالنا۔۔چننا۔۔نتیجہ اخذ کرنا۔۔چھانٹنا۔

**اِستہزاء:** ہنسی اُڑانا۔۔ہنسی مذاق۔

**اِستیصال:** جڑ سے اکھیڑ دینا۔۔بیخ کنی۔

**اُسلوب:** طریقہ۔۔طرز۔۔روش۔

**اِشراق:** حکمت۔۔روشن ضمیر۔۔تصفیہء باطنی۔

**اصالۃً:** بذاتِ خود۔۔اس وجہ سے۔

**اِصرار:** ضد۔۔اَڑ۔

**اَصیل:** شریف۔۔نجیب۔۔عالی خاندان۔

**اِضافت:** نسبت۔۔لگاؤ۔۔میل۔

**اِضطراب:** بے چینی۔۔گھبراہٹ۔

**اِطلاق:** کہنا۔۔بولا جانا۔

**اطوار(طور کی جمع):** طریقے۔۔ڈھنگ۔

**اِعادہ:** لوٹانا۔۔دُہرانا۔۔بار بار کرنا۔

**اِعانت:** مدد۔۔سہارا۔

**اِعتراف:** اقرار کرنا۔۔تسلیم کرنا۔۔مان لینا۔

**اِفتراء:** بہتان۔۔جھوٹا الزام۔۔اپنی طرف سے گڑھی ہوئی بات۔

**اِفشاءِ حال:** حال احوال کو ظاہر کرنا، کھولنا، آشکار کرنا۔

**اکابر(اکبر کی جمع):** بڑے لوگ۔۔مقتدر آدمی۔۔بزرگ۔

**اکوان(کون کی جمع):** ہستی۔۔عالم۔۔جہان۔

**اِلتفات:** رغبت۔۔خیال۔۔دھیان۔۔متوجہ ہونا۔

**اِلقاء:** غیب سے دِل میں ڈالنا۔۔وہ بات جو خدا دل میں ڈال دے۔

**اِنابت:** رجوع۔۔واپس آنا (اللہ کی طرف) توبہ وزاری کرنا۔

**انبات:** اُگانا۔

**اِنبساط:** خوشی۔۔شادمانی۔۔کھلنا۔۔پھیلنا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**انسداد:** روک تھام۔۔بندش۔۔روکنے کا بندوبست۔
**انبعاث:** اُٹھنا۔۔کھڑا ہونا۔۔برانگیختہ ہونا۔۔روانہ ہونا۔۔بھیجا جانا۔
**انتباہ:** خبردار کرنا۔۔آگاہ کرنا۔۔وارننگ۔
**اندوہناکوں:** رنج و غم سے بھرے ہوئے۔
**انذار:** تنبیہ کرنا۔۔آگاہی۔
**انشراح:** کھلنا۔۔کشادہ ہونا۔۔واضح ہونا۔
**انقطاع:** بریدہ ہوجانا۔۔کٹ جانا۔
**انّا:** دایہ۔۔دودھ پلانے والی عورت۔
**اوامر و نواہی:** احکامات و ممنوعات۔
**اوتاد:** اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ۔
**اِہانت:** توہین کرنا۔۔ہتک۔۔ذلت۔۔بے عزتی۔
**اہوال (ہول کی جمع):** خوف وہراس۔۔خدشات۔
**ایثار:** دوسرے کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا۔
**ایما:** اشارہ۔۔منشا۔
**ایمن:** بے خوف۔۔امن دیا ہوا۔
**آزار:** دُکھ۔۔تکلیف۔۔سختی۔
**آشکارا:** ظاہر۔۔نمایاں۔۔کھلا ہوا۔۔فاش۔
**آفرینش:** پیدائش۔۔مخلوق۔۔دُنیا۔

## ﴿ ب ﴾

**بار:** تکلیف۔۔ذمہ داری۔
**بازپرس:** پوچھ گچھ ہونا۔۔تحقیقات۔۔محاسبہ ہونا۔۔مواخذہ ہونا۔
**بازگشت:** واپسی۔۔لوٹنا۔۔واپس ہونا۔۔پلٹنا۔
**باگ:** لگام۔۔عنان۔۔راس۔۔انتظام۔
**بالیدگی:** افزائش۔۔روئیدگی۔
**باور:** یقین۔۔بھروسا۔۔اعتبار۔۔اعتماد۔
**بایں جہت:** اسی وجہ سے۔
**برگشتہ:** پھرا ہوا۔۔مخالف۔۔منحرف۔۔سرکشی۔۔باغی۔
**بعث وحشر:** مرنے کے بعد زندہ ہونا اور قیامت۔
**بعث:** مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا۔
**بعید:** دُور فاصلے پر۔۔علیحدہ۔
**بقعہ:** زمین کا ٹکڑا۔۔یا۔۔حصہ۔
**بہ نظرِ غائر:** سرسری نظر سے۔
**بے باک:** شوخ۔۔شریر۔۔بے حیا۔

## ﴿ پ ﴾

**پراگندہ:** بکھرا ہوا۔
**پژمردہ:** کملایا ہوا۔۔مرجھایا ہوا۔
**پیادہ:** پیدل، جو سوار نہ ہو۔

## ﴿ ت ﴾

**تادمِ زیست:** زندگی کے آخری سانس تک۔
**تامل:** سوچ بچار۔۔فکر۔
**تاوان:** عوض۔۔جرمانہ۔۔ہرجانہ۔
**تتمہ:** بقیا۔۔بچا ہوا۔۔کسی چیز کا آخری حصہ۔
**تجاوز:** حد سے آگے بڑھنا۔۔یا۔۔گزرنا۔
**تحریص:** لالچ دینا۔۔حرص دلانا۔۔ترغیب۔
**تحریف:** بدل دینا۔۔تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا۔
**تحصیل:** حاصل کرنا۔۔جمع۔
**تحمل:** برداشت۔۔صبر۔
**تخصیص:** خصوصیت۔۔حقِ مخصوص۔
**تخفیف:** کمی۔۔گھٹاؤ۔۔افاقہ۔۔آرام۔
**تدارک:** درستی۔۔اصلاح۔
**ترغیب:** رغبت دلانا۔۔کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا۔
**ترکوں (ترکہ کی جمع):** ورثہ۔۔میراث۔۔وہ جائیداد جو انسان مرنے کے بعد چھوڑے۔
**تصرف:** قبضہ۔۔اختیار۔۔استعمال۔
**تصنع:** دکھاوا۔۔مکر۔۔فریب۔
**تطہیر:** پاک کرنا۔۔تزکیہ۔۔پاکی۔۔طہارت۔
**تعرض:** روکنا۔
**تعدیل:** برابر کرنا۔۔ٹھیک کرنا۔۔درست کرنا۔
**تعدی:** حد سے بڑھ جانا۔۔ظلم وستم۔۔جور جفا۔۔ناانصافی۔
**تعرض:** روکنا۔۔مزاحمت کرنا۔۔سامنے آنا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**تعریض:** اعتراض کرنا۔۔اشارے کنائے سے بات کہنا۔
**تغییر:** حالت بدل دینا۔۔پلٹ دینا۔۔تبدیل کرنا۔
**تفاخر:** ڈینگ مارنا۔۔فخر کرنا۔۔غرور کرنا۔
**تفہیم:** سمجھانا۔
**تقریبِ فہم:** سمجھانے کی وجہ سے۔۔بات سمجھانے کے لیے۔
**تقریب:** باعث۔۔سبب۔۔وجہ۔۔موقع۔۔محل۔
**تقویت:** طاقت۔۔قوت۔۔مدد۔
**تکاثر:** بہت مال ودولت پر فخر کرنا۔
**تکذیب:** جھٹلانا۔۔جھوٹ بولنے کا الزام لگانا۔
**تکونِ ارض:** زمین کے وجود میں آنے کے تعلق سے۔
**تکوین:** پیدا کرنا۔۔وجود میں لانا۔
**تلافی:** نقصان کا عوض۔۔پاداش۔۔بدلہ۔۔تدارک۔
**تلخابہ:** کڑوا پانی۔
**تلف:** برباد۔۔تباہ۔۔رائیگاں۔۔گم۔۔ضائع۔
**تناقض:** ایک دوسرے کی ضد۔۔یا۔۔مخالف ہونا۔
**تند:** تیز۔۔غضبناک۔۔سخت۔۔شدید۔
**تنزیہہ:** پاکی۔
**تنفر:** نفرت۔۔بیزاری۔۔کراہت۔۔گھن۔
**تونگری:** دولتمندی۔۔امارت۔۔مالداری۔
**تونگر:** دولتمند۔۔امیر۔۔مالدار۔
**تہدید:** ڈرانا۔۔دھمکانا۔
**تیرہ وتار:** بہت باریک۔۔اندھیرا گھپ۔

--- ﴿ ث ﴾ ---

**ثبات:** مضبوطی۔۔پائداری۔
**ثمن:** قیمت۔۔قدر۔
**ثوابِ ابدی:** ہمیشہ باقی رہنے والا نیک صلہ۔

--- ﴿ ج ﴾ ---

**جاڑا:** سردی۔۔ٹھنڈ۔
**جدال:** جھگڑا۔۔تکرار۔۔قضیہ۔
**جرس:** گھنٹا۔۔گھڑیال۔۔گھنٹی۔
**جرم:** جسم۔
**جزائے سرمدی:** ہمیشہ رہنے والا انعام۔۔الٰہی انعام۔
**جسارت:** حوصلہ۔۔جرأت۔۔بےباکی۔
**جلبِ منفعت:** نفع حاصل کرنا۔
**جلق:** ہاتھ کی مدد سے انزال کرنا۔۔مشت زنی۔
**جماع:** مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔۔ہم بستر ہونا۔۔مباشرت۔
**جود:** بخشش۔۔سخاوت۔۔فراخ دِلی۔۔کرم۔
**جورو:** بیوی۔۔گھر والی۔۔زوجہ۔۔رفیقۂ حیات۔
**جہت:** وجہ۔۔سبب۔۔باعث۔
**جھڑی لگا کر:** لگاتار بارش ہونا۔

--- ﴿ چ ﴾ ---

**چارہ سازِ بےچارگاں:** بےچاروں اور مجبوروں کا کام بنانے والا۔
**چومیخا:** ایک قسم کی سزا جس میں چار میخیں یعنی کیلیں گاڑ کر مجرم کے ہاتھ پاؤں اُن کے ساتھ باندھ دیئے جاتے تھے۔۔۔
**چیں بجبیں:** تیوری پر بل ڈالنا۔۔ماتھے پر شکن ڈالنا۔۔ ناراض ہونا۔

--- ﴿ ح ﴾ ---

**حاشا (حرفِ تردید):** ہرگز نہیں۔۔بالکل نہیں۔۔اِنکار اور لاعلمی کے لیے بطورِ قسم استعمال ہوتا ہے۔
**حاملین (حامل کی جمع):** کسی چیز کو لے جانے والا۔۔ بوجھ اُٹھانے والا۔
**حدوث (قدیم کی ضد):** نیا۔۔تازہ۔۔پیدائش و وجود میں آنا۔
**حرماں نصیبی:** بدقسمتی۔
**حشمت:** بزرگی۔۔عظمت۔۔مرتبہ۔
**حظ:** حصہ۔۔بخرہ۔۔لطف۔۔مزہ۔
**حلاوت:** لذت۔
**حلیف:** وہ فریق جنہوں نے ایک دوسرے کی مدد کا معاہدہ کیا ہو۔
**حمل:** مراد لے کر۔
**حوالی:** گردونواح۔۔آس پاس۔
**حیف:** ظلم وستم۔۔جبر۔۔تعدی۔
**حیلے:** بہانے۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

--- ﴿ خ ﴾ ---

**خام خیالی:** غلط گمان۔۔جھوٹا خیال۔۔وہم۔

**خصومت:** عداوت۔۔دشمنی۔۔جھگڑا۔

**خفیف الحرکاتی:** اوچھی حرکت۔۔کم ظرفی۔

**خلش:** رنجش۔۔بغض۔۔جھگڑا۔۔مناقشہ۔

**خوگر:** جسے کسی بات کی عادت پڑ گئی ہو۔

**خو:** عادت۔۔خصلت۔

--- ﴿ د ﴾ ---

**دادرسی:** فریادرسی۔۔چارہ سازی۔۔انصاف۔۔حق رسی۔

**دادخواہی:** انصاف چاہنا۔۔فریاد۔۔استغاثہ۔

**داعیہ:** خواہش۔۔مرضی۔۔

**دثارِ نبوت:** وہ کپڑا جو دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے جیسے جبّہ، چادر، وغیرہ۔

**دخول:** داخل ہونا۔۔یا۔۔کرنا۔۔خلوتِ صحیحہ۔

**دراندازی:** چوری چھپے کسی کے علاقے میں گھس جانا۔

**درآنحالیکہ:** اس صورت میں۔۔حالانکہ۔

**درخشانی:** چمک دمک۔۔روشنی۔

**درکہ:** دوزخ کا طبقہ۔

**دریدہ دہنی:** گستاخی۔۔بدزبانی۔

**دسترس:** پہنچ۔۔رسائی۔۔قدرت۔

**دغدغہ:** تشویش۔۔کھٹکا۔۔خدشہ۔

**دفعِ ضرر:** تکلیف۔۔یا۔۔نقصان کا دُور کرنا۔

**دلالت:** دلیل۔۔ثبوت۔۔علامت۔۔نشان۔

**دنایت:** کمینہ پن اور رذالت۔

**دیت:** خوں بہا۔

--- ﴿ ذ ﴾ ---

**ذمائم (ذمیمہ کی جمع):** بُرائیاں۔۔خرابیاں۔

--- ﴿ ر ﴾ ---

**راہن:** رہن کرنے والا۔۔گروی رکھنے والا شخص۔

**رجوع:** واپس ہونا۔۔مڑنا۔۔لوٹنا۔۔توجہ۔

**رطب اللسان:** بہت تعریف کرنے والا۔

**رعونت:** غرور۔۔تکبر۔۔گھمنڈ۔

**رفاقت:** دوستی۔

**رمز وکنایہ:** پوشیدگی۔۔اشارہ۔

**روسیاہ:** کالے منہ کا۔

**روضۂ خاخ:** مکہ اور مدینہ کے درمیان میں ایک جگہ کا نام ہے۔

**روئیدگی:** اُگنا۔

**رویت:** دیدار۔۔نظارہ۔

**ریگِ رواں:** اڑنے والی ریت۔۔سراب۔

--- ﴿ ز ﴾ ---

**زائل:** دُور ہونے والا۔۔کم ہونے والا۔

**زبوں حال:** بے چارگی۔۔رُسوا۔۔تباہ حال۔

**زجر وتوبیخ:** ڈانٹ ڈپٹ۔۔لعنت ملامت۔۔جھڑکی دھتکار۔

**زجر:** روک۔۔ڈانٹ۔۔ڈپٹ۔۔دھمکی۔۔تنبیہ۔

**زشت خو:** بُری عادت والا۔۔بدخصلت۔بدخو۔

**زلل:** کمی۔۔نقصان۔

**زمرہ:** جماعت۔۔گروہ۔۔حلقہ۔

**زمرے:** جماعت۔۔گروہ۔۔حلقہ۔

**زندیق:** وہ شخص جو خدا کی وحدانیت کا قائل نہ ہو۔

**زیاں کار:** نقصان اُٹھانے والا۔

--- ﴿ س ﴾ ---

**ساقط:** گرا ہوا۔۔متروک۔۔مسترد۔۔نامنظور شدہ۔

**ساق:** کنارہ۔۔درخت کا تنا۔

**سب وشتم:** گالی گلوچ۔

**سپاہ:** فوج۔۔لشکر۔

**سجع:** ایسا موزوں فقرہ۔۔یا۔۔مصرع جس کے کچھ ظاہری معنی بھی ہوں اور اُس میں کسی شخص کا نام بھی آجائے۔

**سدرمق:** قلیل۔۔تھوڑی۔۔اتنا کھانا کہ زندگی قائم رہ سکے۔

**سُدھ:** پرواہ۔۔فکر۔۔خیال۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

سڈول: متناسب۔۔زیبا۔۔موزوں۔۔خوشنما۔
سراسیمہ: حیران۔۔پریشان۔۔گھبرایاہوا۔
سرپوش: وہ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں۔۔ڈھکنا۔
سرتابی: سرکشی۔۔نافرمانی۔۔حکم عدولی۔۔بغاوت۔
سرزنش: ملامت۔۔برا بھلا کہنا۔
سرگذشت: قصہ۔۔داستان۔۔حکایت۔
سرنگوں: شرمندہ۔۔خجل۔
سزاوار: لائق۔۔مناسب۔۔واجب۔
سعید: نیک۔۔بھلا۔۔نیک بخت۔
سفاہت: کمینہ پن۔۔رذالت۔
سن: عمر۔۔مقدارِ عمر۔۔سال۔۔برس۔
سوخت: جلن۔۔سوزش۔۔تکلیف۔
سوزش: جلن۔۔تکلیف۔
سہل: آسان۔
سینت: ناحق جمع کرنا۔۔جوڑنا۔

--- ﴿ ش ﴾ ---

شادکامیوں (شادکام سے): بامراد۔۔کامیاب۔۔خوش حال۔
شاق: مشکل۔۔دشوار۔۔دُوبھر۔۔ناگوار۔
شاہدعدل: سچے گواہ۔
شرر: آگ کی چنگاریاں۔
شقاوت: بدبختی۔۔بدنصیبی۔۔بدمعاشی۔۔سنگ دلی۔
شقی: بدبخت۔۔سنگ دل۔
شگاف: دراڑ۔۔جھری۔۔سوراخ۔
صادر: جاری ہونے والا۔۔نکلنے والا۔۔نافذ۔
صائب: رَسا۔۔پہنچنے والا۔۔درست۔۔ٹھیک۔
صدف: سیپ۔۔ایک قسم کا سمندری گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے۔
صعب: سخت۔۔دشوار۔۔کٹھن۔۔تکلیف دہ۔
صعوبتوں: سختی۔۔مشکلات۔۔مصیبتیں۔۔دقتیں۔
صغرسنی: کم عمری۔۔چھوٹی عمر۔
صفات قبیحہ: بُری عادتیں۔۔نازیبا حرکتیں۔

صلاح: نیکی۔۔بھلائی۔۔بہتر۔۔اچھائی۔
صنادید: سردار۔
صومعوں (صومعہ کی جمع): گرجا۔۔عبادت خانہ۔
صومعہ: گرجا۔۔عبادت خانہ۔

--- ﴿ ض ﴾ ---

ضرر: نقصان۔۔تکلیف۔
ضعف: کمزوری۔

--- ﴿ ط ﴾ ---

طبائع (طبیعت کی جمع): فطرت۔۔عادت۔۔خصلت۔
طغیان: بڑی زیادتی۔۔ظلم۔۔نافرمانی۔۔سرکشی۔
طنطنہ: کروفر۔۔شان وشوکت۔۔دبدبہ۔
طولِ امل: حرص کی درازی۔۔امید کی زیادتی۔
طینت: سرشت۔۔طبیعت۔۔خو۔۔عادت۔

--- ﴿ ظ ﴾ ---

ظروف (ظرف کی جمع): برتن۔
ظفر: خوش نصیبی۔۔کامیابی۔

--- ﴿ ع ﴾ ---

عاصی: گناہ گار۔۔خطا کار۔
عالم رویا: خواب کی حالت۔
عدوان: دشمنی۔۔بدخواہی۔۔رقابت۔
عرفان: شناخت۔۔پہچان۔
عزیمت: ارادہ۔۔قصد۔
عسل: شہد۔
عصیان: گناہ۔
عظیم الجثہ: بڑے جسم والا۔
عقاب: دکھ۔۔تکلیف۔۔عذاب۔۔سزا۔
عقوبت: عذاب۔۔سزا۔۔تکلیف۔۔دکھ۔
عمودی: سیدھی۔۔لمبی ستون جیسی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**عناد:** دشمنی۔۔نفرت۔
**عنقاء:** نایاب۔۔نادروکمیاب ہونا۔

--- غ ---

**غارعمیق:** گہراگڑھا۔
**غایت غایات:** آخرغرض۔۔انتہائی مطلب۔

--- ف ---

**فائزالمرام:** مراد پانے والا۔۔کامیاب۔
**فتور:** خرابی۔۔نقص۔۔فساد۔
**فربہ:** موٹا۔۔موٹا تازہ۔
**فرو:** دبانا۔۔بٹھانا۔۔بجھانا۔۔کم کرنا۔
**فریب کدہ ہستی:** دھوکا دینے والی زندگی۔
**فریفتہ:** عاشق۔۔دلدادہ۔
**فضیحت:** ذلت۔۔بدنامی۔۔رسوائی۔
**فوق الادراک:** سمجھ سے بالاتر۔
**فیروز بختی:** خوش نصیبی۔
**فیلبان:** مہاوت۔۔ہاتھی چلانے والا۔

--- ق ---

**قانع:** قناعت کرنے والا۔۔جومل جائے اُس پر راضی رہنے والا۔
**قباحت:** بُرائی۔۔عیب۔۔نقص۔
**قصد:** ارادہ۔۔نیت۔۔مقصد۔
**قصور:** خطا۔۔بھول۔۔چوک۔
**قطعہ:** حصہ۔۔ٹکڑا۔
**قلق:** حسرت۔۔افسوس۔۔پچھتاوا۔
**قوائے حیوانیہ:** جسم کے اعضاء۔

--- ک ---

**کبائر (کبیرہ کی جمع):** بڑے گناہ۔
**کپٹ:** نفاق۔۔کدورت۔
**کج عقلی:** بدعقلی۔۔عقل کی کمی اور ٹیڑھاپن۔
**کجی:** ترچھاپن۔۔ٹیڑھاپن۔
**کذب صریح:** صاف جھوٹ۔
**کفرنگاہی:** آنکھوں دیکھی چیزوں کا اِنکار۔۔ظاہر کا اِنکار۔
**کفو:** مانند۔۔برابر۔۔ہم قدم۔۔ہم خاندان۔
**کلفت:** رنج۔۔تکلیف۔۔مصیبت۔
**کمین گاہ:** گھات کی جگہ۔۔وہ جگہ جہاں چھپ کر شکار۔۔یا۔۔دشمن کو ماریں۔
**کنایہ:** اشارہ۔۔مبہم بات۔
**کنہ:** کسی چیز کی انتہا۔۔تہہ۔۔حقیقت۔۔باریکی۔
**کوتاہ نظروں:** تنگ نظر۔
**کوتاہ:** چھوٹا۔۔کم۔۔تنگ۔۔پست۔
**کوربختی:** بدقسمتی۔۔بدنصیبی۔
**کورفہمی:** کندفہم۔۔کم ذہن۔۔ناسمجھ۔
**کوزے:** ڈونگا۔۔مٹی کا آب خورہ۔۔وہ برتن جو کسی چیز کے پینے کے لیے استعمال کیا جائے۔
**کہانت:** غیب کی بات بتانا۔۔مال گوئی۔

--- گ ---

**گرانبار:** ناگوار وزن۔۔تکلیف دہ کام۔۔بھاری۔
**گرانی:** بوجھ۔۔مہنگائی۔
**گرز:** ایک ہتھیار جو اوپر سے گول، موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔
**گرو:** گروی ہونا۔۔رہن رکھا جانا۔۔بندھا ہوا۔
**گرویدہ:** فریفتہ۔۔عاشق۔۔شیفتہ۔
**گنجان:** گھنا۔۔پاس پاس۔۔متصل۔
**گھات:** تاک۔۔داؤں۔۔موقع۔۔شکار۔۔یا۔۔دشمن کے انتظار میں بیٹھنا۔

--- ل ---

**لغو:** بیہودہ۔۔فضول۔
**لوث:** آمیزش۔۔ملاوٹ۔۔آلودگی۔
**لوجہ اللہ:** اللہ کے واسطے۔
**لیاقت:** قابلیت۔۔استعداد۔۔خوبی۔۔عمدگی۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

لیالی عشر: دس راتیں۔

--- ﴿ م ﴾ ---

ماخوذ: اخذ کیا گیا۔۔حاصل کیا گیا۔
مافیہا: جو کچھ اس میں ہے۔۔جو کچھ دُنیا میں ہے۔
مامون: محفوظ۔۔بے خوف۔
مانع: سدراہ۔۔روک۔۔روکنے والا۔
مباشرت: عورت مرد کی ہم بستری۔۔جماع۔۔صحبت۔۔مجامعت۔
مبالغہ: کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔کسی بات کو بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔حد سے زیادہ تعریف یا برائی کرنا۔
مبذول: خرچ کیا گیا۔
مبرا: پاک۔۔بے عیب۔۔منزہ۔۔صاف۔
مبعوث: بھیجا گیا۔۔نبی کا بھیجا جانا۔
متابعت: پیروی۔۔فرمانبرداری۔۔اطاعت۔
متبادر: جلد ذہن میں آنے والا۔
متحقق: تحقیق کیا گیا۔ٹھیک۔۔درست۔۔صحیح۔
متحمل: تحمل کرنے والا۔۔برداشت کرنے والا۔۔مستقل مزاج۔۔صابر۔
متحیر: حیران۔
متخلق: اخلاق سے آراستہ۔
متدین: قائم ہو جانے والا۔۔پکے ہو جانے والے۔۔پکڑ لینے والے۔
متصرف: قبضہ کرنے والا۔۔قابض۔
متضاد: برعکس۔۔خلاف۔۔اُلٹا۔
متعجب: تعجب کرنے والا۔۔حیران۔۔متحیر۔۔دنگ۔
متعدد: بہت۔۔کئی۔۔چند مختلف۔
متغیر: بدلا ہوا۔۔پلٹا ہوا۔۔تبدیل شدہ۔
متفرع: کسی چیز سے اُس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔
متقابل: مقابلہ کرنے والا۔۔آمنے سامنے۔
متکفل: کفالت کرنے والا۔۔کفیل۔۔ضامن۔۔ذمہ دار۔
متوازی: برابر فاصلے پر رہنے والا۔۔ساتھ ساتھ۔

مجازات: سزا۔۔کیفر کردار کو پہنچنا۔
مجامعت: ہم بستری۔۔جماع۔۔صحبت۔۔ہم خوابی۔
مجتمع: اکٹھا۔۔جمع کیا ہوا۔
مجلّٰی و مصفّٰی: پاک صاف۔۔ستھرا ہوا۔۔چمکا ہوا۔
مجملاً: مختصراً۔
محاسبہ: حساب۔۔شمار۔۔پڑتال۔۔حساب کی پوچھ گچھ۔
محاضرہ: یاد رکھی ہوئی باتیں۔۔یا۔۔چیزیں۔
محاکات: کسی چیز۔۔یا۔۔حالت کی نقل کرنا۔
محال: غیر ممکن۔
محجوب: پوشیدہ۔۔مخفی۔
محذوف: حذف کیا گیا۔۔علیحدہ کیا ہوا۔۔الگ کیا گیا۔
محرک: اُبھارنے والا۔۔اُکسانے والا۔
محکم: مضبوط۔۔مستحکم۔
محل: موقع۔۔وقت۔
مدافعت: دفع کرنا۔۔مزاحمت کرنا۔روک تھام۔
مدبر: تدبیر کرنے والا۔۔عاقل۔۔دانش۔
مدون: جمع کیا ہوا۔۔ترتیب دیا ہوا۔
مذموم: بُرا۔۔خراب۔۔قبیح۔۔وہ جس کی بُرائی کی جائے۔
مراجعت: واپس۔۔واپس ہونا۔۔لوٹنا۔۔رجوع۔
مربوط: ربط کیا گیا۔۔بندھا ہوا۔۔لگا ہوا۔۔وابستہ۔
مرصع: جڑاؤ۔۔موتی۔۔یا۔۔جواہرات سے جڑا ہوا۔
مزین: زینت دیا گیا۔۔سجایا ہوا۔۔آراستہ۔
مستثنٰی: استثناء کیا گیا۔۔الگ کیا گیا۔۔ماسوا۔۔بجز۔
مستجاب الدعوات: جس کی دعائیں درگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پائیں۔
مستحسن: نیک۔۔پسندیدہ۔۔خوب۔۔بہتر۔
مستعد: آمادہ۔۔تیار۔۔کمربستہ۔
مستغرق: ڈوبا ہوا۔۔نہایت مصروف۔
مستغنی: آزاد۔۔بَری۔۔بے پرواہ۔
مستفید: فائدہ چاہنے والا۔۔فائدہ طلب کرنے والا۔
مستلزم: کوئی کام اپنے اوپر لازم کرنے والا۔
مستور: چھپا ہوا۔۔مخفی۔۔پوشیدہ۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

**مسحور:** جس پر جادو کیا گیا ہو۔

**مسموم:** وہ جس نے زہر کھالیا ہوا۔

**مشتبہ:** مشکوک۔۔جس میں شبہہ ہو۔۔شبہہ والا۔

**مصاحبت:** ہم نشینی۔۔ساتھ رہنا۔۔ساتھ اُٹھنا بیٹھنا۔

**مصالح** (مصلحت کی جمع): نیک صلاح۔۔اچھا مشورہ۔۔ مناسب تجویز۔۔حکمت پالیسی۔

**مصائب:** مصیبت کی جمع۔

**مصداق:** آلہء تصدیق۔۔ثبوت صداقت۔

**مصرف:** خرچ کرنے کی جگہ اور موقع۔۔مطلب۔۔کام۔۔ غرض۔

**مضحکہ:** ہنسی مذاق۔

**مضرتوں** (مضرت کی جمع): ضرر۔۔نقصان۔۔زیاں۔

**مضطرب:** بے چین۔۔بے قرار۔

**مطاع:** اطاعت کیا گیا۔۔وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے۔

**مطلع:** اطلاع دیا گیا۔۔خبردار کیا ہوا۔۔واقف۔۔آگاہ۔

**معاصی** (معصیت کی جمع): گناہ۔۔قصور۔۔خطا۔۔پاپ۔

**معاند:** عناد رکھنے والا۔۔دشمن۔۔مخالف۔

**معانقہ:** باہم بغلگیر ہونا۔۔گلے ملنا۔

**معاونت:** مدد۔حمایت۔۔امداد۔۔سہارا۔۔تائید۔

**معائب** (معیب کی جمع): عیوب۔۔نقائص۔۔خرابیاں۔۔ کھوٹ۔۔بُرائیاں۔

**معدوم:** مٹایا گیا۔۔فنا کیا گیا۔۔نابود۔۔ناپید۔

**معذب:** سزا دیا گیا۔۔عذاب دیا گیا۔

**معصیت:** گناہ۔۔قصور۔۔خطا۔۔نافرمانی۔انحراف۔

**معین:** مقرر کیا گیا۔۔مقررہ۔

**معیوب:** قابل شرم۔۔باعث ندامت۔

**مغلوب:** دبا ہوا۔۔عاجز۔۔زیر۔۔شکست خوردہ۔

**مفاخرت:** بڑائی۔۔شیخی۔۔ڈینگ۔۔فخر۔۔ناز۔۔گھمنڈ۔

**مفارقت:** جدائی۔۔فرقت۔۔علیحدگی۔

**مفاسد** (مفسدہ کی جمع): فساد۔۔خرابیاں۔۔بُرائیاں۔۔ فتنے۔۔جھگڑے۔

**مفتری:** افترا پرداز۔۔الزام لگانے والا۔۔بہتان لگانے والا۔

**مفتون:** مبتلا۔۔شیدا۔۔فریفتہ۔۔عاشق۔

**مفرد:** تنہا۔۔اکیلا۔۔علیحدہ۔۔غیر مرکب۔

**مفروضات:** وہ باتیں جو استدلال کی بنیاد کے طور پر مان لی جائیں۔

**مقاربت:** قریب آنا۔۔قربت۔۔قرب۔۔نزدیکی۔

**مقاومت:** مقابلہ۔۔برابری۔

**مقتضا:** تقاضہ کیا گیا۔۔مطلب۔

**مقر:** اقراری۔۔معترف۔۔اعتراف کرنے والا۔۔ تسلیم کرنے والا۔

**مقطوع:** تراشا ہوا۔۔کٹا ہوا۔

**مقہور:** قہر کیا گیا۔۔جس پر غصہ ہوا۔

**مقید:** قید کیا گیا۔۔قیدی۔۔اسیر۔۔پابند۔

**مکاتب:** وہ غلام جسے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کر دیا گیا ہوا۔

**مکارم:** بزرگیاں۔۔خوبیاں۔۔محاسن۔۔اچھے اوصاف۔۔ قابل تعریف کام۔

**مکاشفہ:** امور غیبی کا انکشاف کرنا۔۔اظہار۔۔افشاء۔

**مکافات:** سزا۔۔عوض۔۔بدلہ۔۔پاداش۔

**مکذبین:** جھوٹے۔۔جھوٹ بولنے والے۔

**مکرر:** دوبارہ۔۔پھر سے۔۔دوسری دفعہ۔

**ملازمت:** کسی بڑے کی ملاقات۔

**ملتفت:** اِلتفات کرنے والا۔۔متوجہ ہونے والا۔

**ممتنع:** باز رکھا گیا۔۔روکا گیا۔

**ممسکوں** (ممسک کی جمع): کنجوس۔۔بخیل۔۔شوم۔

**مملوک:** جس پر قبضہ کیا جائے۔۔مقبوضہ۔۔غلام۔۔بندہ۔

**مناجات:** دُعا۔۔عرض۔۔التجا۔

**منحرف:** پھرنے والا۔۔باغی۔۔سرکشی۔۔غدار۔

**مندرج:** درج کیا گیا۔۔لکھا گیا۔

**مندوب:** نمائندہ۔

**منزہ:** عیبوں سے بَری۔۔پاک۔۔مبرا۔

**منعم:** نعمت دینے والا (یہاں اللہ تعالیٰ مراد ہے)۔

**منفعتوں** (منفعت کی جمع): نفع۔۔فائدہ۔

**منقضی:** بیت جائے۔۔گزر جائے۔۔پوری ہو جائے۔

**منہمک:** کسی کام میں بہت مصروف۔۔انہاک کرنے والا۔

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

منہیات (منہی کی جمع): منع کی گئی۔۔ممانعت کی گئی۔
مواخذہ: جواب طلبی۔۔گرفت۔۔باز پرس۔
موارد (مورد کی جمع): وارد ہونے کی جگہیں۔۔مواقع۔۔صورتِ حال۔
موانست: باہمی اُنس رکھنا۔۔اُنس۔۔محبت۔۔دوستی۔
موثر: تاثیر کرنے والا۔۔اثر کرنے والا۔۔کارگر۔
موضع حمل: ماں کے پیٹ میں وہ جگہ جہاں بچہ ٹھہرتا ہے۔
موضع ولادت: وہ جگہ جہاں سے بچے کی ولادت ہوتی ہے۔
موکد: تاکید کیا گیا۔
موند: بند کرنا۔۔ڈھانپنا۔
مونس: اُنس رکھنے والا۔۔آرام دینے والا۔۔ساتھی۔۔دوست۔۔یار۔
مہلکات: ہلاکت کرنے والا۔۔سخت ضرر رساں۔
مہلکہ: ہلاکت کی جگہ۔
مہمل: چھوڑا ہوا۔۔ترک کیا ہوا۔۔بے کار۔
میل: رغبت۔۔رجحان۔۔میلان۔۔توجہ۔

## ﴿ ن ﴾

ناشائستہ: نامناسب۔۔غیر ضروری۔
نابود: نیست۔۔معدوم۔۔فانی۔۔ناپید۔
نخوت: گھمنڈ۔۔غرور۔۔خود بینی۔۔تکبر۔
ندا: آواز۔۔صدا۔۔پکار۔
نرینہ: نر سے متعلق۔
نزاع: تکرار۔۔تنازعہ۔۔جھگڑا۔
نزع: جاں کنی۔۔دم ٹوٹنا۔۔قریب مرگ۔
نسیان: بھول چوک۔
نشاۃِ ثانیہ: دوبارہ پیدائش۔۔نئی زندگی۔
نظافت: پاکیزگی۔۔صفائی۔
نفخہ اولیٰ: پہلا صور جو پھونکا جائے گا قیامت میں۔
نفخہ: صور۔۔جو قیامت میں پھونکا جائے گا۔
نقاہت: ضعف۔۔کمزوری۔۔ناطاقتی۔۔ناتوانی۔
نقباء (نقیب کی جمع): قائد۔۔رئیس۔
نقیض: اُلٹا۔۔برعکس۔۔ضد۔
نگوں ساری: شرمندگی۔۔شرم سے سر جھکائے ہوئے۔۔شرمساری۔
نمود: علامت۔۔نشان۔
ننگ و عار: غیرت شرم۔
نوع: قسم۔۔جنس۔
نیران: آگ۔
نیست: عدم۔۔نابود۔۔معدوم۔۔فنا۔

## ﴿ و ﴾

وارد: آنے والا۔۔پہنچنے والا۔۔موجود۔
وحوش: جنگلی جانور۔
وداد: چاہت۔۔الفت۔۔دوستی۔۔اُنس۔
ودیعت: امانت۔۔سپردگی۔
وسائط: واسطہ کی جمع۔
وطی: جماع کرنا۔

## ﴿ ہ ﴾

ہاتف: غیب کی آواز۔۔غیب کی آواز دینے والا۔
ہانکنے: پاس سے دور کرنے۔
ہذیان: شدتِ بخار کی حالت میں بے معنی گفتگو۔
ہست: ہستی۔۔زندگی۔۔حیات۔۔وجود۔
ہنکائے: پاس سے دور کیے گئے۔
ہنکا: پاس سے دور کرنا۔
ہنوز: ابھی تک۔۔اب تک۔۔اس وقت تک۔۔ابھی۔
ہوادار: خیر خواہ۔۔دوست۔
ہوائے نفس: نفس کی خواہشات۔۔عیاشی۔۔شہوت پرست۔
ہول: خوف۔۔اندیشہ۔۔گھبراہٹ۔
ہیئت: بناوٹ۔۔صورت۔۔شکل۔

https://t.me/nabwilibrary
Marfat.com

# تصدیق نامہ

میں نے گلوبل اسلامک مشن، انک، نیویارک، یو ایس اے کی کتاب

'سید التفاسیر المعروف بہ تفسیر اشرفی' ﴿جلد دہم﴾

کی طباعت کے وقت اس کے ہر صفحہ کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے۔

تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں موجود قرآن کریم کی آیاتِ کریمہ اور احادیث شریفہ کے الفاظ اور اعراب دونوں بالکل صحیح ہیں۔ اور میرا یہ سرٹیفیکیٹ درستگی اور اغلاط سے پاک ہونے کا ہے۔ دورانِ طباعت اگر کوئی زیر، زبر، پیش، جزم، تشدید یا نقطہ چھپائی میں خراب ہو جائے تو اسکا متن کتابت کی صحت سے تعلق نہیں ہے۔۔۔ علاوہ ازیں ۔۔۔کتاب ھذا میں کوئی مضمون ملک و ملت کے خلاف نہیں ہے۔

فقط

المصدق

سید محمد عظمت علی نوری
ریسرچ و رجسٹریشن آفیسر
(محکمہ اوقاف، سندھ) کراچی

https://t.me/nabwilibrary Marfat.com

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور کراچی پاکستان

https://t.me/nabwilibrary
Marfat.com